جلد دہم

ارمغانِ امامِ ربّانی

ترتیب وتدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

باہتمام

محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

امامِ ربّانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ارمغانِ امامِ ربّانی

ترتیب وتدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد

﴿جلد دہم﴾

امام ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

سلسلہ اشاعت ۱۰

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

297.04
۹۵۴۱ م
۱۸۱۸۷۳۱

نام کتاب	ارمغان امام ربانی (دہم)
ترتیب وتدوین	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
پروف ریڈنگ	شاہد حسین
باہتمام	محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی
اشاعت	صفر المظفر ۱۴۴۱ھ/ اکتوبر ۲۰۱۹
ناشر	امام ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

ملنے کا پتہ

35-C کمرشل ایریا، این ایف سی ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور پاکستان

www.mujadidway.com

297.4 ارمغان امام ربانی، مرتب: محمد ہمایوں عباس شمس، ڈاکٹر

ارم

لاہور، امام ربانی پبلیکیشنز، 2019

744 ص

1۔تصوف

Marfat.com

فہرست

1۔	نعت رسول مقبول ﷺ	اویس ازہر مدنی	۵
2۔	منقبت	اویس ازہر مدنی	۷
3۔	پیش گفتار	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	۹

مقالات

(ا) گوشۂ تحقیقات ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

1۔	امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ۔ایک متحرک شخصیت	۱۵
2۔	القابات حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ	۴۵
3۔	حضرت مجدد الف ثانی۔تاریخ ہائے وصال	۵۵
4۔	مجدد اور مجدد الف ثانی (علماء کی آراء کا جائزہ)	۷۷
5۔	مکتوبات امام ربانی کی تفہیم کے لیے درس مکتوبات کی روایت	۹۷
6۔	''الجنات الثمانیہ'' اور اس کا مصنف (ایک اجمالی تعارف)	۱۰۷
7۔	اُردو شاعری کے فروغ میں مجددی صوفیہ کا کردار	۱۲۹
8۔	تفسیر رؤفی میں منظوم تفسیر کا رجحان	۱۵۱
9۔	دیوان رافت: تعارف و جائزہ	۱۶۳

Marfat.com

(ب)

10۔	حضرت مجدد الف ثانی کے اسلوبِ دعوت کی عصری معنویت	ڈاکٹر محمد اکرم وِرک، ایسوسی ایٹ پروفیسر	۱۷۵
11۔	معیار مجددیت اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تجدیدی کاوشیں	سید بدر مسعود شاہ گیلانی چوراشریف	۲۰۷
12۔	مکتوباتِ امام ربانی کی جدید محقق اشاعت (استنبول ۲۰۱۸ء)	عارف نوشاہی	۲۳۱
13۔	Shaikh Ahmad Sirhindi and Mughal Politics	S.Nurul Hasan Ed. by Satish chandra	۲۳۹

Marfat.com

لاتقولوا راعنا

اے نبی کے جانثارو! لا تقولوا راعنا
عرض جب کرنا ہو کچھ تو! لا تقولوا راعنا

گر ضرورت پیش آجائے تو انظرنا کہو
حکمِ خالق ہے یہ سن لو! لا تقولوا راعنا

داستانِ رنج و غم اپنی سنانے کے لئے
جب حضورِ شاہ بیٹھو! لا تقولوا راعنا

نقص کا پہلو نہ جن سے کچھ نکالا جا سکے
ایسے اچھے لفظ بولو! لا تقولوا راعنا

ایسے مبہم لفظ جن میں معنیِٔ تنقیص ہو
مت زباں پر اپنی لاؤ! لا تقولوا راعنا

Marfat.com

گرچہ نیت میں تمہاری شک نہیں اے مومنو!
پر یہودی شر کو سمجھو! لا تقولوا راعنا

ہم پہ از ہر کھل گئی عظمت رسول اللہ کی
جب کہا خالق نے بندو! لا تقولوا راعنا

Marfat.com

ہدیہ منقبت بارگاہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہ العزیز

اے حاملِ ہر رتبہ و شاں، شیخِ مجدد
کیا آپ کی عظمت ہو بیاں، شیخِ مجدد!

جتنے بھی ولی ہند میں بعد آپ کے آئے
سب آپ کے ہیں زمزمہ خواں، شیخِ مجدد!

لکھے جو مکاتیب کے ہیں آپ نے دفتر
سارے ہیں ہدایت کے نشاں، شیخِ مجدد!

اسلام کی تصویرِ حقیقی ہوئی ہم پر
ہے آپ کے دم سے ہی عیاں، شیخِ مجدد!

Marfat.com

دی آپ نے ہی شرک کے ایوان میں جا کر
اللہ کی وحدت کی اذاں، شیخِ مجدد!

یہ آپ کی محنت کا صلہ ہے کہ جہاں میں
اسلام ہوا پھر سے جواں، شیخِ مجدد!

اللہ کا عرفان ہویدا ہے یہاں سے
عرفانِ خداوندِ جہاں، شیخِ مجدد!

پاتا ہے یہاں فیض ہر اک بندۂ عاصی
باران پئے مُردہ دلاں، شیخِ مجدد!

تعریف بیاں اُن کی ہو از ہر سے بھلا کیا
فن میرا کہاں اور کہاں، شیخِ مجدد!

Marfat.com

پیش گفتار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد والہ وسلم

آج جب ارمغان امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کی دسویں جلد اہل علم کے ہاتھوں میں جا رہی ہے جنت نظیر خطہ کشمیر پر ظلم و بربریت کی تصویر بنا ہوا ہے۔ یہ وہی۔ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا اس شہر سے یہ رشتہ بھی کہ آپ کے استاد حضرت یعقوب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق اس شہر سے ہے۔ اہل کشمیر پر ہونے والا یہ ظلم ہمیں حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے فکر و فلسفہ کی عصری اہمیت و ضرورت کی طرف متوجہ کر رہا ہے۔ آپ نے اسلام کا اصول تبری اور تولی کی طرف جو توجہ دلائی تھی اس کی امت کو ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ تبری اور تولی سے بے اعتنائی کا نتیجہ یہ ہے کہ بعض لوگوں کو "امت مسلمہ" بھی ایک تصوراتی وجود دکھائی دینے لگا ہے۔

آج ہمیں ہندو فلسفہ کو سمجھنا ہے اور ہندو مزاج مسلمانوں کو آشکارا بھی کرنا ہے۔ ان دونوں کارہائے ضروری کے بغیر کبھی بھی ان کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے افکار کی روشنی میں تمدن صرف ظاہری عمارتوں کی تعمیر ہی سے وابستہ نہیں افراد کی تعمیر اور تربیت بھی تمدنی ترقی کا لازمہ ہے۔

حضرت صوفی غلام سرور رحمۃ اللہ علیہ نے فکر مجدد کے فہم کے لیے جس تحریک کا آغاز کیا تھا آنے والا ہر دن یہ بتاتا ہے۔ فکر مجدد کے فہم کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ یہ

Marfat.com

فکر کیوں کہ حضرت خاتم النبیین نبی رحمت ﷺ کی تعلیمات پر شعوری عمل کے نتیجہ میں پیدا ہوئی اس لیے اس کی اثر انگیزی ہر دن بڑھتی ہی جا رہی ہے۔

زیر نظر جلد سابقہ جلدوں سے قدرے مختلف اسلوب پر ترتیب دی گئی ہے۔ اس کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ میں راقم کے نئے اور پرانے مضامین شامل ہیں۔ پرانے مضامین پاکستان اور انڈیا کے مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں۔ انگریزی مضمون ہندوستان سے میرے دوست / بھائی جناب ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی جو فکر سرسید کے اس دور میں شارح و ترجمان ہیں نے مہیا کیا یہ مضمون (Shaikh Ahmad Sirhindi and Mughal Politics) بھی شائع ہو چکا ہے۔ علاوہ ازیں۔ ڈاکٹر محمد اکرم ورک کا جو مقالہ گذشتہ سال کانفرنس میں پڑھا گیا تھا بھی شامل اشاعت ہے۔ استنبول سے مکتوبات کے شائع ہونے والے نسخہ کا تعارف جو عارف نوشاہی صاحب کا تحریر کردہ ہے اور معارف اعظم گڑھ میں شائع ہوا، اسے بھی مکرر شائع کر رہے ہیں۔ دوسرا حصہ دراصل ممتاز مجدد شناس پروفیسر محمد اقبال مجددی کی تحقیقات پر مشتمل ہے جس میں چند مقالات کے علاوہ مخطوطات کو محفوظ کرنے کی خاطر شائع کیا گیا ہے۔ ہم ان تمام احباب کے شکر گذار ہیں جو سفیر امام ربانی صوفی غلام سرور رحمۃ اللہ علیہ کی ترویج و اشاعت میں شریک رہے۔

بالخصوص جانشین سرور ملت، حضرت صوفی ناظم بشیر نقشبندی مجددی کا، جو اپنے شیخ کے مشن کو اخلاص سے جاری رکھے ہوئے ہیں، بہر صورت درج ذیل اور دیگر تمام احباب کا شکریہ کہ وہ اس کار فکری میں کسی نہ کسی حوالے سے شریک کار رہے۔

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی

Marfat.com

جناب جمیل اطہر سرہندی

جناب میاں محمد صادق قصوری

صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد

جناب محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

جناب ڈاکٹر عقیل احمد خان

جناب ڈاکٹر محمد فاروق حیدر

جناب پروفیسر حافظ محمد نعیم

ڈاکٹر افتخار احمد خان

ڈاکٹر محمد اکرم ورک

ڈاکٹر حافظ سجاد

ڈاکٹر مطلوب رانا

جناب خواجہ عمر فیاض

محمد عارف کوریجہ

جناب رضاء الحسن قادری

ڈاکٹر عمرانہ شہزادی

رفعت اویس

بشریٰ فضل

جناب عرفان ظفر (چیف ایگزیکٹو ارحم سافٹ)

جناب محمود صاحب (ارحم سافٹ)

Marfat.com

جناب رانا سیف اللہ

احسان الحق صدیقی

ڈاکٹر کریم خاں

پروفیسر حافظ عبد المجید

ڈاکٹر علی اکبر ازہری

ڈاکٹر حسیب قادری

محمد شفیق عاصم

خواجہ محبوب الٰہی

حافظ ذوالفقار علی

حافظ فخر الزماں

جناب شاہد حسین

جناب محمد راشد مگھالوی

جناب ناظم بشیر صاحب شکریہ کے مستحق ہیں کہ وہ اپنے شیخ کے مشن کی ترویج واشاعت میں سرگرم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

صفر المظفر ۱۴۴۱ھ/اکتوبر ۲۰۱۹

جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

Marfat.com

گوشۂ تحقیقات

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

Marfat.com

Marfat.com

امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ۔ایک متحرک شخصیت

devrimci sufi hareketleri ve imam-rabbani

[استنبول یونیورسٹی ترکی کے شعبہ الٰہیات کے استاد ابراھیم ادھم بیلگن (Ibrahim Edhem Bilgin) کی ترکی زبان میں تصنیف ہے۔جو ۱۹۸۹ء میں استنبول سے شائع ہوئی۔اس کا فارسی ترجمہ منصورہ حسینی، اور داؤد فالی نے کیا اور تہران سے شائع ہوئی۔اس کتاب کی فصل سوم (ص:۶۱-۹۰) کا ترجمہ جو امام ربانی کے احوال اور آپ کی تحریک سے متعلقہ امور پر مشتمل ہے۔ذیل میں دیا جارہا ہے۔البتہ بعض امور کی اصلاح اور تصحیح کی ضرورت تھی۔بعض نامانوس الفاظ کے فہم میں مسائل بھی درپیش تھے مگر ارمغان کی جلد تیار تھی اس لیے اسے افادہ عام کے لیے شامل اشاعت کرلیا۔بقیہ امور کی تکمیل بعد میں کرلی جائے گی۔(شمس)]

امام ربانی نقشبندیہ مکتب تصوف ایشیاء کے سب سے زیادہ پیروی کیے جانے والے رہنما تھے اور اس سلسلہ کی فکری و عملی خصوصیات اپنے اندر رکھتے تھے۔

Marfat.com

ایشیاء میں اس حد تک کیوں ان کے حامی اور عقیدت مند ہیں؟ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے پروفیسر کولو پرولر قرقیزیوں کی مثال دیتے ہیں کہ یہ قرقیزی مکتبہ امام ربانی سے نسبت رکھتے ہیں۔ (اور اس نسبت کی وجہ سے) شیخ احمد یسوی سے اس قدر عقیدت و محبت رکھتے ہیں کہ سبھی شفاعت کی امید سے یہ وصیت کرتے ہیں کہ وفات کے بعد انہیں احمد یسوی کے مزار کے پاس دفن کیا جائے۔ سردیوں کے موسم میں تمام راستے بند ہو جاتے ہیں۔ ترک کے یہ قرقیزی اپنے مردوں کو پوستینی میں لپیٹ کر مضبوط لکڑیوں میں باندھ کر لٹکائے رکھتے ہیں یہاں تک کہ چند مہینوں بعد جب موسم بہار آتا ہے اور راستے کھل جاتے ہیں۔ جنازوں کو کسی بھی ذریعے سے احمد یسوی کے مرکز کے پاس منتقل کر کے دفن کر دیتے ہیں۔ طویل و دراز مسافت طے کرنا ان کے لیے کوئی ایشو نہیں ہوتا۔ وہ اس طرح کے کام کے لیے ہر قسم کی تکالیف اٹھانے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ یہ وہ قابل توجہ نکتہ ہے اور ان کی شدید عقیدت و محبت کا ایک نمونہ ہے۔

احمد فاروق سرہندی (امام ربانی) ایک ایسی معروف شخصیت ہیں کہ سلسلہ نقشبندیہ میں ان کا ایک خاص مقام ہے۔ جہالت، بدعت اور باطل سے مقابلہ کرنے میں امام ربانی کے پراثر کردار کا اندازہ لگانے کے لیے مجوسیوں کی شورش بطور مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے امام ربانی کی وفات کے سالہا بعد جا کر شورش اور سرکشی کی جرأت کی۔ حالات وحشت ناک اور پریشان کن ہو گئے۔ شورشیوں نے شہر کے کچھ علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ ان میں ایک شہر سرہند تھا۔ مجوسیوں نے سب سے پہلے اس قبرستان کو منہدم کیا جہاں امام ربانی مدفون تھے۔ ایک مسلمان عالم کے جنازے سے اس طرح کے انتقام سے جہاں ان کے جاہلی دشمنی و غصہ کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے

Marfat.com

وہاں امام ربانی کی تاثیر گذاری اور باطل سے مقابلہ کی عظمت کا بھی پتہ چلتا ہے۔

الف۔امام ربانی کے احوال:

یہ بات مشہور ہے کہ طریقت نقشبندیہ کے بانی بزرگ عارفوں میں سے ایک بزرگ حاج محمد بہاء الدین نقشبند ہیں۔ (پیدائش: ۱۳۱۸/ ۷۱۸، وفات: ۷۹۱/۱۳۸۸) ان کا سلسلہ ان کے ڈیڑھ سو سال بعد ہندوستان میں وارد ہوا۔ اس سلسلہ کی بنیادیں مصاحبت، ذکر خفی، مراقبہ، توجہ، رابطہ، موت کی فکر وغیرہ جیسے چند اصولوں پر استوار ہے۔

مؤید الدین محمد الباقی باللہ کابلی (وفات: ۱۶۰۳/ ۱۰۱۴) اصل میں کابلی تھے لیکن ہندوستان میں اقامت اختیار کی تھی۔ وہ سمرقند گئے اور مولانا خواجگی کی پیروی میں ہندوستان کی سرزمین میں سلسلہ نقشبندیہ کی پہچان کا ذریعہ بنے۔ ان کے شیخ خواجگی املنگی (وفات: ۱۰۰۸/۹۱۸) نے تھوڑی مدت بعد ہی خواجہ باقی باللہ کو ایک اجازت نامہ دیا اور ہندوستان واپس جانے پر آمادہ کر دیا۔ مغلوں کی حاکمیت نے بھی اس سلسلے کی ہندوستان میں جگہ اور وسعت دینے میں مدد کی۔ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ امام ربانی کے اصل تربیت کنندہ ہیں۔ امام ربانی حکومت اکبر شاہ کے ابتدائی دنوں میں پیدا ہوئے (۱۵۶۳/۹۷۱) جب آپ سترہ سال کے ہوئے تب تمام علوم اپنے پدر بزرگوار شیخ عبداللہ بن زین العابدین سے حاصل کر چکے تھے۔

سلسلہ چشتیہ اور سہروردیہ سے مربوط علوم بھی پدر بزرگوار سے حاصل کر لیے تھے۔ امام ربانی کو شیخ اسکندر کیتھلی کے واسطہ سے قادریہ سے بھی نسبت حاصل تھی۔

Marfat.com

نشاط انگیز حالات اور خواجہ باقی باللہ کابلی کی ہدایت پر طریقت نقشبندیہ میں وارد ہوئے جو کہ آپ کے مزاج سے زیادہ سازگار تھا۔ آپ چونکہ اتصال معنوی کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ اپنے شیخ پر اکتفانہیں کیا بلند تر مقامات تک رسائی اور ترقی کے لیے اویسی سلسلہ کو بھی اختیار کیا۔ شیخؒ باقی باللہ کابلی نے امام ربانی کی قابلیت اور فوق العادۃ صلاحیتوں کو دیکھ کر فرمایا احمد نام کا ایک جوان سرہند سے آیا ہے۔ علوم میں قابلیت اور فوق العادۃ صلاحیت رکھتا ہے چند دن میرے پاس رہا۔ اس تھوڑے عرصہ میں میں نے اس کی استعداد کو دیکھ لیا ہے وہ ان شاء اللہ آنے والے وقت میں لوگوں کے درمیان حقائق کے بیان کے لیے ایک واقعی رہبر ہوگا۔ اور بعد میں مریدوں کی تربیت کا معاملہ بھی ان کے سپرد کر دیا۔

امام ربانی کی شخصیت سلسلہ نقشبندیہ کے رنگ میں رنگی گئی۔ اس سلسلہ کے معارف کو ریاضت پر مبنی دستور العمل کی صورت میں پیش کیا۔ انہوں نے شریعت و طریقت کے ارتباط کے استحکام اور بہتری کے لیے ایک ہی بات کہی ہے کہ میں نے ابوحنیفہ اور امام شافعی کی روحانیت سے فیض حاصل کیا ہے۔ سلسلہ نقشبندیہ اس پرنفوذ شخصیت کی ہمت کی بدولت ان میں تیزی سے پھیلا۔ اس طرح کہ بہت سی حکومتی شخصیات بھی اس سلسلہ میں داخل ہوئیں۔ اس وجہ سے مخالفین ان کو برداشت نہ کر سکے اور اکبر کے بیٹے نورالدین جہانگیر کے کان بھرے۔ جھوٹ اور افتراء پردازیاں کیں جو ان کے قید ہونے کا باعث بنیں۔ شاہ جہاں کا بیٹا امام ربانی کے درپے آزار تھا۔ چونکہ امام بادشاہوں کے آگے سجدہ کی شدید مخالفت کرتے۔ تقریباً تین سال قید میں رہے۔ آپ گوالیار کے زندان کی زندگی کے متعلق مکتوبات میں یوں لکھتے ہیں۔

Marfat.com

جہانگیر بادشاہ نے جو مجھے قید کیا ہے میں اسے مولیٰ عز شانہ کی عبادت و ریاضت کے لیے ایک دریچہ سمجھتا ہوں۔ ایسے معاملات خصوصاً کشمکش کے دنوں میں عجائبات میں سے ہیں۔ دوست سے جدائی اور فراق کے دنوں میں ایسے مواقع فراہم ہونا میرے لیے فخر اور اس کا لطف و کرم ہے یعنی امام ربانی کے نزدیک یہ قید حق تعالیٰ کا لطف ہے۔ قید خانہ ایک ایسا پنجرہ ہے جو رضائے خدا کی طرف کھلتا ہے اور اس کے کرم کا ایک جلوہ ہے۔

تقریباً تین سال گذرنے کے بعد جب جہانگیر کو احساس ندامت ہوا تو امام ربانی قید خانے سے آزاد ہوئے۔ جہانگیر نے تا وفات ان کو اپنا مشیر بنائے رکھا اور ہر جگہ پر ان کی آراء سے بہرہ مند ہوتا رہا۔ امام ربانی کو جو مقام بادشاہ کے قرب میں ملا اس کو اسلام کے نفوذ کے لیے بروئے کار لایا۔

امام ربانی کے توسط سے اسلام کی تعلیمات جہانگیر کے دل میں القاء ہوتے اس طرح اسلام کو ہند میں تازہ سانس ملی اور پہلے سے زیادہ پھلا پھولا۔ امام ربانی (۱۶۲۴/۱۰۳۴ھ) ۲۹ صفر بروز منگل وفات پائے۔ آپ کا مقبرہ سرہند کے خاندانی آرام گاہ میں واقع ہے۔ آپ ایسے بزرگ عارف ہیں کہ اپنی ساری زندگی جاہلی رسومات، انحرافات، بت پرستی اور اکبر شاہ کے فکری کج رویوں کا علمی، سیاسی اور اجتماعی میدان میں بھرپور مقابلہ کیا۔ امام ربانی کے دور میں سرزمین ہند میں انحرافات کی ایک بڑی داستان ہے۔ یہاں کچھ اجمالاً بیان کیا جاتا ہے۔

ب۔ عہد امام ربانی کے فکری انحرافات:

۱۔ اخلاقی انحطاط عروج پر پہنچا تھا۔

Marfat.com

۲۔ حکمرانوں کے ظلم کا دور دورہ تھا۔

۳۔ جہانگیر کے اقرباء کی دسیسہ کاری عام تھی۔

۴۔ ناجائز دولت سمیٹنا معمول بن چکا تھا۔

۵۔ اسراف، فحاشی اور شراب کا استعمال بڑھتا جا رہا تھا۔

۶۔ آخرت کے منکروں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

۷۔ حکمرانوں کا دعویٰ تھا کہ اسلام ہندوستان کے آئین کے ساتھ مطابقت و مناسبت نہیں رکھتا اس لیے ایک نیا دین لایا جائے جو اس آئین حاضر سے مناسبت رکھتا ہو۔

۸۔ پیغمبر اور تعداد ازواج کا مسخرہ کیا جاتا۔

۹۔ اس نظریہ کی ترویج ہوتی تھی کہ قرآن وحی سے حاصل نہیں ہے۔

۱۰۔ معراج کے واقعہ کو خرافات قرار دیتے تھے۔

۱۱۔ بچوں کا نام محمد، احمد رکھنے کی اجازت نہیں تھی۔

۱۲۔ علماء و روحانی طبقہ اپنے مادی مفادات کے پیچھے لگے ہوئے تھے۔

۱۳۔ یہ دعویٰ کرتے تھے کہ ''دجال ھمان رسول اللہ است۔'' (نعوذ باللہ)

۱۴۔ دربار میں مشغول اور حکومت کے قریب والے مسلمان جان کے خوف سے نماز نہیں پڑھتے تھے۔

۱۵۔ ابوالفضل نماز کی ہیئت میں تبدیلی کی کوشش کرتا تھا۔

۱۶۔ شعراء اپنے اشعار سے کفر کی ترویج کرتے۔

۱۷۔ ایک نئے دین کی ضرورت کی علامت سکہ پر چھپنے لگی۔

Marfat.com

۱۸۔ مسلمان اور ہندوؤں میں کشیدگی بحران بن گئی۔

۱۹۔ ایک نیا دین ''دین الٰہی'' کے نام پر ایجاد کیا گیا۔

۲۰۔ اس نئے دین کی دو شہادتیں اس طرح تھیں۔ لا الہ الا اللہ، اکبر خلیفۃ اللہ

۲۱۔ ہندو اور مسلم کو اسی دین کو قبول کرنے کا کہا جاتا۔

۲۲۔ نئے دین کے پیروکار کو چیلا نام دیا جاتا۔

۲۳۔ اس نئے دین میں سلام اس طرح تھا اللہ اکبر جل جلالہ اور اس عبارت میں اکبر سے مراد اکبر شاہ تھا۔

۲۴۔ چیلوں کے عمامے اکبر شاہ کی تصاویر سے مزین تھے۔

۲۵۔ جو اکبر شاہ کے سامنے جاتے وہ سجدہ کرنے پر مجبور تھے۔

۲۶۔ زرتشتی مذہب کے مطابق آگ کا مشعل بادشاہ کے محل میں ہمیشہ روشن کیا جاتا۔

۲۷۔ زرتشت مذہب کے اثر سے غروب آفتاب کے ساتھ چراغ اور فانوس روشن کرنے کی رسم شروع کی جاتی۔

۲۸۔ ناقوس (گھنٹی)، تثلیث اور مسیحی مذہب کی بعض دیگر علامات اور عبارات متداول ہوئیں۔

۲۹۔ گائے ذبح کرنا ممنوع قرار دیا گیا۔

۳۰۔ ''اصلاحاتِ ہندوازم'' کے عنوان کے تحت سے جشن وتقریب کا انعقاد ہوتا۔

۳۱۔ آتش پرستوں کا آئین محل اور اطراف میں شدومد سے چلتا۔

۳۲۔ نئے دین میں عبادت کی صورتوں میں ایک یہ تھی کہ روز چار مرتبہ سورج کے سامنے دعا کرتے اور اس کے نام کو خاص تعداد میں پکارتے۔

Marfat.com

۳۳۔ بعض اشیاء نیک فال کے اعتقاد سے اٹھوایا جاتا۔

۳۴۔ گائے سے کسی بھی قسم کی بے احترامی کی سزا مقرر تھی۔

۳۵۔ ہندوؤں کا نظریہ تناسخ پوری طرح رائج تھا۔

۳۶۔ اعلان ہوا کہ نوروز کے دن شراب نوشی لازمی ہے۔

۳۷۔ داڑھی چھوٹی کرنے کی گنجائش بھی اس نئے دین میں موجود تھی۔

۳۸۔ چچا کے بیٹے یا بیٹی سے نکاح ممنوع قرار دیا گیا۔

۳۹۔ مردوں کے لیے ریشم اور سونا جائز قرار دیا گیا۔

۴۰۔ لڑکوں کی شادی کے لیے عمر سولہ اور لڑکیوں کی شادی کے لیے ۱۴ سال مقرر کی گئی۔

۴۱۔ ایک مرتبہ سے زائد شادی ممنوع قرار دی گئی۔

۴۲۔ اعلان ہوا کہ خنزیر پاکیزہ، حلال اور قابل احترام جانور ہے۔

۴۳۔ مردے اسلامی قوانین کے مطابق دفن نہیں ہوتے ان کو آگ میں جلا دیا جاتا یا پانی میں بہا دیا جاتا اور اگر میت کے ورثاء دفن پر اصرار کرتے تو اس شرط پر دفن کی اجازت ملتی کہ پاؤں قبلے کی سمت ہوں۔

۴۴۔ اکبر بادشاہ خود بھی سوتے وقت پاؤں قبلے کی طرف کرتا اور لوگوں کو بھی اسی کا حکم دیتا۔

۴۵۔ علوم اسلامی حاصل کرنے والوں کی تحقیر کی جاتی۔

۴۶۔ ہندی زبان رسمی طور پر قبول کی گئی۔

۴۷۔ راسخ العقیدہ مسلمان اذیت و آزار میں پڑتے۔

161871
Marfat.com

۴۸۔ نام نہاد مشائخ نہ صرف یہ کہ کفر سے مقابلہ نہ کرتے بلکہ ان کا دفاع بھی کرتے۔

۴۹۔ اس تمام فتنہ اور فساد نے تصوف کو بھی متاثر کر دیا تھا۔

۵۰۔ حلال چیزوں کو حرام اور حرام امور کو حلال سمجھا جاتا۔

اکبر بادشاہ نے تمام ادیان کی تحقیق اور اپنے تئیں ایک نئے دین ایجاد کرنے کے لیے اہل علم پر مشتمل ایک شوریٰ تشکیل دیا۔ اس شوریٰ کا نام ''سرکاری طلاب'' تھا۔ ۱۴۴ افراد پر مشتمل اس شوریٰ میں اکثریت ہندو دانش مندوں کی تھی۔

ج۔ تحریک امام ربانی کی اہمیت:

امام ربانی نے اپنی ۶۳ سالہ زندگی تا وفات بہت پریشانیوں اور خراب حالات میں گذاری اور مقابلہ کیا۔ مکتوبات جو کہ ۵۳۴ (۵۳۵؟) خطوط پر مشتمل ہیں کے دقیق مطالعہ سے یہ مشاہدہ ہوتا ہے کہ آپ دینی، سیاسی، اجتماعی انحرافات کے مقابلے میں مسلسل کوشاں رہے اور اسلام کے حقیقی چہرہ اور ماہیت کو علمی زبان میں بیان کیا۔ امام ربانی اکبر بادشاہ اور اس کے بعد جہانگیری حکومت کے دور میں مسلسل کوشش کرتے رہے کہ حکومتی جماعت کو اسلامی اقدار کی طرف مائل کیا جائے۔ آپ کے بعد بزرگان نقشبندیہ نے بھی اس راہ میں ان سے رہنمائی لی۔ پروفیسر شیمل اس بارے میں لکھتی ہیں:

نقشبندیہ پورے ہندوستان میں ہندوازم اور اسلام کے درمیان دفاعی پل کا کردار اور اثر رکھتے ہیں اور اسی طرح مغل حکام کو انحراف سے روکنے کے لیے ان کے قریب ہونے کی سیاسی روش اپنائی۔ یہ ایک دلچسپ موضوع ہے تحقیقات علمی کے

Marfat.com

لیے اور باہمت محققین کا منتظر ہے۔ بقول پروفیسر خاتون شیمل نقشبندی بزرگان کا ہندوستانی حکمرانوں سے قریبی روابط جیسے جہانگیر اور امام ربانی یا سلطان عالمگیر کے محمد معصوم سے روابط پر تحقیق سے اسلامی تہذیب میں تاریخ تصوف کے نئے تجزیے اور نئے پہلو سامنے آئیں گے اور تصوف اسلامی میں دوبارہ روح پھونکی جا سکے گی۔

پروفیسر عزیز احمد جس نے ۱۹۴۲ء میں علی گڑھ یونیورسٹی ہندوستان سے اپنے پی ایچ ڈی کے مقالہ کا دفاع کیا ہے اور اب تک ''ہند میں اسلام کا مقام'' کے متعلق متعدد علمی مقالات و آثار پیش کیے ہیں۔ وہ امام ربانی کی جدوجہد کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

نقشبندیہ سلسلہ تصوف جو کہ اکبر بادشاہ کے انحرافات کی مخالف تحریکوں کی قیادت کا بیڑہ اٹھایا ہوا تھا ہندوستان وارد ہوا۔ نقشبندیہ کے پیروکار دیگر سنی مذہب کے صوفیوں کی بہ نسبت شریعت اسلام سے زیادہ وابستگی رکھتے تھے۔ نقشبندیہ نے بڑھتے ہوئے بادشاہی انحرافات کو ناکام بنانے کا آغاز مکتب سہروردیہ کے طریقوں کو جاری رکھ کر سنی حکمرانوں سے قریبی روابط حاصل کرنے سے کیا۔ اکبر بادشاہ کی حکومت کے اواخر میں سلسلہ نقشبندیہ نے خواجہ محمد باقی باللہ کابلی کے توسط سے ہند میں تیزی سے نفوذ پانا شروع کیا۔

ابوالفضل (جو کہ منحرف افکار رکھتا تھا) کی موت کے بعد حکومت کے مرکزی عہدوں پر سنی مذہب حکمران آئے۔ ''میرزا عزیز کوکا'' اکبر بادشاہ کا رضاعی بھائی شیخ فرید فوج کے رئیس (بادشاہوں کے مورد اعتماد منصب پر) اور قلیج خان لاہور کے گورنر بھی ان مرکزی کردار رکھنے والوں میں سے ہیں۔ یہ شخصیات شیخ عبداللہ دہلوی اور

Marfat.com

شعراء میں عبدالرحمن خان خاناں اور خواجہ باقی باللہ جیسے مذہبی اکابرین کے زیر اثر تھے۔ مذکورہ افراد خصوصاً شیخ فرید (برج و باروی مذہب) نے ہندوستان کو استحکام بخشا۔ (شیخ فرید کے احوال کے لیے دیکھیں شاہ نواز خان، معاصر الامراء، کلکتہ، ص:۱۸۸۔۱۹۰)

اسلام کی طرف واپسی میں نقشبندیہ کا اثر خواجہ باقی باللہ کے خاص مرید یعنی امام ربانی کی فعالیت کے توسط سے اپنے عروج پر پہنچی۔ آپ کی علمی شخصیت کی بنیاد کلام اسلامی پر تھی۔ مکاتب سہروردیہ، چشتیہ اور قادریہ کے علوم و آداب بھی آپ میں جمع تھیں۔ آپ ہر حال میں انحرافاتِ عصر کے مقابل جرأت و ہمت سے کھڑے رہے اور آپ نے سلسلہ نقشبندیہ جو کہ وسعت ایشیاء کے مکاتب صوفیاء میں مناسب ترین سلسلہ ہے کو رہنما سلسلہ کے عنوان سے انتخاب کیا۔

امام ربانی کا سب سے پہلا ہدف یہ تھا کہ پیامبر خدا ﷺ کی شخصیت پر کھینچے گئے پردے اٹھادیں اور یہ دراصل مسیحی تحریک (الفی) اس کا رہبر مہدی جانپوری اور اکبر بادشاہ جو خود کو پیغمبر اسلام کی طرح کا مقام دیتا تھا سے مقابلہ تھا۔ آپ کے ابوالفضل اور اکبر شاہ کے دیگر حواریوں کے ساتھ مباحثے ہوتے۔ ان میں مسلسل یہی تاکید کرتے کہ خدا پر واقعی ایمان کے لیے پیغمبر ﷺ پر ایمان ضروریات میں سے ہے۔

یہی وجہ تھی کہ امام ربانی نے سب سے پہلی تالیف ''اثبات النبوۃ'' کے عنوان سے کی۔ اور شیخ یحییٰ منیری کی مؤثر تبلیغی روش سے استفادہ کیا اور خطوط نویسی کا کام شروع کیا۔ آپ اپنے دینی، سیاسی اور عارفانہ فکر سے ہندوستان کے حالات سنوارنے کے لیے کوشاں رہے۔ عزیز احمد اس سلسلے میں اپنی آراء اختصار کے ساتھ

Marfat.com

یوں بیان کرتے ہیں:

امام ربانی اکبر بادشاہ کے بعد جہانگیر کی توجہ مبذول کرا کے اسلام کی بنیادوں کو قوت بخشنے میں کوشاں رہے۔ علماء اور روحانی شخصیات کو بادشاہ کے محل میں بھیجا اور منحرف تحریک الفی ؒ جو کہ مدعی مھدویت تھا کا خاتمہ کر دیا۔ امام ربانی نے ''بندخوان راخی سی وارات ری'' جیسے عید و مراسم کی جگہ محرم جیسے مقدس ایام و ماہ جو مسلمانوں کے لیے بہت اہمیت رکھتے ہیں کو دوبارہ زندہ کیا۔ امام ربانی اس کو حکمران سمجھتے ہیں جو اپنی شمشیر سے اسلام نافذ کرنے کا سبب بنے۔ آپ حکمرانوں اور عہدے داروں کو مسلسل وعظ و نصیحت کرتے کہ احکام اسلامی پر عمل کریں اور اسلامی رفتار رکھیں۔ امام ربانی جانتے تھے کہ ہندوؤں کو جب موقع ملے پہلی ہی فرصت میں وہ مسلمانوں کے مذہب کو تبدیل کر دیں گے یا مسلمانوں کو قتل کر دیں گے اور مسلسل اس بات کو ان مسلمان رہنماؤں تک پہنچاتے جن کے پاس حکمرانی ہے۔ مغل بادشاہت کا خاتمہ ناگزیر ہونے کی ایک وجہ ان کے اہل حکومت واقتدار کی امام ربانی کے نصائح اور تعلیمات کی طرف سے بے توجہی تھی۔ امام ربانی ایک طبیب حاذق کی مانند مسلمانوں کے آنے والے دوسو سال کی صورت حال دیکھ رہے تھے اور جانتے تھے کہ اس وقت یہ کام نہ کیا تو آنے والے وقت میں کیا مسائل بن سکتے ہیں۔ ایک طبیب جس کا تخصص اسلام اور لوگوں میں دینی روح پھونکنا تھا ہمارے خیال میں امام ربانی کی اہم ترین شخصیتی پہلو جس پر بہت غور کی ضرورت ہے یہی بات ہے۔ وہ مسلمانانِ ہند کے مصائب کی تشخیص اور علاج کے بارے بخوبی جانتے تھے کہ وہ ایک تہذیبی بحران کی حالت میں ہیں۔

Marfat.com

امام ربانی نے ہمیشہ اس نظریے کا دفاع کیا کہ تصوف شریعت اسلام سے مکمل وابستگی سے متحقق ہوتا ہے۔ آپ ان صوفیہ باطن جو دراصل اکبر بادشاہ کے لیے راستہ صاف کرنے کا ذریعہ تھے، کے قائل نہ تھے۔ اسی طرح وحدت وجودی بخثی تحریک (خالق ومخلوق ایک ہی ہے) کی مخالفت اور تنقید شدت سے کرتے تھے۔ ڈاکٹر عزیز احمد جنہوں نے ہندوستان میں نقشبندی تحریک پر اپنے خاص اسلوب سے وسیع ابعاد میں تحقیقات کی ہیں ان کی گراں قدر تصنیف میں سے اسی قدر اقتباس پر اکتفا کرتا ہوں۔ ہمارے خیال میں ہندوستان کے مختلف مسائل سے آگاہی کے لیے کتاب مذکور کا ترجمہ بہت مفید رہے گا۔ امام ربانی مکتوبات میں فرماتے ہیں

''وہ جن کو سیاسی، اجتماعی اور دینی حوالے سے مظالم کا سامنا ہے چاہیے کہ اپنی نجات کے لیے کوشش کریں ورنہ وہ عنداللہ مسئول ہیں۔ آج اگر مسلمان جوان سے تعاون ہو سکتا تھا اور نہیں کیا وہ دباؤ اور تحقیر کا نشانہ بنے رہیں گے۔ جو کوئی کام کر سکتا تھا اور نہیں کیا وہ آخرت میں مسئول ہے۔ (یعنی اس سے پوچھ ہوگی) اس لیے اس فقیر (امام ربانی) سے جہاں تک ہو سکتا تھا اس کی کوشش کی ہے۔''

وہ اس بات کے قائل تھے کہ علمائے اسلام کے فتوے آزادانہ بغیر وابستگی اقتدار حکومت کے ہوتو امت کے لیے باعث خیر ہوں گے۔ ان کے مطابق علماء کے فتوے سیاست دانوں کی خواہشات و مقاصد کے مطابق ہوں وہ خسارے ہی خسارے کا باعث ہیں اسی وجہ سے اس بارے میں ان کی شدید مخالفت کرتے۔ امام ربانی نے ان انحرافی سلسلوں سے بھی سختی سے مقابلہ کیا جن کی ہندوستان کی سرزمین میں پھیلنے کے امکانات موجود تھے۔ آپ نے جاہل صوفی رہنماؤں جو کہ

Marfat.com

نظریہ وحدت الوجود، ہندوازم کے زیر اثر انحراف کی طرف گئے تھے، سے مقابلہ میں بھی کوئی کوتاہی نہ کی اور مسلمانوں کو اس طرح کے علم سے کورے شیوخ کی قربت وصحبت سے بھی خبردار کیا۔

آپ کی رائے میں بعض اوقات جہاد بالکلام، جہاد بالسیف سے زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔آپ نے اس اعتقاد کی بنیاد پر کہ سلسلہ نقشبندیہ وعظ ونصیحت کے طریقہ کو رسول اللہ ﷺ سے ایک اصول کے عنوان سے لیتا ہے۔ مسلح جہاد پر ڈائیلاگ یعنی جہاد باقلم وکلام کو ترجیح دی ہے۔آپ فرماتے ہیں صوفی کی ترکِ دنیا درحقیقت اسلام کی مکمل پیروی اور شرع کی طرف سے معین کردہ امرونہی کی رعایت ہونی چاہیے۔یہ امام ربانی کی قابل توجہ آراء میں سے ہے۔آپ تمدن کی تعریف میں یوں فرماتے ہیں تمدن کا مطلب تعمیر بلاد اور بندگان کی بلندی ہے اور یہ دونوں اسلام سے مکمل وابستگی سے متحقق ہوتے ہیں۔

امام ربانی ایک اور خط میں لکھتے ہیں انسان مدنی الطبع پیدا کیا گیا ہے۔ حکومتی عہدے داروں کو لکھے گئے خطوط میں ہندوؤں کی طرف سے نقصانات کے دفعیہ اور اسلام کی مکمل پیروی اور فقراء مظلومین کی حمایت کی تاکید کرتے یہ بھی ان کی سیاسی بصیرت کی ایک نشانی ہے۔صوفیوں کے افراطی نظریات جو انحرافی افکار رکھتے تھے اور اعتقاد رکھتے تھے کہ ولایت نبوت سے بالاتر مقام رکھتی ہے ان کے مقابلے میں قرآنی آیات سے ثابت کرتے کہ حقیقت یہ نہیں ہے بلکہ نبوت ہی ولایت سے برتر ہے۔امام ربانی معتقد ہیں کہ بہترین آمدنی وہ ہے جو اپنے ہاتھ سے کوشش ومحنت سے حاصل کی گئی ہو۔ان کے مکتوبات میں آئے اشعار میں سے یہ بیت قابل توجہ ہے:

Marfat.com

بکوش ولقمہ ای را کہ بدست می آوری باارزش کن
وبعد بی ھیچ واھمہ ای تناول کن تا سیر شوی

ترجمہ: محنت کرو اور حاصل کیے ہوئے لقمہ کو قیمتی بناؤ۔ اس کے بعد بے فکر ہو کر کھاؤ سیر ہونے تک۔

امام نے ایک خان کو لکھے گئے خط میں یہ نصیحت کی ہے کہ دشمنان دین کی تحقیر ہونی چاہیے اور بتوں کو توڑنے کا بھی اشارہ کیا ہے اور بہت سی ہدایات ہیں۔ ان کے نزدیک ایک عارف کو گوشہ نشین انسانوں سے دور غاروں میں رہنے سے انسانوں کے درمیان رہنا اور صحبت رکھنا زیادہ بہتر اور سود مند ہے۔ وہ خوب جانتے ہیں کہ ہندوستان میں دینی، فکری وسیاسی اختلافات وانحرافات مسلمانوں کے اسلام حقیقی سے دور ہونے کا نتیجہ ہے اسی لیے واحد حل بھی اسلام، قرآن اور رسول اللہ ﷺ کی مکمل پیروی میں دیکھتے ہیں۔ آپ کے زیادہ تر خطوط اتحاد مسلمین، اسلام کی حفاظت، بدعت سے پرہیز اور افکار انحرافی سے نجات اور دشمنان خدا سے مقابلہ جیسے موضوعات پر مشتمل ہیں۔

ہمارے خیال میں امام ربانی کے اہم پہلوؤں میں ایک ان کا مجدد ہونا ہے کہ دین کو بدعتوں، انحرافات، خرافات اور نادرست عقائد سے پاک کرنے کی انتھک کوشش کی اور کامیاب بھی ہوئے۔

د۔ مکتوبات کا اجمالی جائزہ:

اگر مکتوبات کو اس کے مضامین کے لحاظ سے دیکھا جائے تو ہندوستان میں

Marfat.com

اسلام اور مسلمانوں کی مشکلات کا سمجھنا کوئی مشکل کام نہیں ہوگا۔ یہ کہ امام ربانی اور ان کے پیروان یعنی نقشبندی بزرگان اکثر اوقات حکومتی عہدہ داروں سے اچھے روابط رکھتے۔ علماء اور اہل علم میں سے ہونے کی وجہ سے ان کی حکمت عملی بھی بہت عالی ہوتی کیونکہ یہی طریقہ ہے اصلاح اور مثبت نتائج تک پہنچنے کے لیے۔ یہ تھی امام ربانی کی تحریک کی حقیقت۔ امام ربانی نے اپنے مکتوبات میں جس کے مجموعے پر ہم نے تجزیہ وتحلیل کیا ہے ایسے مختلف طبقات سے خطاب کیا ہے کہ ہمارے خیال میں امام ربانی نے اجتماعی لحاظ سے ان مخاطبین کی درست تشخیص کی ہے۔ اس تجزیہ وتحقیق سے مخاطبین جن کے امام سے روابط تھے ان کا اجتماعی، سیاسی، روحانی اور علمی مقام بھی معاشرے کے مختلف طبقات پر واضح ہو جائے گا۔ پہلے ان مخاطبین کا ذکر کرتے ہیں کہ جو حکمرانوں کے زمرے میں آتے تھے اور وہ مادی، سیاسی اور منصبی قدرت رکھتے تھے اور امام ربانی نے اپنے خطوط میں ان کو مورد خطاب قرار دیا ہے۔

۱۔ خان یا خان خانان: یہ ایک عنوان ہے جو دہلی کے حکمران عالی رتبہ عہدے داروں کو دیا جاتا تھا۔ ترکی عثمانی میں اس عنوان کا مترادف بیگلر بیگی ہے۔

۲۔ میر: امیر کا مخفف ہے یہ ایک لقب ہے جو حاکموں کے لیے استعمال ہوتا اور ہندوستان میں کبھی سادات کو بھی امیر کہا جاتا۔

۳۔ میرزا: یہ فارسی کلمہ ہے۔ امیر زادہ کا مخفف ہے اور حاکموں کی اولاد پر اس کا اطلاق ہوتا۔ نجیب النسل اور بعض بڑی شخصیات کے لیے بھی مستعمل تھا۔

۴۔ سید میر

۵۔ بی

Marfat.com

۶۔ سید شاہ

عوام میں روحانی اور دینی مقام رکھنے والے مخاطبین جن کے نام امام ربانی کے خطوط ہیں۔ درج ذیل ہیں:

۱۔ شیخ

۲۔ خواجہ: یہ ایک لفظ ہے جو جدید فارسی میں دسویں ہجری سے اب تک حضرت، صاحب، کاتب، تاجر اور معلم جیسے مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

غزنویوں کے دور میں سول حکومت کے لوگوں پر اس کا اطلاق ہوتا اور خوارزم شاہیوں کے دور میں بھی اسی طرح تھا۔ بارہویں صدی میں یہ کلمہ صاحب، حضرت اور باعلم افراد کے لیے مستعمل تھا۔ شہر کے رؤسا (اکابرین)، قضات، ائمہ جمعہ و جماعات اور اجمالاً ہر اس شخص کے لیے استعمال ہوتا جو کوئی اجتماعی مقام رکھتا ہو۔

خواجگان اپنے عماموں اور عباؤں سے عام لوگوں اور نظامیوں سے پہچانے جاتے تھے۔ بنابراین جس نے تحصیل علم کیا ہو اور کوئی اجتماعی ذمہ داری رکھتا ہو خواجہ کہلاتا۔ تیرھویں صدی میں بیوروکریٹس کو خواجہ کہتے۔ ہندوستان میں نقشبندی پیروں بزرگوں کو بھی اس نام سے پکارا جاتا۔

۳۔ ملا: یہ ایک ایسا عنوان ہے کہ خصوصاً ہندوستان میں علماء اور اولیاء کے لیے استعمال ہوتا (مولا اور مولوی جیسے کلمات سے مشتق ہے۔)

۴۔ نقیب، سید، شیخ

۵۔ مفتی

۶۔ حافظ

Marfat.com

۷۔شیخ نقیب

۸۔سید نقیب

۹۔سید

۱۰۔حاجی

۱۱۔قاضی

۱۲۔حکیم

مکتوبات امام ربانی کے ۵۳۴ [۵۳۵؟] مکاتیب میں سے ۳۸۱ خطوط میں پتہ چلتا ہے کہ آپ کے مخاطبین کیا اجتماعی مقام رکھتے تھے لیکن ۱۵۳ خطوط میں ان کے مخاطبین کا پتہ نہیں چلتا۔

مکتوبات کے مطالعہ و تجزیہ میں امام ربانی کے اشخاص پر اثرات اور جغرافیائی اثرات بھی قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ان تمام علاقوں کے افراد جن کو امام نے خطوط ارسال کیے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کس قدر امام ربانی سے متاثر تھے۔اس لیے ان علاقوں کی ایک فہرست کو ذیل میں لاتے ہیں:

افغانستان، بدخش، بدوان، بلخ، بنگال، بیانگ، بخارا، چتر، جانپور، دہلی، دکن، امکنگ، فرید آباد، فرکت، خوازم، ختن، اصفہان، اللہ آباد، کابل، کشمیر، قباد آباد، لاہور، لود، مانکپور، ناگور، نھار، نیشاپور، پانی پت، راہ بل، سامانہ، سارنگ پور، سہارنپور، سمرقند، سرہند، سلطان پور، تبریز، تھانہ، تھانی سر۔

امام ربانی کے ۵۳۸ [۵۳۵؟] خطوط میں سے صرف ۱۶۷ خطوط کا معلوم ہوا کہ کن علاقوں کو ارسال کیے گئے۔افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ۳۶۷ خطوط کا

Marfat.com

پتہ نہیں چلا کہ کس علاقے کی طرف بھیجے گئے۔ اگر علاقوں کا پتہ چل جاتا تو جغرافیائی لحاظ سے آپ کی تاثیر ونفوذ پر زیادہ یقینی گفتگو کر سکتے۔

۱۶۷ خطوط کے علاقے مشخص ہیں اور ان سے معلوم ہوتا ہے غربی ترین علاقہ تبریز، شمالی ترین کشمیر، شرقی ترین ختن تھا۔ یہ علاقہ ایشیاء جو کہ دنیا کا سب سے بڑا براعظم ہے کا ایک ۱/۳ حصہ پر مشتمل ہے۔

امام ربانی ایک اور فکری قوت رکھتے ہیں جس سے آپ نے تمام جہان والوں کو متاثر کیا ہے۔ ایک اور موضوع جو ایک مستقل پی ایچ ڈی کے لیے بن سکتا ہے وہ یہ ہے کہ امام ربانی سید احمد خان، ڈاکٹر محمد اقبال اور ابوالکلام آزاد جیسے مشہور مفکرین وسیاست دانوں کے افکار پر باوجود کچھ اختلافات فکری کے اثر انداز تھے۔ امام ربانی کی کوشش رہی کہ اس دور کے صوفیہ کی فکری انحرافات تعلیم اسلام سیاست کے ساتھ (اپنی طرف واپسی کی روشنی میں) کی تصحیح کریں اور یہ بڑا مشکل کام ہے۔

استاد ڈاکٹر فضل الرحمٰن اس دور کے تصوفِ خام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ہندوستان کے نیچ والے علاقوں میں متعدد سلسلے تھے جو غیر منظم تھے اور کسی مذہب یا دین اسلام کی پیروی نہیں کرتے (ان کو جو بے دین کہا جاتا تھا اسی خصوصیت کی وجہ سے تھا) یہ عنوان قلندریہ جیسے سلسلوں کو کسی حد تک قابل قبول تھا کیونکہ وہ گروہ تصوف کے نام پر خیالی شیوخ کے مزاروں پر گدی بچھاتے اور بیٹھ جاتے اور اپنی زندگی اس پر حقہ بازی وغیرہ میں گذار دیتے۔''

اکبر بادشاہ کے دور میں سید علی متقی اور ان کے جانشین عبدالوہاب متقی جیسے

Marfat.com

علماء جو کہ اہل حدیث مشہور تھے نے ہندوستان کو چھوڑ کر حجاز میں سکونت اختیار کر لی۔

ان حالات میں امام ربانی نے دوسرے علاقوں کی طرف ہجرت کرنے کی بجائے ہندوستان میں اقامت رکھی تا کہ فتنہ کی آگ کو بجھائیں اور ان کا یہ اقدام اپنے اندر بہت اہم پیغام رکھتا تھا۔ مکتوبات اور اثبات النبوۃ کے علاوہ مزید تین تالیفات ہمیں اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں۔ مبدأ و معاد، رسالہ رد روافض اور معارف لدنیہ۔

''مبدأ و معاد'' ایک عارفانہ ماہیت کی کتاب ہے جو ۱۵۹۹ سے ۱۶۱۰ میلادی میں لکھی گئی۔ اس میں امام ربانی نے طریقت نقشبندیہ میں اپنے ورود کی کیفیت اور بعض اسرار تصوف جو ان کے مطابق ان سے پہلے کسی پر منکشف نہیں ہوئے اس کتاب میں ان کا ذکر کیا ہے کتاب فارسی میں ہے۔

''رسالہ رد روافض'' بھی ایک کتاب ہے جو ۱۶۰۰ میلادی میں تحریر کی گئی۔ کتاب کے نام سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ غیر متوازن عقائد کے متعلق ہے۔ امام ربانی نے اس کتاب میں خالص اسلام کی شناخت پر بحث کی ہے۔

''معارف لدنیہ'' امام ربانی نے یہ کتاب اپنے جرگہ نقشبندیہ میں وارد ہونے کے بعد لکھی ہے۔ کتاب حجم کے لحاظ سے ''مبدأ و معاد'' جتنی ہے۔ اسرار عرفانی پر مشتمل ہے۔ یہ تینوں کتابیں فارسی میں ہیں۔ مکتوبات کے علاوہ ۴ کتابوں کا ترکیہ میں کوئی پتہ نہیں مغرب اور بعض اسلامی ممالک میں امام ربانی کی شخصیت اور فکر پر بہت سے تحقیقاتی کام ہوئے ہیں۔ ان میں سے کچھ کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

- Abbot, Freeland, "Islam in India before Shah Waliullah", Studies in Islam, C.I., New Delhi, ss.

Marfat.com

I.II, 100-16.

- Abdulhad, Muhammed, Mecmua-yi Halat-u Makamat-I Imam-I Rabbani Muceddidi Elf-I Sani Hazrei-i Seyh Ahmed-i Sirhindi, Delhi 1900.

- Abdulhak Muhaddis Dihlevi, Ahbaru'l-Ahyar, Delhi 1332.

- Ahmad Aziz, "Religious and Political ideas of Shaikh Ahmad Sirhindi" Rivista degli studi Orientali, XXXVI (1961), 259-270.

- Aslam, M., "Jahangir and Shaikh Ahmad Sirhindi", Journal of the Asiatic Society of Pakistan, X., (I), 135-148.

- Baig, Mirza Qadder, The Role of Shaikh Ahmad of Sirhind in Islam in India, Londra Universitesinde Hazirlanmis doktora tezi, 1964.

- Farman, Muhammed, "Shaikh Ahmad Sirhindi", M.M. Sharifde tabolunmus, A History of Muslim Philosophy, Wiesbaden 1966, II., 873-883.

- Faruqi, Burhan Ahmad, The Mujaddid's Conception of Tawhid, Lahore 1940.

Marfat.com

- Habib, Irfan M., "The Political Role of Shaikh Ahmad Sirhindi and Shah Waliullah", Enquiry, V., New Delhi 1961, ss. 36-55.

- Hasan, Murataza, "Letters of Shaikh Ahmad" The Proceedings of the Indian History Congress, Ninth Session, Patna University, Patna 1946, ss. 273-281.

- Nizami, Khaliq Ahmad, "Naqshbandi Influence on Mughal Rulers and Politics" Islamic Culture, XXXIX (1965), ss. 41-52.

- Numani, Muhammad Manzur, Mujaddidi-I Alf-I Thani Namber, Bareilly, 1357.

- Numani, Muhammad Manzur, Tezkira-yi Imam-I Rabbani Mujaddidi-I Alf-I Thani, Luchnow 1960.

- Nurulhasan, Sayid, "Shaykh Ahmad Sirhindi and Mughal Politics" Proceedings of the 8th Indian Historical Congress 1945, ss. 248-257.

- Rizvi, Sayyid Athar Abbas, Muslim Revivalist Movements in Northern Indian in the

Marfat.com

Sixteenth and Seventeenth Centuries, Agra 1965.

- Sikandarpuri, Wakil Ahmad, Anwar Ahmadiyya, Delhi 1312.

- Sikandarpuri, Wakil Ahmad, Hadiyah Mujaddidiyah, Delhi tarihsiz.

Sikandarpuri, Wakil Ahmad, Al-Kalam al-Munji bi-Radd iradat al-Barzanji, Delhi 1312.

- Smith, Wilfred Cantwell, The Ulema in Indian Politics, C.H. Philips tab'I icinde Politics and Society in India, Londra 1963, ss. 39-51.

- Subhan, John A. Sufism, its Saints and Shrines. An Introducation to the Study of Sufism with special reference to India, Londra 1938.

- Waliuddin, Mir, Reconciliation between Ibn Arabi's Vahdat-i Wujud and the Mujaaddid's Wahat-i Shuhud, Islamic Culture, XXV (1951), ss. 43-51.

- Wali Allah, Shah, Faysala-i Vahdetu'l-Vucud ve's-suhud, Delhi.

- Yasin, Muhammad, A Social History of Islamic India, Lucknow 1958.

اس فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ربانی کی سیاسی و علمی افکار اور ”برگشت

Marfat.com

بہ خویشتن'' (یعنی اپنے اصل کی طرف لوٹنا) کے بیانیہ پر وسیع تحقیقات ہوئی ہیں۔ امام ربانی کی معرفت کے لیے آپ کی تصنیفات کے علاوہ ایسی کتابوں کی ضرورت ہے جو آپ کے افکار پر لکھی گئی ہوں۔ امام ربانی کئی جہتی شخصیت ہونے کی وجہ سے سبب بنے کہ انیسویں صدی میں شیخ شامل اور امیر عبدالقادر الجزائری جیسے مجاہد علماء ظہور میں آئے اور مرکز علمی میں بھی احادیث پر مبنی تحریک کا آغاز ہوا۔ ہماری رائے میں اس حاضر صدی میں بھی اس عارف صوفی کی بلند شخصیت سے بہت سے پیغام دریافت کیے جاسکتے ہیں۔

ھ۔ امام ربانی کے جانشین:

ا۔ محمد معصوم: ۷ شوال ۱۰۰۷ھ میں پیدا ہوئے۔ امام ربانی کی اولاد میں سے ہیں۔ امام کے چار بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔ کہا جاتا ہے حضرت محمد ﷺ خواب میں امام ربانی کو حکم فرماتے ہیں کہ اپنے اس پیدا ہونے والے بچے کا نام محمد معصوم رکھیں۔ وہ معنوی درجات میں صاحب مقامِ قیومیت ہوں گے اور اسی وجہ سے ان کا لقب قیوم ثانی ہے۔ آپ کی وفات ربیع الاول ۱۰۹۷ھ میں ہوئی۔

۲۔ میر محمد نعمان بدخشی: بدخشان کے رہنے والے ہیں۔ آپ ابتداء میں خواجہ محمد باقی باللہ کابلی سے نسبت رکھتے تھے۔ بعد میں اپنا سلوک امام ربانی کے توسط سے جاری رکھا اور امام نے آپ کو بطور جانشین منتخب کیا۔ آپ کا مدفن اکبرآباد میں ہے۔

۳۔ حضرات خواجہ ہاشم: ایک شاعر و عارف ہیں۔ ان سے متعدد کرامات دیکھی گئی ہیں۔ امام ربانی ان کو بہت دوست رکھتے تھے۔ ان کو اپنا خلیفہ بنایا۔ ان کا

Marfat.com

مزار برہان پور میں ہے۔

۴۔ شیخ طاہر لاہوری: یہ بھی امام ربانی کے جانشینوں میں سے اور اہل ریاضت و مجاہدہ تھے۔ ساتھ میں شیوخ قادریہ و چشتیہ سے بھی اجازت نامہ رکھتے تھے۔ آپ کا گذر بسر اپنی ہی محنت سے ہوتا اور ہمیشہ لوگوں کو کام اور محنت کی تاکید کرتے۔ آپ کا مدفن لاہور میں ہے۔

۵۔ شیخ بدیع الدین سہارنپوری: آپ ایک فقیہ تھے اور شہرت سے گریزاں تھے۔ امام ربانی کی تعلیم و توجہات سے بہرہ ور ہوئے اور اپنے سلوک کو امام ربانی کی زیرِ تربیت جاری رکھا۔ تا آنکہ امام ربانی کی خلافت کا مقام پا لیا۔ آپ کی آرام گاہ سہارنپور میں ہے۔

۶۔ شیخ نور محمد: آپ نے علوم ظاہری و باطنی کی منزلیں امام ربانی کے پاس طے کیں اور امام کی طرف سے نمائندگی میں لوگوں کی رشد و ہدایت کے لیے مختلف شہروں کی طرف بھیجے گئے۔

۷۔ شیخ حامد بنگالی: آپ ایک عارف ہیں۔ جو امام ربانی سے فیض یاب ہوئے اور یہ بات مشہور ہے کہ آپ شریعت و طریقت سے پورا لگاؤ رکھتے تھے۔

۸۔ شیخ مزمل: آپ دل و جان سے اپنے مرشد امام ربانی کی خدمت میں رہتے اور اسی صفت کے ساتھ وہ دوسروں سے ممتاز ہیں۔ بہت متقی اور احتیاط پر عمل کرنے والوں میں سے تھے۔

۹۔ شیخ طاہر بدخشانی: مروی ہے کہ آپ نے ریاضت کے دوران رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہے۔ آپ امام ربانی کی نمائندگی میں جانپور کے نواحی علاقوں میں

Marfat.com

جاتے۔ شیخ طاہر سنت رسول اللہ ﷺ سے شدید وابستگی کے طور پر پہچانے جاتے تھے۔

۱۰۔ مولانا یوسف سمرقندی: آپ پہلے روحانی رشد و تکامل کے لیے محمد باقی باللہ کابلی کی خدمت میں تھے۔ بعد میں اپنا سلوک امام ربانی کی صحبت میں جاری رکھا۔ یہاں تک کہ امام کی خلافت سے سرفراز ہوئے۔

۱۱۔ مولانا احمد برکی: آپ ایک ہفتہ میں مقام خلافت پر فائز ہوئے۔ امام ربانی ان کو بہت دوست رکھتے اور بہت لگاؤ رکھتے۔ وہ مقام قطبیت پر بھی نائل ہوئے۔ آپ خراسان کے حوالی میں فریضہ ارشاد و ہدایت کے دوران مسلمانوں اور بہت سے لوگوں کی اصلاح کا موجب بنے۔ آپ کی وفات کا سال ۱۰۲۶ھ ہے۔

۱۲۔ مولانا صالح: امام ربانی کے خاص مریدوں میں سے تھے۔ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھتے خود سے بےخود ہو جاتے۔

۱۳۔ مولانا یار محمد: آپ بدخشانی تھے۔ کہا جاتا ہے بہت خوش رو تھے۔

۱۴۔ مولانا عبدالواحد لاہوری: آپ عبادت گذار تھے اور بہت ذوق و شوق سے عبادت کرتے۔ خلافت ملنے کے بعد بخارا چلے گئے اور وہاں ایک مسجد تعمیر کی اور لوگوں کی رہنمائی میں مشغول ہو گئے۔

۱۵۔ خواجہ عبداللہ: آپ باقی باللہ کے فرزند ہیں۔

۱۶۔ خواجہ عبیداللہ: آپ باقی باللہ کے فرزند ہیں اور آپ دونوں (عبداللہ و عبیداللہ) بھی امام ربانی کے تربیت یافتگان میں سے ہیں۔

۱۷۔ شیخ آدم بنوری: امام کے اولین جانشینوں میں سے ہیں اور مدینہ میں

Marfat.com

وفات پائی۔

امام ربانی کے دیگر نمائندوں کے نام جن کی طرف منابع میں اشارہ ہوا ہے اجمالاً درج ذیل ہیں:

۱۸۔ شیخ نور الفتا

۱۹۔ شیخ محمد صدیق بدخشی

۲۰۔ شیخ احمد دیبنی

۲۱۔ شیخ عبدالحیٔ بلخی

۲۲۔ شیخ یار محمد القدیم طالقانی

۲۳۔ شیخ حسن کریم الدین بدالی

۲۴۔ شیخ محمد اشرف کابلی

۲۵۔ شیخ صفر رومی

۲۶۔ شیخ عثمان یمانی

۲۷۔ شیخ عبدالعزیز النحوی حنبلی

۲۸۔ شیخ علی مالکی

۲۹۔ شیخ علی طبری شافعی

۳۰۔ شیخ محمد سعید حزین الرحمۃ

Marfat.com

نتیجہ:

یہ کہ امام ربانی کا نام ایک مستقل موضوع کی شکل میں مغرب یا ترکیہ (اور دیگر ممالک) کے کسی دائرۃ المعارف میں نہیں ہے۔ باعث افسوس اور تعجب ہے۔ کیا امام ربانی جنہوں نے ایک اصیل تحریک سے اپنے دور اور آنے والوں کو متاثر کیا اور انگلستان جیسے ممالک میں ان کے افکار پر متعدد P.H.D ہوئے ہیں۔ کیا ان پر پہلے سے زیادہ تحقیقات نہیں کرنی چاہیے تھیں؟

مقابلہ اور احیاء کی تحریک جس کو شروع کرنے والے امام ربانی تھے اور ان کے بعد ان کے پیروان کے توسط سے ولی اللہی تحریک تک جاری رہی۔ ان پیروان کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ محمد معصوم (۱۶۶۹/۱۰۸۰۔۱۶۰۰/۱۰۰۹)

۲۔ شیخ سیف الدین (فت ۱۶۸۷/۱۰۹۸)

۳۔ سعید نور محمد بدوانی (فت ۱۷۲۳/۱۱۳۵)

۴۔ حبیب اللہ مظہر جان جاناں شمس الدین (۱۷۸۰/۱۱۹۵)

مذکورہ دور تاریخ میں چند مغل سلاطین کا شمار بھی شیوخ میں ہوتا ہے۔ ان کے اسامی ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

۱۔ نور الدین جہانگیر (۱۰۶۵)

Marfat.com

۲۔داور بخش (۱۶۳۷)

۳۔شاہ جہان (۱۶۲۸)

۴۔مراد بخش (۱۶۵۷ گجرات میں)

۵۔عالمگیر (۱۶۵۸)

۶۔اعظم شاہ (۱۷۰۷)

۷۔شاہ عالم بہادر شاہ (۱۷۰۷)

۸۔عظیم الشان (۱۷۱۲)

۹۔معز الدین جہاندار (۱۷۱۲)

۱۰۔فرخ سیر (۱۷۱۳)

۱۱۔شمس الدین رفیع الدرجات (۱۷۱۹)

۱۲۔شاہ جہان دوم (۱۷۱۹)

۱۳۔نیکو سیر (۱۷۱۹)

۱۴۔نصیر الدین محمد (۱۷۱۹)

۱۵۔احمد شاہ بہادر (۱۷۴۷)

۱۶۔عالمگیر دوم (۱۷۵۴)

اوران سلاطین میں سے ایک جو استثنائی مقام رکھتے ہیں وہ صرف سلطان محی

Marfat.com

الدین اورنگزیب عالمگیر اول ہیں۔ انہوں نے ۱۶۵۸ سے ۱۷۰۷ تک یعنی ۴۹ سال حکومت کی ہے۔ وہ متواضع اور جماعت نقشبندیہ کے ایک درویش تھے اور اپنی پوری مدت بادشاہت کو اسلام کی خدمت میں صرف کیا۔ سلطان عالمگیر اُن نادر افراد میں سے ہیں کہ ایک ہی وقت میں وہ بادشاہ بھی ہیں اور درویش بھی اور بہت سے لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ انہوں نے دونوں جگہوں کے حق کو بھی درست ادا کیا۔

Marfat.com

القابات حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شیخ احمد سرہندی (شب جمعہ ۱۴ شوال ۹۷۱ھ/ ۵ جون ۱۵۶۴ء۔ منگل ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) کی خدمات جلیلہ کی اہمیت کو جاننے کے لیے ان القابات کا مطالعہ ضروری ہے جو مختلف اطراف سے آپ کے نام کے ساتھ استعمال کیے گئے۔ القابات دراصل خدمات کے اطراف، عمق اور وسعت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ہر لقب کے پیچھے وہ علمی وفکری کام جو آپ نے کیا اور اس کے وسیع اثرات مرتب ہوئے، کو ظاہر کرتا ہے۔ آپ کے مکتوبات کو ہی دیکھیں تو عبدالحیؒ خواجہ چاکر حصاری کے دفتر دوم کے یہ جملے قابل غور ہیں:

''فھذہ مکاتیب متضمنة لعلوم غریبة ومعارف عجیبة واسرار لطیفة ودقائق شریفة ما تکلم احد من العرفاء وما اشار الیھا واحد من الاولیاء''

(دفتر دوم، نسخہ استنبول، ص:۳)

''یہ وہ مکتوبات ہیں جو علوم غریبہ، معارفِ عجیبہ، اسرار لطیفہ اور دقائق شریفہ پر مشتمل ہیں، جن کو عارفوں میں سے کسی عارف نے بیان نہیں کیا اور نہ ہی اولیاء میں سے کسی ولی نے ان کی طرف اشارہ کیا۔''

Marfat.com

مکتوبات کے بارہ میں خواجہ ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

''ایں کلمات طیبات وحروف عالیات کہ ھر نقطہ از آن، مرکز پرگار دل ھای بی قرار است وبر آتش محبت ذاتیہ، سپند چشم زخم اغیار وخال زینت بخشِ رخسار عروسان حقائق، ومردمک ابصار دور بینان دقائق، درۃ التاجی است از دریاے مواج احدیت کہ ید طولای باطن از کای غواصی بہ ساحل برآوردہ ونافہ جان بخشی است از ناف آھوی بیدای ھویت کہ بناں بیان سیاحی بہ محفل آوردہ، اغنی اللہ تعالیٰ فقراء ہ بھذا الدر الیتیم وروح شام ارواحھم بھذا الشمیم''

''یہ پاکیزہ کلمات اور یہ عالی درجہ حروف کہ جن کا ہر نقطہ بے قرار دلوں کی پرکار کا مرکز ہے اور محبت ذاتیہ کی آتش پر بیگانوں کی بدنظری کے لیے سپند دانہ ہے (یعنی دافع نظر بد ہے) اور حقائق کی دلہنوں کے رخسار کا زینت بخش خال (تل) ہے اور دقائق والے دور بین حضرات کی آنکھوں کی پتلی ہے، جن میں سے ہر ایک (فرد) احدیت کے موجزن دریا کے تاج کا موتی ہے جس کو ایک غواص (غوطہ زن) پاک باطن کے زبردست ہاتھ نے ساحل پر لا نکالا ہے اور وہ صحرائے ہویت کے ہرن کی ناف کا ایک جاں بخش نافہ ہے جس کو ایک سیاح کے بیان کی انگلیاں محفل میں کھینچ لائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فقراء کو اس بے بہا گوہر سے مالا مال کرے اور اس خوشبودار ہوا سے ان کی ارواح کے دل و

Marfat.com

دماغ کو معطر کرے۔''

زہر یک نقطہ اش چوں نافۂ تر
شمیم وصل جاناں می زند سر
ولی آں کز برودت در زکام است
چہ داند نافہ اش گر درمشام است
سرایم مدح آں سیّاحِ غواص
کنم خورشید راچوں ذرّہ رقّاص
ہمین فرزندفاروق ست چوں آب
کنوں نطق از زبانِ او کند ربّ
سراپا نسخۂ اخلاقِ فاروق
بزہر منقصت تریاق فاروق
چراغِ نقشبند ہفت محفل
نگاہش نقشبند غیر از دل

(دفتر سوم، نسخہ استنبول، ص:۵۔۶)

ترجمہ:

☆ جن کے ہر نقطہ سے نافہ کی طرح وصل جاناں میسر ہوتا ہے۔

☆ مگر جس کو سردی سے زکام ہوا ہو اسے کیا پتہ اس خوشبو کا اگرچہ مشک اس کی ناک میں ہو۔

☆ میں جو مدح سرائی کرتا ہوں اس سیاح غواص کا۔ گویا خورشید کو مانندِ ذرہ

Marfat.com

رقاص کرتا ہوں۔

☆ یہی وہ فرزند فاروق ہیں اعلیٰ ں نسب جن کی زبان پر ہر دم رب کی ہی بات ہوتی ہے۔

☆ وہ سراپا اخلاقِ فاروقی کا نمونہ ہیں زہرِ تنقیص کے لیے فاروقی تریاق ہیں۔

☆ وہ چراغ ہیں نقشبندی ہفت محفل کے ان کی نگاہ سے دل غیر حق سے خالی ہو جاتا ہے۔

ذیل میں ان القابات کو نقل کیا جاتا ہے جو مختلف اصحاب علم نے آپ کے نام کے ساتھ ذکر کیے۔ یہاں صرف نقل پر اکتفا کیا جاتا ہے بعد ازاں ان کی شرح بھی تحریر کی جائے گی۔

یار محمد جدید بدخشی طالقانی:

(i) غوث المحققین

(ii) قطب العارفین

(iii) برھان الولایۃ المحمدیۃ

(iv) حجۃ الشریعۃ المصطفویۃ

(v) شیخ الاسلام والمسلمین

(مکتوب دفتر اول، نسخہ استنبول، ص:۴)

عبدالحئی بن خواجہ چاکر حصاری (م: ۱۰۷۰ھ/۱۶۶۰ء):

(i) قدوۃ العلماءِ الراسخین

Marfat.com

(ii) المشرف بتشریفات المرسلین

(iii) صاحب الولایۃ الاصلیۃ

(iv) مخزن اسرار الالھیۃ

(v) واقف دقائق المتشابہات القرآنیہ

(vi) الایۃ العجیبہ من الایات الرحمانیہ

(مکتوب امام ربانی، نسخہ استنبول، دفتر دوم، ص:۳)

محمد ہاشم بدخشی کشمی (۱۰۰۰ھ/۱۵۹۱ء-۱۰۴۳ھ/۱۶۳۳ء):

(i) غوث الخلائق

(ii) غواص الحقائق

(iii) معراج الوصول

(iv) منہاج القبول

(v) خزینۃ الرحمۃ

(vi) دفینۃ الحکمۃ

(vii) مشرف القلوب

(viii) مشرق الغیوب

(ix) لجۃ العمل

(x) حجۃ الکمل

(xi) حدقۃ الاخیار

Marfat.com

(xii) حدیقۃ الاحبار

(xiii) نور الطریقۃ

(xiv) نور الحقیقۃ

(xv) زین العالمین

(xvi) عین العالمین

(xvii) ذرۃ اعنی

(xviii) عروۃ الرجا

(xix) مراہ الارادق

(xx) مرقاۃ المحبۃ

(xxi) مطلع الرموز والاشارات

(xxii) منبع الکنوز وابشارات

(xxiii) ملاح بحر الملاحۃ

(xxiv) مصباح بیت الصباحۃ

(xxv) الصلۃ بین البحرین

(xxvi) المصلح بین الفئتین

(xxvii) مستشھد المتکلمین

(xxviii) مستمسک المتوحرین

(xxix) برھان السلف / مجدد الف ثانی / امام ربانی

(xxxi) سلطان الخلف

Marfat.com

(xxxii) طلیعۃ الھدی الموعود

(xxxiii) ذکاء الاصل والفرع

(xxxiv) سناء الدین والشرع

(xxxv) وارث سید البشر

(xxxvi) منور المائۃ الحادیۃ بشر

مولانا وکیل احمد سکندپوری (۱۸۴۲ء/۱۲۵۸ھ۔۱۹۰۴ء/۱۳۲۲ھ):

(i) سلطان طریقت

(ii) برہان حقیقت

(iii) مہبط انوار الٰہی

(iv) مورد برکاتِ نامتناہی

(ھدیہ مجددیہ، ص:۴)

(v) کاشف اسرار سبع مثانی

(vi) بحر مواج ہمہ دانی

(vii) شمع بزم عرفانی

(viii) مقتدای ارباب معانی

(انوار احمدیہ، ص:۲)

(ix) الشیخ الاجل

(x) الامام العارف

Marfat.com

(xi) بحرالحقائق والاسرار والمعارف

(xii) محی السنۃ النبویۃ

(xiii) ناصر الشریعۃ البیضاء السنیہ

(کلام المنجی بردایرادات البرزنجی، ص:۳)

شیخ الحرم المکی السید محمد افندی الحسینی:

(i) الشیخ الاجل الھمام

(ii) الاکمل فی الطریقۃ النقشبندیہ

(iii) الامام منبع العلوم والمعارف

(iv) منشا الاسرار واللطائف

(v) العارف باللہ

(vi) شمس فلک الارشاد

(vii) بدر اوج الطریقۃ

(viii) السداد محور دائرۃ الفضائل والکمالات

(ix) قطب ربانی

(x) غوث صمدانی

(العرف الندی، ۵۲۰۔۵۲۱)

سید غلام علی بلگرامی:

(i) اعیان سرھند

Marfat.com

(ii)　مفاخر اھل ھند

(iii)　برھان الساطع علی اشرفیۃ النوع الانسانی

(iv)　بلغ المشارق المغارب انوارہ

(v)　جامع العلوم الظاہرہ وباطنہ

(vi)　خازن الکنوز البارزۃ الکافۃ

(العرف الندی، ۵۲۵)

خواجہ محمد احسان سرہندی:

(i)　حضرت قیوم اول

(ii)　امام اولیاء امت

(iii)　راہنما صوفیاء ملت

(iv)　خزینۃ الرحمت

(v)　محبوب صمدانی

حضرت بدرالدین سرہندی (پ: ۱۰۲۱ھ / ۱۶۱۲ء):

(i)　قطب الانام

(ii)　سید المحققین

(iii)　حجۃ المتاخرین

(iv)　خازن الکنوز الازلیہ

(v)　قاسم المعادن الابدیۃ

Marfat.com

(vi) نمائندہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

(vii) وارث حبیب اللہ

(حضرات القدس، تدوین ڈاکٹر انجم رحمانی، ص:۲۰۶)

یہ چند القابات مختلف اہل محبت نے تحریر کیے۔ دراصل یہ خدمات مجدد کی سعادت وجہات کا تعین کرتے ہیں۔ یہ القابات عصر حاضر کی محافل میں نقیبان محفل کی طرف سے نوازے جانے والے القابات کی طرح نہیں بلکہ ''ہند میں سرمایہ ملت کی نگہبانی'' کے لیے کی جانے والی کوششوں کا مظہر ہیں۔ ان میں سے ایک جیسے مفہوم کے حامل القابات کو اکٹھا کر کے شرح کی جائے تو حیات وخدمات امام ربانی کے علمی، فکری، تحریکی، مذہبی، روحانی پہلو سامنے آئیں گے۔

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ تاریخ ہائے وصال

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (شب جمعہ ۱۴ شوال ۹۷۱ھ/ ۵ جون ۱۵۶۴ء۔ منگل ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۶۴ء) نے اعتقادی، علمی اور عملی میدان میں جو رہنمائی فرمائی، وہ احسان یہ امت بالعموم اور مسلمانان برعظیم پاک و ہند بالخصوص کبھی بھی نہیں اتار سکتے۔ عزم و استقلال اور قوت کردار کا یہ کوہ گراں ہمیشہ آنے والے رہبروں اور قائدین کو فکری غذا مہیا کرتا رہے گا۔ آپ کی ان خدمات کا اعتراف ہمیشہ سے کیا جاتا رہا اور اس کے لیے مختلف اسالیب و انداز اختیار کیے گئے۔ ان سے آپ کی عقیدت کا اظہار اور خدمات کا اعتراف دونوں مقصود ہیں۔

اس اظہار کے لیے آپ کے وصال کے حوالہ سے شعراء اور اہل محبت و عقیدت نے تواریخ وصال کہیں۔ یہ ''ایسے فن کا نام ہے جس سے متکلم سال ہجری کسی حادثے کے وقوع کا فن جمل کے قاعدے سے بیان کرے۔'' (سبحۃ المرجان، ص:۲۱۱)

فن تاریخ گوئی اس حرف یا لفظ یا الفاظ کا مجموعہ ہے جس کے اعداد حروف سے سن مطلوب حاصل ہو یا ان الفاظ سے مندرجہ ذیل امور واضح ہوں:

۱۔ سن مطلوب　یا

۲۔ سن مطلوب مع تاریخ و ماہ　یا

۳۔ سن مطلوب مع تاریخ و ماہ　یا

Marfat.com

۴۔ سن مطلوب مع تاریخ و ماہ

انگریزی میں اس کے لیے Chronogram کا لفظ استعمال ہوتا ہے،
اس حوالے سے ڈاکٹر خالد حسین قادری اس فن کی تعریف اور تاریخ کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

"...It consists of explaining a word or group of words according to the numerical value of the letters, or of substiuting other letters of the alphabet for them in accordance with a set system... The use of letters to signify numbers was known to the Babylonians and the Greeks. The first use of gematria occurs in an inscription of Sargon 11 (727-707 B.C.E) which states that the king built the wall of Khorsabad 16,283 cubits long to correspond with the numerical value of his name..."

ایک قدیم تاریخ کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"One of the oldest chronograms of Persian poets according to the system of abjad that we have seen is composed of single letters of abjad and is composed by Masud Sa'ad Salman who wrote it to mark the passing over of the kingdom of India to Saif ud Daula Mahmud bin Ibrahim:

Marfat.com

چو روی چرخ شد از صبح چون صحیفہ سیم

ز قصر شاہ مرا مژدہ داد باد نسیم

کہ عزّ منت محمود سیف دولت را

ابو المظفر سلطان معظم ابراہیم

فزود رتبت و حشمت بدولت عالی

چو کرد مملکت ھند را بدو تسلیم

بنام فرّخ او کرد خطبہ در ھمہ ھند

نہاد بسر سر اقبالش از شرف دیہیم

بال پنجہ ازین پیش گفت بوریحان

در آن کتاب کہ کردہ است نام او تفہیم

ابتدا میں حروف کو استعمال کرنے کی بجائے الفاظ میں تاریخ بیان کر دی جاتی تھی۔ فردوسی کا یہ قطعہ اس کی مثال ہے۔

سر آمد کنوں قصۂ یزد گرد

بماہ سفند ارند، روز اُرد

زہجرت شدہ، پنج و ہشتاد بار (۴۰۰ = ۸۰×۵)

کہ گفتم من ایں نامۂ شاہوار

ایسی روایت اُردو میں بھی رہی بابر نے ۱۵۲۶ء میں جب سلطان ابراہیم لودھی کو پانی پت میں شکست دی تو ایک درباری نے کہا

Marfat.com

نو　سے　اوپر　تھا　بتیسا　۳۲

پانی　پت　میں　بھارت　ویسا

اٹھائیس　رجب　سکر　وارا

بابرؒ　جیتا　ابراہیم　ہارا

(یعنی ۲۸ رجب ۹۳۲ بروز جمعہ)

اعداد وحروف کے اس تعلق کا مقصد واضح کرتے ہوئے کسری منہاس نے لکھا:

''یہ فطرت انسانی کا ایک بنیادی تقاضا ہے کہ اس کی زندگی اور موت کو دنیا یاد رکھے اور اس کے کارنامے اس کی زندگی کے بعد بھی تاریخ کا ایک حصہ بن جائیں۔قدیم عمارت پر ہم اکثر سنہ تعمیر کندہ پاتے ہیں مقصد یہ ہے کہ تعمیر عمارت کی تاریخ اہل عالم کے سامنے قائم ودائم رہے۔ان قدیم عمارتوں کے بنانے والے کب کے خاک کے ڈھیر ہوئے لیکن عمارتیں باقی ہیں۔اور بنانے والے کا نام اور تعمیر کا سنہ آج بھی ہمارے پیش نظر ہے۔ امتداد زمانہ کے ساتھ یہ بھی ایک امر فطری ہے کہ جس طرح عمارتوں کے بنانے والے موت کی نیند سو گئے۔اسی طرح ان کی بنائی ہوئی عمارتیں ٹوٹ پھوٹ کر خاک میں مل گئیں۔لیکن وہ عبارات اب بھی کتابوں میں محفوظ ہیں جو ان تعمیرات کی نشان دہی کرتی ہیں۔حقیقت حال یہ ہے کہ مرنے کے بعد بھی انسان مرنا نہیں چاہتا۔ جب تک کوئی شخص انسانوں کے ذہن میں

Marfat.com

موجود ہے، وہ شخص زندہ ہے۔ جب کوئی کارنامہ تاریخ کا حصہ قرار دیا جاتا ہے، وہ کارنامہ جاوداں ہے۔ اسی لیے یہ تحریک پیدا ہوئی کہ انسانی کارناموں کو تاریخ گوئی کے ذریعے قائم و جاوداں بنایا جائے۔ اسلامی دور کے مشہور تاریخی واقعات، فتوحات، سنین پیدائش و وفات جلوس شاہانہ تصانیف کتب وغیرہ تاریخ گوئی کے ذریعے محفوظ ہیں۔ اس سے قطع نظر کہ اس مقصد کے لیے نثر کو کام میں لایا جائے یا نظم کو، دونوں صورتوں میں مقصد بہرحال پورا ہو جاتا ہے۔ کسی نے مسجد بنائی یا سرائے تعمیر کی، شاعر نے اس کارنامے کو قطعے کی صورت دے دی۔ جس کے ایک ٹکڑے سے تاریخ تعمیر ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو گئی۔ غرضیکہ اعداد و حروف کی مطابقت انسان کی ایک خاص ضرورت کو پورا کرتی ہے اور وہ ضرورت یہ ہے کہ انسانوں کے کارنامے محفوظ ہو جائیں۔ یہ بھی بقا کی ایک صورت ہے۔ (فن تاریخ گوئی، نقوس اُردو بازار لاہور، ص:۴)

اُردو میں ایسا تذکرہ نہیں لکھا گیا جس میں صرف تاریخ گو شاعروں کے تراجم ہوں۔ یہ کمی صرف ''تذکرہ دُرفشاں'' سے پوری ہوتی ہے۔

(شاعرات اور فن تاریخ گوئی، ص:۳۳۔۳۴)

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات کے اعتراف کے لیے اہل فن نے مختلف تاریخیں کہی ہیں۔ احسان سرہندی نے دعویٰ کیا کہ لوگوں نے پانچ سو تاریخ

Marfat.com

ہائے وصال کہیں۔ (روضۃ القیومیۃ)

عبدالاحد وحدت گل کا کہنا ہے کہ ''آپ کے وصال پر آپ کے مریدوں نے فارسی اور عربی نظم ونثر میں دو سے زائد تاریخی مادے استخراج کیے ہیں۔'' (۶۲)

چند ایک درج ذیل ہیں:

الجنات الثمانیہ:

مرات جمال الله

أكبر اية من ايات ربه

رفيع المناقب

باعث نجات أبد

أكمل الأفاضل

هو أشرف العالمين

"الموت هو جسر يوصل الحبيب الى الحبيب العارف الذى وهب له ربه"

"وارث الرسول

خير المناقب"

(الجنات الثمانیہ، ص:۵۳)

خواجہ ہاشم کشمی:

حضرت ہاشم کشمی نے آپ کی عمر مبارک کے مطابق ۶۳ فصیح و بلیغ اور پر

Marfat.com

ایجاز فقرے تیار کیے ہر ایک سے آپ کے انتقال کا سال برآمد ہوتا ہے۔علاوہ ازین کئی قطعات بھی لکھے۔زبدۃ المقامات میں یہ دو نقل کیے ہیں۔

الا ان اولیاء اللّٰہ لا خوف علیھم

(١٠٣٤ھ)

دوسرا یہ ہے:

یا ایھا الانام لقد سافر الامام

من کان ذیل رافتہ عروۃ القبول

قطب الذی تفوض رب السماء لہ

حال التی تحیر فی شانھا العقول

ما الموت کان بدر کمال قد انطلق

من مشرق الظھور الی المغرب الافول

لما اصاب ارث رسول بحقہ

اکتب لعام رحلتہ وارث الرسول(١٠٣٤ھ)

(زبدۃ المقامات،ص:٤٠٤)

صاحب حضرات القدس نے حضرت ہاشم کشمی رحمۃ اللہ علیہ کی کہی ہوئی درج ذیل تواریخ نقل کی ہیں:

(١) باسم فیاض دلہا۔(١٠٣٤ھ) (٢) قطب الاقطاب والا روزگار باشد۔(١٠٣٤ھ)(٣) سراج وجود طرف بست۔(٤) ماہ محققین رفت۔(٥) خیر الاولیا نماند۔(٦) منور رحلت نمود۔(٧) معرفت مُرد۔(٨) احمد زبدۂ مشائخ بود۔

Marfat.com

(۹) روحِ علمار اسخ بود۔ (۱۰) ظل محمد ﷺ بود۔ (۱۱) اوامر خلفائے احمد بود۔ (۱۲) ہمہ آئین صحابہ سید الثقلین ﷺ بود۔ (۱۳) والۂ حب شیخین بود۔ (۱۴) مہرِ عثمان رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ بود۔ (۱۵) ہمہ محبت اہل بیت نبوی بود۔ (۱۶) اقتباسِ نبوت بود۔ (۱۷) ابرِ نیسان رحمت بود۔ (۱۸) شہسوارِ محبت بود۔ (۱۹) خدیو عارفان بود۔ (۲۰) فرخاصان بود۔ (۲۱) تکیہ گہِ ہمہ اتقیا بود۔ (۲۲) سرورِ اہل تمکین بود۔ (۲۳) منور آداب خواجہ بہاء الدین بود۔ (۲۴) رائے خواجہ علاء الدین بود۔ (۲۵) آن خواجہ محمد پارسا بود۔ (۲۶) بزرگیہائے خواجہ عبید اللہ بود۔ (۲۷) ادراکِ خواجہ باقی باللہ بود۔ (۲۸) رواجِ محبت رسول اللہ بود۔ (۲۹) راوی ذی الجلال بود۔ (۳۰) ہمہ امتثال بود۔ (۳۱) وے شمس حقیقت۔ (۳۲) شہبازِ طریقت۔ (۳۳) جان شریعت۔ (۳۴) ابجد تربیت بود۔ (۳۵) رفیع المرتبت۔ (۳۶) خیر المناقب۔ (۳۷) مرآت جمال اللہ اکبر۔ (۳۸) آیت من آیات عزوجل۔ (۳۹) شگرفِ روزگار۔ (۴۰) کاشفِ پروردگار۔ (۴۱) باعث نجات آمد۔ (۴۲) سرچشمۂ حیات آمد۔ (۴۳) بہارِ اسرارِ قرآنی۔ (۴۴) منور دین بالف ثانی۔ (۴۵) رونق چمن زار عشرت۔ (۴۶) پل گلگونۂ عروس سعادت۔ (۴۷) دولچۂ صباحت و ملاحت۔ (۴۸) ہمہ محبیت و ہمہ محبوبیت۔ (۴۹) ھو فخر النسب۔ (۵۰) غازۂ وجہِ ادب۔ (۵۱) اکمل الافاضل۔ (۵۲) خیر اکابر۔ (۵۳) شرف جنات۔ (۵۴) شہے عالی درجات۔ (۵۵) عمر احمدی ہمان عمر پیامبر۔ (۵۶) وصل محبّ اللہ سہ شنبہ صفر۔ (۵۷) روز کوچ سہ شنبہ صفر۔ (۵۸) عطر اللہ عزوجل مثواہ۔ (۵۹) وجعل بدار الخلد مأواہ۔ (۶۰) رزقنی اللہ توفیقہ۔ (۶۱) وبسط اللہ تعالیٰ دائماً

Marfat.com

طریقہ۔ (۶۲) اکثر اللہ مجیہ الیٰ یوم الدین۔ (۶۳) بحق نبی اللہ و محبوبہ و آلہ و اصحابہ والتابعین۔

ان ۶۳ جملوں کے بعد درج ذیل رباعیات نقل کی ہیں۔

(۱) ہر مصرع کے نقطہ والے حروف جمع کرنے سے تاریخ نکلتی ہے۔

آن　مرشد　رہ　کہ　بود　او　فخر　کبار

حیرت　زدہ　از　شہود　او　چشم　ہزار

ن + ش + ب + ف + خ + ب = ۱۰۳۴ھ

ی + ت + ز + ز + ش + ج + ش + ز = ۱۰۳۴ھ

مہر　فلک　و　قربت　بستان　کمال

دریائے　کرم،　چراغِ　بزم　ابرار

ف + ق + ب + ت + ب + ت + ن = ۱۰۳۴ھ

ی + ے + ج + غ + ب + ز + ب = ۱۰۳۴ھ

ا　+　ح　+　م　+　د　=　احمد

(۲) بے نقط حروف کو جمع کرنے سے تاریخ نکلتی ہے اور ہر مصرع کے پہلے حروف کو جمع کرنے سے تاریخ ولادت نکلتی ہے۔

او　سرورِ　ملک　مہر　و　دریائے　شہود

خاک　رہِ　آن،　سرمۂ　ابصار　جنود

شاہ　اورنگ　معرفت،　گوہر　سر

علامۂ　عصر،　لوح　اسرار　وجود

Marfat.com

(۳) ہر مصرع سے سال وصال برآمد ہوتا ہے۔

این قطب سراج عالم ہمت بود

۱۰۳۴ھ

شاہ کلّ و درِ لجۂ وحدت بود

۱۰۳۴ھ

دین تازہ زوے چو نو گلے از ابر بہار

۱۰۳۴ھ

و آن در عالم مایدۂ نعمت بود

۱۰۳۴ھ

(۴) قاعدہ توشیخ سے ''تخلد'' بن جاتا ہے۔ جو سال وصال ہے۔

تا رفت گل از باغ چمن زار بماند

بخت من و گلشن چو شب تار بماند

بالش زچمنھا چو شکیب از دل رفت

لختِ دلِ بلبل سر ہر خار بماند

(۵) یہ غیر منقوط رباعی ہے اس کے ہر مصرع سے سال وصال نکلتا ہے۔ اور ہر مصرع کے تیسرے حرف کے ملانے سے احمد آپ کا اسم گرامی بنتا ہے۔

او اعلم اہل عصر و در علم علم

۱۰۳۴ھ

Marfat.com

لوح الاسرار و لامع ملک کرم

۱۰۳۴ھ

او مہر کمال و سرور عالم حلم

۱۰۳۴ھ

گردِ رہ او سرمہ دہ اہل حرم

۱۰۳۴ھ

(مجمع الاولیاء، ص: ۴۴۵)

(۶) بطور تعمیہ آپ کا سال وصال نکلتا ہے۔

آن کو بخموشی سخن آموخت مرا

تا رفت بدامان عزا دوخت مرا

می جست بگریہ دل ز سال سفرش

ابر آمد و گفتا غم دل سوخت مرا

(۷) تاریخ وصال کے علاوہ ہر مصرع کے دوسرے حرف کو جوڑنے سے عمر نکلتی ہے۔

بود مہر و ماہ علم حال و قال

ہمچو عثمان مرحیا را زین بود

از خرد چون سال عزمش جست دل

زین دو معنی گفت ذو نورین بود

۱۰۳۴ھ

Marfat.com

قطعاتِ تاریخِ وصال:

(۱) حبیبی کہ از حسنِ ذاتی خویش
الٰھش ہمی ساخت دریائے آن
ضمیرم ز دل سال وصلش بجست
رقم زد: بہشت برین جائے آن

۱۰۳۴ھ

(۲) بہار باغ عرفان ابر رحمت
کزین گلشن بتعجیل صبا رفت
مگر صبح قیامت سربر آورد
کہ از مشکواۃ دین شمع ہدیٰ رفت
درین ملکِ فنا غرقِ لقا بود
ہم از عین بقا اندر لقا رفت
زیادش خانۂ دل آفتاب است
اگرچہ از دیدہ چون نور وضیا رفت
چو شاہ اولیائے عہد خود بود
خرد گفتا کہ شاہ اولیا رفت

۱۰۳۴ھ

Marfat.com

(۳) آنکہ بود از کلید خامۂ او
قفلِ اشکالِ عارفان حل، رفت
بود چون شمع جمع اہل کمال
عقل گفتا سراج کمل رفت
۱۰۳۴ھ

(۴) بنمود یکے موج ز دریائے حقیقت
ہم باز بدان بحر ازل بے سر و پا رفت
چون جلوۂ او آب ریاض عرفا بود
تاریخ سفر گوئی کہ آب عرفا رفت
۱۰۳۴ھ

(۵) رفت آنکہ بود دیدۂ ادراک این وآن
خفاش آفتاب ظہور کمال او
او نائبِ رسول بدار نیست باورت
نایب شمار و عمر نبی بین و سال او
٦٣

(٦) سایہ ز سروِ احمد مرسل نہفتہ بود
این احمد ست سایۂ او ز امتثال او
از بسکہ امتثال نبی بود جملگی
می جوئے ز امتثال نبی انتقال او
۱۰۳۴ھ

Marfat.com

(۷) محمل کہ بست سوئے بیابان کہ کوہسار
اسپندوش مجمر صحرا بسوختہ؟
فارس کہ بود از شرر نعل توسنش
از رہ روان بادیہ پہنا بسوختہ؟
خارے خلیدہ در جگر اشتران مست
کز اشک گرم شان دل خارا بسوختہ
شبہائے غم چو بخت من آخر سیہ چر است؟
این شعلہ گر نہ خانۂ شبھا بسوختہ
نبض کہ بر گرفت کہ چون شعلہ کار زار
از دوش باز دست مسیحا بسوختہ؟
روزِ وداعِ دلبرِ ما پرسد ار کسے
گو، داغ، دل، تمام سراپا بسوختہ

(۸) تاریخ جو کہ میر احمد نے تاریخ بنائی اور ہاشم کشمی نے نظم کیا۔

شہِ ملکِ دین، مہرِ اوجِ یقین
کزو دین و دل بود، آباد کو؟
چہ شہ؟ سروِ آزادِ بستانِ قرب!
سرِ بندگانِ دل آزاد کو؟
بعہدِ فراقش سر جان کرا؟
بروز و داعش دلِ شاد کو؟

Marfat.com

اگر سال عزمش پرسد دلے

بگو، سرورِ اہلِ ارشاد کو؟

یہ تاریخی فقرے میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ نے کہے۔

(۱) مرجِ مارفت۔ (۲) رہبرِ اہلِ حلاوت نماند۔ (۳) عنقائے قافِ عزت نماند۔ (۴) دُرِدریائے محبیّت نماند۔ (۵) آئینہ جمال نمائے محبت نماند۔ (۶) نورِ مصباح عبودیت نماند۔ (۷) فارسِ میدانِ صفوت بود۔ (۸) آفتابِ جہان ملاحت بود۔ (۹) سندِ اربابِ قربت بود۔ (۱۰) مرکز دائرۂ سعادت بود۔ (۱۱) قافلہ سالار کعبۂ ہیبت بود۔ (۱۲) سروشِ محبوبیت بود۔ (۱۳) مرجعِ اصحاب تجرد بود۔ (۱۴) بدرِ منیر تقویٰ بود۔ (۱۵) جانِ اربابِ خانقاہ۔ (۱۶) باہلِ صلابت تکیہ گاہ بود۔ (۱۷) واقف اطوارِ حقیقت بود۔ (۱۸) شمس سمائے الفت بود۔ (۱۹) پیکرِ معرفت بود۔ (۲۰) اشرف العارفین بود۔ (۲۱) کنزِ مخفی دارین بود۔ (۲۲) مآلِ مشائخ بود۔ (۲۳) نور حدقہ کرامت۔ (۲۴) عرشِ مجید اجابت۔ (۲۵) شجرۂ طیبہ تکمیل۔ (۲۶) گنج فضلِ الٰہیہ۔ (۲۷) ہادیٔ حضور۔ (۲۸) مفتحِ ابواب فتوح۔ (۲۹) ترجمان کلام لاریب۔ (۳۰) منبع اخبار نبوی۔ (۳۱) راست روِ ملک ابدی۔ (۳۲) اکمال آثار مصطفویہ۔ (۳۳) صراطِ مستقیم وحدانیہ۔ (۳۴) خدیو اجتہاد (۳۵) مہر سپہر حدیث۔ (۳۶) سرمۂ دیدۂ اقتدار۔ (۳۷) محرم رموز الاسرار۔ (۳۸) آیت برکات۔ (۳۹) آرائش جمال ولایات۔ (۴۰) اعتصام الناصرین۔ (۴۱) شمس مستعدین۔ (۴۲) نور ابصار تفرد۔ (۴۳) زاد خاشعان۔ (۴۴) سند ذکر۔ (۴۵) اساس افضال۔ (۴۶) خلاصۂ نورِ حمد۔ (۴۷) بال رضا۔ (۴۸) باب گنجینہ فیض۔

Marfat.com

(۴۹) نورستائش ابد۔ (۵۰) نور جہان طریقت۔ (۵۱) ریاض احمدی۔ (۵۲) فیض صمدی۔ (۵۳) نقطۂ دائرۂ احترام۔ (۵۴) جمال تجلیات علوی۔ (۵۵) گل گلشن تعزز۔ (۵۶) معلمِ دبیرستانِ وصل۔ (۵۷) مرشد شفیق۔ (۵۸) بحرِ عمیقِ تصدیق۔ (۵۹) گوشوارۂ صباحت۔ (۶۰) اماماً داعیاً الی اللہ باذنہ۔ (۶۱) بفردوس رفت۔ (۶۲) بجانب خلیل شد۔

منظومہ: کہ ہر مصراع وے تاریخ می شود: ہر مصرع تاریخی ہے۔

او نورِ جہانِ مکرمت بود
او نورِ سپہرِ محمدت بود
سرمایۂ ہر فتوح بود او
در ما ہمہ قوتِ روح بود او
او محرم راہ کعبۂ وحدت بود
او منبع نور، سید عزت بود
ممدوح جواد و معدن نصرت بود
برہانِ کمال ہادی رحمت بود
قبلۂ عسکر سعادت بود
گوہر افسرِ محبت بود
آن گل گلستان انسانی
کاشف رمز و راز ایقانی

Marfat.com

محمد صادق کشمیری کی کہی ہوئی تواریخ:

(۱) فریاد ز گردشِ زمانہ
بیداد ز دستِ جورِ ایام
قطبِ ارشاد شیخ احمد
کہ بود بخلق فیضِ او عام
در ماہ صفر بہ بیست و ہشتم
بگذشت ز دہر بے سرانجام
از رفتن او ز بیدلان رفت
یکبارہ قرار و صبر و آرام
شد روز وصال عاشقان شب
شد صبح امید طالبان شام
چون قلعہ دین و برج ایمان
او بود بدہر پُر دود دام
تاریخ وفات او برآمد
افسوس فتادہ برج اسلام

۱۰۳۴ھ

(۲) الولی لا یموت بل ینقل الٰی المنزل الابدی (۱۰۳۴ھ)

(۳) الموت ھو جسر یوصل الحبیب الٰی الحبیب (۱۰۳۴ھ)

خواجہ محمد عبیداللہ باقی قدس سرہ:

Marfat.com

''مات ولم یمت بل حی ابداً'' (۱۰۳۴ھ)

خواجہ محمد عبداللہ:

(۱) ماتم صفا کیشان (۱۰۳۳۔یک کم مانده)

(۲) ملا حیدر تاریخ ایشان یافته:

(۳) کشافِ حقائق و معارف بوده (۱۰۳۴ھ)

مولانا عبدالقادر انبالی:

(۱) کجا شد خلیل اللّٰہ

(۱۰۳۴ھ)

(۲) ''دفنت الحکمة'' (۱۰۳۳ھ)

مولانا کریمی:

قطعہ:

شہِ ملک ولایت شیخ احمد
کہ مثلش مادر ایام کم زاد
ازین راه خطرناک و پُرآشوب
قدم در شاہرہ خلد بنہاد
بپرسیدم زہاتف سال تاریخ
بگفتا ساکنِ خلد برین باد

۱۰۳۴ھ

ابوعبداللہ محمد فاضل بن سید احمد بن سید حسین حسینی ترمذی اکبرآبادی المعروف

Marfat.com

به مظہر الحق نے اپنی تالیف مخبر الواصلین (آغاز تالیف ۱۰۶۰ھ در عہد شاہجہان) میں حضرت مجدد کی وفات پر ایک قطعہ لکھا ہے جس کے منتخبہ اشعار پیش کیے جاتے ہیں:

آں کہ او جوہر خرد مندی ست
احمد کابلی و سرہندی ست
نقشبندی ست آں ستودہ سیر
رونق افزائے شرع پیغمبر
بے شک آں شیخ عاقبت محمود
از مریدان خواجہ باقی بود:
ذات والائے آں خُدا آگاہ
قطب الاقطاب بود بے اشباہ
او مجدد الف ثانی بود:
واقفِ سرِّ جاودانی بود
الف ثانی باو مجدد شد
زاں کہ احمد بجائے احمد شد
نعل بالنعل بود با احمدؐ
احمد کابلی بلطف احد
برہ شرع و ملت بیضا
از کمال علوم نور افزا

Marfat.com

بود آں شیخ احمد ثانی
طاق آفاق در خدا دانی
او بلخ صفر سفر فرمود
زیں جہاں سوئے حضرت معبود
سال ترحیل آں خدا آگاہ
شد رقم شیخ بود اہل اللہ

۱۰۳۴ھ

عقل تاریخ آں ولی عہد
گفت ''نور بہشت از احمد''
سال نقلش بگو بعون احد
''نور اوج بہشت از احمد''
ہاتفم سال نقل فرمودہ
شیخ احمد زاولیاء بودہ
شدہ تاریخ آں ولی خدا
''احمد کابلی بہشت آراء''
بے شک آں ولی ربّانی
گل باغ خلیفۂ ثانی
مرقد او بشہر سرہندست

Marfat.com

زاں زحق فیض پیر سرہندست

(مظہر الحق، مخبر الواصلین۔ بحوالہ سیرت مجدد الف ثانی، ڈاکٹر محمد مسعود احمد)

مخدوم صاحب:

صاحب عمدۃ المقامات نے مخدوم صاحب کے نام سے درج ذیل قطعہ تحریر کیا اور کہا کہ دوسری جگہ یہ نہیں ملے گا:

زین جہان پر بلا چوں شاہ عرفاں نقل کرد
ظل را بگذاشت در رہ رو باصل الاصل کرد
جستم از تاریخ نقل او زدار الابتلاء
گفت ہاتف احمد الثانی بادل وصل کرد

(عمدۃ المقامات، ص: ۲۱۵۔۲۱۶)

خواجہ بدرالدین سرہندی:

مسمّٰی احمد مرسل سفر کرد
زہجر او فلک را سینہ شد چاک
بخاک تربتش چوں در گذشتیم
نگہ کردیم جاہ تربت پاک

۱۰۳۴ھ

(وصال احمدی، ص: ۲۷)

عبدالقیوم طارق سلطانپوری:

شہباز طریقت

Marfat.com

فیضان النبی

آوازحق، حرارت ایمان

صدق یقین وجسارت

دو تواریخ وصال اس کی کہیں
جاں نثار مصطفیٰ، فیض العجم

Marfat.com

مجدد اور مجدد الف ثانی

(علماء کی آراء کا جائزہ)

حدیث پاک میں ہے:

''ان اللّٰہ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل مائۃ من یجدد لھا دینھا''

یہ حدیث درج ذیل کتب میں نقل کی گئی ہے:

صحیح سنن ابی داؤد(۱)، مستدرک علی الصحیحین (۲)، الجامع الصغیر(۳)، کنز العمال(۴)، معرفۃ السنن والآثار(۵)، فیض القدیر(۶)، تذکرۃ الموضوعات(۷)، جامع الاحادیث(۸)، سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ(۹)، المقاصد الحسنۃ (۱۰)، کشف الخفاء(۱۱)، الکامل (۱۲)، مشکوٰۃ المصابیح (۱۳)، تاریخ بغداد(۱۴)، البدایہ والنہایہ(۱۵)، مختصر تاریخ دمشق(۱۶)، مناقب الامام الشافعی (۱۷)، طبقات الشافعیۃ الکبریٰ(۱۸)، توالی التاسیس (۱۹)، الفتن (۲۰)، ذم الکلام(۲۱)، مناقب الشافعی (۲۲)، التذکرہ فی الاحادیث المشتہرہ(۲۳)، الدر المنثورہ (۲۴)، اسنی المطالب (۲۵)

اس حدیث کو علامہ سیوطی، زین العراقی، ابن حجر، امام حاکم اور علامہ البانی نے صحیح کہا ہے۔ الدر المنثور (جلد۱، ص:۳۲۱)، مناقب الشافعی (جلد۱، ص:۵۵)، حلیۃ الاولیاء (جلد۹، ص:۹۷) میں یہ روایت الفاظ کے تغیر کے ساتھ بھی نقل کی گئی ہے۔

Marfat.com

ہر دور میں اہل اسلام میں سے ایک جماعت ایسی رہی ہے جو دین میں پیدا ہونے والے غیر دینی اجزاء کے خلاف برسر پیکار ہو کر دین کو اس کی اصلی حالت میں محفوظ رکھنے کی جدوجہد کرتی تھی۔ ایک حدیث میں ہے کہ امت میں ایک گروہ حق پر قائم رہے گا انہیں ذلیل کرنے والے اور مخالف کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے، وہ گروہ قیامت تک حق پر ہی قائم رہے گا۔(۲۶)

یہی تجدید کا مفہوم ہے۔ ہماری تاریخ شاہد ہے کہ ہر دور میں مردانِ حق آگاہ کا ایک گروہ موجود رہا جن کی کاوشوں سے دین آلائشوں اور آمیزشوں سے پاک ہوتا رہا۔ مختلف شارحین کے اقوال کی روشنی میں تجدید دین کا مفہوم بیان کرتے ہوئے سید زوار حسین شاہ لکھتے ہیں:

> "تجدید دین سے مراد ہے کتاب وسنت کا عمل جو مرور زمانہ سے ترک ہو کر مٹ چکا ہو۔ اس کو از سرِ نو زندہ کرنا، لوگوں کے غلو اور افراط وتفریط کو روکنا، جاہل مدعیوں کی تحریفات وتاویلات کی نفی کرنا اور خواہشات کی پیروی کرنے والوں کی تراشی ہوئی بدعات سے دین کو بچانا، حق وباطل میں تمیز کرنا اور دین کو اس کی بالکل اصلی حالت میں جیسا کہ ابتدائے اسلام میں یعنی رسول اللہ ﷺ وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم وتابعین وتبع تابعین کے زمانہ میں تھا، مسلمانوں میں رائج کرنا۔"(۲۷)

اس سے واضح ہوتا ہے کہ مجدد (باب تفعیل سے صیغۂ اسم فاعل ہے یعنی پرانے کو نیا کرنے والا۔) دنیا دین پیش نہیں کرتا بلکہ دین پر پڑنے والے گرد وغبار کو

Marfat.com

صاف کرنا مجدد کی ذمہ داری ہے۔ نبی اور مجدد میں یہی اہم فرق ہے کہ وہ نبی کی اطاعت واتباع میں رہ کر اپنے کام کی تکمیل کرتا ہے۔ مولانا مودودی نبی اور مجدد میں فرق واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''نبی اپنے منصب پر امر تشریعی سے مامور ہوتا ہے۔ اس کو ماموریت کا علم ہوتا ہے، اس کے پاس وحی آتی ہے، وہ اپنی نبوت کے دعویٰ سے اپنے کام کا آغاز کرتا ہے۔ اسے لوگوں کو اپنی طرف دعوت دینا پڑتی ہے اور اس کی دعوت ہی کو قبول کرنے یا نہ کرنے پر لوگوں کے کافر یا مومن ہونے کا مدار ہوتا ہے۔ برعکس اس کے مجدد کو ان میں سے کوئی حیثیت بھی حاصل نہیں ہوتی، وہ اگر مامور ہوتا ہے تو امر تکوینی سے ہوا کرتا ہے نہ کہ امر تشریعی سے۔ بسا اوقات اس کو خود اپنے مجدد ہونے کی خبر نہیں ہوتی بلکہ اس کے مرنے کے بعد اس کی زندگی کے کارنامے سے لوگوں کو اس کے مجدد ہونے کا علم ہوتا ہے۔ اس پر الہام ہونا ضروری نہیں اور اگر ہوتا ہے تو لازم نہیں کہ اسے الہام کا شعور ہو۔ وہ کسی دعوے سے اپنی دعوت کا آغاز نہیں کرتا نہ ایسا کرنے کا حق رکھتا ہے کیونکہ اس پر ایمان لانے یا نہ لانے کا کوئی سوال نہیں ہوتا۔'' (۲۸)

حدیث مجدد کے حوالہ سے مجدد کی ضرورت، مجدد کی ذمہ داریاں اور نبی و مجدد میں فرق واضح ہونے کے بعد دو امور مزید تشریح طلب ہیں۔

اول:　حدیث کے الفاظ ''علی راس کل مائة سنة'' سے کیا مراد ہے۔

Marfat.com

دوم: حدیث کے لفظ "من" کی توجیہ

حدیث کے الفاظ "علی راس کل مائة سنة" سے عموماً علماء نے ایک صدی کا آخر اور دوسری صدی کی ابتداء مراد لی ہے۔ اسی لیے مولانا عبدالحئی لکھنوی لکھتے ہیں:

"راس مائة" سے باتفاق محدثین آخر صدی مراد ہے۔"(۲۹)

بدرالدین ابدال رسالہ مرضیہ فی نصرة مذهب الاشعریہ میں اس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں:

"مجدد صدی کے شروع میں اس لیے ہوتا ہے کہ عموماً اس وقت علماء امت تمام ہو جاتے ہیں اور سنن مٹ جاتی ہیں اور بدعت ظاہر ہو جاتی ہیں۔ تو اس وقت دین کی تجدید کی ضرورت ہوتی ہے تو اللہ سلف کے عوض خلف کو ظاہر کرتا ہے۔"(۳۰)

اسی سلسلہ میں طیبی لکھتے ہیں:

"الراس مجاز عن آخر السنة وتسمیته راسا باعتبار انه مبدأ لسنة اخری"(۳۱)

"یعنی راس مجازاً سال کے آخر کو کہا گیا ہے۔ اس کو راس کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس سے دوسرے سال کی ابتداء ہوتی ہے۔"

اس امر میں بھی علماء کا اختلاف ہے کہ صدی کی ابتداء مولد نبی، بعثت یا ہجرت سے کی جائے۔ مناوی بعثت نبوی سے ابتداء کے قائل ہیں لیکن امام سبکی کا خیال ہے کہ ہجرت سے سال کی ابتداء کی جائے۔(۳۲)

Marfat.com

لیکن محققین کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ اس حدیث کے لفظ "کل مائة سنة" سے ہجری صدی مراد لینا صحیح نہیں بلکہ اس کا مطلب "کل قرن" ہوگا اور پھر "راس" کی قید کو اتفاقی ماننا پڑے گا۔ اس بناء پر اس حدیث کا مطلب ہوگا کہ اللہ جل جلالہ ہر قرن اور ہر دور میں اس امت میں ایسے مردان حق آگاہ پیدا کرتا رہے گا جو اس امت کے لیے دین کی تجدید کرتے رہیں گے۔ اس مفہوم کی گواہ ہماری تاریخ ہی ہے کہ تجدید کا کام کبھی صدی کی ابتداء میں ہوا کبھی وسط اور کبھی اواخر صدی میں۔ نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے حجج الکرامہ میں اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے بعض اہل علم سے نقل کیا ہے کہ "راس مائة" سے مراد خاص صدی کا آغاز نہیں ہے بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ اللہ جل جلالہ ہر صدی میں مجدد مبعوث کرے گا خواہ شروع میں، خواہ درمیان میں، خواہ آخر میں اور رأس کی قید محض اتفاقی ہے اور غرض حدیث کی صرف یہ ہے کہ کوئی صدی کسی مجدد کے وجود سے خالی نہ رہے گی اور ہر صدی کے اوائل، اواسط اور اواخر میں مجددین کا ہونا اس احتمال کے صحیح ہونے کی تائید کرتا ہے۔ (۳۳)

اس نکتۂ نظر کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ مروجہ سن ہجری تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں وجود میں آیا۔ عہد رسالت میں جب کہ آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا، اس سن کا نظام ہی نہ تھا۔ اس لیے اس حدیث سے مروجہ صدی کا مفہوم اخذ کرنا درست نہ ہوگا۔ ہر قرن میں مجدد بھیجنے کی غرض و غایت کی وضاحت کرتے ہوئے مولانا منظور نعمانی لکھتے ہیں:

"امت مطمئن رہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد بھی آپ کا لایا ہوا دین محفوظ رہے گا۔ اور آپ ﷺ کا روشن کیا ہوا چراغ ہدایت

Marfat.com

یوں ہی روشن رہے گا اور اللہ جل جلالہ اس امت ہی میں سے ایسے بندے ہر دور میں کھڑے کرتا رہے گا جو اللہ و رسول کی اس امانت کی حفاظت کریں گے اور اس کو اس کی اصلی شکل میں پیش کرتے رہیں گے اور اس طرح آپ ﷺ کی لائی ہوئی ہدایت، انسانی نسل کی، آپ کے بعد بھی ہمیشہ ہمیشہ رہنمائی کرتی رہے گی اور اللہ جل جلالہ کے بندے اس کی روشنی میں سعادت کی راہ پر چلتے رہیں گے اور اس دین کی حقیقت تحریفوں اور تاویلوں کے پردوں میں اس طرح گم نہ ہو سکے گی جس طرح پہلے نبیوں کے ذریعہ آئی ہوئی ہدایتیں اس دنیا سے گم ہو گئیں۔'' (۳۴)

مجدد کو صدی کی ابتداء، انتہاء میں محصور کرنے کا یہ بھی نتیجہ نکلا کہ تاریخ اسلام کی مسلمہ شخصیتیں جنہوں نے مختلف شعبہ جات پر اپنے کارناموں کے ان مٹ نقوش چھوڑے جیسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔ اس لیے مجددین کی فہرست میں نہ آئے کہ ان کا تعلق صدی کے اواخر و اوائل سے نہ تھا۔ اس لیے اسلام کے عمومی مزاج کے حوالہ سے ''علی راس کل مائۃ سنۃ'' کے بارے میں دوسری رائے ہی درست معلوم ہوتی ہے۔

حدیث مجدد میں دوسری اہم بحث لفظ ''مَن'' کے حوالہ سے ہے۔

علامہ طیبی اس لفظ کے بارے میں لکھتے ہیں:

''یقع علی الواحد والجمع'' (۳۵)

''یعنی لفظ ''مَن'' واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔''

Marfat.com

اس لیے ابن کثیر اہل علم کی ہر جماعت سے مجدد کے قائل ہیں، لکھتے ہیں:

''وقد ادعی کل قوم فی امامهم انه المراد بهذا الحدیث، والظاهر والله اعلم انه کعم جملة العلم من کل طائفة وکل صنف من اصناف العلماء من مفسرین ومحدثین وفقهاء ونحاة ولغویین الی غیر ذلک من الاصناف''(۳۶)

''ہر قوم نے اپنے امام کے بارے میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ حدیث (میں جو مــن آیا ہے) اس سے مراد وہی ہیں (یعنی ان کے امام ہیں) اور جو بات ظاہر ہے (اور اللہ بہتر جانتا ہے) یہ من عمومیت رکھتا ہے ہر طائفہ کے اہل علم اس عموم میں آسکتے ہیں۔ اور تمام اصناف علماء سے ہر صنف خواہ وہ مفسرین ہوں محدثین ہوں یا فقہاء ہوں چاہے نحاۃ یا لغویین ہوں یا کسی اور صنف سے تعلق رکھتے ہوں۔''

ملا علی قاری بھی تعدد مجدد کے قائل ہیں وہ اپنا نکتۂ نظر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میرے نزدیک یہ اظہر ہے کہ من یجدد سے مراد صرف ایک شخص نہیں بلکہ ایک جماعت مراد ہے۔ ان میں ہر ایک کسی ایک ملک میں، علوم شرعیہ کے کسی ایک فن یا کئی فنوں میں جس قدر ہو سکے گا تقریر وتحریر کے ذریعہ سے دین کی تجدید کرے گا اور اس کی بقا کا باعث ہوگا اور اس کے ذریعہ سے دین مٹ جانے اور ختم ہو

Marfat.com

جانے سے محفوظ رہے گا یہاں تک کہ امرِ الٰہی آجائے۔'' (۳۷)

مولانا رشید احمد گنگوہی مجدد کے سلسلہ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے اپنا مختار قول ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

''مجدد صدی کا ایک عالم ہونا ضروری نہیں ہر وقت میں دو چار، دس، بیس، پچاس، سو کا مجموعہ ہو یا ایک ہو۔'' (۳۸)

مولانا مودودی لکھتے ہیں:

''من سے مراد ایک شخص بھی ہوسکتا ہے، بہت سے اشخاص بھی ہو سکتے ہیں۔ اور پورے پورے ادارے اور گروہ بھی۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ تمام دنیائے اسلام کے لیے ایک ہی مجدد ہو ایک وقت میں بہت سے ملکوں میں بہت سے آدمی تجدید دین کے لیے سعی کرنے والے ہوسکتے ہیں۔'' (۳۹)

علماء کی ان توضیحات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مجدد فقط علماء، فقہاء ہی میں نہیں بلکہ بادشاہوں، حاکموں، قراء، محدثین، زاہدین، عابدین، علمائے نحو، اربابِ سیر و تواریخ، اغنیاء، جن کے مال دین کی ترویج میں استعمال ہوتے ہیں، میں بھی اللہ تعالیٰ مبعوث کرتا ہے۔ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر مسعود احمد لکھتے ہیں:

''دین اپنے معنی کے لحاظ سے بڑا وسیع ہے، کسی ایک شخص کا تمام علوم دینیہ پر حاوی ہونا اور نہ صرف حاوی ہونا بلکہ اس میں مرتبۂ تجدید حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ اس لیے بعض علماء نے نہ صرف ایک سے زائد مجدد بلکہ جماعت مجددین کے احتمال کا

Marfat.com

اظہار فرمایا ہے۔"(۴۰)

مجدد الف ثانی:

ہر قرن (یا ہر صدی) میں مجدد کے حوالہ سے سطور بالا میں "حدیث مجدد" کی روشنی میں تفصیلاً لکھا جا چکا ہے۔ لیکن الف ثانی کے مجدد کے بارے میں کسی صحیح یا ضعیف روایت میں کوئی اشارہ نہیں ملتا۔ خواجہ محمد احسان سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے جامع الدرر کے حوالہ سے درج ذیل روایت اس ضمن میں نقل کی ہے:

"قال رسول الله ﷺ بعث الله رجلا على رأس كل احد عشر مائة سنة، هو نور عظيم، اسمه اسمى، بين السلطانين الجابرين ويدخل الجنة بشفاعة رجال الوفا"(۴۱)

"گیارہویں صدی کے شروع میں اللہ جل جلالہ دو جابر بادشاہوں کے درمیان ایک ایسا شخص بھیجے گا جو میرا ہم نام ہوگا، نور عظیم ہوگا، ہزاروں انسان اس کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے۔"

لیکن اس روایت پر درج ذیل اعتراضات ہوتے ہیں:

۱۔ جامع الدرر (۴۲) حدیث کی کوئی معروف کتاب نہیں۔

۲۔ احادیث کی اہم بنیادی کتب اور ان کی فہارس شائع ہو چکی ہیں۔ ان میں کہیں بھی یہ حدیث موجود نہیں۔

Marfat.com

۳۔ روضۃ القیومیۃ میں بلاسند یہ روایت نقل کی گئی ہے اور روضۃ القیومیۃ محققین کے نزدیک مستند کتاب نہیں۔ حضرت زید احمد فاروقی رحمۃ اللہ علیہ (۴۳)، ڈاکٹر محمد اکرام (۴۴) اور ڈاکٹر مسعود احمد (۴۵) نے اس سلسلہ کی تفصیلات تحریر کی ہیں۔

ایک غیر مستند کتاب میں، غیر معروف کتاب (جامع الدرر) سے نقل کی گئی روایت کیسے قابل استدلال ہو سکتی ہے۔ گویا مجدد الف ثانی کے نظریہ کو حدیث سے ثابت کرنا سعی لاحاصل ہے۔

مفتی اقتدار احمد نعیمی نے الف ثانی کا مطلب دوسرے ہزار سال کی ابتداء جو گیارہویں صدی ہے، ذکر کیا ہے۔ (العطایا الاحمدیہ فی فتاویٰ نعیمیہ، جلد۲، ص:۴۸۹)

مناظر احسن گیلانی نے نظریہ الف ثانی کو تاریخی حوالہ سے دیکھا ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق اکبر کے ذہن میں اس بات کو راسخ کیا گیا کہ دین اسلام کی عمر ایک ہزار سال تھی جو پوری ہو گئی۔ اور اب آئندہ ''خلیفہ الزماں'' اکبر ہے اسی وجہ سے سکہ کا نام ''سکہ الفی'' رکھا گیا۔ ''تاریخ الفی'' کے نام سے ایک کتاب لکھنے کا حکم بھی دیا گیا اور یہ کام چند علماء کے سپرد ہوا۔ جمیل اطہر سرہندی کے ان الفاظ سے بھی مناظر احسن گیلانی کے نظریہ کی تائید ہوتی ہے:

> ''شہنشاہ اکبر کے زمانے میں مسلمانوں میں ایک فرقہ ''الفیہ'' پیدا ہوا تھا، جس کا عقیدہ تھا کہ اسلام کی تعلیمات صرف ایک ہزار سال کے لیے تھیں اور چونکہ اسلام کو آئے ایک ہزار سال گذر چکے ہیں اس لیے اب ان کی ضرورت نہیں۔ دراصل اس

Marfat.com

فرقے کا مقصد یہ تھا کہ لوگ اسلام سے برگشتہ ہو کر اکبر کا دین الٰہی قبول کر لیں۔ چونکہ شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمانوں میں نئی روح پھونکی، انہیں گمراہی سے نکال کر سیدھے سچے راستے پر چلایا اور اسلام کو اتنا مضبوط کر دیا کہ وہ مزید ایک ہزار سال تک زندہ و تابندہ رہ سکتا ہے، اس لیے آپ کو مجدد الف ثانی کہا جاتا ہے۔" (۴۶)

ممکن ہے نظریۂ الف ثانی کی ترویج میں یہ عوامل بھی کارفرما ہوں لیکن یہ معاملہ کشفی ہے اور اس کو اہل کشف کے ارشادات کی روشنی میں ہی دیکھا جائے گا۔ جب تک یہ کشف والہام قرآن وحدیث سے متصادم نہ ہو، تسلیم کر لینے میں کوئی حرج نہیں گو اس پر ایمان لانا ضروری نہیں۔

حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مختلف مکتوبات میں، بطور تحدیث نعمت، اپنے مجدد الف ثانی ہونے کا تذکرہ کیا ہے۔ اب یہ لقب آپ کے نام کا ایسا جزو بن گیا ہے کہ بہت سے لوگوں کو آپ کے نام کی خبر ہی نہیں۔ حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ اپنے بیٹے خواجہ محمد صادق کے نام مجدد کی ضرورت کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اے عزیز! یہ وہ وقت ہے جب کہ پہلی امتوں میں ایسے ظلمت سے بھرے ہوئے وقت میں اولوالعزم پیغمبر مبعوث ہوتے تھے اور نئی شریعت کو زندہ کرتے تھے اور اس امت میں جو خیر الامم ہے اور اس امت کے رسول خاتم الرسل ﷺ ہیں، اس کے علماء

Marfat.com

کو انبیاء بنو اسرائیل کا درجہ دیا ہے اور علماء کے وجود کے ساتھ انبیاء کے وجود سے کفایت کی ہے۔ اسی واسطے ہر صدی کے سرے پر اس امت کے علماء میں سے ایک مجدد متعین کرتے ہیں تا کہ شریعت کو زندہ کرے۔ خاص کر ہزار سال کے بعد جو کہ اولوالعزم پیغمبر کے پیدا ہونے کا وقت ہے اور ہر پیغمبر پر اس وقت کفایت نہیں کی ہے بلکہ پیغمبر اولوالعزم کو مبعوث فرمایا۔ اسی طرح اس وقت ایک تام المعرفت عالم و عارف درکار ہے جو گذشتہ امتوں کے لیے اولوالعزم پیغمبر کے قائم مقام ہو۔" (۴۷)

آپ ایک دوسرے مکتوب میں اسی سلسلہ میں لکھتے ہیں:

"جاننا چاہیے کہ حضرت خاتم الرسل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رحلت فرما جانے کے ہزار سال بعد حضورﷺ کی امت کے جو اولیاء ظاہر ہوں گے اگر چہ قلیل ہوں گے مگر اکمل ہوں گے۔ تا کہ اس شریعت کی تقویت پورے طور پر کرسکیں۔" (۴۸)

سو سال اور ہزار سالہ مجدد میں فرق کو ظاہر کرتے ہوئے حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"جاننا چاہیے کہ ہر سو سال کے بعد ایک مجدد گذرا ہے لیکن سو سال کا مجدد اور ہے اور ہزار کا مجدد اور جس قدر سو اور ہزار میں فرق ہے اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ دونوں مجددوں کے درمیان فرق ہے اور مجدد وہ ہوتا ہے کہ جو فیض اس مدت میں

Marfat.com

امتوں کو پہنچتا ہے اسی کے ذریعے پہنچتا ہے خواہ اس وقت کے قطب واوتاد ہوں اور خواہ ابدال ونجباء۔'' (۴۹)

اسی مکتوب میں اپنے مجدد الف ثانی ہونے کا اشارہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''یہ معارف، ولایت کے احاطے سے باہر ہیں۔ اصحاب ولایت ان کے سمجھنے میں علمائے ظاہر کی طرح عاجز وقاصر ہیں۔ یہ علوم انوار نبوت علیہ السلام کی مشکوٰۃ نبوت سے مقتبس ہیں جو الف ثانی کی تجدید کے بعد تبعیت ووراثت کے طور پر تازہ اور ظاہر ہوئے۔ ان علوم ومعارف کا صاحب اس الف کا مجدد ہے۔''

چونکہ آپ کے ذمہ دوسرے ہزار سال کی تجدید کا کام تھا۔ اپنی اس عظیم ذمہ داری کے حوالہ سے اپنے بیٹے خواجہ محمد معصوم کو لکھتے ہیں:

''اے فرزند من! باوجود اس معاملے کے جو میری آفرینش سے وابستہ ہے، ایک اور بہت بڑا کام میرے سپرد کیا گیا ہے۔ مجھے پیری مریدی کے لیے اس دنیا میں نہیں لایا گیا اور نہ میرے وجود سے ارشاد وتربیت مقصود ہے، معاملہ کچھ اور ہی ہے۔ اور قدرت نے مجھ سے کچھ اور ہی کام لینا ہے۔'' (۵۰)

یقیناً یہ کام اقامت دین اور احیائے ملت کے لیے انقلابی جدوجہد ہے۔

اسی مکتوب میں ہزار سالہ تجدید کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میں اپنی پیدائش کا جو مقصد سمجھتا تھا معلوم ہوا کہ وہ حاصل ہو گیا ہے اور ہزار سالہ درخواست قبول ہو گئی۔''

Marfat.com

الحمد للّٰه الذی جعلنی صلة (۵۱) بین البحرین ومصلحا بین الفئتین اکمل الحمد علی کل حال والصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام وعلی اخوانه الکرام من الانبیاء والملائکة العظام

(اللہ جل جلالہ کا ہر حال میں کامل ترین شکر ہے جس نے مجھ کو دو سمندروں کا ملانے والا اور دو گروہوں کے درمیان صلح کرنے والا بنایا۔ اور حضرت خیر الانام ﷺ اور آپ کے اخوان کرام یعنی انبیاء و ملائکہ عظام پر صلوٰۃ وسلام ہو۔)

البتہ مفتی اقتدار احمد نعیمی نے آپ کے اس نکتۂ نظر کا رد کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ہاں مجدد علیہ الرحمۃ کا یہ فرمان کہ مجدد الف بھی کوئی ہوتا ہے یہ بات انتہائی قابل غور اور دلائل سے دور اور دو وجہ سے خلاف حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ پہلی وجہ یہ کہ احادیث مطہرات میں ہزار سالہ مجدد کا کہیں ذکر نہیں نہ ہی کسی اور امام یا فقیہ یا غوث و قطب نے اس کا ذکر فرمایا۔ صرف مجدد صاحب کا اس طرح دو قسمیں فرمانا اہل تحقیق کے نزدیک غیر معتبر ہے۔ دوسری وجہ یہ کہ اگر بقول مجدد کوئی شخص مجدد ایں الف ہے یعنی مجدد الف ثانی تو مجدد الف اول ہونا بھی لازم ہے۔ حالانکہ اس کا وجود تک نہیں۔ نیز یہ بات اظہر ہے کہ کسی بھی مجدد نے خود کو مجدد نہ فرمایا۔ بلکہ رب تعالیٰ کی طرف اقوام کی زبان وقلب پر جاری ہو

Marfat.com

گیا۔ خود مجدد علیہ الرحمۃ نے بھی الف ثانی کا تذکرہ کیا لیکن یہ نہ کہا کہ میں مجدد الف ثانی ہوں۔ اب اس دور کے نقشبندی بزرگ صرف اسی مکتوب شریف کے سہارے پر الف ثانی کا لقب مجدد صاحب کو دینے لگے۔ اس لیے یہ لقب عقیدت میں تو صحیح ہوسکتا ہے مگر حقیقت میں صحیح نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ نہ کوئی ہزار اول کا مجدد ہے اور نہ ہزار ثانی کا۔ اسی بنا پر نہ کسی کو مجدد الف اول کہا گیا اور نہ ہی مجدد الف ثانی کہنا چاہیے۔" (العطایا الاحمدیہ فی فتاویٰ نعیمیہ، جلد ۲، ص: ۴۹۰)

یہ کشفی معاملہ ہے اور اس حوالہ سے اہل کشف کی بات ہی درست مانی جائے گی۔ پہلے ہزار سال میں خود نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی تھی۔ علاوہ ازیں حضرت شیخ احمد سرہندی کے اس کشف کو مابعد کے علماء وصوفیہ نے قبول کیا اور مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی (م: ۱۶۵۶ء) نے تجدید الف ثانی کے اثبات میں ایک رسالہ "دلائل التجوید" کے نام سے لکھا جس میں دلائل و براہین سے آپ کا مجدد ہونا ثابت کیا۔ دلائل سے یہ حقیقت ثابت ہوتی ہے کہ آپ کی حیات میں ہی آپ کے لیے یہ لقب استعمال کیا گیا۔ مکتوبات دفتر دوم اور سوم کے جامعین نے مکتوبات کی ابتدا میں یہ لقب تحریر کیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد اس سلسلہ میں لکھتے ہیں:

"حضرت مجدد کے مجدد الف ثانی ہونے پر علماء، فقہاء وصوفیہ کی ایک کثیر جماعت متفق ہے پھر ہم اس کو کیسے رد کر سکتے ہیں، ہاں یہ عقیدہ یقیناً خلاف حدیث ہے کہ الف ثانی میں حضرت مجدد

Marfat.com

کے سوا کوئی دوسرا مجدد نہیں آئے گا سو ہمارے خیال میں یہ کسی کا عقیدہ نہیں۔ واقعات وحقائق سے حضرت مجدد کے مجدد الف ثانی ہونے کی تصدیق ہوتی ہے اور تاریخ اس کشفی حقیقت کی تائید کرتی ہے اور اس سے بہتر کس کی تائید ہوسکتی ہے۔''(۵۲)

حواشی

۱۔ البانی، ناصر الدین، صحیح سنن ابی داؤد، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۹۸۹ء، جلد ۳، ص: ۸۰۹

۲۔ امام حاکم، ابوعبداللہ، مستدرک علی الصحیحین، دار المعرفۃ، بیروت، جلد ۴، ص: ۵۲۳

۳۔ البانی، ناصر الدین، صحیح الجامع الصغیر، المکتب الاسلامی، بیروت، جلد ۱، ص: ۳۸۲، رقم ۱۸۲۴

۴۔ علاء الدین المتقی، کنز العمال، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۹۸۵ء، جلد ۱۲، ص: ۱۹۳، رقم ۳۴۶۲۳

۵۔ البیہقی، ابو احمد بن الحسین، معرفۃ السنن والآثار، تحقیق ڈاکٹر عبدالمعطی، دار الوعی، قاہرہ، جلد ۱، ص: ۲۰۸، رقم ۴۲۲

۶۔ مناوی، عبدالرؤف، فیض القدیر، دار المعرفۃ، بیروت، جلد ۲، ص: ۲۸۱، رقم ۱۸۴۵

۷۔ محمد طاہر پٹنی، ابن علی، تذکرۃ الموضوعات، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ، ۱۳۴۳ھ، ص: ۹۱

۸۔ سیوطی، جلال الدین، جامع الاحادیث، تحقیق احمد عبدالجواد، مطبعۃ محمد ہاشم الکتبی، دمشق، جلد ۲، ص: ۳۴۰

۹۔ البانی، ناصر الدین، سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ، المکتب الاسلامی، جلد ۲، ص: ۱۵۰، رقم ۵۹۹

Marfat.com

۱۰۔ سخاوی، شمس الدین، المقاصد الحسنۃ، تحقیق عبداللہ محمد الصدیق، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۸۷ء، ص: ۴۸۳

۱۱۔ العجلونی، شیخ محمد اسماعیل، کشف الخفاء ومزیل الالباس، تحقیق احمد القلاش، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۹۸۵ء، جلد ۱، ص: ۲۸۲، رقم ۷۴۰

۱۲۔ ابن عدی، ابو احمد عبداللہ، الکامل فی ضعفاء الرجال، المکتبۃ الاثریہ پاکستان، جلد ۱، ص: ۱۲۳

۱۳۔ تبریزی، ولی الدین، مشکوٰۃ المصابیح، قدیمی کتب خانہ، کراچی، ۱۳۶۸ھ، ص: ۳۶

۱۴۔ خطیب البغدادی، ابوبکر احمد بن علی، تاریخ بغداد، دار الکتب العلمیہ، بیروت، جلد ۲، ص: ۶۱

۱۵۔ ابن کثیر، ابوالفداء، اسماعیل بن عمر، البدایہ والنہایہ، مکتبۃ المعارف، بیروت، ۱۹۶۶ء، جلد ۱۰، ص: ۲۵۳

۱۶۔ سکینۃ الشہابی، مختصر تاریخ دمشق لابن عساکر، دار الفکر، دمشق، ۱۹۹۰ء، جلد ۲۲، ص: ۳۸۲

۱۷۔ ابن کثیر، ابوالفداء، اسماعیل بن عمر، مناقب الامام الشافعی، تحقیق خلیل ابراہیم ملا خاطر، مکتبۃ الامام الشافعی، الریاض، ۱۹۹۴ء، ص: ۱۳۵

۱۸۔ السبکی، ابونصر عبدالوہاب، طبقات الشافعیۃ الکبریٰ، تحقیق عبدالفتاح، دار احیاء الکتب العربیۃ، جلد ۱، ص: ۱۹۹

۱۹۔ ابن حجر، توالی التاسیس، ص: ۴۸، بحوالہ معرفۃ السنن والآثار ص: ۲۰۸

۲۰۔ ابوعمر الدانی، الفتن، جلد ۱، ص: ۴۵، بحوالہ سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ ص: ۱۵۰

۲۱۔ الہروی، ذم الکلام، قلمی، جلد ۲، ص: ۱۱۱، بحوالہ ایضاً

۲۲۔ بیہقی، ابو احمد بن حسین، مناقب الشافعی، تحقیق السید احمد صقر، دار التراث، قاہرہ، جلد ۱،

Marfat.com

ص:۵۳

۲۳۔ الزرکشی، محمد بن عبداللہ، التذکرہ فی الاحادیث المشتہرۃ، تحقیق: مصطفیٰ عبدالقادر عطاء، دار الکتب العلمیۃ، ۱۹۸۶ء، ص:۱۸۴

۲۴۔ الدرر المنتثرہ، ص:۴۴ (بحوالہ ایضاً)

۲۵۔ اسنی المطالب، ص:۳۲۳ (بحوالہ ایضاً)

۲۶۔ **لا یزال ناس من أمتی ظاهرین علی الحق حتی یاتیهم امر اللّٰه وهم ظاهرون** صحیح الجامع الصغیر وزیادۃ، جلد۲، ص:۱۲۷۳/ کنز العمال، رقم:۳۴۵۵۹، ۳۵۰۲۵، ۳۴۵۶۷

۲۷۔ زوار حسین سید، حضرت مجدد الف ثانی، ادارہ مجددیہ، کراچی، ۱۹۸۹ء، ص: ۳۴۲، ۳۴۳

۲۸۔ مودودی، ابوالاعلیٰ، تجدید و احیائے دین، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۸۴ء، ص: ۴۵۔۴۶

۲۹۔ لکھنوی، عبدالحیٔ، مجموعہ الفتاویٰ، ایچ۔ایم سعید کمپنی، کراچی، جلد۱، ص:۱۱۶

۳۰۔ ایضاً، ص:۱۱۷

۳۱۔ مبارکپوری، محمد عبدالسلام، مرعاۃ المفاتیح، مکتبۃ الرحمٰن السّلفیہ، سرگودھا، ۱۹۹۴ء، جلد۱، ص:۳۴۰

۳۲۔ ایضاً، ص:۳۴۰

۳۳۔ تذکرہ مجدد الف ثانی، ص:۱۶۔۱۷

۳۴۔ ایضاً، ص:۱۹۔۲۰

۳۵۔ الطیبی، محمد بن عبداللہ، شرح الطیبی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، کراچی، ۱۴۱۳ھ، جلد۱، ص:۴۰۰

Marfat.com

۳۶۔ کشف الخفاء، جلد ا، ص:۲۸۲

۳۷۔ مرقاۃ، جلد ا، ص:۳۰۲

۳۸۔ گنگوہی، رشید احمد، فتاویٰ رشیدیہ، محمد علی کارخانہ اسلامی کتب کراچی، ص:۸۰

۳۹۔ تجدید واحیائے دین، ص:۴۲۔۴۳

۴۰۔ سیرت مجدد الف ثانی، ص:۳۴۳

۴۱۔ روضۃ القیومیہ، جلد ا، ص:۹۶

۴۲۔ ملاحظہ فرمایئے: سیرت مجدد الف ثانی، ص:۳۴۷۔۳۴۸

۴۳۔ آپ لکھتے ہیں:

اگر جناب شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے گروہ باطن سقیم کی اباطیل کو لکھ کر حضرت مجدد کو مطعون کیا ہے۔ اسی طرح جناب ابوالفیض کمال الدین محمد احسان (جو حضرت مجدد کی اولاد سے ہیں) نے خزعبِلات (خوش کن باطل باتیں جن کی اساس کوئی نہ ہو) کا مجموعہ مرتب کر کے روضۃ القیومیہ کے نام سے موسوم کیا جس کی وجہ سے حضرت مجدد اور آپ کی اولاد مورد ملامت بنی (حضرت مجدد اور ان کے ناقدین، ص:۲۲۸)

۴۴۔ ڈاکٹر محمد اکرام نے اپنی کتاب میں پروفیسر محمد فرمان کے حوالہ سے لکھا ہے:

''(مؤلف روضۃ القیومیۃ) کے خلوص پر کسی قسم کا شبہ نہیں کیا جا سکتا لیکن اس خلوص نے غلو کر کے تصوف کی خدمت سے کہیں زیادہ اسے نقصان پہنچایا۔'' (رود کوثر، ص: ۳۰۸)

۴۵۔ سیرت مجدد الف ثانی، ص:۳۴۷

۴۶۔ اطہر سرہندی، جمیل، شیخ سرہند، ادارہ اسلامیات، لاہور، ۱۹۹۹ء، ص:۳۷

۴۷۔ مکتوبات، دفتر اول، مکتوب:۲۳۴

۴۸۔ مکتوبات، دفتر اول، مکتوب:۲۰۹

Marfat.com

۴۹۔ مکتوبات دفتر دوم مکتوب:۴

۵۰۔ مکتوبات دفتر دوم مکتوب:۶

۵۱۔ حضرت مجدد کے سوانح نگاروں نے اس لفظ ''صلہ'' کو اس روایت کی طرف اشارہ سمجھا جو کنز العمال، جلد ۱۲، رقم: ۳۴۵۸۹ کے تحت ان الفاظ میں نقل کی گئی ہے۔

يكون رجل في امتي يقال له صلة يدخل الجنة بشفاعة كذا و كذا

یعنی میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کو صلہ کہا جائے گا۔ اس کی شفاعت سے اتنے اتنے لوگ جنت میں جائیں گے۔

اگر اس روایت کو صحیح بھی مان لیں اگرچہ یہ صحیح نہیں کیونکہ عبدالرحمن بن یزید بن جابر نے بلغنا ان النبی ﷺ کہہ کر روایت بیان کی ہے، تو یہ ''صلہ'' جوڑنے کے معنی میں نہیں بلکہ یہ نام ہے کیونکہ دلائل النبوۃ (جلد ۶، ص: ۳۷۹، دارالکتب العلمیہ، لبنان، ۱۹۹۵ء) میں اس روایت کو اس طرح نقل کیا گیا ہے۔

يكون في امتي رجل يقال له صلة بن اَشيم

(اس صلہ بن اشیم کے حالات کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

اصفہانی، ابونعیم احمد بن عبداللہ، حلیۃ الاولیاء، دارالکتب العلمیہ، لبنان، جلد ۲، ص: ۲۳۷ تا ۲۴۲) اور الاصابہ فی تمییز الصحابہ، جلد ۲، ص: ۲۶۰ میں درج ہیں۔

لہذا سوانح نگاروں نے اس ضعیف روایت سے حضرت مجدد کے اس مکتوب کے سلسلہ میں جو کچھ کہا درست نہیں اور حضرت مجدد نے اپنے آپ کو جو ''صلہ'' (بمعنی ملانے والا) کہا اس سے مراد شریعت و طریقت کو ملانے والا یا ولائت محمدی و ابراہیم کو ملانے والا ہے۔

۵۲۔ سیرت امام ربانی، ص: ۳۴۰

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کی تفہیم کے لیے درس مکتوبات کی روایت

کتب تصوف کئی طرح کی ہیں: جیسے مکتوبات، ملفوظات، تذکارصوفیہ، تاریخ تصوف اور وصایا وغیرہ۔ ان میں مکتوبات کو خاص اہمیت اس اعتبار سے حاصل ہوتی ہے کہ عارفانہ کلام کے علاوہ اپنے عہد کی تاریخ کا مظہر بھی ہوتے ہیں۔ یہ مکاتیب اہل علم کے مابین باہم روابط و تعلق کی نوعیت کو بھی بیان کرتے ہیں۔ تصوف کی تاریخ میں دو شخصیات کے مکاتیب کو شہرت مدام حاصل ہوئی۔ ایک حضرت شیخ یحییٰ منیری اور دوسرے شیخ احمد سرہندی۔ ان میں بھی مؤخر الذکر مجموعہ کے مکاتیب اپنے موضوعات کے تنوع اور تشریح و تصریح کے لحاظ سے زیادہ وقیع اور جامع ہیں۔ (شمس بریلوی مقدمہ اُردو ترجمہ عوارف المعارف) یہ مکاتیب تین دفاتر پر مشتمل ہیں پہلا دفتر ۳۱۳ مکاتیب پر مشتمل ہے۔ اور اس کو درالمعرفت کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس دفتر کے مکاتیب کی تعداد اصحاب بدر کی تعداد کے مطابق (313) رکھی گئی ہے۔ جبکہ دوسرے دفتر کو ''نور الخلائق'' کے نام سے شہرت ملی اور اسماء اللہ الحسنیٰ کے مطابق ان کی تعداد (۹۹) رکھی گئی ہے۔ تیسرا دفتر قرآن کریم کی سورتوں کے مطابق (۱۱۴) مکاتیب پر مشتمل ہے۔ اس کا نام معرفۃ الحقائق ہے۔ ۱۰ مکاتیب کا اضافہ بعد میں ہوا۔ اس

Marfat.com

طرح یہ ۵۳۵ مکاتیب کا مجموعہ ہے اس مجموعہ کی ہر جلد فکرِ اسلامی کے بعض اہم پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ ''اصحابِ بدر، اسماء اللہ الحسنیٰ اور قرآن کریم کی سورتیں'' یہ یقیناً فکرِ اسلامی کی جہت سے قابلِ توجہ نکات ہیں۔ ان مجموعہ ہائے مکاتیب میں تصوف کی ادق اصطلاحات، اہم صوفیانہ مباحث پر تحقیق، صوفیانہ افکار پر بحث و نظر، تصوف کے نئے گوشوں کی طرف رہنمائی، جیسے مباحث تو آنے ہی تھے مگر شریعت مصطفوی کی پابندی اور اتباعِ رسول پر سختی سے عمل اور نبوت کی حقیقت و ماہیت اور ضرورت پر بلند پایہ معارف اس بات کے عکاس ہیں کہ تصوف کوئی غیر اسلامی فکر یا رسم کا نام نہیں بلکہ شریعت کی روح اور اساس ہے۔ اس منہج کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ مکاتیب ''علم کلام'' کی کتاب ہے۔ جس میں علم کلام کے امام شیخ احمد سرہندی کے کلامی اجتہادات بھی شامل ہیں۔

مضامین کے وقیع، مشکل اور فنی ہونے کی وجہ سے ہی عالم اسلام میں مکتوبات کے دروس کا اہتمام کیا گیا۔

نقشبندیہ مجددی حضرات میں اس درس کی روایت پر اسوۂ حسنہ کے مؤلف کی یہ تحریر لائق مطالعہ ہے: ''مخفی نہ رہے کہ کتاب ہدایت مآب مکتوبات شریف اس سے پہلے حضرات مجددیہ اور خلفائے نقشبندیہ کے درس و تدریس میں شامل تھی۔ اسے سبقاً سبقاً اُستاد سے پڑھا جاتا۔ حلقہ اصحاب میں سے کوئی ایک اونچی آواز سے پڑھتا اور باقی ہمہ تن گوش ہو کر سنتے اور اس سے انشراحِ قلب اور صفائے باطن حاصل کرتے۔'' اصل عبارت یہ ہے۔

مخفی نماند کہ کتاب ہدایت مآب مکتوبات شریف حضرت امام ربانی مجدد الف

Marfat.com

ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہٗ پیش ازین دروس وتدریس حضرات مجددیہ و خلفای نقشبندیہ داخل بودو سبقاً سبقاً آں رانز و استاد میخوانند در حلقہ اصحاب یک کس باواز بلند خوانند و دیگراں ہمہ تن گوش شدہ استماع میکردند وازان انشراح قلب و صفائی باطن می یافتند (اسوۂ حسنہ، ص:۶۹)

عہد امام ربانی ہی میں اس کی نقول پورے ہندوستان میں پھیل چکی تھیں بلکہ بغض اور کج فہمی جیسے عناصر سے تیار ہونے والی فکر نے ان میں تحریف کر کے عالم عرب میں بھی پہنچا دیا تھا، متحدہ ہندوستان میں خواجہ معصوم سرہندی، مکتوبات کا درس دیا کرتے تھے۔ خواجہ معصوم کے اس درس کے بارے میں سید محمد میاں لکھتے ہیں۔ تفسیر و حدیث کے علاوہ حضرت مجدد کے مکتوبات کا درس بھی آپ دیتے تھے اور اس کے دقیق مضامین کو شرح وبسط سے بیان کرتے اور شبہات کا حل فرماتے (علمائے ہند کا شاندار ماضی، جلد اول، ص:۲۵۹) صاحب مقامات معصومی نے درس کا خاص انداز بھی بیان کیا ہے وہ لکھتے ہیں: ''درس مکتوبات کی مجلس میں حضرت خواجہ محمد سعید خاموش بیٹھتے اور محض سماعت فرماتے تھے جبکہ حضرت خواجہ معصوم رحمۃ اللہ علیہ مکتوبات کی شرح بیان کرتے۔ حضرت خواجہ معصوم کا درس کی تقریر کرنا مفسرین و محدثین کی اتباع میں تھا جبکہ خواجہ سعید درس کے دوران حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے فیض باطن سے فیض یاب ہو کر وہی فیض سامعین کے قلوب پر القاء فرماتے تھے۔'' اس فرق کی وضاحت میر صفر کے الفاظ میں اس طرح ہے:

''حضرت خازن الرحمت القاء معانی راتفویض بر باطن فیض مواطن حضرت مجدد الف ثانی رضی

Marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہ می نمودند تاز آن برکات رشحہ براہل مجلس تقاطر نماید وخودبہ مراقبہ می ساختند وحضرت ایشاں کہ معانی آن فرمودند پیروی مفسران وشراح:۔۔ ''حضرت شاہ غلام علی دہلوی نے مسلسل ۴۵ سال تک مکتوبات کا درس دیا۔ اس درس کے اسلوب و کیفیات کو شاہ رؤف احمد رافت مجددی نے بیان کیا ہے۔ ایک مجلس کی روداد ان الفاظ میں بیان کی:

غلام اس قبلہ خواص وعوام کے حضور فیض گنجور میں حاضر ہوا۔ اس وقت حضرت امام ربانی، محبوب سبحانی، واقف اسرار مقطعات قرآنی، کاشف رموز متشابہات فرقانی، مجدد الف ثانی قدس سنا اللہ تعالیٰ باسرارہ السامی کے مکتوبات قدسی آیات کا درس ہو رہا تھا۔ اس میں لکھا تھا کہ ایک شخص نے حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا تھا کہ مرشد کامل مکمل سالک کو ایک ولایت سے دوسری ولایت تک لے جاتا ہے یا اسی ولایت میں جو اس کا مقام ہے ترقیات بخشتا ہے۔ حضرت مجدد رضی اللہ عنہ نے جواب میں لکھا تھا کہ ''ایک ولایت سے دوسری ولایت میں لے جانے کا واقعہ معلوم نہیں لیکن اسی ولایت میں مرشد کی توجہات سے ترقیات واقع ہوتی ہیں۔'' تمام ہوا کلام شریف۔ حضرت والا نے فرمایا حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے ابتداء حالات میں یہ مکتوب لکھا ہے، اس کے بعد آنحضرت قدس سرہٗ نے دوسرے مکتوب میں تحریر فرمایا ہے کہ شیخ کامل ایک ولایت سے دوسرے ولایت میں لے جاتا ہے۔ چنانچہ خود حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے اپنے بڑے

Marfat.com

صاحبزادے یعنی مظہر تصدیق و مورد تحقیق، کاشف استار دقائق (چھپے نکات کو واضح کرنے والے)، واقف اسرار حقائق، وارث الانبیاء و المرسلین، سید الاصفیاء والصدیقین، عالم عامل، فارق بین الحق والباطل، مفخر خلائق حضرت شیخ محمد صادق علیہ رحمۃ اللہ الخالق کو توجہ و ہمت فرما کر مقام ولایت موسی سے ولایت محمدی علی صاحبہا الصلوات والتحیات تک پہنچایا تھا۔ (رافت، شاہ رؤف احمد، در المعارف، ترجمہ ابوالنصر انس فاروقی مجددی، شاہ ابوالخیر اکادمی، دہلی، ص: ۱۳۳۔۱۳۴)

۲۸ جمادی الاولیٰ، ۱۲۳۱ھ کی ایک مجلس کو ان الفاظ میں بیان کیا:

غلام قبلہ انام کے حضور حاضر ہوا۔ مکتوبات قدسی آیات کا درس شروع ہو گیا تھا اور حضرت والا کا ہمیشہ یہی معمول تھا کہ بعد عصر حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کا کلام فیض نظام پڑھا جاتا تھا۔ پس حضرت والا متوجہ ہو کر مراقبہ میں بیٹھ کر مکتوبات شریفہ کی سماعت فرماتے تھے۔ اور زبان گوہر فشاں سے ارشاد فرماتے کہ میں نے اسی مکتوبات قدسی آیات سے اخذ فیوض کیا ہے جس طرح مریدان اپنے پیروں سے فیوض و برکات حاصل کرتے ہیں۔ و نیز فرمایا کہ سبحان اللہ! کس قدر حضرت حق جل جلالہ کی تقدیس و تنزیہہ بیان فرمائی ہے کہ حضرت کا کلام انسانی کلام سے بالا ہے، حقیقت تو یہ ہے کہ وہ سراسر الہام ربانی ہے۔ جب اس قبلہ انام کا کلام فیض نظام اس قدر خواص و عوام کی ہدایت کرنے والا ہے، تو متکلم (یعنی بیان کرنے والے) کو اس پر قیاس کرنا چاہیے اور ان کی ثنا و صفت میں مشغول ہونا چاہیے۔

من چہ گویم وصف آں عالی جناب
نیست پیغمبر ولے دارد کتاب

Marfat.com

(میں اس عالی جناب کی کیا تعریف کروں مختصر یہ کہ وہ پیغمبر تو نہیں لیکن کتاب رکھتے ہیں۔) (ایضاً ص:۱۳۸)

۹ شعبان ۱۳۳۱ کے ایک درس کے حالات کو ان الفاظ میں بیان کیا:

حضور فیض گنجور میں حاضر ہوا۔ اس وقت مکتوبات قدسی آیات حضرت مجدد الف ثانی قدسنا اللہ باسرارہ السامی کا درس ہو رہا تھا۔ دو سو ساٹھواں مکتوب پڑھا گیا جو حضرت مخدوم زادہ کلاں علیہ الرضوان کو لکھا گیا تھا، جس میں اس طریق کا ذکر تھا جس میں انہیں ممتاز درجہ حاصل تھا۔ حضرت والا نے فرمایا کہ سبحان اللہ! جو معارف حضرت نے بیان فرمائے ہیں امت میں سے کسی ایک نے ایسا بیان نہیں کیا ہے اور جن اسرار کے موتیوں کو سلک تحریر میں پرویا ہے اصحاب معرفت میں سے کسی نے بھی معرفت کے ایسے موتی نہیں پروئے ہیں۔ ان کا کلام بمنزلہ وحی آسمانی کے ہے اور ان کا بیان رموز ربانی کی تشریح ہے اور انہوں نے جو مقامات بیان فرمائے ہیں اور جن مکاشفات کی راہ طے فرمائی ہے ان پر ہزاروں طالبین کو چلایا ہے نہ یہ کہ دو ہی ایک لوگوں نے ان اسرار سے واقف ہو کر اس کی شہادت پر زبان کھولی ہو بلکہ اس جہان کو ان نئے نئے معارف سے سرفراز فرما کر اپنا ثنا خواں بنا دیا اور ایک عالم کو ان جدید مقامات سے واقف کر کے اپنا مداح کر دیا ہے۔

نہ من براں گل عارض غزل سرائم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار انند

(میں ہی اکیلا اس گل عارض پر غزل سرا نہیں ہوں۔ بلکہ ہزاروں بلبل تجھ پر فریفتہ ہیں۔) (ایضاً ص:۲۱۹)

Marfat.com

۲۳ شعبان ۱۲۳۱ھ بروز جمعہ کی مجلس کی روداد بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

محفل فیض منزل میں حاضر ہوا۔ اس وقت حضرت مجدد الف ثانی قدسنا اللہ تعالیٰ باسرارہ السامی کے مکتوبات شریف کا درس ہو رہا تھا، وہ مکتوب جو بڑے صاحبزادوں یعنی خواجہ خورد و خواجہ کلاں کو عقائد کے سلسلہ میں لکھا گیا تھا پڑھا گیا۔ حضرت والا نے فرمایا کہ اس مکتوب میں عقائد کے باب میں بڑے فائدے ہیں، اسے علیحدہ لکھ کر لوگوں کو دینا چاہیے۔ اس کے بعد فاتحہ پڑھی اور الرحمٰن اور الرحیم کے معانی بیان فرمائے کہ:

الرحمٰن: وہ ذات کہ جس سے مانگا جائے تو وہ عطا کرے۔

الرحیم: وہ ذات کہ جس کسی نے اس سے نہ مانگا، تو وہ اس پر ناراض ہوا۔

(ایضاً، ص: ۲۳۱)

ان اقتباسات سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت شاہ غلام علی دہلوی مجددیہ سلسلہ کے مکاتیب، کے پورے ذخیرہ کو سامنے رکھ کر اور مکتوبات امام ربانی کے بارے میں اپنی تحقیقات کشفیہ کی روشنی میں درس دیتے۔ درس کا اسلوب بھی ان مکاتیب کی روشنی میں واضح ہوتا ہے۔

مجددی خانوادہ کے ممتاز فرد آغا محمد حسین زید برکاتہ نقل کرتے ہیں کہ جب ہم ٹکھڑ میں تھے حضرت کلاں نے ہم چاروں کو مکتوبات شریف کا درس شروع کروایا۔ ہم دونوں بھائی اور حضرت عبدالقدوس جو بشیر بن جان آغا کے نام سے معروف ہیں اور سید حاجی اسد اللہ شاہ ٹکھڑائی، چاروں ہم سبق تھے۔ وہ دنیاوی کاموں میں مشغول ہوگئے اور اس سلسلہ کو چھوڑ گئے۔ اور میں ایک عرصہ تک حضرت سے مکتوبات کا درس

Marfat.com

لیتا رہا۔ درس کے دوران آپ عجیب وغریب نکات اور اسرار ودقائق بیان فرماتے کہ کم سنی کی وجہ سے سمجھ میں نہ آتا۔ (اسوۂ حسنہ، ص: ۶۹)

ملا موسیٰ بھٹی کوٹی اور حافظ محسن سیالکوٹی بھی مکتوبات کا درس ارشاد فرماتے۔ مولانا برکات احمد بہاری کے بارے میں مولانا سید مناظر احسن گیلانی نے لکھا ہے کہ وہ عصر کے بعد درس مکتوبات بھی ارشاد فرماتے۔ (پاک و ہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم، جلد اول، ص: ۳۲۷)

قیام پاکستان کے بعد مولانا محمد نور الدین نقشبندی (م: ۱۹۵۵) شکر گڑھ کی مختلف مساجد میں درس دیا کرتے تھے۔ ''حضرت خواجہ غلام معصوم ثانی نے ۳۹ سال مکتوبات کا درس دیا آپ پشاور میں مدفون ہیں۔'' مولانا سعید مجددی (م: ۲۰۰۲/۱۴۲۳ھ) نے گوجرانوالہ میں ایک طویل عرصہ درس دیا۔ ان کے دروس ''البینات'' کے نام سے شائع ہو رہے ہیں۔ ان کی اب تک پانچ جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ شائع شدہ جلدیں دراصل درس مکتوبات کی ریکارڈنگ سے مرتب کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر مسعود احمد نے کراچی میں ایک طویل عرصہ تک درس دیا م اس کی روداد ''المظہر'' میں شائع ہوتی رہی ہے۔ ماہر مجددیات پروفیسر محمد اقبال مجددی لاہور، واپڈا ٹاؤن میں ناظم بشیر کی رہائش گاہ پر گذشتہ انیس ماہ سے درس ارشاد فرما رہے ہیں۔ ان کا یہ درس بذریعہ سکائپ عرب ممالک اور امریکہ میں بھی سنا جاتا ہے۔ اب تک ہونے والے مکاتیب کے درس کو مرتب کر کے (مرتبہ ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس) ہر مکتوب کو علیحدہ پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔ اس میں اصل مکتوب، ترجمہ اور اس کی شرح شامل ہے۔ افغانستان میں بھی درس کی روایت کو مجددی حضرات نے جاری

Marfat.com

رکھا۔ ایک معروف نام مولوی نصر اللہ ہوتکی (م:۱۹۷۶ء) کا ہے۔ آپ مکتوبات امام ربانی کے حافظ شمار ہوتے تھے۔ آپ نے شیخ حضرت نور المشائخ ملا فضل عمر مجددی کی موجودگی میں مدتوں مکتوبات کے درس کی سعادت حاصل کی۔ کابل وقندھار میں درس کے دوران ایسے نکات بیان کرتے جو پہلے کبھی نہ سنے گئے۔

خواجہ معصوم کی روایت درس کو بخارا میں آپ کے خلیفہ حاجی حبیب اللہ حصاری بخاری (م:۱۱۱۰) نے جاری رکھا۔ آپ کے خلیفہ محمد مراد شامی (م:۱۱۳۲) شام میں مکتوبات کا درس دیتے۔ یہ صاحب استنبول اور مکہ مکرمہ کے اسفار میں بھی درس کی روایت کو جاری رکھتے۔ ڈاکٹر Copty کے ایک مقالہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ حرمین شریفین کے بھی کئی علماء وصوفیہ مکتوبات سے خاص شغف رکھتے۔

Annabelle Bottches نے شیخ حلمی تو نبان کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس کے پیروکار ترک، کردی الاصل ہیں اور جرمنی میں اپنے تمام مراکز میں مکتوبات امام ربانی کا درس دیتے ہیں۔ (جہان امام ربانی، جلد اول، ص:۹۰)

سلیمان آفندی کے سلسلہ سے وابستہ لوگ آج بھی اپنے مدارس میں آخری کلاس کو مکتوبات کا ایک حصہ سبقاً سبقاً پڑھاتے ہیں، اس طرح ترکی کے ایک معروف عالم بدیع الزماں سعیدی نورسی کے بارہ میں مجھے ترک عالم محمد پاکسو نے بتایا کہ نورسی مکتوبات کے حافظ تھے۔ خواجہ شمس الحق کوہستانی، شاہ رسول طالقانی، مولانا محمد ہاشم سمنگانی، مولانا محمد لعل المعروف حضرت استاد صاحب اور اخوفرزادہ سیف الرحمٰن کامل بھی مکتوبات کا درس دیا کرتے تھے۔

مکتوبات کے حوالہ سے یہ نامکمل جائزہ اس بات کا مظہر ہے کہ خانقاہوں

Marfat.com

میں درس مکتوبات کی روایت موجود رہی ہے۔اس کا مقصد لوگوں کو فکری وحدت عطا کر کے انتشار ذہنی سے بچانا تھا۔آج بھی ہم مثنوی مولانا روم اور مکتوبات امام ربانی سے فکری وحدت کا درس حاصل کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

''الجنات الثمانیہ'' اور اس کا مصنف

(ایک اجمالی تعارف)

خواجہ محمد سعید (۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء) شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ (۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) کے بڑے بیٹے تھے۔ سترہ سال کی عمر میں آپ نے اپنے وقت کے علوم عقلیہ ونقلیہ مکمل کیے۔ آپ کے اساتذہ میں آپ کے والد گرامی کے علاوہ برادرِ اکبر خواجہ محمد صادق اور ملا محمد طاہر لاہور شامل ہیں۔ (۱) فقہی علوم پر آپ کو کامل دسترس حاصل تھی۔ شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کو کسی مسئلہ پر تحقیق مطلوب ہوتی تو وہ آپ ہی سے کہتے۔ (۲) اگر کبھی دربار میں جاتے تو بادشاہ آپ کی موجودگی میں کسی دوسرے سے مسائل دریافت نہ کرتا۔ (۳) علم حدیث میں بھی آپ کا گہرا مطالعہ تھا۔ مشکوٰۃ المصابیح پر آپ کا حاشیہ اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس میں آپ نے ان احادیث کی نہایت ہی خوبصورت وضاحت کی ہے جو احناف کے مؤقف کی وضاحت کرتی ہیں۔ (۴) خانقاہ مجددیہ کے انتظامی امور میں بھی آپ کا بنیادی کردار تھا۔ (۵) تصوف میں آپ کے مقام کی بلندیوں کا اعتراف خود خواجہ باقی باللہ رحمہ اللہ اور آپ کے والد گرامی قدر نے کیا ہے۔ (۶) علمائے عرب سے آپ کے گہرے روابط تھے۔ (۷) آپ کے مکاتیب میں فصیح عربی زبان میں لکھے ہوئے مکاتیب بھی

Marfat.com

ملتے ہیں۔(۸) اورنگ زیب عالمگیر سے آپ کے گہرے روابط تھے، اس کا اندازہ ان مکاتیب سے ہوتا ہے جو شاہِ وقت کے نام ہیں۔(۹) شیخ عبدالاحد (۱۶۴۰۔۱۷۱۴/۱۱۲۶۔۱۰۵۰ھ)، شیخ محمد سعید کے پانچویں فرزند تھے۔(۱۰) اس طرح وہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے پوتے ہوئے۔(۱۱) قرآن مجید کے حافظ (۱۲) ہونے کے علاوہ مروجہ دینی علوم اپنے والد اور اخوند سجاول (۱۳) سے پڑھے اور ان میں کمال حاصل کیا۔ اپنی خاندانی روایات کے مطابق سیر وسلوک کی منازل بھی طے کیں۔

آپ کے علمی تفوق اور وسعت کا پتہ آپ کی تصانیف سے چلتا ہے جو فارسی اور عربی زبان میں نہایت عالمانہ مباحث سے پُر ہیں۔ ان کی تعداد پچاس کے قریب ہے۔ اکثر خطی نسخوں کی صورت میں مختلف کتب خانوں میں پڑی ہیں اور کئی کے صرف نام ہی ملتے ہیں۔(۱۴) دستیاب ذخیرہ سے یہ پتا چلتا ہے کہ تفسیر، حدیث اور فقہ جیسے ادق مضامین میں آپ نے تحریری سرمایہ چھوڑا ہے۔ اس سلسلہ میں درج ذیل کتب قابل ذکر سمجھتا ہوں۔

قرآنیات کے حوالہ سے "حاشیہ بر بعض اقوال تفسیر بیضاوی"، "منثور الدرر فی فضائل السور"، "رسالہ فی قرأۃ النبی المختار واصحابہ الکبار"، "قرأۃ القارئین" اہم ہیں۔ حدیث وسیرت میں "سلسلۃ الجواہر در شرح چہل حدیث" اور "خزائن النبوۃ" کا تذکرہ ملتا ہے۔ فقہی ذوق، جو آپ کو اپنے والد سے عنایت ہوا تھا، "فیض العام"، "بدائع الشرائع اسرار الجمعہ" اور "رسالہ نفی الاشارۃ فی الصلوۃ" اس ذوق کے آئینہ دار ہیں۔ دینی علوم پر آپ کی تصانیف کا یہ اجمالی تذکرہ بہرصورت آپ کے علمی وفکری

Marfat.com

رجحانات کا آئینہ دار ہے۔ آپ نے اپنے زمانہ کی ضروریات کی تکمیل کے لیے قلم و قرطاس سے اپنے رشتہ کو جوڑے رکھا۔

آپ کے خاندان نے برصغیر میں علم تصوف کے لیے جو کارہائے نمایاں انجام دیے وہ مشرق و مغرب میں کسی سے پوشیدہ نہیں۔ سلسلہ نقشبندیہ کی ترویج و اشاعت اور عالم عرب میں فروغ (۱۵) میں آپ کا ایک اہم اور نمایاں کردار ہے۔ آپ اپنے والد کے سجادہ نشین تھے اور اپنے چچا، خواجہ محمد معصوم کے فیض یافتہ بھی۔ آپ کے تربیت یافتہ افراد میں ایک بہت ہی نمایاں نام محمد عابد سنامی (۱٦) کا ہے۔ حضرت مظہر جان جاناں (۱۷) محمد عابد سنامی (۱۸) کے مرید تھے۔ تفسیر مظہری کے مؤلف قاضی ثناء اللہ (۱۹) اور معروف صوفی محمد خالد کردی (۲۰) کا تعلق اسی سلسلۃ النور سے ہے۔ ایک صوفی کی حیثیت سے دو باتوں کا تذکرہ ضروری ہے۔ ایک وہ بشارتیں جو مشائخ سے آپ کو ملیں اور دوسرا علم تصوف پر آپ کی تصانیف۔ جہاں تک ان مختلف بشارتوں اور مختلف مجددی بزرگوں سے تصوف و سلوک کی منازل طے کرنے کا تعلق ہے اس کا ایک اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(۱) آپ کے والد نے آپ کو ولایت کبریٰ کی بشارت دی۔

(۲) آپ کے چچا خواجہ معصوم رحمہ اللہ نے آپ کو ولایت کبریٰ کے علاوہ صغریٰ، علیا، کمالات نبوت، حقائق اربعہ اور ان سے بھی بالا بشارتیں دیں۔

(۳) خواجہ معصوم رحمہ اللہ نے ہی آپ کو ''محمدی المشرب'' کی استعداد کی بشارت دی۔ (۲۱)

اگر آپ کی تصانیف کا جائزہ لیا جائے تو ''سبیل الرشاد''، ''رسالہ لطائف''،

Marfat.com

''رسالہ نقشبندیہ''، ''رسالہ در بیان طریقۂ احمدیہ'' آپ کے صوفیانہ افکار کے مظہر ہیں۔ شیخ سے عقیدت و محبت، تصوف کا جز و لاینفک ہے۔ اسی عقیدت کے اظہار کے لیے آپ نے ''الجنات الثمانیہ'' کے علاوہ ''خیر الکلام''، ''رسالہ رد مخالفین حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ''، ''شرح مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ'' اور اپنے والد کی سوانح عمری ''لطائف المدینہ'' لکھی۔ آپ کے صوفیانہ افکار کے آئینہ دار وہ خطوط بھی ہیں جو ہمیں نقشبندی سلسلہ کے مختلف مجموعہ ہائے مکاتیب میں ملتے ہیں۔ (۲۲) ان خطوط کے مطالعہ سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کی ذات علمی اور عملی اعتبار سے مجددی طرز تصوف کے محاسن کا مجموعہ تھی۔ شیخ ابوالرضا محمد سے آپ کی مکاتبت صوفیانہ طرز تحریر کی عمدہ مثال ہے۔ (۲۳)

درج بالا سطور سے شاید کوئی یہ اندازہ لگائے کہ آپ ایک خشک ملا و زاہد تھے۔ حقیقت میں ایسا نہیں۔ آپ نہایت عمدہ شعری ذوق رکھتے تھے۔ فارسی اور ریختہ (۲۴) میں آپ کی شاعری کے نمونے دستیاب ہیں ''وحدت'' اور ''گل'' آپ کے تخلص تھے اور خواجہ معصوم آپ کے اشعار کو ''رنگین'' قرار دیتے۔ شاعری میں ''خیابان وحدت'' اور ''دیوان وحدت''، نامی شعری مجموعے آپ کی یادگار بتائے جاتے ہیں۔ درحقیقت آپ نے آنے والے دور میں اُردو شاعری کو مقصدیت و معنویت سے معمور کرنے کے لیے ایک نئے دبستان کی بنیاد رکھی جس کو مظہر جان جاناں نے پروان چڑھایا۔ نقشبندی شعرا میں شعر تفنن طبع کا ذریعہ نہیں بلکہ فکر و احساس کی سچائی کا اظہار ہے۔ (۲۵) اسی لیے میر محمدی مائل دہلوی نے شیخ عبدالاحد وحدت کو ''استاد شعر ریختہ'' (۲۶) کہہ کر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ آپ

Marfat.com

کی فکر سے جس شعری ادب نے جنم لیا اس میں مظہر جان جاناں کے علاوہ شیخ سعد اللہ گلسن، (ان کے شاگرد) ولی دکنی، نقی سرہندی، انعام اللہ خاں یقین، ولی اللہ اشتیاق شامل ہیں۔

آپ کی فارسی اور ریختہ میں شاعری سے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

شب خیال طرہ شوخی بدل پیچیدہ و رفت
ساعتی ہمچوں شب قدر از بزم جوشید و رفت
خانہ زیں است دنیا عیش و پا در رکارب
شہسوار است آنکہ آرزوی زود دامن چیدہ و رفت (۲۷)

خوش کن لمحات والی رات گذر گئی ہے، وہ لمحے شب قدر کی طرح رخصت ہو گئے ہیں۔ اس دنیا میں اس طرح زندگی گذاریے کہ آخرت کے سفر کے لیے تیار رہیں۔ بہترین سوار وہ ہے جو جلدی اپنا رخت سفر باندھے۔

خواجہ سعید رحمہ اللہ (اپنے والد گرامی قدر) کے وصال پر یہ اشعار (مادۂ تاریخ) کہے:

سال رحلت بیابی از خوانی
رفت قطب زماں سعید ازل (۲۸)

درج ذیل جملے سے سال رحلت کا عدد نکلتا ہے:

رفت قطب زماں سعید ازل

۶۸۰ + ۱۱۱ + ۹۸ + ۱۴۴ + ۳۸ = ۱۰۷۱

اپنے والد کے وصال کے بعد چچا، خواجہ محمد معصوم رحمہ اللہ کے پاس آئے تو یہ اشعار کہے:

Marfat.com

سپردم بہ تو مایۂ خویش را
تو دانی حساب کم و بیش را (۲۹)

میں نے خود کو آپ کے حوالے کر دیا پھر کمی بیشی آپ بہتر جانتے ہیں۔

ریختہ جو اُردو زبان کی ابتدائی شکل ہے، میں ایک غزل یہ ہے:

ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے
نکل ہی جب گیا تن سوں تو پھر اپنا بگانا ہے
مسافر توں ہے اور دنیا سرائے، بھول مت غافل
سفر ملک عدم آخر تجھے در پیش آنا ہے
لگاتا ہے عبث دولت پہ کیوں دل کوں کہ اب ناحق
نہ جاوے سنگ کچھ ہرگز، یہاں سب چھوڑ جانا ہے
نہ بھائی بند ہے کوئی، نہ یار و آشنا کوئی
ٹک اک جو غور سے دیکھو تو مطلب کا زمانہ ہے
لگاؤ یاد میں اس کی نجات اپنی اگر چاہے
عبث دنیا کے دھندے میں ہوا گل کیوں دوانا ہے (۳۰)

سطور بالا کے مطالعہ سے یہ عیاں ہوتا ہے آپ کی شخصیت علوم وفنون کے اعتبار سے کثیر الجہت تھی۔ میر صفر احمد معصومی نے ''فصیح بیان شاعر'' اور ''فقیہ عارف'' کے القابات سے آپ کو خراج عقید پیش کیا (۳۱) تو آپ کے چچا زاد بھائی خواجہ محمد نقشبند نے آپ کے عالمانہ اور عارفانہ مقام و مرتبہ کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

''ہمارے آبا و اجداد میں جتنا کچھ علم و معرفت اللہ نے الگ الگ

Marfat.com

لوگوں کو عطا کیا تھا وہ سب کچھ اگر ایک عالم میں دیکھنا چاہیں تو
صرف شیخ عبدالاحد کی ذات بابرکات تھی۔'' (۳۲)

الجنات الثمانیہ

الجنات الثمانیہ، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے احوال و آثار پر حرمین شریفین کے سفر میں ۱۰۸۹ھ/۱۶۷۸ء یا ۱۱۰۹ھ/۱۶۹۷ء کو تحریر کی گئی، یہ تحریر بنیادی طور پر علمائے عرب کے لیے لکھی گئی۔ اس کا تعارف غالباً پہلی مرتبہ "Contribution of Shaykh Ahmad Sirhindi to Islamic Thought" کے عنوان سے ہونے والے سیمینار میں (۳۳) عبدالباری (۳۴) کے اس موضوع پر مقالہ میں سامنے آیا۔ (۳۵) یہ کتاب دراصل شیخ عبدالاحد کے سات عربی رسائل کے مجموعہ موسوم بہ ''مجموعہ رسائل'' کا ایک حصہ ہے۔ جو شیفتہ کولیکشن (۳۶) نمبر 65/72 عربی، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، انڈیا میں موجود ہے۔ یہ کتاب کل ۶۴ راوراق پر مشتمل ہے جو خط نستعلیق میں لکھے گئے ہیں۔ مخطوطہ پر سن تحریر اور کاتب کا نام درج نہیں ہے۔ غالباً اس مخطوطہ کا کوئی دوسرا نسخہ موجود نہیں۔ مجھے یہ نسخہ میرے نہایت ہی محسن ڈاکٹر یسین مظہر صدیقی (۳۷) کے توسط سے ملا۔

غالباً مصنف نے جنت کے آٹھ دروازوں والی حدیث کے پیش نظر اس کتاب کا نام ''الجنات الثمانیہ'' رکھا ہے۔ ان آٹھ ابواب کی تعلیمات اسلامی فکر کی تشریح و وضاحت ہے ان پر عمل جنت میں داخلہ کا سبب ہوسکتا ہے۔ ابتدا میں مقدمہ

Marfat.com

اور آخر پر خاتمہ اور حسن خاتمہ اس کے علاوہ ہیں۔ مقدمہ میں اس کتاب کی تالیف کا سبب، بنیادی مآخذ اور ابواب کی تفصیل بیان کی ہے۔ مقدمہ کا آغاز ان الفاظ سے کرتے ہیں:

سبحانک یا من بعث علی رأس کل مائة سنة من هذه الأمة من یجدد لها دینها وزاد فی کل اٰن وشأن بشموس الهدایة ونجوم الكرامة تنویرها وتنزیهها.
صلّ وسلم وبارک وکرّم علی سیّد الأنام وصحبه الكرام ما راکع راکع بالحجر وخشع خاشع بالمقام.
أما بعد فیقول أضعف البریة عبدالأحد بن الشیخ محمد سعید خازن الرحمة الصمدیة قدس نفسه العلیة انی لمّا فزت بزیارة الحرمین الشریفین زادهما اللّٰه أبهة وکرامة مع امام العصر وقطب الزمان الشیخ محمد نقشبند خلف قدوة العارفین غوث الواصلین الشیخ محمد معصوم قدس سرهٗ وتشرّفتُ بادراک صحبة الكرام فیهما التمس جمع منهم أن أؤلف رسالة مشتملة علی أحوال جدی المجدد للألف الثانی القطب الربانی الشیخ أحمد العمری النقشبندی السرهندی قدسنا اللّٰه

Marfat.com

بسرہ السامی حیث تکون تذکرۃ.

درود پاک میں خاشع کا لفظ استعمال کیا۔اس سے حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کی تاریخ ولادت نکلتی ہے۔ان الفاظ کا انتخاب آپ کے ادبی ذوق کا مظہر ہے۔

آٹھوں ابواب اور ان کے مندرجات کا اجمالی جائزہ درج ذیل ہے:

پہلے باب میں ان بشارتوں کا تذکرہ ہے جو آپ کی ولادت سے پہلے دی گئیں یہاں مصنف نے حدیث صلہ، بعض اولیاء کے اقوال اور خواب نقل کیے ہیں۔

دوسرے باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک آپ کا نسب نامہ اور تاریخ ولادت مذکور ہے۔

تیسرے باب میں آپ کے نقشبندی، قادری اور چشتی مشائخ کے شجرہ ہائے طریقت نقل کیے گئے ہیں۔

چوتھا باب مختلف علوم وفنون جیسے حدیث، علم القراءۃ اور فقہ کی اسانید پر مشتمل ہے۔

پانچویں باب میں آپ کی تصانیف کا تذکرہ ہے۔

چھٹے باب میں وفات سے قبل اور بعد کی کرامات نقل کی گئی ہیں، ساتھ ہی کرامات کے بارے میں مختصراً آپ کا نکتہ نظر بھی بیان کیا ہے۔

ساتویں باب میں شیخ احمد سرہندی کی تصانیف سے بعض اقتباسات اور آپ کے مکاشفات ومبشرات درج ہیں۔اس باب میں بعض فارسی عبارات بھی ہیں۔

آٹھویں باب میں آپ کے کلام پر معاندین ومخالفین اور محبین کو جو اشکالات، الجھنیں یا غلط فہمیاں پیش آئیں ان کا مدلل جواب دیا گیا ہے۔اس اعتبار

Marfat.com

سے یہ باب جتنا ماضی کے لیے اہم تھا حال کے لیے اس سے زیادہ اہم ہے۔

خاتمہ اور حسن خاتمہ میں حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کے بارے میں آپ سے تعلق ومحبت رکھنے والے احباب کی آراء، تاثرات، واقعات درج کیے ہیں۔ حسن خاتمہ میں مؤلف نے اپنا خواب نقل کیا ہے جس میں نبی کریم ﷺ کی طرف سے حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے لیے جنت اور کئی لوگوں کی شفاعت کی بشارت درج کی ہے۔ اختتامی کلمات نبی کریم ﷺ پر صلوٰۃ و سلام ہیں۔

اس کتاب کا جائزہ ظاہر کرتا ہے کہ مصنف نے عرب دنیا میں شیخ احمد سرہندیؒ کی شخصیت پر ایک جامع اور مختصر تعارف پیش کرنے کے ساتھ ساتھ، اس زمانے میں عرب میں آپ کے خلاف پیدا کیے جانے والے شکوک وشبہات کے ازالے کی ایک کامیاب کوشش کی ہے۔ مصنف نے پرزور علمی دلائل سے شیخ احمد سرہندی کے افکار کی وضاحت اور وکالت کی ہے۔

الجنات الثمانیہ کے بنیادی مآخذ:

اس مخطوطہ کے مطالعہ سے اس کے درج ذیل مآخذ کی بآسانی نشاندہی کی جا سکتی ہے۔

(۱) مکتوبات امام ربانی رحمہ اللہ

(۲) مبدأ و معاد از شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ

(۳) مکتوبات سعیدیہ

(۴) زبدۃ المقامات از محمد ہاشم کشمی

Marfat.com

(۵)　حضرات القدس از بدرالدین سرہندی

الجنات الثمانیہ کے چند امتیازات:

جس سفر میں یہ کتاب تالیف ہوئی شیخ محمد نقشبند ابن خواجہ محمد معصوم ابن شیخ احمد سرہندی کے علاوہ بہت سے دیگر اہل علم حضرات بھی موجود تھے، یقیناً اس کے مندرجات کے حوالہ سے ان سب کی تائید و معاونت شیخ عبدالاحد کو حاصل رہی ہوگی۔

اس دور میں عموماً برصغیر میں تالیفات و تصانیف کی زبان فارسی تھی۔ شیخ عبدالاحد کا اس کو عربی میں تحریر کرنا مجددی فکر کو عالمی جہت عطا کرتا ہے اور عالم عرب میں شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے افکار سے متعلقہ غلط فہمیوں کی نوعیت کو بھی واضح کرتا ہے کہ ان غلط فہمیوں کی اصل بنیاد آپ کی فکر کی صحیح ترجمانی نہ ہوسکنا ہے۔ یہ کتاب حضرت شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کی بعض ایسی تصانیف کا تذکرہ بھی کرتی ہے جو ہمیں دوسرے ذرائع سے مستند معلوم نہیں ہوئے تھے۔

شرح المقاصد، شرح المواقف اور بیضاوی کے حواشی۔ شیخ عبدالاحد ان کتابوں پر تبصرہ کرتے ہوئے اور آپ کی تعلیمی و تدریسی مشغولیت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

> وغیر هذا احواش جلیلة علی اوراق الکتب فی حل المشکلات ورد الشبهات علی شرح المقاصد والعضدی وشرح المواقف والبیضاوی وغیرها من

Marfat.com

عجائب أمره وغرائب شانه انه فرغ من تحصيل العلوم العقلية والنقلية واشتغل بالتدريس والتعليم وحل المواد المغلقة وفتح الابواب المشكلة وهو ابن سبعة عشر سنة. (الجنة الخامسة)

اس کتاب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب شاہ جہاں نے شیخ میرک سے پوچھا کہ سلطان روم کو ہندوستان کی بے مثال چیزوں میں سے کیا تحفہ بھیجا جائے تو انہوں نے جواب دیا کہ سلطان روم کو مکاتیب امام ربانی ارسال کیے جائیں ان کی مثال دنیا میں موجود نہیں۔ (الجنۃ الخامسۃ)

اس سے یہ بات بآسانی کہی جا سکتی ہے کہ سرہند پر مختلف حملوں کے دوران شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کا بہت سا کام، جس کو مکتوبات کی طرح جمع کرنے یا نقلیں تیار کروانے کا اہتمام نہیں کیا گیا تھا ضائع ہو گیا۔

زبدۃ المقامات اور حضرات القدس کے مؤلفین، شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے مرید ضرور تھے خاندان کے افراد نہ تھے۔ غالباً یہ خاندان کے پہلے فرد ہیں جنہوں نے جد امجد کے احوال و افکار کو ایک مربوط انداز میں بیان کیا۔ حسن ترتیب میں یہ کتاب اپنے ان دونوں بنیادی مآخذات سے بہتر معلوم ہوتی ہے۔ اس کتاب کے ذریعے مجددیہ سلسلہ کی بعض نایاب کتب جیسے لطائف المدینہ، برہان جلی (۳۸) حسنات الحرمین (۳۹) کے نام بھی سامنے آئے ہیں۔

Marfat.com

سوانح نگاری میں شیخ عبدالاحد کا اسلوب

سوانح نگاری پر شیخ عبدالاحد کی دو اہم کتابیں ہیں ایک لطائف المدینہ اور دوسری الجنات الثمانیہ۔

لطائف المدینہ اس وقت کی تصنیف ہے جب آپ کی عمر ۱۷، ۱۸ سال تھی اور دوسری کتاب اس وقت تحریر کی جب عمر ۵۰ یا ۶۰ سال کے قریب تھی۔ مگر دونوں کتب حرمین شریفین کے تبرکات ہیں اور دونوں کی زبان عربی ہے۔ دونوں کتابوں کا اسلوب تحریر ایک ہی ہے۔ دونوں میں مؤلف نے اپنے مندرجات کی ابواب بندی کی ہے اور مقدمہ میں اس ابواب بندی کا تذکرہ کیا ہے۔ البتہ ''لطائف المدینہ'' میں ابواب کو ''مقالات'' اور ''الجانت الثمانیہ'' میں ''الجنۃ'' سے تعبیر کیا ہے۔ یہ فرق مؤلف کے ادبی ذوق کا آئینہ دار ہے۔ دونوں کتابوں کا اختتام خاتمہ پر ہوتا ہے۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مؤلف کی Hagiography کے اسلوب میں مقدمہ، ابواب بندی، ابواب بندی میں حسن ترتیب اور خاتمہ جسے نتیجہ بحث کہا جا سکتا ہے شامل ہیں۔ علاوہ ازیں مؤلف صوفیہ کے عام تذکروں کی طرح صرف کرامات کے بیان پر ہی اکتفا نہیں کرتے ان کی علمی وفکری جہات کو بھی واضح کرتے ہیں۔

الجنات الثمانیہ پر تحقیقی کام:

۱۔ راقم نے پوسٹ ڈاکٹریٹ کے لیے جس Research Project کا انتخاب کیا وہ شیخ عبدالاحد کی کتاب ''الجنات الثمانیہ'' تھی۔ پروفیسر ڈاکٹر مونا صدیقی، ڈائریکٹر، سنٹر فار دی سٹڈی آف اسلام، یونیورسٹی آف

Marfat.com

گلاسگو، گلاسگو کی زیر نگرانی ہونے والے اس کام میں درج ذیل امور پر توجہ دی گئی ہے:

(الف) مخطوطہ کا انگریزی ترجمہ، اس کتاب کا چونکہ کوئی دوسرا نسخہ تا حال دستیاب نہ ہو سکا، اس لیے بعض مقامات پر جملوں کے ربط کو سمجھنے کے لیے دقت پیش آئی لیکن یہ صرف چند مقامات ہیں۔ علاوہ ازیں شخصیات کے القابات جو مخطوطہ میں موجود تھے انگریزی ترجمہ سے حذف کر دیے گئے۔

(ب) اصل مآخذ کی تلاش اور ان کے حوالہ جات

(ج) احادیث اگرچہ ان کی تعداد بہت کم ہے مگر ان کی تخریج کی گئی ہے۔

(د) حضرت شیخ احمد سرہندی کے افکار کا مختصر تعارف

(ہ) مؤلف ''الجنات الثمانیہ'' شیخ عبدالاحد کے احوال حیات اور اس کتاب کے مندرجات کا تعارف

۲۔ اس مخطوطہ کو صاحبزادہ بدر السلام صدیقی نے خانقاہ سلطانیہ جہلم سے تحقیق و تعلیقات کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس کا عکس ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے باقیات جہان امام ربانی رحمہ اللہ، جلد: ۲، ص: ۴۰۹۔۵۰۰ میں شائع کر دیا ہے۔

۳۔ باقیات جہان امام ربانی رحمہ اللہ کی اسی جلد میں (ص: ۵۰۳۔۵۸۸) مفتی محمد علیم الدین نقشبندی کا اُردو ترجمہ بھی شامل اشاعت ہے۔

Marfat.com

حیات شیخ عبدالاحد رحمہ اللہ کے مآخذ:

شیخ عبدالاحد رحمہ اللہ کے احوال و آثار پر مختلف کتب میں منتشر مواد موجود ہے۔ ایک مرتب سوانح عمری کی صورت میں ابھی تک کوئی کتاب سامنے نہیں آئی۔ بہرصورت اس کے لیے جن مآخذ کا سہارا لیا جا سکتا ہے ان میں درج ذیل کتب شامل ہو سکتی ہیں۔

مکتوبات سعیدیہ، مکتوبات معصومیہ، وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول، گلشن وحدت، روضۃ القیومۃ، مقامات معصومی، ہدایہ احمدیہ، انفاس العارفین، مقامات مظہری، حسنات المقربین، عمدۃ المقامات، مرأۃ العالم۔ فارسی ادب بعہد اورنگزیب، تاریخ ادب اُردو، خزینۃ الاصفیاء، دانش نامہ ادب فارسی، انساب الانجاب۔

حواشی

۱۔ کشمی، محمد ہاشم، زبدۃ المقامات، مکتبہ انوار مدینہ، سیالکوٹ، ۱۴۰۷ھ، ص: ۴۱۶/ بدر الدین سرہندی، علامہ، حضرات القدس، مکتبہ نعمانیہ، سیالکوٹ، ۱۴۰۳ھ، جلد ۲، ص: ۲۵۳

۲۔ معصوم سرہندی، خواجہ، مکتوبات معصومیہ، ادارہ مجددیہ، کراچی، دفتر سوم، مکتوب: ۳

۳۔ حضرات القدس، جلد دوم، ص: ۲۵۳

۴۔ زبدۃ المقامات، ص: ۴۱۶

۵۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۳

۶۔ سیر و سلوک سے متعلق آپ کی بلند نگاہی کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

باقی باللہ، خواجہ، مکتوبات (قلمی) (عکس)، کتب خانہ جامعہ ریاض العلوم فیصل آباد، ص:۵۹

مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، مکتوب ۲۵۹، ۲۹۶، ۳۱۱۔ دفتر دوم: مکتوب ۳، ۱۷، ۹۱۔ دفتر سوم: مکتوب ۲۶، ۴۸، ۶۱، ۷۳، ۷۷، ۸۸، ۹۳۔ دفتر دوم (مکتوب ۵۵، ۹۸) اور دفتر سوم (مکتوب ۲، ۴۳، ۶۴، ۷۸، ۸۲، ۸۵، ۱۰۴) آپ کے بھائی خواجہ محمد معصوم کے یہ مکاتیب تصوف میں آپ کے مقام و مرتبہ کے عکاس ہیں۔

مکتوبات معصومیہ، دفتر سوم، مکتوب: ۱، ۳

۷۔ ملاحظہ فرمایئے سعید احمد، خواجہ، مکتوبات سعیدیہ، مرتب: خواجہ محمد فرخ، لاہور، ۱۳۸۵ھ

مکتوب نمبر ۳۸، بنام شیخ ابراہیم، مدرس مدینہ منورہ

مکتوب نمبر ۸۷، بنام امام اسمٰعیل والیٔ یمن

مکتوب نمبر ۶۸، بنام علمائے الحرمین الشریفین

مکتوب نمبر ۸۵، بنام شیخ احمد تبری خطیب مدینہ منورہ

۸۔ مکتوبات کی عمومی زبان فارسی ہے۔ بعض مکاتیب فارسی اور عربی میں لکھے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں صرف عربی زبان میں لکھے ہوئے مکاتیب بھی ملتے ہیں۔ درج ذیل مکاتیب ملاحظہ فرمائیں:

مکتوب نمبر: ۷، ۸، ۱۶، ۲۹، ۳۰، ۸۶، ۸۹

شیخ محمد کے نام (مکتوب: ۹۷) امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے فضائل و مناقب اور حاسدین کے شبہات کے رد میں لکھا گیا۔

عربی زبان میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ پر یہ طویل خط (ص: ۱۵۸۔۲۱۴) اس موضوع

Marfat.com

کے ہر پہلو کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

۹۔ بادشاہ وقت اورنگزیب عالمگیر کے نام آپ کے درج ذیل ۹ مکاتیب ہیں مکتوبات سعیدیہ، مکتوب نمبر ۳۷، ۳۹، ۴۰، ۴۵، ۴۶، ۶۵، ۶۶، ۸۲، ۸۴۔ ان میں ۵ مکاتیب اس کے زمانہ شہزادگی کے ہیں۔ ان خطوط میں آپ نے اسے ہندوستان میں اسلام کی زبوں حالی، اس کی ذمہ داریوں اور ترویج شریعت سے متعلق آگاہی دی ہے۔

شیخ محمد سعید کا وصال ۲۷ جمادی الآخر ۱۰۷۰ کو دہلی سے سرہند جاتے ہوئے سنبھالکہ کے مقام پر ہوا۔ آپ کے بڑے بھائی خواجہ محمد صادق کے ساتھ آپ کو سرہند میں دفن کیا گیا۔ آپ خازن الرحمۃ کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ کے احوال و آثار کے لیے ملاحظہ فرمایئے:

زبدۃ المقامات، ص: ۴۱۵۔۴۲۷

حضرات القدس، جلد ۲، ص: ۲۵۲۔۲۸۰

روضۃ القیومیۃ، جلد اول، ص: ۴۶۳۔۴۷۰

شیخ عبدالاحد بن خواجہ محمد سعید نے آپ کے حالات پر ''لطائف المدینۃ'' کے نام ۱۰۶۷۔۱۰۶۸ میں لکھی۔ یہ عربی نثر میں ہے۔ اس کتاب کا قلمی نسخہ نیشنل میوزیم آف پاکستان، کراچی میں N.M:1957۔۱۰۵۶/۲ کے تحت محفوظ ہے۔ اس مخطوطہ کا ملخص اُردو ترجمہ مع تعلیقات حوزۂ نقشبندیہ، لاہور سے ۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۴ء میں محمد اقبال مجددی نے شائع کیا۔

۱۰۔ شیخ محمد سعید کے آٹھ صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں تھیں۔ جن میں شیخ عبدالاحد کا

Marfat.com

پانچواں نمبر ہے۔ تفصیل ضمیمہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۱۔ شیخ عبدالاحد کا شجرہ نسب اس طرح ہے:

عمر الفاروق > عاصم > حفص > عمر > عبداللہ > ناصر > ابراہیم > اسحاق > ابوالفتح > عبداللہ (اکبر) > عبداللہ (الواعظ الاصغر) > مسعود > سلیمان > محمود > نصیر الدین > شہاب الدین علی فرخ شاہ > یوسف > احمد > شعیب > عبداللہ > اسحاق > یوسف > سلیمان > نصیرالدین > نور الدین > امام رفیع الدین > حبیب اللہ > محمد > عبدالحی > زین العابدین > عبدالاحد > شیخ احمد سرہندی > خواجہ محمد سعید > شیخ عبدالاحد، گویا ۳۳ واسطوں سے آپ کا سلسلۂ نسب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔

۱۲۔ اقبال مجددی، محمد، مقامات معصومی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۴ء، مقامات معصومی، جلد دوم، ص: ۱۴۳

۱۳۔ شیخ احمد سرہندی نے مکتوبات میں ایک جگہ اخوند سجاول کا ذکر کیا ہے۔ (احمد سرہندی، شیخ، مکتوبات امام ربانی، ادارہ مجددیہ کراچی، دفتر سوم، مکتوب: ۹۱)

مکتوبات معصومیہ میں بھی ایک خط ان کے نام موجود ہے۔ (دفتر اول، مکتوب: ۱۹۷)

مجددی خاندان کے اکثر احباب ان کے استاد ہیں۔ فقہ کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ شرح وقایہ کا فارسی ترجمہ اور ہدایہ کی شرح کے علاوہ مسائل ضروریہ کے نام سے تصانیف کا تذکرہ ملتا ہے۔ (مقامات معصومی، جلد ۴، ص: ۳۸۹۔۳۹۱)

حالات کے لیے ملاحظہ فرمائیں مقامات معصومی، جلد اول، ص: ۶۱۹۔۶۲۱

۱۴۔ محمد اقبال مجددی نے لطائف المدینہ کے مقدمہ میں ان کتب کی تفصیلات بڑی محنت

Marfat.com

سے اکٹھی کی ہیں۔ اقبال مجددی، محمد، مقدمہ لطائف المدینہ، حوزہ نقشبندیہ، لاہور، ۲۰۰۴ء، ص: ۴۵۔۶۱

کتب کی تفصیلات کے لیے درج ذیل مآخذ بھی ملاحظہ فرمائیں:

محمد احسان سرہندی، روضۃ القیومیۃ، مکتبہ نبویہ، لاہور، جلد۳، ص: ۵۶

روضۃ القیومیۃ، جلد۴، ص: ۱۲۴

مقامات معصومی، جلد۲، ص: ۵۳۸

عبدالحئی، مولانا، نزھۃ الخواطر (اُردو) دارالاشاعت کراچی، ۲۰۰۶ء، مترجم انوار الحق قاسمی، جلد۶، ص: ۱۸۷۔۱۸۸

ضروی، احمد، فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، اسلام آباد، جلد۲، ۴، ۷

حسن انوشہ، دانش نامہ ادب فارسی، ادب فارسی درشبہ قارہ، تہران، ۱۳۸۰، ص: ۲۶۵۶۔۲۶۵۷

۱۵۔ غلام سرور، لاہور، مفتی، خزینۃ الاصفیاء، انصاری کتب خانہ، جلد اول، ص: ۶۶۲۔۶۶۳

۱۶۔ مقامات مظہری، ص: ۲۴۸۔۲۵۲

۱۷۔ شیخ مظہر جان جاناں (م: ۱۱۹۵ھ/ ۱۷۸۰ء) سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے نامور شیخ ہیں۔ ان کے احوال، شاہ غلام علی دہلوی نے مرتب کیے۔ ان کے اُردو ترجمہ اور تعلیقات کا کام محمد اقبال مجددی نے کیا ہے۔

۱۸۔ خالد کردی شاہ غلام علی دہلوی کے نامور خلیفہ ہیں۔ مغرب کے اہل علم میں نقشبندی سلسلہ کے معروف صوفیہ میں سے ایک ہیں۔

۱۹۔ قاضی ثناء اللہ کی شخصیت وسوانح پر تحقیقی مقالہ بعنوان ''تذکرہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی''

Marfat.com

لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔

۲۰۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر سوم، مکتوب: ۱۱۷

۲۱۔ مقامات معصومی، جلد ۲، ص: ۵۳۴، ۵۳۶، ۵۳۷

۲۲۔ ملاحظہ فرمائیے:

مکتوبات سعیدیہ، مکتوب: ۱۷، ۲۱، ۳۶، ۴۲، ۸۶

مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۱۱۹، دفتر سوم، مکتوب: ۲، ۱۴، ۱۶۸، ۲۰۵، ۲۴۸

۲۳۔ انفاس العارفین، ص: ۱۹۲، ۲۲۵

۲۴۔ اُردو زبان کی قدیم ابتدائی شکل ریختہ کہلاتی ہے۔

۲۵۔ جالبی، جمیل احمد، تاریخ ادب اُردو، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۱۹۸۷ء، جلد ۲، ص: ۱۲۴

۲۶۔ تاریخ ادب اُردو، جلد ۲، ص: ۱۲۴/ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ فرمائیے، نجم الاسلام، دین وادب، ادارہ اُردو، حیدرآباد، ۱۹۸۹ء، ص: ۹۹، ۱۱۸، ۱۱۶/ تذکرہ روز روشن، ص: ۶۹۰

۲۷۔ مقامات معصومی، جلد ۲، ص: ۵۴۱

۲۸۔ مقامات معصومی، جلد دوم، ص: ۴۸۰

۲۹۔ مقامات معصومی، جلد دوم، ص: ۴۸۰

مزید اشعار کے لیے اسی جلد کا ص: ۲۲، ۵۳۳، ۵۴۳ ملاحظہ فرمائیں۔

علاوہ ازیں صباء، مولوی محمد مظفر حسین، تذکرہ روز روشن، تصحیح وتحشیہ محمد حسین دکن، انتشارات کتاب خانہ رازی، تہران، ۱۳۴۳، ص: ۶۹۱

۳۰۔ تاریخ ادب اُردو، جلد ۲، ص: ۱۲۳

Marfat.com

۳۱۔ مقامات معصومی، جلد۲، ص:۲۲

۳۲۔ قاسمی، احمد ندیم، (مدیر) سہ ماہی ''فنون'' لاہور، شمارہ۲، جلد۴، دسمبر ۱۹۶۶ء، ص:۲۴۲، محمد اکرم چغتائی کا مضمون بعنوان ''مائل دہلوی کا ایک اہم تاریخی قطعہ''، ص: ۲۴۷، ۲۴۵

۳۳۔ یہ سیمینار ۱۹/۲۰ مارچ ۲۰۰۴ء کو علی گڑھ یونیورسٹی، انڈیا کے شعبہ اسلامیات کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ اُردو زبان میں ۱۲ / اور انگلش کے ۹ مقالات علیحدہ علیحدہ جلدوں میں ۲۰۰۵ء میں شائع ہوئے۔ فکر اسلامی کے فروغ میں شیخ احمد سرہندی کی خدمات (سیمینار مقالات)، عبدالعلی اور ظفر الاسلام، ادارہ علوم اسلامیہ علی گڑھ، ۲۰۰۵ء۔

Abdul and Zafar ul Islam, Contribution of Shaikh Ahmad Sirhindi to Islamic thought (seminar papers), Institute of Islamic Studies Aligarh, 2005.

محمد اقبال مجددی نے لطائف مدینہ میں اس مخطوطہ کا ذکر کیا ہے اور یہ بھی دعویٰ کیا کہ انہوں نے یہ مخطوطہ ۲۵ جولائی ۱۹۸۹ء کو دیکھا۔ مگر محمد اقبال مجددی کی تحقیقات اس سیمینار کے بعد شائع ہوئیں۔

۳۴۔ سابق صدر شعبہ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی انڈیا، آج کل نیو سر سید نگر علی گڑھ میں مقیم ہیں۔

۳۵۔ فکر اسلامی میں شیخ احمد سرہندی کی خدمات، ص: ۱۹۸، ۲۰۳

جناب عبدالباری نے اس مضمون میں لکھا کہ اس سفر میں شیخ محمد معصوم رحمہ اللہ، شیخ عبدالاحد رحمہ اللہ کے ہمراہ سفر میں تھے۔ یہ مقالہ نگار کا سہو ہے۔ بلکہ شیخ محمد معصوم رحمہ

Marfat.com

اللہ کے بیٹے خواجہ محمد نقشبند رحمہ اللہ ہمراہ تھے۔ اس کے لیے ''الجنات الثمانیہ'' کا مقدمہ ملاحظہ فرمایئے۔

۳۶۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کو نقشبندی سلسلہ میں خصوصی محبت تھی۔ شاہ ابوسعید، شاہ احمد سعید سے استفادہ کیا اور شاہ عبدالغنی مجددی سے خلافت حاصل کی۔ ۱۲۸۶ھ/۱۸۶۹ء میں فوت ہوئے۔ اس سلسلہ میں خاص عقیدت و محبت کی وجہ سے ان کی collection میں سلسلہ عالیہ سے نایاب کتب موجود ہیں۔ تذکرہ گلشن بہار، ص: ۳۲/ مقامات خیر، ص: ۲۱۹

شیفتہ، نواب محمد مصطفیٰ خان، تذکرہ گلشن بہار، (مرتب: کلب علی خاں فائق) مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۷۳ء، ص: ۳۲

زید فاروقی، شاہ ابوالحسن، مقامات خیر، شاہ ابوالخیر اکادمی، دہلی، ۱۹۸۹ء، ص: ۶۱۹

۳۷۔ سابق ڈائریکٹر شاہ ولی اللہ دہلوی ریسرچ سیل، ادارہ علوم اسلامیہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا

۳۸۔ اس کتاب کا پورا نام ''البرهان الجلی فی فضل الذکر الخفی'' ہے۔ تاحال غیر مطبوعہ ہے۔

۳۹۔ یہ خواجہ محمد معصوم کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ اصلاً عربی زبان میں تھے لیکن محمد اقبال مجددی نے ان کے فارسی متن کے ترجمہ و تعلیقات کو ۱۹۸۱ء میں شائع کروایا۔

Marfat.com

اُردو شاعری کے فروغ میں مجددی صوفیہ کا کردار

شعر انسانی جذبات واحساسات کے اظہار کا ایک عمدہ اظہار ہے۔ نثر میں ایسے افکار کو ڈھالنا مشکل ہوتا ہے۔ اقبال کو شاید اسی وجہ سے شہرت شاعر کی حیثیت سے ملی نہ کہ نثر نگار کی حیثیت سے۔ صوفیہ بھی نہایت لطیف جذبات اور خیالات کے مالک ہوتے وہ قلبی واردات کے لیے شعر ہی کو وسیلہ بناتے ہیں۔ رومی کی شاعری اس کا بیّن ثبوت ہے۔

اُردو زبان میں صوفیانہ فکر کی آمیزش کے اسباب بیان کرتے ہوئے عبدالسلام ندوی نے لکھا ہے:

''اُردو شاعری کی ابتدا دکن سے ہوئی جو نہایت قدیم زمانہ سے فقر و تصوف کا مرکز ہے، اسی لیے ابتدا ہی سے اس میں صوفیانہ خیالات کی آمیزش ہوگئی۔ قطب شاہ کے بعد عالمگیر کے زمانے میں اُردو شاعری نے زیادہ ترقی کی تو مستقل طور پر صوفیانہ لٹریچر کی بنیاد قائم کی گئی۔'' (۱)

برصغیر میں نقشبندی مجددی سلسلہ سے وابستہ صوفیہ نے اُردو زبان کے شعری ادب کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ اس سلسلہ میں تصوف سے وابستہ مشائخ و معتقدین نے اُردو زبان کے ارتقائی مراحل اور اس زبان کی نشو ونما میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

Marfat.com

ذیل میں اس سلسلہ سے وابستہ چند افراد کی خدمات کا اجمالی تذکرہ کیا جاتا ہے۔

ا۔شیخ عبدالاحد (۱۰۵۰۔۱۱۲۶ھ/ ۱۶۴۰۔۱۷۱۴ء):

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت فارسی اور ریختہ (اُردو) دونوں زبانوں کے شاعر تھے۔بارہویں صدی ہجری میں لکھے جانے والے شعرا کے اکثر تذکروں میں آپ کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔فارسی میں آپ کا تخلص وحدت اور ریختہ (اُردو ہندی) میں گل تھا، آپ کے والد گرامی نے آپ کی خندہ روئی اور شگفتگی رخسار کے باعث کم سنی میں آپ کو ''گل'' کہہ کر مخاطب کیا تو عوام وخواص میں آپ اسی عرف سے مشہور ہو گئے۔(۲) مائل دہلوی نے آپ کے بارے میں کہا:

استاد شعر ریختہ گذرے ہیں شاہ گل
ہر اک کی شاعری کا ملا جن سے سلسلہ
گلشن نے ان سے فیض اٹھایا ہے مدتوں
جن کے چراغ سیتی ولی کا دیا جلا
پڑھتا ہوں شاہ گل کا میں ایک ریختہ ولے
دے داد اس سخن کی تو اب اس کی عاقلا (۳)

اس کے بعد آپ کی یہ غزل نقل کی ہے:

ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے
نکل ہی جب گیا تن سوں تو پھر اپنا بگانا ہے
مسافر توں ہے اور دنیا سرائے، بھول مت غافل

Marfat.com

سفر ملکِ عدم آخر تجھے درپیش آنا ہے
لگانا ہے عبث دولت پہ کیوں دل کوں کہ اب ناحق
نہ جاوے سنگ کچھ ہرگز، یہاں سے چھوڑ جانا ہے
نہ بھائی بند ہے کوئی، نہ یار و آشنا کوئی
ٹک اک جو غور سے دیکھو تو مطلب کا زمانہ ہے
لگاؤ یاد میں اس کی نجات اپنی اگر چاہے
عبث دنیا کے دھندے میں ہوا گل کیوں دِوانا ہے (۴)

ان اشعار پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل جالبی نقشبندی صوفیہ کی شاعری کی خصوصیات یوں لکھتے ہیں:

"اس غزل میں جو مزاج کی سنجیدگی نظر آتی ہے وہ نقشبندیہ سلسلے کے شعرا کی ایک خصوصیت رہی ہے۔ یہاں شعر تفنن طبع کا ذریعہ نہیں ہے بلکہ فکر و احساس کی سچائی کا اظہار ہے۔" (۵)

۲۔ حضرت مظہر جان جاناں (۱۱۱۳۔۱۱۹۵ھ/۱۷۰۱۔۱۷۸۰ء):

مرزا مظہر جان جاناں ہندوستان کے ان پانچ عظیم شعرا میں ہیں، جنہیں ایران کے مسلّم الثبوت اساتذہ کے مقابلے میں پیش کیا جاتا ہے۔ ان پانچوں شاعروں کے نام یہ ہیں: امیر خسرو، فیضی، بیدل، مرزا مظہر اور غالب (۶)

فارسی کی طرح اُردو میں بھی آپ کی امامت و سیادت مسلّمہ حقیقت ہے۔ انہوں نے اپنے شعری عرفان سے اُردو غزل کو جن لسانی، جمالیاتی، تہذیبی اور معنوی

Marfat.com

بنیادوں پر استوار کیا وہ آج بھی اُردو غزل میں موجود ہیں۔اسی لیے مرزا مظہر کو ''نقاشِ اوّل'' کہا گیا ہے۔(۷)

مرزا مظہر جان جاناں نے بہت مختصر کلام یادگار چھوڑا ہے۔(۸) لیکن اس مختصر کلام میں بھی غزل کی دیومالا کا تانا بانا تیار ملتا ہے۔ان کی غزل میں عشق کی سرشاری اور طربناکی کے ساتھ ساتھ مستی کی کیفیات بھی موجود ہیں اور غزل کا مخصوص سوز و گداز بھی۔۔۔حضورِ عشق کی صحبتیں بھی ہیں اور عشق و عاشقی کی ثقافت بھی۔۔۔ اور ان سب مضامین کے اظہار کے لیے غزل کا تہذیبی سرمایہ فارسی کی تشبیہیں، استعارے اور علامتیں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ولی کے بعد شمالی ہند کی روایت میں یہ پہلا موقع ہے جب اُردو شاعری مکمل طور پر ایک نئے شعری اسلوب میں نمودار ہوتی ہے اور یہی مستقبل کی اُردو غزل کا اسلوب بن جاتا ہے:

گئی آخر جلا کر گل کے ہاتھوں آشیاں اپنا
نہ چھوڑا ہائے بلبل نے چمن میں کچھ نشاں اپنا
نہ گل اپنا کیا میں نے نہ بلبل باغباں اپنا
چمن میں کس بھروسے باندھتا ہے آشیاں اپنا
یہ حسرت رہ گئی کس کس مزے سے زندگی کرتے
اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغباں اپنا

گرچہ الطاف کے قابل یہ دلِ زار نہ تھا
اس قدر جور و جفا کا بھی سزاوار نہ تھا

Marfat.com

ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار
ہائے کچھ چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار

اتنی فرصت دے کہ رخصت ہو لیں اے صیاد ہم
مدتوں اس باغ کے سائے میں تھے آباد ہم

یہ دل کب عشق کے قابل رہا ہے
کہاں ہم کو دماغ و دل رہا ہے
خدا کے واسطے اس کو نہ ٹوکو
یہی اک شہر میں قاتل رہا ہے

مرزا مظہر کے وضع کردہ شعری اسلوب کے بعد اُردو کی انفرادی شناخت کا تعین ہو جاتا ہے۔یہی وہ مقام ہے جب اُردو زبان مقامی لسانی روایت سے بلند اور منفرد ہو کر اپنے انفرادی وجود کا اعلان کرتی ہے اور ادبی تاریخ کے طالب علم کو یہ ہرگز نہ بھولنا چاہیے کہ اس اعلان نامہ کے پیچھے مرزا مظہر جان جاناں کی ادبی شخصیت، جنالیاتی ذوق اور لسانی عرفان برابر موجود رہتا اور یہی مرزا مظہر کی سب سے بڑی ادبی خدمت بھی ہے۔(۹)

سید تبارک علی نقشبندی نے آپ کی اصلاحی کوششوں کی ایک فہرست مرتب کی ہے۔ان کے مطابق آپ کی کوششیں درج ذیل ہیں:

(۱)　ہندی الفاظ پر فارسی الفاظ کو ترجیح دی گئی۔لہٰذا ولی کے زمانہ کے بہت سے

Marfat.com

لفظوں اور بندشوں سے زبان پاک کی گئی۔

(۲) فارسی الفاظ اور محاورات سے زبان اُردو کو مالا مال کیا۔

(۳) حسن وعشق کے معاملات نہایت خوبصورتی سے نئے ڈھنگ سے باندھے گئے۔

(۴) گل وبلبل شمع و پروانہ کے پردے میں حقیقی واقعات اُردو شاعری میں بیان ہونے لگے۔

(۵) صنعت ایہام اور لفاظی کے خارزار سے اُردو شاعری کو پاک کیا گیا۔

(۶) سریلی اور عمدہ بحروں کا رواج اُردو شاعری میں کیا گیا، جن کا استعمال اس سے قبل نہ تھا۔

(۷) نئی نئی تشبیہوں اور استعاروں اور صنعات کا استعمال کیا گیا کہ جس سے زبان کی خوبی میں چار چاند لگ گئے۔

(۸) نئی نئی اصناف سخن کا استعمال شروع کیا گیا واسوخت، مرثیہ، مخمس، ہجو، مربع، مستزاد

(۹) سوقیانہ اور مبتذل خیالات کے اظہار کا دروازہ اُردو شاعری میں بند کیا گیا۔ (۱۰)

آپ کے زیر اثر شاعروں کی ایک ایسی جماعت تیار ہوئی (۱۱)، جس نے اُردو شاعری کو رفعت خیال اور شائستگی کا شعور بخشا۔ یہی وجہ ہے کہ سید تبارک علی نقشبندی نے آپ کو فصحائے زمان و بلغائے عصر، مصلح اعظم، مجدد شاعری، اُردو اور دبستان دلّی کے امام جیسے القابات سے نوازا ہے۔ (۱۲)

آپ کے شاگرد دردمندان الفاظ میں آپ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں:

Marfat.com

خدیو سخن مرزا جان جاناں
کہ حکم اس کا ہے ناطقہ پر رواں
لقب اس کا ہے ذوالجلال سخن
کہ بندے ہیں اس کے سب ارباب فن
سب ارباب فن اس سے ہیں مستفید
کہ علم و ادب اس کے دونوں مرید (۱۳)

تصوف کی چاشنی سے لبریز آپ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

آزاد ہو رہا ہوں دو عالم کی قید سیں
مینا لگا ہے جب سیتی مجھ بے نوا کے ہاتھ

لوگ کہتے ہیں مر گیا مظہر
فی الحقیقت میں گھر گیا مظہر

بہار آئی کھل آئے باغ بلبل پھول کر بیٹھی
دِوانوں کو کہو اس وقت کر لیویں علاج اپنا

الٰہی مت کسو کے پیش رنج و انتظار آوے
ہمارا دیکھیے کیا حال ہو جب تک بہار آوے

Marfat.com

یہ دل کب عشق کے قابل رہا ہے
کہاں ہم کو دماغ و دل رہا ہے

تجلی کو گر تری پست و بلند ان کو نہ دکھلاتی
فلک یوں چرخ کیوں کھاتا زمیں کیوں فرش ہو جاتی

اگر ملیے تو خفت ہے وگر دوری قیامت ہے
غرض نازک دماغوں کو محبت سخت آفت ہے

کوئی لیوے دل اپنے کی خبر یا دلبر اپنے کی
کسی کا یار جب عاشق کہیں ہو کیا قیامت ہے (۱۴)

۳۔ انعام اللہ خاں یقین (م ۱۱۶۹ھ/ ۵۶۔۱۷۵۵ء):

آپ شیخ عبدالاحد وحدت گل کے پوتے ہیں۔ بقول جالبی:

''یقین نے اعلیٰ خاندان میں جنم لیا۔ امارت میں آنکھ کھولی، مرزا مظہر کی تربیت نے ان کے جوہر کو نکھارا، مجدد الف ثانی کے روحانی فیض نے انہیں اُبھارا اور شروع ہی سے ایسی شاعری کی، جو اس دور کے باطنی تقاضوں کی خوشبو سے لبریز تھی۔'' (۱۵)

یقین کی غزل پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''یقین کی غزل میں لطافت و شائستگی کے ساتھ ایک شگفتگی و

Marfat.com

شیرینی کا احساس ہوتا ہے۔ یہ شاعری وصف وحسنِ محبوب تک محدود نہیں بلکہ عشق کے تجربات کو بیان کر رہی ہے۔ یقین کی غزل میں فارسی غزل کی طرح اہتمام کے ساتھ بات کو سجا کر بیان کرنے کی کوشش کا پتا چلتا ہے۔ الفاظ احساس وخیال کے ساتھ مربوط وہم آہنگ ہیں۔ یہاں ایسی بحریں اور زمینیں ملتی ہیں جو نہ صرف منتخب ہیں بلکہ اس سے پہلے اُردو میں استعمال نہیں ہوئیں۔ زبان میں فارسیت بڑھنے کے باوجود عام بول چال کی زبان سے اس کا گہرا تعلق قائم ہے۔ مثلاً یقین کی یہ غزل دیکھیے:

خدا کی بندگی کہیے اسے یا عشق معشوق
یہ نسبت ایک ہے سو سو طرح تعبیر کرتے ہیں

روداد محبت کی مت پوچھو یقیں مجھ سے
کچھ خوب نہیں سننا افسوں ہے یہ افسانہ

بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے
اپنا ہی تو فریفتہ ہووے خدا کرے

قیامت آپ پہ اس قد سے لا چکے ہم تو
کہاں تلک کوئی محشر کا انتظار کرے

Marfat.com

گریباں چاک کرنے سے ہمارے تجھ کو کیا ناصح
ہمارا ہاتھ جانے اور ہمارا پیرہن جانے

گذر جا وصل سے گر ہجر میں دیکھے رضا اس کی
محبت میں یقیں لیتا ہے نامِ مدعا کوئی

یقیں کے واقعے کی سن خبر وہ بدگماں بولا
یہ دیوانہ تو کچھ ایسا نہ تھا بیمار، کیا کہیے

یقین کے اشعار میں لطف ضرور ہے مگر جب ہم میر و درد کے ساتھ آج ان کا کلام پڑھتے ہیں تو ہمیں کوئی ایسا لطف نہیں ملتا جو ایک خاص نظر اور خاص عالمِ تخیل کا پتا دے۔ ان کے ہاں تخلیقی آگ اس طرح روشن نہیں ہوتی جس طرح میر کے ہاں دکھائی دیتی ہے۔ ان کے دیوان میں کوئی احساساتی یا فکری تجربہ ایسا نہیں ملتا جسے آج ہم یقین سے مخصوص کرسکیں۔ انہوں نے جو کچھ کیا وہ تاریخ میں یقیناً بہت اہمیت رکھتا ہے۔ میر نے یقین کے اسی ادھورے پن کو نہ صرف مکمل کردیا بلکہ اس چشمے کو اپنے دریا میں جذب کر کے اپنا پاٹ بڑا کرلیا۔ اسی لیے میر کے شعر وردِ زبان ہوگئے اور یقین کا کوئی شعر زبان پر نہ چڑھ سکا۔ آج ہم ''دیوان یقین'' کو دیکھتے ہیں تو سوچتے ہیں کہ آخر اس میں ایسی کون سی خصوصیت تھی کہ یقین کی شاعری کی سارے عالم میں دھوم مچ گئی تھی لیکن تاریخی تناظر میں دیکھنے سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ یقین نئی شاعری کی روایت کے ابراہیم علیہ السلام اور میر اس روایت کے آخری پیغمبر ہیں۔ تاریخ

Marfat.com

ادب میں ان کی یہی اوّلیت اور یہی اہمیت ہے۔

حق کو یقیں کے یاروں برباد مت دو آخر
تم نے سخن کی طرزیں اس سے اڑائیاں ہیں

مرنے کی طرح میں نے جو یہ اختیار کی
دیکھا تو زندگی میں مزا کچھ رہا نہ تھا

دل میں زاہد کے جو جنت کی ہوا کی ہے ہوس
کوچۂ یار میں کیا سایۂ دیوار نہ تھا

خفیف مجھ سے الجھ کر عبث ہوا واعظ
کہ میں تو مست تھا کیا اس کو بھی شعور نہ تھا (۱۶)

یقین کے اُردو شاعری میں لافانی کارناموں کے حوالہ سے، ڈاکٹر انور صابر کا یہ تبصرہ بجا طور پر صحیح ہے ''انعام اللہ یقین نے مرزا مظہر کی تحریک پر نئی شاعری کے رُجحانات کو اُردو غزل میں اس طرح سمو دیا کہ معاصر شعرا کو بھی اپنی تخلیقی کاوشوں کا مستقبل اسی رنگ سخن میں نظر آیا۔'' (۱۷)

۴۔ میر محمد باقر حزیں وظہور (م ۱۱۶۵ھ/ ۱۷۵۲ء):

یہ بھی مظہر جان جاناں کے تلامذہ سے ہیں۔ گویا یہ بھی نئی شاعری کی اسی

Marfat.com

تحریک کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری میں زبان و بیان اور جذبہ و احساس کی وہی خصوصیات ملتی ہیں جو ہمیں یقین اور تاباں کے ہاں نظر آتی ہیں۔ لیکن اس میں فرق یہ ہے کہ یقین و تاباں اس رُجحان کو آگے بڑھاتے ہیں اور حزیں اس کی تکرار کرتے، پھیلاتے اور عظیم آباد و مرشد آباد میں مقبول بناتے ہیں۔

حزیں کی شاعری، ردّعمل کی تحریک کے زیرِ اثر، ایہام سے پاک ہے۔ اس میں تاباں کی طرح زبان میں سادگی اور بیان میں چاشنی ہے۔ عشق اور کیفیاتِ عشق کا اظہار حزیں کی شاعری کا مرکزی رجحان ہے:

نہ ہوتا اس قدر خوباں میں گر وہ تند خو نازک
تو کب ہوتی ہماری شاعری کی گفتگو نازک

پاؤں تلک بھی ہائے مجھے دسترس نہیں

بے طرح دیوانگی پر عشق میں آیا ہے دل
دیکھیے اب زندگی کا کیا مرے اسلوب ہو

عاشقوں کے دل میں کب ہے صبر کی طاقت حزیں
نوحہ کرنے میں نہیں ان بے قراروں کا گناہ

Marfat.com

میں چاہتا ہوں عشق کو چھپاؤں پہ کیا کروں
رسوا کرے ہے خلق میں یہ چشم تر مجھے

کچھ کٹے وصل میں کچھ ہجر میں گریاں گذرے
کیا مری امت کے اوقات پریشاں گذرے

ان اشعار کی زبان میں اُردو معلیٰ کا لہجہ رنگ گھول رہا ہے۔ لفظوں کے استعمال میں احتیاط برتی جا رہی ہے اور جذبہ واحساس کو شعر کا جامہ پہنایا جا رہا ہے جو ردّعمل کی تحریک کا اثر ہے۔ یقین کے کلام کی طرح حزیں کے اشعار پڑھ کر یوں معلوم ہوتا ہے کہ آبرو کا دور بہت زمانے کی بات ہے۔ حزیں کے زبان و بیان، میر و سودا کے دور میں بھی اپنا رنگ شامل کر رہے ہیں۔ بحیثیت مجموعی وہ دوسرے درجے کے شاعر ہیں۔ ان کا رنگ سخن یقین و تاباں سے ملتا جلتا ضرور ہے لیکن وہ نہ یقین سے آگے نکلتے ہیں اور نہ تاباں سے اوپر اٹھتے ہیں۔ وہ اس روایت کی تکرار کرتے ہیں۔ (۱۸)

۵۔ محمد فقیر دردمند (م ۱۱۷۹ھ/ ۶۶۔۱۷۶۵ء):

آپ بھی حضرت مظہر کی توجہ سے مجموعۂ کمالات ہوئے۔ دردمند اپنے پیر و مرشد کے بارے میں کہتے ہیں:

زہے پیر و مرشد زہے پیشوا
کوئی کیا کرے اس کی مدح و ثنا

دردمند کی اوّلیت یہ ہے کہ انہوں نے اُردو زبان میں پہلا ساقی نامہ لکھا،

Marfat.com

جس کے اشعار کی تعداد باختلاف روایات ۹۱، ۱۲۵، ۱۹۰ تک لکھی گئی ہے۔ حضرت مظہر اسے بہت سنتے تھے۔ وہ ساقی نامہ میں اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ سب حضرت مظہر کے فیضان کا نتیجہ ہے۔

کہاں تھا مجھے ریختہ کا خیال
ہوا جب سے اس امر کا امتثال
محبت نے مجھ کوں کیا لاجواب
وگر نہ میں اور ریختہ کا حساب

دردمندی کے ساقی نامہ پر جمیل جالبی نے نہایت ہی جامع تبصرہ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:
''دردمند کا ساقی نامہ اس دور میں مربوط شاعری کا ایک قابل ذکر نمونہ ہے، جس میں جذبات و کیفیات نے ایک ایسا رنگ بھرا ہے جو آج بھی بھلا معلوم ہوتا ہے۔ اس ساقی نامے پر فارسی ساقی ناموں کا اثر بہت واضح ہے۔ اگر اس ساقی نامے کا امیر خسرو، جامی، عرفی، ملک قمی اور مولانا ظہوری کے ساقی ناموں سے مقابلہ کیا جائے تو اسلوب وموضوع دونوں پر ان کی جھنکار سنائی دیتی ہے۔ اس ساقی نامے کی پُر کیف دردمندی، بیانیہ انداز میں چھپی ہوئی جذبات و کیفیات کی لہریں، زبان کی صفائی اور بیان کی برجستگی فارسی اثرات ہی سے اُردو میں اس طور پر آئی ہے۔ دردمند کے ساقی نامے میں قوت اظہار ایک نئی شان دکھاتی ہے اور اسے بہت آگے لے جاتی ہے جو ادب کی نئی روایت کو توانائی دے کر اس دور کے تخلیقی ذہنوں کو متاثر کرتی ہے۔ غزل کے اس دور میں دردمند کا ''ساقی نامہ'' اسی لیے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ نیا رنگ سخن فغاں کے ہاں بھی اپنے انداز میں اُبھرا ہے۔ (۱۹)

Marfat.com

ساقی نامہ کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیے:

اس آتش سے میرا نہ کر دل کباب
نہ کر میری طاقت کے زہرہ کو آب
کہ میں جاں بلب ہوں پیالے کی طرح
لگی ہے مجھے آگ لالے کی طرح
ارے مجھ سے کیا جرم واقع ہوا
کہ دل تیرا مجھ سے جو یوں پھر گیا
نہ تو مجھ کو دیتا ہے جامِ شراب
نہ فریاد کا میری دیتا جواب
مرے عیش کا دفتر ابتر نہ کر
قیامت کو مجھ پر مکرّر نہ کر(۲۰)

باقر حزیں اور فقیر دردمند کی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے جمیل جالبی نے لکھا ہے "دہلی کی شاعری کی وہ روایت جسے ہم نے "ردِّعمل کی تحریک" کے نام سے موسوم کیا ہے، مرزا مظہر کے دو شاگردوں محمد باقر حزیں اور محمد فقیہ دردمند کے ذریعے عظیم آباد و بنگالہ پہنچی جہاں ان شعراء نے نئے مذاقِ سخن کا بیج ڈال کر نئی روایت شاعری کو پروان چڑھایا۔(۲۱)

۶۔خواجہ میر درد (۱۱۳۳۔۱۱۹۹ھ):

آپ کے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب (م:۱۱۷۲ھ) خواجہ محمد زبیر نقشبندی

Marfat.com

کے حلقۂ ادارت میں داخل تھے۔انہوں نے مسالک تصوف میں ''سلسلہ محمدیہ'' کی بنیاد رکھی اسی وجہ سے خواجہ میر درد کو اوّل المحمدین کہا جاتا ہے۔(۲۲)

آپ نجیب الطرفین سید تھے۔والد کی طرف سے سلسلۂ نسب حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند سے اور والدہ کی طرف سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے ملتا ہے۔(۲۳)

درد کے صوفیانہ افکار کا تذکرہ گراہم بیلی نے ان الفاظ میں کیا:

''Dard, Mir Dard (1719-1785), one of the four pillars of Urdu, and one of the greatest of Urdu Poets, was a sufi who wrote only religious lyrics and other poems of that type. He never wrote odes, romances of satires, and he avoided all praise of man, for his life was one of the absorption in the duties of religion.''(24)

ڈاکٹر ساجد امجد کی رائے ہے کہ درد ہی وہ شاعر تھے، جن کے ہاں تصوف اپنی آب وتاب کے ساتھ چمک رہا تھا۔ان کے بقول: یوں تو تصوف اور شاعری کا رشتہ اتنا شدید ہے کہ شاید دنیا کی کوئی زبان، جو تصوف سے کسی طرح بھی واقف ہے اس نشہ تیز تر سے آزاد نہیں۔شاعری اور تصوف دونوں کا تعلق جذبات اور تخیل کی پیدا کردہ دنیا سے ہے اسی لیے تصوف کا بہترین ذریعہ اظہار شاعری ہے لیکن فارسی شاعری اور ایرانی تہذیب میں تصوف کا جتنا عمل دخل ہے اس کی مثال اُردو کے سوا

Marfat.com

کہیں اور نہیں مل سکتی اور اُردو میں بھی صرف اسی لیے کہ فارسی کی پیروی کی گئی اور ایران و ہند کے سماجی و سیاسی حالات ہم آہنگ رہے۔ اسی لیے اُردو شاعری ابتدا سے اب تک کسی دور میں بھی تصوف سے خالی نہیں رہی لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ یہ ''تصوف'' بیشتر ایک رسمی مضمون اور زمانے کے فیشن کے اعتبار سے اختیار کیا گیا فارسی کی طرح اُردو کو ایسے صوفیہ میسر نہیں آئے جو اصلاً شاعر ہوں۔

اُردو شعرا کی طویل فہرست میں خواجہ میر درد ایسے شاعر ضرور ہیں، جنہیں محض صوفی کہتے ہوئے دل دُکھتا ہے۔ ان کے ذہن میں شاعری کا خانہ بڑا تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ انہوں نے نگار خانۂ شاعری کو تصوف کی مروّجہ تصویروں سے مزین کیا۔ اس طرح انہوں نے نہ صرف اپنی ذاتی زندگی کو شاعری میں منتقل کیا بلکہ اس عہد کے فکری نظام کو بھی زندگی بخشی۔ (۲۵)

عبدالسلام ندوی نے تو یہ لکھا کہ خواجہ میر درد نے سب سے پہلے اُردو زبان کو صوفیانہ خیالات سے آشنا کیا۔ (۲۶)

خلیل الرحمٰن داوٗدی کے بقول: درد کی شاعری ان کی شخصیت کی آئینہ دار ہے اور ان کی شخصیت پر ان کی جدی روایت، خانگی ماحول، بزرگوں کے افکار و آراء اور اس عہد کے سیاسی حالات اثر انداز ہوئے ہیں۔ درد کا کلام محض تفریح مزاج یا تفنن طبع کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس کے ذریعے انہوں نے اپنے مخصوص مسالک تصوف، اسرار معرفت، زندگی و موت اور دنیا و آخرت کے بارے میں اپنے نظریات سے ہمیں آگاہی بہم پہنچائی ہے۔ (۲۷)

چند اشعار ملاحظہ فرمایئے:

Marfat.com

اگر جمعیت دل ہے تجھے منظور، قانع ہو
کہ اہل حرص کے کب کام خاطر خواہ ہوتے ہیں(۲۸)

سمجھنا فہم گر کچھ ہے طبیعی سے الٰہی کو
شہادت غیب کی خاطر تو حاضر ہے گواہی کو(۲۹)

نہ مطلب ہے گدائی سے، نہ یہ خواہش کہ شاہی ہو
الٰہی ہو وہی، جو کچھ کہ مرضی الٰہی ہو(۳۰)

سطور بالا سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فکر وعمل کی تطہیر کے جس کام کا آغاز اکبر کے عہد حکومت میں کیا تھا وہ کثیر الجہتی تھا۔ سیاسی، مذہبی اور معاشرتی حوالوں سے تو عموماً بحث کی جاتی ہے لیکن اُردو شاعری کی نشو ونما اور اسے مقصدیت ومعنویت سے آشنا کرنے کے پیچھے بھی مجددی تطہیر کا ہاتھ نظر آتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اُردو زبان کے محققین شیخ عبد الاحد اور مظہر جان جاناں شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے نظر آتے ہیں۔

Marfat.com

حواشی

۱۔ عبدالسلام ندوی، مولانا، شعر الہند، مطبع معارف اعظم گڑھ، ۱۹۵۴ء، ص: ۲۲۰

۲۔ اقبال مجددی، محمد، مقدمہ لطائف المدینہ، حوزہ نقشبندیہ لاہور، ۲۰۰۴ء، ص: ۴۰

۳۔ اکرم چغتائی، محمد، مائل دہلوی کا ایک تاریخی قطعہ در سہ ماہی فنون، جلد ۴، شمارہ ۲، دسمبر ۱۹۱۶ء، ص: ۲۴۱

۴۔ ایضاً ص: ۲۴۲

۵۔ جمیل احمد، ڈاکٹر، تاریخ ادب اُردو، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۸۷ء، جلد ۲، ص: ۱۲۳

۶۔ تبسم کاشمیری، ڈاکٹر، اُردو ادب کی تاریخ، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۳ء، ص: ۲۷۹

۷۔ ایضاً ص: ۲۷۸

۸۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے سید تبارک نقشبندی نے لکھا ہے ''یہ ہماری اپنی اور اُردو شاعری و ادب اُردو کی بدقسمتی ہے کہ ان کا پورا پورا اُردو کلام محفوظ و مدوّن نہ ہو سکا اسی باعث آپ کا اُردو کلام کم دستیاب ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ آپ کا اُردو کلام بھی فارسی کلام کی طرح سے کسی نے پہلے سے ہی آپ کی حیات میں مدوّن کیا ہوتا لیکن ایسا نہ ہو سکا اور آپ نے اپنی فارسی شاعری کے متعلق ہی اپنی فارسی کے دیوان کے عنوان میں فرما دیا ہے کہ والا ہمتی کی وجہ سے ''اجزائے مسودات و مواد کلیات اکٹھا نہ کیا بہت سا سرمایہ سخن برباد ہو گیا۔'' حضرت والا کی اس بات سے یہاں یہ بات واضح ہے کہ آپ نے اپنے کلام کی تدوین کا خیال اپنی والا ہمتی کے باعث نہ کیا اور بہت سا سرمایۂ سخن برباد ہو گیا۔ درحقیقت حضرت کا یہ فرمان چونکہ فارسی دیوان کے عنوان میں ہے اس لیے واضح ہے کہ یہ خیالات فارسی شاعری کے لیے فرمائے ہیں لیکن غور کا مقام تو یہ ہے کہ کیا حضرت کی والا ہمتی فارسی شاعری تک ہی محدود تھی اور جب اس زمانہ میں فارسی کا زور

Marfat.com

وقدر و اقتدار ہوتے ہوئے فارسی کلام کی تدوین کا اہتمام نہیں کیا تو پھر بھلا اُردو شاعری ہی کا کیا اہتمام فرماتے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ بہت سا سرمایۂ سخن برباد ہو گیا یعنی فارسی کا تو جب فارسی جیسی شاعری کا سرمایہ برباد ہوا تو کیا اُردو کا سرمایۂ سخن برباد نہ ہوا ہوگا۔ یقیناً برباد ہوا ہوگا۔آپ کے اُردو کلام کے اس وقت کم پائے جانے کی وجوہات میں خیال کرتا ہوں یہی ہو سکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ اور حضرات کو اور بھی دیگر کوئی وجوہات مل جائیں۔ جب آپ کے شاگردان شاعری اُردو تک صاحب دیوان ہوئے تو یقیناً آپ کا اُردو کلام اور بھی زیادہ ہونا چاہیے۔ تذکرہ نگاروں نے لکھا بھی ہے کہ ان کی اُردو شاعری کا دیوان بھی مرتب ہو گیا تھا۔ گارساں دتاسی نے بھی آپ کے دیوان ہندوستانی کا تذکرہ کیا ہے۔ شاہ شاہد علی سبز پوش تخلص رئیس گورکھ پوری کا بیان ہے کہ مرزا صاحب کا مکمل دیوان اُردو قلمی کتب خانہ خانقاہ جونپور میں موجود ہے۔ پتہ لگا ہے کہ جونپور کی خانقاہ کے کتب خانہ میں اب دیوان مذکور موجود نہیں ہے۔ خدا جانے کہاں پہنچا۔ ایسی چیز کسی کے ہاتھ پڑ گئی اور اس نے اب انہیں ظاہر کرنا مناسب نہ خیال کیا ہو۔ (تبارک علی نقشبندی، سید، مرزا مظہر جان جاناں ان کا عہد اور اُردو شاعری، اُردو اکادمی دلّی، ۱۹۸۸ء، ص:۱۷۰۔۱۷۱)

۹۔ ایضاً، ص:۲۸۰۔۲۸۱

۱۰۔ مرزا مظہر جان جاناں، ان کا عہد اور اُردو شاعری، ص:۸۲

۱۱۔ آپ کے فیض یافتہ افراد کا تعلق صرف نقشبندی سلسلہ تک محدود نہیں بلکہ دیگر سلاسل میں ارادت رکھنے والے بھی مستفید ہوئے۔ مظہر جان جاناں کے شاگردوں میں احسن اللہ خاں بیان بھی ہیں۔ انہوں نے روحانی تربیت شاہ فخر الدین دہلوی سے حاصل کی۔ (چشتی سلسلہ کے معروف بزرگ، سر سید احمد خاں، آثار الصنادید، مرتب: خلیق انجم، اُردو اکادمی دلّی، ۱۹۹۰ء، ص:۲۶۔۲۸) مرزا صاحب کے بارے میں

Marfat.com

احسن اللہ خاں بیان کا کہنا ہے:

بندے سے ثنا حضرت استاد کی کیا ہو
مظہر ہے خداوند کی وہ شانِ اتم کا

(ارجمند آراء (مرتب)، دیوان بیان، انجمن ترقی اردو، نئی دہلی، ۲۰۰۴ء، ص: ۷۹، غزل: ۱)

جب سے شاگرد ہوا حضرت مظہر کا بیاں
کیا شاگردی کا اقرار سب استادوں نے

(ایضاً، ص: ۱۳۹، غزل: ۱۵۱)

مظہر کی بندگی میں ہے اب بیان بھی حاضر
وہ خوب جانتا ہے جیسے ہیں آپ شاعر
یہ اپنے حق میں صاحب کرتے عبث ہیں ظاہر
حق کو یقین کے یارو برباد مت دو آخر

(ایضاً، ص: ۱۵۴، مخمس برریختۂ انعام اللہ خاں یقین)

۱۲۔ مرزا مظہر جان جاناں، ان کا عہد اور اردو شاعری، ص: ۱۸۱

۱۳۔ ایضاً، ص: ۱۷۳

۱۴۔ ایضاً، ص: ۱۸۰

۱۵۔ تاریخ ادب اردو، جلد ۲، ص: ۳۷۷۔۳۷۸

۱۶۔ ایضاً، ص: ۳۷۹۔۳۸۱

۱۷۔ انور صابر، ڈاکٹر، پاکستان میں اردو غزل کا ارتقاء، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی لاہور، ۲۰۰۲ء، ص: ۶۱

۱۸۔ تاریخ ادب اردو، جلد ۲، ص: ۳۹۰۔۳۹۱

Marfat.com

۱۹۔ ایضاً، ص: ۳۹۸

۲۰۔ ایضاً، ص: ۳۹۶

۲۱۔ ایضاً، ص: ۹۲۰

۲۲۔ داؤدی، خلیل الرحمٰن (مرتب)، دیوان درد، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۸۸ء، ص: ۳۲

۲۳۔ ایضاً، ص: ۱۷

۲۴۔ یزدانی، ڈاکٹر خواجہ حمید، خواجہ میر درد کی فارسی شاعری، مغربی پاکستان اُردو اکیڈمی لاہور، ۱۹۹۳ء، ص: ۵۲

۲۵۔ ساجد امجد، ڈاکٹر، اُردو شاعری پر برصغیر کے تہذیبی اثرات، الوقار پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۳ء، ص: ۲۷۹

۲۶۔ شعر الہند، ص: ۲۲۰

۲۷۔ ساجد امجد، ڈاکٹر، اُردو شاعری پر برصغیر کے تہذیبی اثرات، الوقار پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۳ء، ص: ۱۱۱-۱۱۲

۲۸۔ ایضاً، ص: ۱۶۳

۲۹۔ ایضاً، ص: ۱۸۵

۳۰۔ ایضاً، ص: ۱۸۷

Marfat.com

تفسیر رؤفی میں منظوم تفسیر کا رجحان

قرآن مجید کے پیغام کو عامۃ الناس تک پہنچانے کے لیے ہر دور میں اہل علم نے زمانے کے تقاضوں اور ضرورتوں کے مطابق ترجمہ، تفسیر، تسہیل اور تشریح کا فریضہ انجام دیا، یہ کاوشیں عربی زبان سمیت دنیا کی تمام زبانوں میں تا حال جاری ہیں اور تا قیامت جاری رہیں گی۔ اس کی یقیناً وجہ یہی ہے کہ روئے زمین پر بسنے والے آخری انسان کے لیے بھی رہنمائی اور قلبی تسکین کا سہارا قرآن کریم ہی ہے۔ اسی لیے قرآن کریم کے پیغام کو لوگوں کے دل و دماغ میں راسخ کرنے کے لیے نثر کے ساتھ ساتھ نظم کا سہارا بھی لیا گیا۔ شعر کے ساتھ چونکہ لوگوں کو ہمیشہ وابستگی رہی، عرب میں اشعار کو یاد کرنے کا رواج تھا اور آج بھی کئی لوگوں کو شعری دواوین یاد ہیں۔ اس سلسلہ میں امام ابو محمد عبدالعزیز بن احمد دیرینی (وفات: ۶۹۴ھ) نے قرآن کریم کا عربی میں پہلا منظوم عربی ترجمہ کیا۔ محمد امین (وفات: ۱۱۰۹ھ) نے سورۃ یوسف کا پہلا منظوم ترجمہ گجراتی اُردو میں کیا۔ (۱) بعدازاں پنجابی میں تفسیر محمدی اور تفسیر نبوی لکھی گئیں۔

اُردو تفاسیر میں مفاہیم کو ذہنوں میں راسخ کرنے کے لیے اشعار کا سہارا لینے کی مکمل اور مطبوع کاوش حضرت شاہ رؤف احمد مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ شاہ عبدالرؤف رافت نے اپنا شجرہ نسب یوں بیان کیا ہے:

رؤف بن احمد بن شعور احمد بن محمد شرف بن رضی الدین بن زین العابدین

Marfat.com

بن محمد یحییٰ بن مجدد الف ثانی (۲)

شاہ عبدالرؤف رافت کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی منظوم تالیفات یہ ہیں: دیوان رافت، کلیات رافت، مثنوی زلیخائے ہندی، رسالہ مولود، فقہ ہندی، معروب القلوب فی معراج المحبوب۔ ان کی تفسیر ممبئی سے ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷ء میں شائع ہوئی۔ یہ تفسیر متقدمین کی تفسیری آراء کا مجموعہ ہے۔ سورتوں میں باہم ربط کے لیے مولانا اصلاحی سے بہت پہلے انہوں نے ''نظم'' کا لفظ استعمال کیا۔ قدیم املاء میں یہ تفسیر آج بھی تفسیری ادب میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔ الحقائق فاؤنڈیشن لاہور پاکستان، سے ممبئی ایڈیشن کا عکس ۲۰۱۲ء میں سامنے آیا۔ (۳)

تفسیر رؤفی نثر میں لکھی گئی ہے مگر بہت سے مقامات پر مطالب کی تفہیم کے لیے شعر کا سہارا لیا ہے۔ منظوم کا مقصد یاداشت میں آسانی ہے۔ زکوٰۃ کے مصارف کو انہوں نے نظم میں بیان کیا اور لکھا: ''سوان کو نظم میں کہہ کر لکھتا ہوں تاکہ ہر ایک یاد بآسانی کرلے۔'' (۴)

جتنے شعر کہے وہ ان کے اپنے ہیں اسی لیے تفسیر کے آغاز میں لکھتے ہیں:

''اور جس مقام پر کلام نظم لانا وہ اپنی ہی طبع ناقص سے موزوں بنانا ہوگا کوئی شعر ہندی کسی شاعر کا کہیں نہ لایا جاوے گا۔'' (۵)

یہ اشعار قدیم املاء میں ہیں اس دور کی اُردو کا خاکہ سامنے لانے کی خاطر اشعار نقل کرتے وقت املاء کو نہیں بدلا جائے گا۔

شاہ عبدالرؤف رافت رحمۃ اللہ علیہ نے اشعار کو نقل کرنے سے پہلے نظم، بیت، مصرعہ، فرد، قطعہ، نظم، مثنوی، کے الفاظ لکھے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک لکھ کر وہ

Marfat.com

اشعار لکھتے ہیں۔ عموماً قرآن کریم کے ان مقامات کو انہوں نے شعر کا قالب دیا ہے جن میں حمد (۶)، نعت (۷)، تصوف، حب دنیا کی مذمت، اصلاح معاشرہ اور بعض مقامات پر فقہی مسائل بیان ہوئے ہیں۔ ان میں سے کسی ایک موضوع کو لے کر اچھے خاصے اشعار جمع کیے جا سکتے ہیں۔ غالباً سب سے زیادہ اشعار قصہ یوسف میں ہیں جہاں ایک مقام پر پورا صفحہ اشعار سے بھرا ہوا ہے۔ (۸)

تفسیر کا آغاز حمد سے کرتے ہیں۔ آخری اشعار یہ ہیں:

بنایا دن کو مہر اور رات کو ماہ
عجب اللہ ہی اللہ اللہ
ہوا پھر فرض شکر اس کا کریں ہم
جبین اُس کی رضا میں اور مریں ہم (۹)

نعت کا آغاز ان اشعار سے کرتے ہیں:

محمد شمعِ ایوانِ نبوت
محمد مشعلِ بزمِ فتوت
محمد آفتابِ مشرقِ نور
محمد ماہتابِ مطلعِ سور (۱۰)

منظوم تفسیر کا اسلوب درج ذیل مثالوں سے سمجھا جا سکتا ہے۔

(۱) صراط مستقیم کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

فضل سے اپنے ہمیں رب کریم
کر تو ہدایت بره مستقیم

Marfat.com

راہ وہ جس راہ پر گئے ہیں نبی
صلی اللہ علیہ وعلی الہ وسلم (۱۱)

(۲) رحمت الٰہی کا ذکر کرتے ہوئے رحمان اور رحیم کی وضاحت میں یہ شعر لکھا:

لطف فرما جو وہ رحمت سے نہ اس دم ہوتے
حشر کے خوف سے ہم زندہ ہی بے دم ہوتے (۱۲)

(۳) لفظ غیب کی وضاحت کرتے ہوئے صوفیہ کے مختلف افکار کا ذکر کرنے کے بعد بیت، شعر اور نظم کے عنوان سے بالترتیب درج ذیل اشعار تحریر کرتے ہیں:

بیت:

اسے کس طرح دیکھے رافت بیچارہ حیران ہی
تصور میں جس کے دیدۂ نظارہ حیران ہی

شعر:

پردہ اٹھا اٹھا کے جسے جھانکتی ہی خلق
ہم دیکھ آئین ہیں اسے وہ یار ہی نہیں

نظم:

تادوست بچشم سر نہ بینم ہر دم
در راہ طلب کجا نشینم ہر دم
گویند خدا بچشم سر نتوان دید
آن ایشا نند و من چنینم ہر دم (۱۳)

اس نظم سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمام اشعار اُردو میں نہیں بلکہ فارسی زبان میں؟

Marfat.com

بھی شعر کہے ہیں۔

(۴)　سورۃ آل عمران میں لفظ ''ربانیین'' کی وضاحت ان اشعار میں کی:

یاد اس کے میں اپنا جی گما بیٹھے ہیں
سب کچھ جز دوست کے بھلا بیٹھے ہیں
جس نے کہ قدم رہ محبت میں رکھا رافت
دو جہان سے ہاتھ اٹھا بیٹھے ہیں(۱۴)

(۵)　سورۃ آل عمران کی آیت (۱۰۳) ''وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا'' میں ''حبل اللّٰہ'' سے مراد ''قرآن شریف ہے یا موافقت پیغمبر خدا ﷺ'' پھر اس دوسرے قول کی تشریح قطعہ کی صورت میں یوں ہے:

سمجھے گا یہاں نہ حضرت معبود کو کوئی
وہاں پائے گا نہ جنت موعود کو کوئی
سچ ہی کہ بے متابعت سید رسل
پہنچے کبھی نہ منزل مقصود کو کوئی(۱۵)

(۶)　''وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ'' (آل عمران:۱۳۴) کی تفسیر اس بیت میں بیان کی ہے:

صف شکنی سے نہیں کچھ پہلوان
خود شکنی چاہیے رافت یہاں(۱۶)

(۷)　''اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا'' (النساء:۴۳) کی تفسیر بایں الفاظ کا بیان ہے:

Marfat.com

وہ بخشے ایکدم کے ہی ندم سے جرم صد سالہ
جو غفران ہو تو ایسا ہو جو رحمت ہو تو ایسی ہو(۱۷)

(۸)　''کَتَبَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ''(الانعام:۱۲) کی تفسیر کے بعد دو اشعار لکھے جن میں انتہائی خوبصورتی سے اپنا تخلص بھی لے آئے:

ہم عدم میں مستحق رافت تھے کب
سر بسر ہے محض ہی الطاف رب
جان دے کر ہم کو بینا کر دیا
زندہ و دانا توانا کر دیا(۱۸)

(۹)　سورۃ یوسف کی تفسیر کا اختتام اس شعر پر کیا:

عجب مطالب عجب مآرب عجب حکایات نادر ہیں
نہ کیونکہ احسن قصص کا کہیے اس میں آیات مظاہرہ ہیں(۱۹)

(۱۰)　واقعہ معراج کا ذکر کرتے ہوئے عطائے صلوٰۃ خمسہ کو یوں بیان کیا:

واہ کیا لطف ایزدی ہی ئیے
پانچ میں دے پچاس کے درجے(۲۰)

تفسیر روفی میں قرآن کریم کے لفظ یا آیت کے بعض حصہ کو شعر میں خوبصورتی سے استعمال کرنے کی مثالیں بھی ملتی ہیں۔

(۱)　گیارہ اشعار پر مشتمل نظم میں آیت قرآنی کو اس طرح نظم کیا گیا:

لـن تـنـالـوا الـبر حتـى تـنـفـقـوا
سن کے اے رافت عمل کر اس پہ تو

Marfat.com

اس نظم میں اپنے تخلص کو دو مرتبہ استعمال کیا ہے: نواں شعر ملاحظہ ہو:

آرزو و خواہش اپنی سب بھلا
تجھ سے خوش ہووے گا رافت تب خدا (۲۱)

(۲) ''قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ'' (الانعام:۱۶۲) کی تشریح کرتے ہوئے قرآن کریم کے الفاظ کو اس طرح استعمال کیا:

صلوٰۃ ونسک اور حیات و ممات
خدا کے لیے سب ہی ای نیک ذات (۲۲)

بعض اوقات آیت کے الفاظ کو ہی حسن خوبی سے شعر میں ڈھال دیتے ہیں:

(۱) آیت کو شعر میں استعمال کرنے کی ایک خوبصورت مثال یہ ہے:

ثانی اثنین اذ ہما فی الغار
یعنے صدیق فکر صحب کبار (۲۳)

(۲) ایک مثال یہ بھی ملاحظہ فرمائیں:

جلوۂ حق سے ہم میں رہے کیا
ان الباطل کان زہوقا (۲۴)

(۳) ''وَاللّٰہُ عِنْدَہٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ'' (آل عمران:۱۴) کی تفسیر ملاحظہ ہو:

گیارہ اشعار پر مشتمل نظم میں آیت قرآنی کو اس طرح نظم کیا گیا:

کس لیے پھرتا ہے جابجا تو بصد اضطراب ہی
پاس اس کے جا کہ عندہ حسن المآب ہی (۲۵)

Marfat.com

(۴)　سورۃ الحج کی آخری آیت کے آخری حصہ ''هُوَ مَوْلٰكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ''(الحج:۷۸) کی وضاحت کے لیے اسلوب رافت ملاحظہ فرمائیں:

اس ہے یہی جو چاہے چاہ ای غم اسیر
وہی نعم المولٰی اور نعم النصیر (۲۶)

(۵)　''اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ''(الکوثر:۳) کے تحت لکھتے ہیں:

گلِ مراد رہے کیوں نہ تیرا تازہ و تر
کہ شان میں عدد کے تیرے ہوا الابتر (۲۷)

دوسرے شعراء کے مصرعہ کو اپنے شعروں میں استعمال کرنے کی روایت بھی رافت کے ہاں ملتی ہے۔ لبید کے جس قول کو رسول کریم ﷺ نے سچا فرمایا، اس کو شاہ عبدالرؤف نے سورۃ الحج کی آیت ۶۲ ''وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ '' میں یوں استعمال کیا۔

سب وہی ہی اور کو مت دیکھ تو
کل شئ ما خلا اللّٰہ باطل
ماسوا فانی وہ ہی باقی قدیم
کل شئ ھالک الا الرحیم (۲۸)

ان مثالوں کے بعد ہم کہہ سکتے ہیں کہ تفسیر رؤفی کے ذریعہ مخلوط طور پر منظوم اور منثور تفسیر نگاری کی روایت کا آغاز ہوا۔ بعد کے ادوار میں یہ روایت نظم اور نثر کی صورت میں علیحدہ علیحدہ منظر عام پر آئی۔ مگر مفسر کے اشعار ہی سے مزین منظوم اور

Marfat.com

منثور اسلوب کو مولانا عبدالقدیر حسرت نے باقی رکھا اور یہ اسلوب ان کی تفسیر صدیقی میں نمایاں طور پر نظر آ رہا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ تفسیر سے تمام اشعار کو مرتب کر کے ایک مجموعہ مرتب کیا جائے اور اُردو کے دیگر شعراء کی طرح رافت کے شعری ذوق کا اندازہ لگایا جائے۔

تفسیر کے اختتام پر ایک مثنوی اور مصنف کے تین قطعاتِ تاریخ ہیں۔ پہلا قطعہ ملاحظہ ہو:

کری ختم رافت نے تفسیر جس دم
کہ جس میں سلامت مطلب بیان ہے
کلام الٰہی کا اُردو زبان میں
کھلا ترجمہ صاف آئینہ ساں ہی
بتاریخ آئی ندا غیب سے یوں
کہ تفسیر قرآن ہندی زبان ہی(۲۹)

Marfat.com

حواشی

۱۔　سیارہ ڈائجسٹ، قرآن نمبر، ۲/۱۷۰

۲۔　تفسیر رؤفی، الحقائق فاؤنڈیشن، لاہور، ۲۰۱۲ء، ۱/۴

۳۔　ڈاکٹر سلیم حامد رضوی نے شاہ رؤف کو اُردو کے مشاہیر شعراء میں شمار کیا ہے۔ (اُردو ادب کی ترقی میں بھوپال کا حصہ، ص: ۱۱۸) عبدالغفور نساخ کے بقول: ''حضرت شاہ عبدالرؤف احمد مرحوم خلف شاہ شعور احمد مغفور سرہندی شاگرد جرأت، حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد میں تھے اور بڑے زبردست عالم تھے عروض وقوافی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔'' (سخن شعراء، ص: ۱۱۸) آپ کی شعری خوبیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر سلیم حامد رضوی نے لکھا: ''رافت کے یہاں شکوہ لفظی، بندش کی چستی اور روزمرہ کے ساتھ صنعتوں کا بھی فنکارانہ استعمال ہے مگر خشکی نہیں ہے۔ جہاں خیال آفرینی اور صنعت کاری ہے وہاں جذبات کی گہرائی اور تصوف کی لطیف چاشنی بھی موجود ہے۔ دوسری چیز جو رافت کے یہاں ہم کو ملتی ہے وہ یہ ہے کہ ان کا کلام ناہمواری سے بڑی حد تک پاک ہے۔'' (اُردو ادب کی ترقی میں بھوپال کا حصہ، ص: ۱۹۹) شاہ عبدالرؤف رافت کے احوال وکوائف کے لیے مزید ملاحظہ فرمائیں:

(i)　راقم کا مضمون ''شاہ عبدالرؤف رافت کی اُردو شاعری''، مطبوعہ: راوی، جی سی یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۹ء، ص: ۸۱۔۸۳

(ii)　دانشنامہ ادب فارسی تہران، جلد۴، ص: ۱۲۳۶

(iii)　تذکرہ گلشن بے خار، ص: ۲۰۷

(iv)　فارسی گوشعرای اُردو، ص: ۱۴۱

(v)　سخن شعراء، ص: ۱۷۸

(vi)　اُردو ادب کی ترقی میں بھوپال کا حصہ، ص: ۱۱۷

Marfat.com

۴۔ تفسیر رؤفی، جلد ا، ص: ۴۹۵

۵۔ تفسیر رؤفی، جلد ا، ص: ۴

۶۔ تفسیر رؤفی، جلد ا، ص: ۴۹۹

۷۔ تفسیر رؤفی، جلد ا، ص: ۳۹۰، ۴۵۷

۸۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۳

۹۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۲

۱۰۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۳

۱۱۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۱۱

۱۲۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۱۶

۱۳۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۵

۱۴۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۲۹۳

۱۵۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۲۹۹

۱۶۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۳۰۶

۱۷۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۳۲۸

۱۸۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۳۹۵

۱۹۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۷

۲۰۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۱۲۷

۲۱۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۲۹۶

۲۲۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۲۷

۲۳۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۹۱

۲۴۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص:

Marfat.com

۲۵۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۷۵

۲۶۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۵۱

۲۷۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۴۲

۲۸۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۹

۲۹۔ تفسیر رؤفی، جلد دوم، ص: ۴۵۲

Marfat.com

دیوان رافت: تعارف و جائزہ

مجددی صوفیہ نے اُردو ادب کے ارتقاء اور فروغ کے لیے ناقابل فراموش خدمات انجام دی ہیں۔(۱) اس کی وجہ حضرت خواجہ باقی باللہ اور حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے فیوض و برکات واثرات ہیں۔(۲) حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے چھوٹے بیٹے شاہ محمد یحیٰ (م ۲۷ر جمادی الاخری ۱۰۹۴ھ) کی اولاد میں شاہ رؤف احمد رافت (م ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۳ء) کا شمار بھی اُردو زبان کے نمایاں شعراء میں ہوتا ہے۔

جواہر علویہ میں اپنے بارے میں تحریر کرتے ہیں:

"میں مصطفیٰ آباد عرف رامپور میں ۱۴ محرم ۱۲۰۱ھ کو پیدا ہوا۔

میرے جد بزرگوار نے میرا تاریخی نام رحمٰن بخش رکھا۔"(۳)

خاندان قادری میں محبوب الٰہی حضرت شاہ درگاہی رحمۃ اللہ علیہ سے کسب فیض کیا۔ شاہ غلام علی دہلوی کی درگاہ میں آئے تو خواہش سے زیادہ پایا اور ان ہی کے حکم پر بھوپال تشریف لے گئے۔ انتقال سفر حج کے دوران ہوا اور یلملم کے قریب دفن ہوئے۔

شاہ رؤف کی علمی و ادبی خدمات پر زیادہ نہیں لکھا گیا مگر جو کچھ محفوظ ہوا وہ اُردو زبان و ادب میں ان کی خدمات عالیہ کا مظہر ہے۔ رافت (۴) تخلص ہے اور اشعار میں بعض جگہ رافتا (۵) بھی استعمال کیا ہے جس کی دو وجہیں ہیں پہلی وجہ

Marfat.com

ضرورت شعری ہے کہ جس میں ارکان بحر کی مطابقت کی رعایت رکھی گئی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ رافت کے آگے الف کا لگانا خطاب و ندا کی علامت ہے یہ دوسری وجہ ہی زیادہ معتبر ہے۔ ان کے شاگرد عبدالغفور نساخ (م ۴ شوال ۱۳۰۴ھ/ ۱۴ جون ۱۸۸۹ء) نے سخن شعراء میں ان کے ایک فارسی اور چھ اُردو دواوین کا ذکر کیا ہے۔ ان کی شاعری پر نساخ نے ان الفاظ میں تبصرہ کیا ہے:

> ''بڑے زبردست عالم تھے۔ عروض و قوافی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ فارسی میں ایک دیوان اور ریختہ میں چھ دیوان اور ہر فن میں ان سے ایک دو رسالے یادگار ہیں۔ جمیع اصناف سخن پر قادر تھے۔''(۶)

اُردو میں دیوان ''عقد پروین المعروف بہ دیوان رافت'' ہے۔ دیوان کا آغاز ان جملوں سے ہوتا ہے:

> ''الحمد للّٰه العلی العظیم القادر الرؤف الکریم والصلواۃ والسلام علی حبیبه الاحمد ﷺ الرؤف الرحیم اعنی علی امته الاثیم وعلی آله وصحبه الف الف تحیة وصلوٰۃ وتسلیم، ''بعد حمد ونعت کے صاحبان رافت وخبرت پر روشن ہو کہ موقع سپاس بی قیاس رب الناس ہی کہ یہ دیوان رفیع نبیان جناب غفران مآب محب باصفا شیخ ابراہیم موسیٰ نے جمع کیا ہے نام دیوان عقد پروین ہی یہ نسخہ ایک ایسے بزرگوار عالی مقدار کی تصنیفات سے ہی کہ جس کی بزرگی

Marfat.com

اور ولایت میں مسلمانان باخبر اور دین داران نیکو سیر کو کسی طرح کا شک وشبہ نہیں الحق مردان خدا خدا نہ باشد، لیکن ز خدا جدا نہ باشد، قیامت ان کی وفات خوش آیات کے وقت سب کے سب رفقاء پر روشن ہوئی اس دیوان کے غزلوں کا پڑھنا جو کہ سراسر جناب رسالت مآب علیہ الف الف تحیۃ الی یوم الحساب کی مدح اور توصیف سے مملو ہیں۔ دین و دنیا کی مُرادوں کی تحصیل کا موجب ہی بلکہ اس دیوان کی ایک ایک جلد اپنے مکان میں رکھنا موجب برکت و آبادیٔ مکان ہی آپ کی تصنیفات سے مولود روفی جس میں حضرت ﷺ کی ولادت کا احوال خوش مآل ہی اور تفسیر اُردو کثیر الحجم زبان تصوف میں آپ نے لکھی جس کی سیر سے آپ کے علم و کمال کا حال روشن ہوتا ہے دوسرا حضرت کا معراج نامہ اعجاز ختامہ مشہور و معروف ہے۔ اسم مبارک آپ کا مولانا روف احمد اور تخلص رافت ہے۔ جناب تجارت مآب سوداگر خلیق و حلیم قاضی عبدالکریم صاحب ابن جناب مرحوم و مغفور قاضی فتح محمد صاحب کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ ان کتابوں کو وہ چھپواتے ہیں اجر عظیم پاتے ہیں اور کاتب کی بھی سعادت ہے کہ ایسے بزرگ کے کلام تحریر کرے، دامن مراد گلہائے مقاصد سے بھرے اب جناب باری اس راقم کا اور ان سب کا خاتمہ بخیر کرے زندگی بعزت بیر کرے۔ آمین اللہم آمین

Marfat.com

بحق سید المرسلین وآلہ وصحبہ اجمعین۔'' (۷)

سید امیر الدین نزہت نے اس دیوان کی تاریخ تالیف یوں نکالی ہے:

سر اوصاف سے تاریخ تالیف
ہوئی ہی خوب نو طرز مرصع (۹)

۱۲۸۱

اس دیوان کا آغاز حمدیہ اشعار سے ہوتا ہے۔ پہلا شعر ملاحظہ فرمائیں:

لکھوں ثنا اس کی کیا کہ جس نے کیا ہے ارض و سماء پیدا
صدف سے موتی شکم سے انسان کیا بیک قطرہ ماء پیدا (۹)

اہل فن سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ درمیان شعر ہمزیہ قوافی کو برتنا ہر کس و مہہ کی بات نہیں۔

آخر شعر میں ہمزیہ قوافی کی مثالیں تو کلام عرب میں مل سکتی ہیں مگر ادب اُردو میں اس کا امکان معدوم و نایاب نظر آتا ہے۔ متاخرین میں سے کسی نے اس پر طبع آزمائی کی ہو تو کچھ کہہ نہیں سکتے تاہم متقدمین میں اس کا التزام نہیں ملتا، چہ جائیکہ کسی نے درمیان شعر ہمزیہ قوافی کو نباہا ہو۔

اس کے بعد نعت ہے۔ آخری شعر یہ ہیں:

کرم سے ان کے یقین ہے شیطان بہ نزع کچھ شک نہ لا سکے گا
کرے گا گر یک سوال آ کر تو ہوں گے لاکھوں جواب پیدا
گناہ ہیں بے حساب رافت اگرچہ اپنے یہ شکر ہی پر
کہ کر دیے ہیں خدا نے ایسے شفیع روز حساب پیدا (۱۰)

Marfat.com

دیوان رافت کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے تو علم بیان کے اصول اربعہ تشبیہ، استعارہ، مجاز اور کنایہ کے ساتھ ساتھ ان اصولوں کے وہ تمام اجزائے فروعیہ کہ جوان کے ذیل میں نمو پذیر ہوتے ہیں، دیوان رافت میں جا بجا ملتے ہیں۔ اسی طرح علم معانی و بدیع کی اقسام وصناعات کا وجود بھی دیوان رافت کے جہان فصاحت میں کثیر مقامات پر نظر آتا ہے۔ دیوان رافت کا حصہ اول تو ایک مستقل غزلیہ تسلسل ہے جس کو ایک ہی بحر میں صرف قافیہ کی تبدیلی کے ساتھ نباہا گیا ہے۔ حصہ اول میں ۳۳ کلام ہیں جن میں اشعار کی تعداد ۲۵۸ ہے جو ایک ہی وزن ''بحر متقارب مقبوض اثلم فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن'' میں نظم کیے گئے ہیں۔ ان تمام اشعار کی ردیف ایک ہی ہے بس قافیہ مختلف ہے۔ ہر کلام کے مقطع میں قافیہ کی تبدیلی کا اشارہ کیا جاتا ہے اور بعد ازاں حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق الف سے یا تک بڑی ماہرانہ دسترس کے ساتھ اس تسلسل کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا ہے۔ اسی طرح حصہ دوم جو کہ ایک الگ مکمل دیوان ہے جس میں ۳۴ کلام نظم کیے گئے ہیں جن میں اشعار کی تعداد ۲۷۰ ہے جو ایک ہی وزن بحر رمل مثمن مزاحف مخبوں مقطوع محذوف مسکن مذال فاعلاتن فعلاتن فعلن فعلان میں ہیں۔ یہاں فرق صرف اتنا ہے کہ ہر کلام اپنی ذات میں ایک مستقل کلام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دیوان رافت میں شعر اول سے شعر آخر تک قاری کا ذوق انتشار کا شکار نہیں ہوتا اور وجدان قاری کے تاروں کو قافیہ کی تبدیلی ایک نئی ضرب اور ہر ضرب ایک نئی کیفیت اور ہر کیفیت ایک نئے لطف سے آشنا کرتی ہے۔ نئے نئے تجربات اور لفظوں کو حقیقی و مجازی معنی میں استعمال کرنے کا جو عمل دیوان رافت میں ہے وہ دوسروں کے دواوین میں مفقود نہیں تو بہت کم نظر آتا

Marfat.com

ہے۔ ایسے ایسے نادر مضامین ہیں کہ جن کو شعر میں باندھتے ہوئے اساتذہ بھی ہچکچاتے ہیں، بڑی سہولت کے ساتھ استعمال کیے گئے ہیں۔

یہاں ایک فنی نکتہ بھی غور طلب ہے کہ اول جو بحر متقارب میں ہے اور حصہ دوم جو کہ بحر رمل میں ہے۔ دونوں حصے الگ الگ نوعیت کے دیوان ہیں۔ پہلا تو متحد النوع ہے کہ ایک ہی نوع کی ردیف ہر کلام کا حصہ ہے جبکہ دوسرا حصہ مختلف النوع ہے کہ ہر کلام کی ردیف الگ ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے ورود پذیر ہوئی ہے، یعنی پہلے حصے میں حروف تہجی کا اعتبار باعتبار قافیہ کیا گیا ہے اور دوسرے حصہ میں حروف تہجی کا اعتبار باعتبار ردیف کیا گیا ہے۔ ان دونوں دواوین کی ہیئت کے مختلف ہونے میں راز یہ ہے کہ پہلا حصہ بحر متقارب میں ہے اور بحر متقارب دائرہ متفقہ کی بحر ہے اور دوسرا حصہ بحر رمل میں ہے اور بحر رمل دائرہ مجتلبہ مسدسہ کی بحر ہے۔ جب بحروں کا دائرہ مختلف ہوا تو دونوں دواوین کی ہیئت بھی مختلف رکھی گئی۔ اب یہ اتفاق فکر ہے یا التزام فکر، کچھ کہا نہیں جا سکتا تاہم یہ توجیہہ قابل التفات ہے۔

اب اگر بلاغت کے نقطہ نظر سے کلام رافت کو دیکھیں تو اس میں تمام فنی خصائص بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں۔ ''عقد پروین المعروف دیوان رافت'' کی غزل کا ایک مقطع جس میں مشبہ اور مشبہ بہ میں قصد مساوات کیا گیا ہے:

غزل بدل قافیہ سنا پھر کہ ہند میں تو ہو ہے رافت
نظامی و جامی اور سعدی سحابی و بدر و چاچ پیدا(۱۱)

اس شعر میں رافت نے اپنے مقام و مرتبہ کا ذکر کیا۔ خود مشبہ بنے اور دیگر بلند مرتبہ اساتذہ سخن کو مشبہ بہ بنایا۔ مشبہ و مشبہ بہ بعض اوقات حسی ہوتے ہیں اور بسا

Marfat.com

اوقات عقلی۔ ان کی مثالیں کلام رافت میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ غزل کا ایک شعر جو قوت باصرہ سے متعلق ہے:

تمہارے قد کا ہو گر تصور بزعم ایغیرت صنوبر
تو خود بخود بعد مرگ ہووے مزار پر کیوں نہ گاچ پیدا (۱۲)

مشبہ اور مشبہ بہ کے حسی ہونے کی ایک خوبصورت مثال:

نہیں ہے روئے عرق فشاں پر کسی کی زلف سیاہ رافت
ہوا ہے یہ اس کے چاٹنے کو خدا کی قدرت کا ناگ پیدا (۱۳)

تشبیہ ملفوف (۱۴) کی قبیل سے رافت کا ایک شعر دیکھیے:

چشم اس کے قد موزوں پہ فلک دیکھ کہیں
نرگس حسن عجب ہی یہ صنوبر کے بیچ (۱۵)

اس شعر میں دو مشبہ اور دو ہی مشبہ بہ ہیں: چشم، قد موزوں اور نرگس حسن عجب، صنوبر جو کہ ترتیب سے ذکر ہوئے ہیں۔ جہاں یہ شعر تشبیہ ملفوف میں ہے تو وہیں صنعت لف و نشر مرتب میں بھی ہے۔

استعارہ کی ایک مثال غزل کا یہ شعر ہے:

قصد جانے کا نہ کر یہاں سے کہ مر جائیں گے ہم
ای صنم مار کے بس چھاتی پہ پتھر بفراق (۱۶)

کنایہ کی مثال ملاحظہ فرمائیں:

مریض غم کی تیرے عیادت کرے کوئی کیا عجب ہے حالت
کہ قوت ضعف لاغری سے ہے آپ پنہاں فراش پیدا (۱۷)

Marfat.com

مریضِ غم ہونا کنایہ ہے عاشق ہونے سے۔اسی طرح ان کا یہ شعر:

سانس ٹھنڈی نہ بھروں کیونکہ میں خالی گھر دیکھ
مجھ کو دم دے کے سدھارا وہ ستمگر افسوس (۱۸)

ٹھنڈی سانسیں بھرنا مبتلائے غم ہونے سے کنایہ ہے۔

قدیم اُردو شعراء کا عربی ذوق بھی اس دیوان میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔دیوان کا آخری کلام عربی میں صلوٰۃ وسلام کا ہدیہ ہے۔اشعار ملاحظہ فرمائیں:

صلِّ علیٰ محمدٍ مِہر سپہر اصطفا
صلِّ علیٰ محمدٍ ماہِ سماء اجتبا
صلِّ علیٰ محمدٍ مفخرِ جملہ انبیا
صلِّ علیٰ محمدٍ رہبر جُملہ اولیا
صلِّ علیٰ محمدٍ کاشفِ سہل آتیٰ
صلِّ علیٰ محمدٍ واقفِ رازِ انما
صلِّ علیٰ محمدٍ مورد مدحت و ثنا
صلِّ علیٰ محمدٍ او ضح وصفِ والضحیٰ

یہ دیوان جہاں قواعد وفن کا شاہکار ہے وہیں انیسویں صدی کے اسلوب شعری اور املاء کا آئینہ دار بھی ہے۔اس دور میں الفاظ کو جوڑ کر لکھنے اور''ں'' کی بجائے ''ن'' کے مروج ہونے کی مثالیں دیوان رافت میں عام ہیں۔چند مرکب الفاظ اور عصری املائی اسلوب ملاحظہ فرمائیں:

Marfat.com

جانسے	جان سے	ہمکو	ہم کو
اسبات	اس بات	جسمیں	جس میں
تجھکو	تجھ کو	تمنے	تم نے
لگجائے	لگ جائے (۱۹)		

اس کتاب کے آخر پر لگا ہوا اشتہار اس حقیقت کا مظہر ہے کہ اشاعتی اداروں کا مزاج اور ذوق ہمیشہ ایک سا رہا ہے۔ اس اشتہار کو من وعن استفادۂ ناشرین کے لیے نقل کیا جاتا ہے:

''اشتہار واجب الاظہار

جمیع صاحبان اہل مطابع نزدیک و دور و تاجران کتب والا شان ذی شعور کی خدمت میں عرض ہی کتاب ہذا داخل ہی رجسٹر گورنمنٹ ہی اور حقوق تصنیف و تالیف مصنف کی جانب سے مہتمان کے پاس محفوظ ہیں للہذا کوئی صاحب قصد طبع نہ فرمائے عوض نفع قلیل نقصان کثیر کی زحمت نہ اوٹھائی جس قدر نسخے مطلوب ہوں بارسال زر قیمت دکان نمبر ۶۵ واقعہ کولہ محلّہ قریب پاوے ہونی سی طلب فرمائی فقط

المشتہر

قاضی عبدالکریم، قاضی رحمت اللہ تاجران کتب بمبئی''

اس مختصر تعارف سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ دیوان رافت موضوعاتی اور فنی اعتبار سے اُردو ادب کا ایک لازوال کارنامہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی صاحب ذوق اس دیوان کی ترتیب و تدوین نو پر توجہ دیں تا کہ عصر حاضر میں فکر رافت جو فکر راست ہے، سے استفادہ کیا جائے۔ یہ دیوان خانقاہوں سے وابستہ افراد کا اردو شاعری میں کردار، کے حوالہ سے مطالعہ کی سمت بھی متعین کرے گا۔

Marfat.com

حواشی

۱۔ شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، اُردو شاعری کے فروغ میں مجددی صوفیہ کا کردار، مشمولہ: خدابخش لائبریری جرنل، پٹنہ،۲۰۰۸ء، جلد ۱۵۳، ص: ۶۷۔۸۶

۲۔ شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، خواجہ باقی باللہ کا شعری ذوق، مشمولہ: خدابخش لائبریری جرنل، پٹنہ، فروری ۲۰۱۲ء

۳۔ رافت، رؤف احمد، جواہر علویہ، ملک فضل الدین، مترجم، لاہور: تاجران کتب قومی، ۱۹۱۹ء، ص: ۲۷۱

۴۔ دیوان رافت میں آپ کا تخلص عموماً یہی ہے۔آخری صفحہ پر ناشر کے یہ الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

الحمد للہ والشکر للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ واصحابہ الی یوم بعث خلق اللہ بعد حمد وصلوٰۃ کے شائقین دواوین مدح رسول مقبول پر روشن ہو کہ دیوان فصاحت و بلاغت عنوان جناب کرامت وولایت انتساب صدر آرائے محفل شریعت وطریقت سالک مسالک جادہ معرفت وحقیقت سخنور امجد والا مرتبت مولانا رؤف احمد صاحب المتخلص بہ رافت عطر اللہ تربتہ بالمسک کا جس کا نام عقد پروین ہی جناب فیضی مآب قاضی عبدالکریم و قاضی رحمت اللہ صاحب نے اپنے مطبع فتح الکریم میں چھپوا کر نور افزائے چشم خلائق کیا جناب باری اس کے مصنف اور طباع اور کاتب کو اور مصحح کو اس سبز خیمہ کے نیچے باغ باغ رکھے دل بہار منزل ہر ایک بافراغ رکھے بحق رسول اللہ وآل رسول اللہ اللہم آمین۔

۵۔ دیوان کا یہ شعر ملاحظہ فرمائیں:

Marfat.com

تو رافتؔ شاعر بن ہی غزل بدل قافیے کو پڑھ پھر

نئے نئے ہوں گے لاکھ مضمون جو تو نے کی ہی تلاش پیدا

۶۔ نساخ، عبدالغفور، سخن شعرا، لکھنؤ، اتر پردیش اُردو اکادمی، ۱۹۸۲ء، ص: ۱۷۸

۷۔ عقد پروین، ص: ۲-۳

۸۔ ایضاً

۹۔ ایضاً، ص: ۴

۱۰۔ ایضاً، ص: ۵

۱۱۔ ایضاً، ص: ۷

۱۲۔ ایضاً

۱۳۔ ایضاً، ص: ۱۵

۱۴۔ تشبیہ ملفوف وہ ہے کہ جس کے طرفین (مشبہ اور مشبہ بہ) متعدد ہوں بایں طور کہ پہلے مشبہات کو بطریق عطف ذکر کیا جائے پھر اسی طرح مشبہات بہا کو بالترتیب ذکر کیا جائے۔ قاسم، دکتور محمد احمد، محی الدین دیب، دکتور، علوم البلاغہ، طرابلس، ۲۰۰۳ء، ص: ۱۵۵

۱۵۔ دیوان رافت، ص: ۲۲

۱۶۔ ایضاً، ص: ۲۹

۱۷۔ ایضاً، ص: ۱۱

۱۸۔ ایضاً، ص: ۲۵

۱۹۔ دیوان رافت کے بالترتیب درج ذیل صفحات ملاحظہ فرمائیں: ۲۵ تا ۳۰

Marfat.com

نوٹ: شاہ رؤف رافت کے احوال کے لیے ملاحظہ کریں:

(i) شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، راوی، جی سی یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۹ء، ص:۸۱_۸۳

(ii) صبا اسلام، شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، تفسیر رؤفی: مطالعہ و جائزہ، فیصل آباد، شمع بکس، ۲۰۱۵ء

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی کے اسلوبِ دعوت کی عصری معنویت

ڈاکٹر محمد اکرم وِرک، ایسوسی ایٹ پروفیسر

رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے بعد نبوت کا دروازہ تو ہمیشہ کے لیے بند ہو چکا ہے، تاہم قرآن نے دعوت وتبلیغ اور بنی نوعِ انسان کی ہدایت کی ذمہ داری پوری امتِ محمدیہ ﷺ پر ڈال دی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے خاص طور پر یہ ذمہ داری امت کے علماء پر عائد کی اور ان کے دعوتی کردار کو انبیائے بنی اسرائیل کے مماثل قرار دیا۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

> اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَلٰی رَأْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا دِیْنَھَا"(1)
>
> "بے شک اللہ تعالیٰ ہر صدی کے اختتام پر اس امت میں ایک ایسا فرد پیدا فرمائے گا جو اس دین کی تجدید کرے گا۔"

اسلام چونکہ ایک ایسا دین ہے جو قیامت تک کے لئے ہے اس لئے ایک مناسب وقفے کے بعد امت کے لئے ایسے افراد کا وجود ناگزیر ہو جاتا ہے جو ایک طرف تو اسلامی احکام کی تشریح وتعبیر عصرِ حاضر کے احوال وظروف میں کرنے کی خداداد صلاحیتوں سے مالا مال ہوں اور دوسری طرف دینِ اسلام میں در آنے والی بدعات پر تنقید کر کے اسلام کی تنظیمِ نو اور تجدید کا فریضہ بھی انجام دیں۔ تاریخِ اسلام پر نظر

Marfat.com

رکھنے والے اہل علم جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے مطابق تجدید و احیائے دین کا یہ کام بسا اوقات ایک فرد سے لیا تو کبھی پوری جماعت سے۔ کسی دور میں تجدید و احیائے دین کی تحریک محض کسی خاص علاقے کی ضرورت تھی تو بسا اوقات یہ ضرورت پورے عالمِ اسلام کی تھی۔ شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ (۹۷۱-۱۰۳۴ھ / 1563-1624ء) کے دور کا تنقیدی مطالعہ اس حقیقت کو مبرہن کرنے کے لیے کافی ہے کہ اس وقت تجدیدِ دین کی ایک عالمگیر تحریک کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی، اور بجا طور پر شیخ مجددؒ کے تجدیدی کارناموں اور دعوتی کوششوں نے اس ضرورت کو بطریق احسن پورا کیا۔ حضرت مجددؒ کی دعوتی تحریک جن اصولوں پر کھڑی ہوئی اور پھر کامیابی سے ہمکنار ہوئی اس کا تجزیاتی مطالعہ دورِ حاضر کے داعیانِ اسلام اور دعوتی تحریکوں کے لیے بنیادی نصاب کی حیثیت رکھتا ہے۔ ذیل کی سطور میں ہم حضرت مجدد الف ثانیؒ کی دعوتی تحریک کی عصری معنویت واضح کرنے کی کوشش کریں گے۔

1- مبلغین کی تیاری اور تشکیل کی حکمتِ عملی

کسی بھی تحریک کی کامیابی کے لیے تربیت یافتہ اور مخلص کارکنوں کا وجود از بس ضروری ہے۔ حضرت مجددؒ جیسی عبقری شخصیت اس ضرورت سے غافل نہ تھی، چنانچہ اپنے دعوتی مشن کی تکمیل کے لیے آپؒ نے رجالِ کار کی تیاری اور تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ حضرت مجددؒ کی دعوتی تحریک کے نتیجے میں حق و باطل کے درمیان کشمکش کا آغاز اگرچہ مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دور میں شروع ہو چکا تھا لیکن آپؒ کی دعوتی کوششوں کا نقطۂ عروج جہانگیر کا دور ہے جب ۱۰۲۷ھ میں آپ کے

Marfat.com

داعی پوری دنیا میں پھیل چکے تھے۔ آپؒ نے اپنے بہت سے خلفاء کو تبلیغ و ہدایت کے لئے مختلف مقامات کی طرف روانہ فرمایا۔ ان میں سے ستر (۷۰) مولانا محمد قاسمؒ کی قیادت میں ترکستان کی طرف روانہ کئے گئے۔ چالیس (۴۰) حضرات مولانا فرخ حسینؒ کی امارت میں عرب، یمن، شام اور روم کی طرف بھیجے گئے، دس (۱۰) تربیت یافتہ حضرات مولانا محمد صادق کابلیؒ کے ماتحت کاشغر کی طرف اور تیس (۳۰) خلفاء مولانا شیخ احمد برکیؒ کی سرداری میں توران، بدخشاں اور خراسان کی طرف گئے۔ اور ان تمام حضرات کو اپنے اپنے مقامات پر زبردست کامیابیاں حاصل ہوئیں۔(2)

حضرت مجدد کے خلیفہ اجل حضرت خواجہ محمد معصومؒ اور سید آدم بنوریؒ اور ان کے مخلص اور باعظمت خلفاء اور جانشینوں کی کوششیں بار آور ہوئیں اور رفتہ رفتہ ہندوستان بارھویں صدی ہجری میں پوری دنیائے اسلام کا روحانی اور علمی مرکز بن گیا۔ مجددی خانقاہیں اور ان کے قائم کردہ مدارس سے ایک عالم نے فیض اُٹھایا جس کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ اگر داعی مدعو کی زبان، ان کی ثقافت اور کلچر سے واقف ہو تو اس کے لئے دعوت کا کام آسان ہو جاتا ہے اور اگر داعی انہی میں سے ایک فرد ہو تو مدعو کے لئے اجنبیت بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ حضرت مجددؒ کی دعوتی کوششوں میں بھی یہ حکمت عملی بھی بڑی نمایاں ہے کہ آپؒ نے مختلف علاقوں کی طرف جو مبلغ اور دعاۃ روانہ فرمائے ان میں سے اکثر لوگ یا تو انہیں علاقوں سے تعلق رکھتے تھے یا پھر وہ ان علاقوں کی زبان اور لوگوں کے پس منظر سے پوری طرح واقف تھے جس کی وجہ سے ان کی کوششیں بار آور ثابت ہوئیں۔ بہت سے علماء ومشائخ جو اپنے اپنے علاقوں میں احترام کے حامل تھے آپ نے انہیں بیعت وخلافت کے بعد ان کے اپنے علاقوں کی

Marfat.com

طرف روانہ فرمایا، ان میں شاہ بدخشاں کے معتمد علیہ شیخ طاہر بدخشیؒ، طالقان کے جید شیخ عبدالحق شادمانیؒ، مولانا صالح کولابیؒ، شیخ احمد برکیؒ، مولانا یار محمد، اور مولانا یوسف خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آپؒ نے ان میں سے اکثر حضرات کو خلافت و اجازت عطا فرما کر اپنے اپنے علاقوں اور مقامات کو واپس بھیج دیا، اسی طرح آپ نے پورے ہندوستان کے کونے کونے میں اپنے داعی روانہ فرمائے۔(3)

2- مسلم ریاست میں طریق دعوت و تبلیغ

ایک مسلم ریاست میں دعوتِ دین کا محفوظ اور بہترین طریقہ کیا ہے؟ ایک داعی کا ہدف اقتدار ہے یا صاحبِ اقتدار؟ شیخ مجددؒ کی دعوتی زندگی کا یہ پہلو آج کے وارثانِ محراب و منبر، پیرانِ طریقت اور داعیانِ اسلام کے خصوصی توجہ کا متقاضی ہے، جو اقتدار اور جاہ و منصب کے لئے ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے ہیں۔ شیخ مجددؒ نے انقلاب کی بجائے اصلاح کا اسلوب اختیار فرمایا۔ ایک ایسے دور میں جب آپؒ ہر اعتبار سے درجۂ کمال پر تھے، اور جہانگیر نے آپ کو قید کرلیا۔ اگر آپؒ چاہتے تو جہانگیر کا تختہ الٹ سکتے تھے، لیکن آپ نے اپنے صاحبزادگان اور مریدین کو صبر کی تلقین کی۔ اگرچہ اقتدار کے مصاحبین داعی کو اقتدار کے لئے خطرہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن یہ سازش داعی کی بے لوثی سے بے نقاب ہوجاتی ہے اور اگر صاحبِ اقتدار میں فطری سلامتی کی معمولی رمق بھی ہو تو وہ بہت جلد ایک سچے داعی کے سامنے اپنی گردن کو جھکا دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی دعوتی حکمتِ عملی میں یہ بات بڑی واضح تھی کہ آپ ﷺ نے شاہانِ عالم کے نام دعوتی خطوط میں ان کو قبول اسلام کی صورت میں اقتدار کی سلامتی کی ضمانت مرحمت فرمائی۔ حضرت مجددؒ کی دعوتی زندگی میں بھی یہ

Marfat.com

پہلو نکھر کر سامنے آتا ہے۔ آپؒ نے کرسئ اقتدار کو اپنا ہدف بنانے کی بجائے صاحب اقتدار کی اصلاح کو اپنا مطمع نظر بنایا۔ آخرکار جہانگیر کو اپنی غلطی کا احساس ہوا اور اس نے آپؒ کو پورے وقار کے ساتھ رہا کرنے کا حکم دیا اور بادشاہ جس شخص کو اپنے سامنے جھکانا چاہتا تھا خود اس کے عقیدت مندوں میں شامل ہو گیا۔ حضرت مجددؒ کے اسلوب دعوت سے یہ نمایاں ہے کہ داعیانِ اسلام کا اصل مقصد اور ہدف معاشرے کی اصلاح اور لوگوں کا تزکیہ نفس ہے، اقتدار ان کی دعوت کا نتیجہ تو ہو سکتا ہے ہدف نہیں ہے۔

3- مقتدر طبقہ بطور دعوتی ہدف

شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ نے ''اَلنَّاسُ علی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ'' کے اصول کے مطابق جن سیاسی شخصیات کو خاص طور پر خطوط صادر فرمائے اور ان کی اصلاح کی راہ سے بادشاہ، امراء اور دیگر عمائدین حکومت کی اصلاح کا قصد فرمایا ۔حضرت مجددؒ کے طرزِ عمل سے ہمیں یہ راہنمائی ملتی ہے کہ داعی کا ایک اہم ہدف یہ ہونا چاہیے کہ وہ معاشرے میں صاحبانِ اقتدار میں سے سلیم الفطرت انسانوں کی کھوج میں خصوصی محنت کرے، کیونکہ ایسے لوگوں کو تھوڑی سی محنت سے جادۂ مستقیم پر گامزن کیا جا سکتا ہے، اور پھر ان کی وساطت سے دیگر لوگوں کی اصلاح کچھ مشکل نہیں رہتی۔حضرت مجدد الف ثانیؒ قدس سرہٗ العزیز نے میرزا عبدالرحیم خانخاناںؒ کے نام تیرہ مکتوب ارسال فرمائے۔ میر محمد نعمان بدخشیؒ کے نام حضرت مجددؒ کے اب تک دستیاب ہونے والے مکتوبات کی تعداد تینتیس (۳۳) ہے۔ حضرت مجددؒ نے جن امرائے دربار اور اراکین سلطنت کے نام دعوتی خطوط لکھے ان میں خان اعظم، مرزا عزیز الدین، خان جہان خاں لودھی، خان خاناں مرزا عبدالرحیم، مرزا داراب، قلیج

Marfat.com

خاں، اور سید فرید بخاری وغیرہ تھے۔ حضرت مجددؒ کے خطوط کی بڑی تعداد سید فرید بخاری کے نام ہے، جو اکبری دور اور بعد ازاں جہانگیر کے دور میں دربار میں خاص اثر ورسوخ کے مالک تھے۔

داعی اپنی دعوتی کوششوں کا ہدف ہر طبقے کو بناتا ہے، تاہم عام لوگ سوسائٹی کے سرکردہ افراد کو ہمیشہ رول ماڈل (Role Model) کے طور پر دیکھتے ہیں، اس لئے داعی کو سوسائٹی کے مؤثر افراد پر خصوصی محنت کرنی چاہیے، رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کے قبولِ اسلام کی جو خصوصی دعا فرمائی تو اس کا اصل منشا بھی یہی تھا۔ حضرت مجددؒ کے اسلوبِ دعوت میں یہ چیز بڑی نمایاں ہے کہ آپؒ کے لکھے گئے دعوتی خطوط کی بڑی تعداد وہ ہے جن میں آپؒ نے امراء اور معاشرے کے سرکردہ افراد کو اپنا مخاطب بنایا ہے۔ اور ان کے سماجی اثر ورسوخ کی آڑ میں اصلاحِ احوال کی کامیاب کوششیں کی ہیں۔

4- دستیاب وسائل دعوت کا بھرپور استعمال

مجددؒ صاحب کے اسلوبِ دعوت کا ایک اور پہلو جو دعوتی تحریکوں اور ان کے کارکنان کے لئے قابلِ غور ہے وہ یہ ہے کہ صرف وہی داعی اپنے مشن میں کامیاب ہوتا ہے جو اپنے دور کے وسائل دعوت کو اپنے مشن کی کامیابی کے لئے احسن انداز میں استعمال کرتا ہے۔ حضرت مجددؒ نے ایک طرف اگر اپنے ذاتی کردار سے خلق خدا کو اپنی دعوت کی طرف متوجہ کیا ہے تو دوسری طرف آپؒ نے دعوتی خطوط کو اپنی تبلیغ کے لئے ایک مؤثر ترین ذریعے کے طور پر اختیار فرمایا، گویا آپؒ نے اپنے دور کی ''میڈیا وار'' میں دعوتی خطوط کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا۔ صرف وہی داعی اپنے مشن میں

Marfat.com

کامیاب ہوتا جو اپنے دور کے مزاج، زبان اور محاورے سے اچھی طرح واقف ہو اور لوگوں کو اس اسلوب میں مخاطب کرے جو ان کے لئے اجنبی نہ ہو۔ حضرت مجددؒ نے اس اسلوب کا خوب لحاظ کیا، آپؒ کے دعوتی مکتوب فارسی اور عربی زبان کے خوبصورت نثر پارے ہیں، جو اس دور کی زندہ زبانیں تھیں، اور آپؒ نے لوگوں کو جس محاورے میں مخاطب کیا ہے، اس دور کا سکہ رائج الوقت وہی تھا۔ دورِ حاضر میں داعیانِ اسلام کے لئے یہ اسلوب خاص طور پر قابلِ توجہ ہے جو نہ صرف اپنے مخاطبین کی زبان اور محاورے سے ناواقف ہیں بلکہ اس فکری پس منظر سے بھی نابلد ہیں جس میں آج کی نئی نسل کی ذہنی تشکیل ہو رہی ہے، اور یہی چیز ان کی دعوت کے غیر موثر ہونے کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ دورِ حاضر میں وارثانِ محراب و منبر پر اصحابِ کہف کی مثال صادق آتی ہے، جن کی زبان اور سکہ دونوں لوگوں کے لئے اجنبی تھے۔

عدمِ تشدد کے ذریعے اپنی بات منوانا دورِ حاضر کا ایک معروف فلسفہ ہے، سابق امریکی صدر بارک حسین اوباما کی کامیابی کے پیچھے کالی نسل کے امریکیوں کی پچاس سالہ عدمِ تشدد پر مبنی تحریک ہی کارفرما رہی ہے۔ عام طور پر مہاتما گاندھی کو ''تحریکِ عدمِ تشدد'' کا بانی کہا جاتا ہے، لیکن شاید یہ کہنا مبالغہ نہ ہو کہ جس طرح حضرت مجددؒ کو ''دوقومی نظریہ'' کا بانی کہا جاتا اسی طرح آپؒ بجا طور پر ''تحریکِ عدمِ تشدد'' کے بھی بانی ہیں۔ آپؒ نے ریاست سے ٹکر لئے بغیر جس طرح اپنے مشن کی تکمیل فرمائی، یہ کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ گاندھی جیسا قوم پرست لیڈر جس کی برصغیر کی تاریخ پر گہری نظر ہو اور جو اکبر کا قدردان بھی ہو، وہ حضرت مجددؒ کی تحریک دعوت اور اس کے اثرات سے آگاہ نہ ہو؟ معلوم یہ ہوتا ہے کہ گاندھی نے عدمِ تشدد کا سبق

Marfat.com

حضرت مجددؒ کی دعوتی تحریک ہی سے اخذ کیا ہے۔

5- عصری فتنوں کا درست ادراک

حضرت مجددؒ نے تجدید و احیائے دین کا عظیم الشان کارنامہ جس دور میں انجام دیا، اگر ہم اس دور کا تنقیدی جائزہ لیں تو یہ افسوس ناک حقیقت سامنے آتی ہے کہ بعض جاہل صوفیہ کے لبادے میں عوامی سطح پر اس غلط فہمی کو پھیلا رہے تھے کہ شریعت اور طریقت دو متوازی دھارے ہیں اور ان دونوں کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ حضرت مجددؒ نے اس گمراہ کن نظریہ پر کاری ضرب لگائی اور اس بات کو اپنے دعوتی مشن کا بنیادی نقطہ قرار دیا کہ شریعت اور طریقت ایک ہی حقیقت کے دو نام ہیں۔ ایک مکتوب میں حضرت میر نعمانؒ کو چند نصیحتیں کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہمارے اس سلسلے کا دارومدار دو باتوں پر ہے۔ ایک یہ کہ شریعت پر اس حد تک استقامت اختیار کریں کہ اس کے چھوٹے چھوٹے آداب کو بھی ترک نہ کریں اور دوسری بات یہ کہ شیخِ طریقت کی محبت اور اخلاص پر اس طرح راسخ اور ثابت قدم ہو جائیں کہ شیخ پر کسی قسم کا اعتراض نہ کریں بلکہ شیخ کی تمام حرکات و سکنات مرید کی نظر میں محبوب ہوں۔ سنت کے ترک کرنے پر بھی نصیحت فرمائی کہ سنت کی قضا کریں۔ (4) ذکر جہر کے متعلق سوال ہوا کہ آپ ذکرِ جہر سے منع کیوں فرماتے ہیں تو میر نعمانؒ کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضور ﷺ کا عمل دو طرح پر ہے۔ ایک عبادت کے طریقہ پر اور دوسرا عرف اور عادت کے طور پر۔ جو عمل عبادت کے طریق پر ہو، اس کے خلاف کرنا بدعت منکرہ ہے اور جو بات عرف اور عادت کے طور پر ہے، اس کو بدعت نہیں کہتا۔ (5) حضرت مجدد الف ثانیؒ سالک کے لئے نماز کی اہمیت پر

Marfat.com

روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سالکوں کو سب سے زیادہ فائدہ اور حصہ نماز کی بدولت حاصل ہوتا ہے۔ نمازی جب نماز ادا کرتا ہے تو اس دنیا سے نکل کر عالم آخرت میں داخل ہو جاتا ہے اور فرماتے ہیں کہ اگر نماز کی حقیقت معلوم ہو جائے تو انسان ہرگز سماع ونغمہ کی طرف توجہ نہ کرتا اور نہ ہی وجد کی حالت اس پر طاری ہوتی۔(6) یہی وجہ ہے کہ حضرت مجددؒ کی نظر میں سالک کی ترقی کا معیار شریعت پر عمل اور تعلیم طریقت پر ہے نہ کہ کرامات وخوارق کے ظہور پر۔ میر نعمانؒ کے نام ایک مکتوب میں فرماتے ہیں کہ کرامات وخوارق ولایت کی شرط نہیں ہیں۔ جس طرح علماء کرامات کے حصول کے مکلف نہیں ہیں، اسی طرح اولیاء بھی کرامات کے مکلف نہیں ہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ولایت قربِ الٰہی سے عبارت ہے۔ یہ تمام خوارق وکرامات اللہ تعالیٰ کا انعام ہیں۔ کرامات حرف یقین کی تقویت کے لئے ہیں اور جس آدمی کو خالص یقین دیا گیا ہے اس کو ان کرامات کی حاجت نہیں ہوتی اور یہ تمام کرامات ذکرِ ذات سے کمتر ہیں اور اسی طرح جوہر قلب سے بھی کمتر ہیں۔(7)

6- دستیاب مواقع کا بھرپور استعمال

حضرت شیخ مجدد کی دعوتی زندگی سے ایک اور اسلوب جو ہمارے سامنے آتا ہے وہ یہ ہے کہ کس طرح ایک داعی بدترین حالات میں بھی دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھاتا ہے اور دلوں کی زمین کو دعوت کے بیج کی تخم ریزی کے لئے ہموار کر لیتا ہے۔ بعض غلط فہمیوں کی بنا پر جب جہانگیر نے حضرت مجددؒ کو قید خانے میں ڈال دیا تو ایام اسیری میں حضرت مجددؒ نے حضرت یوسفؑ کی سنت کو اس طرح زندہ کیا کہ سینکڑوں قیدی آپؒ کی صحبت سے فیض یاب ہوئے اور ان میں سے بہتوں نے آپ

Marfat.com

کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ڈاکٹر ٹی۔ڈبلیو۔آرنلڈ اپنی کتاب (The Preaching of Islam) میں لکھتے ہیں:

''شہنشاہ جہانگیر (۱۶۰۵۔۱۶۲۸ء) کے عہد میں ایک سنی عالم شیخ احمد مجدد نامی تھے، جو شیعہ عقائد کی تردید میں خاص طور پر مشہور تھے، شیعوں کو اس وقت دربار میں جو رسوخ حاصل تھا، ان لوگوں نے کسی بہانہ سے انہیں قید کرادیا، دو برس وہ قید میں رہے، اور اس مدت میں انہوں نے اپنے رفقائے زنداں میں سے سینکڑوں بت پرستوں کو حلقہ بگوش بنالیا۔''(8)

انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس (Encyclopedia of religion and Ethics) میں ہے:

''ہندوستان میں سترھویں صدی عیسوی میں ایک عالم جن کا نام شیخ احمد مجددؒ ہے، جو ناحق قید کردیے گئے تھے، ان کے متعلق روایت ہے کہ انہوں نے قید خانہ کے ساتھیوں میں سے کئی بت پرستوں کو مسلمان بنالیا۔''(9)

قید سے رہائی کے بعد بھی آپؒ نے بڑی دانائی سے دعوت وتبلیغ کے مواقع پیدا فرمائے۔ جہانگیر نے توزک میں لکھا ہے کہ میں نے حضرت کو خلعت اور ہزار روپیہ خرچ عنایت کیا، اور ان کو جانے اور ساتھ رہنے کا اختیار دیا لیکن انہوں نے ہمرکابی کو ترجیح دی۔حضرت مجددؒ نے دعوت و اصلاح کے لئے اس موقع کو غنیمت جانا آپؒ اپنے

Marfat.com

صاحبزادگان کے نام مکتوب میں لکھتے ہیں: اس عرصہ کی ایک ساعت کو دوسری جگہوں کی بہت سی ساعتوں سے بہتر تصور کرتا ہوں۔ (10) آپ شاہی لشکر کے ساتھ تقریباً ساڑھے تین سال تک رہے۔ آپؒ نے اپنی بے لوث دعوت سے شاہی دربار اور پوری لشکرگاہ و خانقاہ میں تبدیل کر دیا۔ جہانگیر پر تو اس کا اثر یہ ہوا کہ نور جہاں، جو نہ صرف سلطنت کی ملکہ تھی بلکہ جہانگیر کے دل کی بھی ملکہ تھی، اپنی تمام تر کفر سامانیوں کے باوجود اسے شیعیت کی طرف مائل نہ کر سکی۔ جہانگیر کے اندر نئے دینی رجحان پیدا ہوئے، اس نے منہدم مساجد کی دوبارہ تعمیر، اور مفتوحہ علاقوں میں دینی مدارس کے قیام میں دلچسپی ظاہر کرنا شروع کی۔ ۱۰۳۱ء میں قلعہ کانگڑا کی فتح کے موقع پر اس نے جس طرح اپنی اسلامیت کا اظہار کیا اور وہاں شعائر اسلام کا اجراء کرایا، اس سے بھی جہانگیر کے اندر آنے والی مذہبی تبدیلی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ (11) مکتوبات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خود جہانگیر نے یہ چاہا کہ دربار میں ہر وقت چار ایسے علماء حاضر رہیں جو مسائل شرعیہ کی وضاحت کریں اور ان سے رہنمائی حاصل کی جاتی رہے۔ (12) شاہی خاندان اور درباری امراء کے ساتھ حضرت مجدد الف ثانیؒ اور ان کے خاندان کے تعلقات اس قدر خوش گوار ہوئے کہ اس کے اثرات عالمگیرؒ کی وفات تک واضح طور پر محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ حضرت مجددؒ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصومؒ سے بیعت و ارادت کا تعلق رکھتا تھا، (13) بادشاہ نے متعدد بار حضرت مجددؒ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصومؒ سے درخواست کی کہ وہ سفر و حضر میں ان کے ساتھ رہا کریں، لیکن انہوں نے منظور نہ کیا، اور اس کے بجائے اپنے فرزند گرامی خواجہ سیف الدین کو دہلی بھیج دیا۔ مکتوبات معصومیہ میں مکتوب نمبر ۲۲۱ اور مکتوب نمبر ۲۴۷ بادشاہ کے نام ہیں جبکہ مکتوبات سیفیہ میں اٹھارہ مکتوب بادشاہ کے نام ہیں، جن سے بادشاہ کے مجددی خاندان سے قریبی تعلقات کا پتہ چلتا ہے۔

Marfat.com

7-دعوتی کوششوں کی بارآوری کا انتظار

ایک داعی کو عام آدمی کی نسبت زیادہ بردبار اور متحمل مزاج ہونا چاہیے۔ جس طرح فصلوں کے موسم ہوتے ہیں اسی طرح دلوں کے بھی موسم ہوتے ہیں جو بات ایک وقت میں کسی انسان یا سوسائٹی کے لئے اجنبی اور غیر مانوس ہوتی ہے کسی دوسرے وقت میں وہی چیز ان کی نظر میں تریاق سے بڑھ کر ہوتی ہے اس لئے داعی کے لئے مناسب موقع کا انتظار کرنا بڑا ضروری ہے۔ اس پہلو سے شیخ مجدد کی دعوتی زندگی ہماری خصوصی توجہ کی مستحق ہے، آپؒ نے دعوت کے بیج کی تخم ریزی کے لیے بڑے تحمل کے ساتھ مناسب اور موزوں وقت کا انتظار کیا، اگرچہ شیخ مجددؒ اپنی تجدیدی اور دعوتی کوششوں کا آغاز ۹۹۸ھ میں اس وقت کر چکے تھے جب آپؒ عہدِ اکبری میں آگرہ تشریف لائے، اس دور میں ملّا مبارک اور اس کے بیٹوں (ابوالفضل اور فیضی) کا طوطی بولتا تھا، تاہم وہ حضرت مجددؒ کے مقام و مرتبے سے پوری طرح آگاہ تھے۔ (14) بادشاہ اکبر کا انتقال ۱۰۱۴ھ میں ہوا، اس وقت حضرت مجددؒ کی عمر ۴۳ سال تھی اور درباری امراء سید صدر جہاں، خان خاناں اور مرتضیٰ خان وغیرہ کے ذریعے بادشاہ تک آپؒ کے نصیحت آمیز پیغامات پہنچ چکے تھے، تاہم آپؒ نے کسی جلد بازی کا مظاہرہ نہیں فرمایا اور دعوت و تبلیغ میں بڑی حکمت کے ساتھ تدریج کے اصول کو مدِ نظر رکھتے ہوئے قدم بقدم آگے بڑھتے رہے، بالآخر حضرت مجددؒ کے زیرِ اثر امراء کا ایک ایسا مضبوط حلقہ قائم ہو گیا، جنہوں نے یہ عہد کیا کہ مستقبل میں اسی شہزادے کی حمایت کریں گے جو ملک میں اسلامی شریعت کی بحالی کا وعدہ کرے گا، چنانچہ جہانگیر نے یہ

Marfat.com

عہد کیا اور ان کی کوششوں سے وہ اکبر کا جانشین ہوا۔ حضرت مجددؒ کے زیر اثر امراء کی وجہ سے ہی شہزادہ خسرو بادشاہ نہ بن سکا۔ بعد کے دور میں دارا شکوہ اور اورنگ زیب عالمگیرؒ کی بظاہر سیاسی کشمکش کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے، یہ دراصل حضرت مجددؒ کی فکر سے اکبری فکر کا فیصلہ کن ٹکراؤ تھا جس میں شیخ مجددؒ کی فکر کو کامیابی حاصل ہوئی۔ اکبری دور میں شیخ مجددؒ کی دعوتی حکمتِ عملی کو مکی عہدِ نبوت کے مشابہ قرار دیا جا سکتا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبر و تحمل کے ساتھ دارِ ارقمؓ اور بعد ازاں شعب ابی طالب میں داعیانِ اسلام کی تربیت میں ہمہ تن مصروف تھے۔ اور ان کو مختلف قبائل عرب کی طرف داعی اور مبلغ بنا کر بھیج رہے تھے، جن کی دعوتی کوششوں کے نتیجہ میں عرب کا کوئی گھرانہ اسلام کی برکات سے محروم نہ رہا۔ شیخ مجددؒ کی اس حکمتِ عملی کے حقیقی اثرات اور ثمرات بھی بعد کے دور میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

8- کارکنانِ دعوت کی دستگیری اور حوصلہ افزائی

داعی کے لئے وہ مرحلہ بڑا صبر آزما ہوتا ہے جب کچھ لوگ بلاوجہ اس پر طعن و تشنیع کے تیروں کی بوچھاڑ کر دیتے ہیں۔ اس مرحلہ پر صرف وہی مصلح اور داعی جادۂ مستقیم پر گامزن رہتا ہے جس کو یہ مشن اپنی عزت و آبرو اور جان و مال سے بھی زیادہ عزیز ہوتا ہے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ دعوت تو حق کی دی جا رہی ہو اور شیطان اس کے مقابل اپنے چیلوں کو کھڑا نہ کرے۔ یہی وہ مرحلہ ہوتا ہے جب داعی کی استقامت سلیم الفطرت انسانوں کے دلوں پر لگے ہوئے قفل کو توڑ کر ان پر حق کو آشکار کر دیتی ہے۔ لہٰذا ایسے مواقع پر مصلح کو صبر سے کام لینا چاہئے۔ ایک ایسے ہی موقع پر جب اہل

Marfat.com

خسر ان نے حضرت میر محمد نعمانؒ کو طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا اور آپ کو اس کا شدید رنج پہنچا، جس کا ذکر انھوں نے حضرت مجددؒ سے کیا تو حضرت مجددؒ نے ان کی طرف ایک مکتوب صادر فرمایا اور ان کو تسلی دی کہ آپ لوگوں کے طعنوں کو خاطر میں نہ لائیں بلکہ اس مشن پر گامزن رہیں جو آپ کے ذمے لگایا گیا ہے۔ پھر آپؒ حضرت میر نعمانؒ کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''آپ کے لائق ہے کہ ان کے بدلے اور مکافات کے درپے نہ ہوں۔ دروغ کو کبھی فروغ نہیں ہے ان کی متنافق باتیں ہی ان کے بازار کی رونق کو کم کردیں گی۔ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُوراً فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ (۴۰/۲۴) (جس کے لئے اللہ نے کوئی نور نہیں بنایا اس کے لئے کوئی نور نہیں۔) وہ شغل جو درپیش ہے اس میں کوشش کریں اور اس کے غیر سے آنکھیں بند کرلیں۔''(15)

حضرت مجددؒ کو اپنے دعوتی مشن سے کس قدر تعلقِ خاطر تھا اس کی وضاحت ایک دوسرے مکتوب سے ہوتی ہے، جس کی عبارت سے محسوس ہوتا ہے کہ حضرت میر نعمانؒ اس بات سے پریشان تھے کہ حضرت مجددؒ کو ان کی کسی بات سے دکھ پہنچا ہے اور ان کی دلآزاری ہوئی ہے۔ حضرت مجددؒ نے ان کے ان شکوک و شبہات کو دور کیا اور کہا کہ ان کو ان کی کسی بات سے آزار نہیں پہنچا کیونکہ انسان سے اگر بتقاضائے بشریت کوئی بھول چوک ہو جائے تو اس پر کوئی مواخذہ نہیں۔ لہٰذا آزار کا وہم دل سے دور کر کے طریقت کی تعلیم دینے اور طالبعلموں کی تربیت میں اپنا دھیان دیں۔(16)

داعیانِ اسلام کا فقر و فاقہ میں مبتلا ہونا کوئی نئی بات نہیں بلکہ اس راہ پر چلنے

Marfat.com

والے مصائب و آلام سے کم ہی محفوظ رہ پاتے ہیں۔ جب داعی پر ''الفقر فخری'' کی حقیقت کھل جاتی ہے تو پھر وہ فقر و فاقہ میں بھی ایک طرح کا کیف و سرور محسوس کرتا ہے۔ حضرت مجددؒ کو جب میر نعمانؒ اور ان کے ساتھیوں کی مالی پریشانیوں کی خبر ملی تو ان کی طرف جو مکتوب شریف روانہ فرمایا۔ اس میں لکھا کہ فقر و نامرادی ہی اس گروہِ صوفیہ کا اصل حسن ہے اور اسی میں حضور ﷺ کی حقیقی اقتداء ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بندوں کے رزق کا ذمہ اپنے اوپر لیا ہے اور انسان کو اس فکر و تردد سے فارغ کر دیا ہے۔ لہٰذا ان کو نصیحت کی کہ رزق کا غم رازق کے حوالے کر کے اس کے کام میں مشغول ہو جائیں۔ (17) آپؒ ایک دوسرے مکتوب میں اپنے ذاتی احوال بیان کرتے ہیں کہ کس طرح ان پر اس راہِ طریقت میں سختیاں آئیں اور کن کٹھن حالات میں انہوں نے یہ راہ کاٹی اور وہ درمیان میں پھنس کر رہ گئے، یہاں تک کہ نا امیدی کے دروازے پر دستک دینے لگے اور پھر اس صورتِ حال میں اللہ تعالیٰ نے مجھے عین بلا کے اندر عافیت بخشی اور سختی کی حالت میں مجھ پر احسان فرمایا۔ اور پھر آپؒ نے میر صاحب کو یہی تعلیم دی کہ راستے کی تکلیفوں سے گھبرا جانے والے منزلِ مقصود پر نہیں پہنچتے۔ اس کے لئے صبر اور حوصلے سے کام لینا ضروری ہے۔ (18) حضرت مجددؒ کے ایک دوسرے مکتوب سے معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحبؒ نے ان سے خلافت کے لئے تحریری اجازت نامہ طلب کیا تھا، یہ چیز چونکہ دعوت کے اس عظیم مشن کے مقابل پر کاہ کی سی حیثیت بھی نہیں رکھتی تھی اس لئے آپؒ نے میر صاحب کو لکھا:

> ''اجازت نامہ کے لکھنے میں آپ جو اس قدر مبالغہ اور کوشش کر رہے ہیں، اس سے آپ کا مقصود کیا ہے؟ طریقہ تعلیم کرنے

Marfat.com

کی آپ کو جو اجازت دی گئی ہے اگر وہ کافی نہیں تو اجازت نامہ کیا کرے گا؟ یہ لازم نہیں کہ جو کچھ دل میں گزرے اسی کے واسطے کوشش کرنے لگ جائیں۔ نفس بڑا ضدی ہے، جس کام کے پیچھے لگ جائے، اس کے پورا کرنے کے پیچھے لگ جاتا ہے۔"(19)

اس ساری گفتگو کا حاصل یہ کہ حضرت مجددؒ کی نظر میں ایک سچے داعی کو ہر طرح کی مصیبتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنا چاہیے۔ ہر دور میں اہل اللہ کا یہی طریقہ رہا ہے۔ اور جو لوگ دعوت کی راہ میں روڑے اٹکائیں ان سے بدلے کی ٹھان لینے کے بجائے مصلح اور مربی کو اپنے مشن پر گامزن رہنا چاہیے۔

9-مدعو کی عزتِ نفس کا لحاظ

دعوتِ دین میں مدعو کے لئے خیر خواہی اور دلسوزی شرطِ اوّل ہے۔ داعی کا سب سے پہلا کام یہ ہے کہ وہ مدعو کے دل پر دستک دے، اور نہ صرف اس کی عزت نفس کا پوری طرح لحاظ رکھے، بلکہ اس کے ہر اچھے عمل پر اس کی حوصلہ افزائی بھی کرے، اور پھر جہاں ضرورت ہو اس کی اخلاقی تربیت سے بھی صرفِ نظر نہ کرے۔ اعلیٰ حکومتی عہدوں پر فائز اربابِ بست وکشاد خاص قسم کے پروٹوکول کے عادی ہوتے ہیں، اور یہ پروٹوکول ان کی نفسیات میں رچ بس کر ان کی عادت سے بڑھ کر فطرت کا حصہ بن جاتا ہے، ایک داعی کی کامیابی اسی میں ہے کہ وہ اپنے مدعو اور مخاطب کی نفسیات اور پس منظر کا پوری طرح لحاظ رکھے۔ حضرت مجددؒ کے خطوط میں ہمیں اس اسلوب کی جھلکیاں جگہ جگہ ملتی ہیں۔ مثلاً آپؒ اپنے خطوط کا آغاز کسی نہ کسی

Marfat.com

دعائیہ جملہ سے فرماتے ہیں، ایک خط میں خان خاناں کو اپنی دعاؤں سے نوازنے کے ساتھ ساتھ ان کے کمالات کا اعتراف ان الفاظ میں فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں ایسی قیل و قال سے نجات دے جو حال سے خالی ہے اور اس علم سے نجات عطا فرمائے جو عمل سے محروم ہے۔۔۔۔۔۔۔اے ظہورِ کمالات کے لائق برادرِ عزیز! اللہ تعالیٰ تمہیں قوت سے فعل کی طرف لائے تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے، تو اس شخص پر افسوس جس نے اس میں کچھ نہ بویا اور زمین استعداد کو خالی رکھا اور تخمِ اعمال کو ضائع کر دیا۔''(20)

ایک مکتوب میں حضرت مجددؒ، خان خاناں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ایسی کتب کے مطالعہ سے احتراز کرنا چاہیے جو صوفیہ کے مکشوفات و الہامات پر مبنی ہوں، کیونکہ ہر قاری کے لئے اصل حقائق تک آسانی سے رسائی ممکن نہیں۔ اس لئے اربابِ اختیار کو فتوحاتِ مکیہ (ابن عربیؒ) کی بجائے فتوحاتِ مدنیہ (احادیثِ نبویہ) کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ آپ مکتوب الیہ کو دعا دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''فتوحاتِ مکیہ مفتاح فتوحاتِ مدنیہ باد۔ یعنی فتوحاتِ مکیہ فتوحاتِ مدینہ کی کلید ہو۔''(21)

حضرت میر نعمانؒ اگرچہ حضرت مجددؒ کے مرید تھے لیکن حضرت مجددؒ نے ان کی طرف جو مکتوبات صادر فرمائے ان میں آپ کو بڑے احترام کے ساتھ مخاطب فرمایا ہے۔ حضرت مجددؒ نے میر نعمانؒ کے لئے جو محبت بھرے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ نا

Marfat.com

صرف اپنے مریدین سے آپؒ کے تعلق خاطر کو واضح کرتے ہیں بلکہ اس اسلوب تخاطب میں عصر حاضر کے داعیان اسلام کے لئے بھی قابل اتباع نمونہ ہے۔ حضرت مجددؒ کبھی تو ان کو ''اے برادر!'' کے لفظ سے مخاطب کرتے ہیں اور کبھی ان سے محبت کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں ''میرے سعادت مند بھائی یعنی سیادت پناہ میر محمد نعمانؒ کا مکتوب شریف وصول ہوا۔'' (22) اور کبھی ان کو اس انداز میں دعا دیتے ہیں ''میرے سیادت پناہ عزیز بھائی میر محمد نعمانؒ جمعیت سے رہیں۔'' (23) ''سیادت مآب میرے عزیز بھائی میر محمد نعمانؒ خوش رہیں۔'' (24) اور پھر کبھی محبت بھرے انداز میں شکوہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں ''شاید حضرت میر صاحبؒ نے ہم کو فراموش کر دیا ہے کہ کبھی سلام و پیام سے یاد نہیں فرمایا۔'' (25) تعلیم و تربیت اور اصلاح احوال کے لئے حضرت مجددؒ اپنے مکتوبات میں جس انداز میں اپنی گفتگو کا آغاز کرتے ہیں وہ براہِ راست دل پر دستک دینے والا ہے اور شاید اسی اسلوب کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے دورِ حاضر کے داعیان اسلام کی کوششیں پوری طرح بار آور نہیں ہو پا رہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ داعی کے لیے اصلاحِ احوال اور تربیت کا اوّلین اصول یہ ہے کہ مدعو اور مخاطَب کی عزتِ نفس مجروح نہ ہونے پائے کیونکہ مصلح اور مربی کا کام صرف اسی صورت میں آسان ہو سکتا ہے جب وہ اپنے مخاطَب کے دل میں اپنے لئے جگہ پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائے اور اپنی بات اس دلسوزی، خلوص نیت اور للہیّت سے پیش کرے کہ مخاطَب کے دل کے دروازے خود بخود کھلتے چلے جائیں۔ داعی اعظم ﷺ اور آپ ﷺ کے تربیت یافتہ صحابہ کرامؓ کی دعوتی کوششوں میں اس نفسیاتی اصول کی کارفرمائی کو ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

10- شیخِ مقتداء کا اصل کردار

حضرت شیخِ مجددؒ میر نعمانؒ کے نام ایک مکتوب میں شیخ مقتداء کا اصل کردار اجاگر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر شیخ کسی مرید کو کسی مصلحت کے پیش نظر مقام شیخی کی اجازت دیں تو اس کے احوال پر پوری طرح نظر رکھیں اور اس کی غلطیوں پر فوری مطلع کریں اور اگر اس معاملے میں شیخ سستی کا مظاہرہ کرے گا تو یہ سراسر خیانت ہے۔ (26) ایک مکتوب میں میر صاحبؒ کو نصیحت فرمائی کہ اپنے مریدین پر پوری طرح توجہ اور نظر رکھیں یہ نہ ہو کہ مرید اسباق میں ترقی حاصل کرلیں اور شیخ اپنی جگہ پر رک جائے اور مرید کے دل میں یہ بات بیٹھ جائے کہ میں کامل ہو گیا اور اب مجھے شیخ کی ضرورت نہیں اور یہی بات مرید کے لئے خطرناک ہے۔ اس لئے ان کے احوال پر پوری نظر رکھیں اور ان کو بھٹکنے سے بچائیں اور ان کے اندر اس بات کی حیا پیدا کریں کہ شیخ ہمیشہ شیخ ہے اور اس کی اتباع اور تابعداری ان پر لازم ہے۔ یہ نہ ہو کہ آپ کی خاموشی الٹا آپ کے لئے ہی باعثِ شرمندگی بن جائے۔ اس کے علاوہ فرمایا کہ طریقہ نقشبندیہ کے علاوہ کسی طالب کو کوئی اور طریقہ نہ سکھائیں تاکہ دو طریقے آپس میں خلط ملط نہ ہو جائیں۔ (27) گویا حضرت مجددؒ کی نظر میں شیخ مقتداء کی ذمہ داری دوہری ہے، ایک طرف تو وہ رجال کار کی تیاری کا خاص اہتمام کرے اور دوسری طرف ان کے احوال پر بھی نظر رکھے اور ان کی تربیت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے۔ انسان خطا کا پتلہ ہے اور اس سے غلطی کا سرزد ہونا ایک فطری امر ہے، اس لیے داعی کا افراد سے اعلیٰ ترین کردار کی توقع کرتے ہوئے ان کا محاسبہ کرنا اور ان

Marfat.com

سے اظہارِ نفرت کرتے ہوئے ان کو بالکل ہی چھوڑ دینا درست نہیں ہے، کیونکہ اس سے دعوت کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔غلطیوں کی اصلاح دعوت وتبلیغ کا لازمی حصہ ہے اور یہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہی کی ایک صورت ہے، اور اس کی بہترین شکل یہ ہے کہ شیخ اپنے مریدین اور شاگردوں کے سامنے اپنے آپ کو ایک مثالی نمونے کے طور پر پیش کرے، تا ہم مصلح اور مربی بھی انسان ہے اور اس سے غلطی کا سرزد ہونا عین انسانی فطرت ہے۔غلطی کا وقوع اس قدر خطرناک نہیں جس قدر غلطی کا عدم شعور ہے اور اس سے بھی زیادہ خطرناک یہ ہے کہ انسان اس کو اپنی انا کا مسئلہ بنا کر اس پر ڈٹ جائے۔ یہ رویہ انسان کی روحانی ترقی کے لئے انتہائی تباہ کن ہے۔ایک ایسے موقع پر جب بعض حلقوں میں حضرت مجددؒ کے رسالہ ''مبدء ومعاد'' کی عبارات سے اضطراب پیدا ہوا تو آپؒ نے اپنے ان ملفوظات سے باقاعدہ رجوع کا اعلان فرمایا جن کے مطابق اولوالعزم انبیاء کے ایک دوسرے سے افضل ہونے کے حوالے سے لکھا گیا تھا۔آپؒ نے اپنے ان ملفوظات کے بارے میں فرمایا کہ چونکہ یہ محض کشف والہام پر مبنی تھے۔اس لئے ان کے لکھنے اور فضیلت میں تفرقہ کرنے سے توبہ کرتا ہوں کیونکہ قطعی دلیل کے سوا اس بارے میں گفتگو کرنا جائز نہیں۔(28)

11- حقیقی تبدیلی کے لیے نقطۂ آغاز

سماجی تبدیلی کے لئے دعوت کا مرکزی ہدف طبقہ عوام ہے یا اشرافیہ۔یعنی تبدیلی اوپر سے نیچے کی طرف سفر کرتی ہے یا نیچے سے اوپر کی طرف، یہ سوال جس قدر اہم ہے اسی قدر سنجیدہ تجزیے کا متقاضی بھی ہے۔ دورِ حاضر میں بہت سی اسلامی

Marfat.com

تحریکوں کی تگ ودو اور طرزِ عمل کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے، اور اسی پس منظر میں ان کے اثرات ونتائج کی وسعت کا اندازہ بھی کیا جا سکتا ہے۔

حضرت مجددؒ کی تحریکِ دعوت کو اس پہلو سے دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ آپؒ نے ایک طرف تو طبقۂ عوام کی تعلیم وتربیت اور اصلاحِ احوال کی طرف بھرپور توجہ فرمائی اور دوسری طرف کرسیٔ اقتدار کی بجائے امراء اور اشرافیہ کو اپنی دعوت کا ہدف بنایا۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپؒ کی کوششوں کے نتیجے میں معاشرے کے سرکردہ لوگوں نے اپنی دینی دلچسپیوں کا اظہار کیا تو عوام نے اپنے دینی مزاج کی وجہ سے ان کے طرزِ عمل کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اس پر اپنی مسرت اور شادمانی کا اظہار بھی کیا۔

سلاطین، امراء اور حکومتی عہدداروں کا احتساب اور ان کو نصیحت کرنا جان جوکھوں کا کام ہے، لیکن یہ کام جس قدر مشکل ہے اسی قدر ضروری بھی ہے اس لئے کہ عوام الناس معاشرے کے سرکردہ افراد اور ان کے طرزِ عمل سے نہ صرف براہِ راست متاثر ہوتے ہیں بلکہ ان کو نمونۂ عمل بھی بنا لیتے ہیں۔ اس لئے ایک داعی کو ہر طرح کے تحفظات سے بلند ہو کر بڑی حکمت کے ساتھ یہ فریضہ انجام دینا چاہیے۔ کیونکہ اعلیٰ منصب پر فائز کسی ایک انسان کی اصلاح کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے بہت سارے انسانوں کی اصلاح کا سامان کر لیا ہے۔ حضرت مجددؒ نے دعوت کے اس اسلوب کو جس حکمت کے ساتھ برتا ہے، وہ داعیانِ اسلام کے لئے خاص طور پر قابلِ توجہ ہے۔

میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ صاحبِ ثروت اور سلطنتِ مغلیہ کے رکن رکین ہونے کے باوصف اہل اللہ اور درویشوں کے خدمت گاروں میں تھے مگر ان کے اندازِ تحریر سے تحکم اور تکبر کی بو آتی تھی۔ حضرت مجددؒ ایک مکتوب میں ان کو تواضع اختیار کرنے کی

Marfat.com

تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''یہ ٹھیک ہے کہ آپ نے فقراء کی بہت خدمت کی ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی فقراء کے آداب کا لحاظ بھی بہت ضروری ہے، تاکہ اس پر ثمرہ اور نتیجہ برآمد ہو۔ اور اس کے بغیر تو خاردار درخت پر ہاتھ پھیرنے والی بات ہے، یعنی کچھ فائدہ نہیں ہے، ہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے متقی لوگ تکلف سے بری ہیں اور متکبروں کے ساتھ تکبر کرنا بھی ایک قسم کا صدقہ اور نیکی ہے۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ کو ایک شخص نے متکبر کہا تو انھوں نے فرمایا: میرا تکبر خدا کے لئے ہے۔ اس گروہِ فقراء کو ذلیل خیال نہ کریں کیونکہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: ''رُبَّ اَشعَثَ مَدْفُوْعٍ بِـالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ'' (بہت سے پراگندہ بال، گردآلود، دروازوں سے دھکیلے جانے والے (باطن میں ایسا بلند مقام رکھتے ہیں) کہ اگر اللہ کی قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کی قسم پوری کرتا ہے۔)......... اگرچہ یہ باتیں تلخی نما ہیں۔ لیکن آپ کی خوشامد اور چاپلوسی کرنے والے بہت ہیں، آپ اسی پر اکتفاء کریں۔ فقراء سے آشنائی اور ملاقات سے مقصود یہ ہے کہ انسان اپنے پوشیدہ عیوب اور مخفی کمینی حرکات سے واقف اور مطلع ہو۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اس طرح کی باتوں سے آزار اور تکلیف دینا مقصود نہیں، بلکہ یہ باتیں خیر

Marfat.com

خواہی اور دلسوزی کے طور پر ہیں۔'' (29)

تکبر در اصل ایک روحانی اور اخلاقی مرض ہے جس کا علاج تواضع اور انکساری ہی سے ممکن ہے۔ تواضع، غرباء کا اظہارِ حال اور امراء کے لئے باعثِ کمال ہے۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں:

تواضع زگردن فرازاں نکوست گدا گر تواضع کند خوئے اوست

حضرت مجددؒ کی پرسوز نصیحت کے جو اثرات مکتوب الیہ پر مرتب ہوئے اس کی نشاندہی حضرت مجددؒ کے ایک دوسرے مکتوب سے ہوتی ہے۔ جب خان خاناںؒ نے اس پرخلوص نصیحت کے نتیجے میں تواضع اختیار کرتے ہوئے اپنے رویے کو بالکل تبدیل کرلیا تو حضرت مجددؒ نے اپنے ایک خط میں ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تحریر فرمایا:

> ''چونکہ آپ نے فقراء کے آداب کا لحاظ رکھا ہے اور باتوں میں تواضع اختیار کی ہے۔ اس کے مطابق: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ، (جو اللہ کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے۔ اللہ اسے بلندی اور رفعت اختیار کرتا ہے۔) امید ہے آپ کا یہ عجز و تواضع آپ کی دینی و دنیوی رفعت کا سبب بنے۔ (30)

12- وحی اور عقل کے حدود

شیطان کے بڑے جالوں میں سے ایک جال یہ ہے کہ وہ امور شرعیہ کے بارے میں انسان کے دل میں طرح طرح کے وسوسے ڈال کر اسے گمراہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کبھی تو یہ وسوسہ ڈالتا ہے کہ اسلامی احکام خلاف عقل ہیں، عصری

Marfat.com

تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہیں، اور ان پر عمل کرنا ہر انسان کے بس کی بات نہیں ہے ۔حضرت مجددؒ نے خان خاناںؒ کے نام ایک تفصیلی خط اس مضمون کا صادر فرمایا کہ امور شرعیہ میں پوری آسانی اور سہولت کا لحاظ رکھا گیا ہے مقیم و مسافر، مریض و تندرست اور مرد و زن دونوں کے دائرہ کار اور نفسیات کے مطابق تعلیمات دی گئی ہیں۔ اب اس اہتمام کے بعد بھی جو شخص عمل نہ کرے وہ حقیقتِ ایمان سے محروم ہے۔(31)

اس میں کیا شک ہے کہ اسلام دینِ فطرت ہونے کے ساتھ ساتھ دینِ عقل بھی ہے لیکن کون سی عقل معیارِ حق ہوگی؟ یہ ایک اہم سوال ہے، حقیقت یہ ہے کہ عقل ایک ایسا کمزور اور بے بس راہنما ہے جس کو انسانی خواہشات اور جذبات نے ہمیشہ اپنا تابع مہمل بنا کر رکھا ہے، اور عقل نے ہمیشہ انسانی جذبات و خواہشات کے حق میں دلائل تراشے ہیں اور خواہشاتِ نفس اور جذباتی رویوں کو عقلی رویے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس لئے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ عقل جج نہیں، وکیل ہے۔ جیسا مقدمہ اسے دیا جائے گا اسی کے مطابق وہ وکالت کرے گی۔ یہ ایک ایسی دو دھاری تلوار ہے جو دونوں طرف چلتی ہے اس سے جس طرح دینی حقائق کو ثابت کیا جا سکتا ہے اسی طرح باطل بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہ وکیل کی وکالت و ذہانت پر موقوف ہے کہ وہ مقدمہ کے کس پہلو کی تائید یا تردید کرنا چاہتا ہے۔ اس لئے ہر شخص کو اس بات کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنی عقل کا ترازو لے کر آگے بڑھے اور احکام شرعیہ کے حق و باطل ہونے کا فیصلہ کرنے بیٹھ جائے۔ معیارِ حق عقل نہیں بلکہ وحی ہے۔ اس لئے ایک مکتوب میں حضرت مجددؒ، خان خاناں کے نام تحریر فرماتے ہیں:

''جو شخص یہ چاہتا ہے کہ تمام احکام شرعیہ کو عقلی پیمانے پر ناپے اور

Marfat.com

دلائلِ عقلیہ کے مطابق کر دے، وہ شانِ نبوت کا منکر ہے اور اس کے ساتھ کلام کرنا کم عقلی و بے وقوفی ہے۔"(32)

عقل پرستی کا مرض ہر دور میں رہا ہے، مغربی فکر و فلسفے کے زیر اثر یہ دورِ حاضر کا بڑا فتنہ ہے۔ اسلام عقل کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور تفکر فی الخلق پر زور دیتا ہے، اسلام کا مطالبہ صرف یہ ہے کہ اگر کسی حکم کی حکمت وقتی طور پر انسان کی سمجھ میں نہ بھی آئے تب بھی وہ اس پر پختہ ایمان اور یقین رکھے۔ ورنہ ایسے شخص کا ایمان اپنی عقل پر ہوگا نہ کہ نبوت و رسالت پر۔ اسی پس منظر میں شیخ مجددؒ نے اسلامی حدود و تعزیرات اور اسلامی احکام کو عقل کے ترازو میں تولنے والے شخص کو شانِ نبوت کا منکر قرار دیا ہے۔ گویا دین یہ ہے کہ: عقل قربان کن پیش مصطفیٰ

13- دعوت و تبلیغ اور خدمت خلق

دورِ حاضر میں داعیانِ اسلام کی دعوت کے غیر مؤثر ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ان کا افرادِ معاشرہ کے ساتھ براہِ راست تعلق نہ ہونے کے برابر ہے، ہمارے ہاں عرفِ عام سے واقفیت اور طبقۂ عوام کے مسائل سے آگاہی حاصل کرنا اور پھر ان کے حل کی عملی کوشش، دعوتِ دین کے دائرہ سے قطعی باہر سمجھی جا رہی ہے۔ یہ طرزِ عمل رسول اللہ ﷺ کے منہاجِ دعوت سے بہت بڑا انحراف ہے۔ سیرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مخلوقِ خدا سے محبت اور خدمتِ خلق دعوتِ دین کے سب سے کارگر ہتھیار ہیں۔ پہلی وحی کے بعد جب رسول اللہ ﷺ گھر تشریف لائے تو آپؐ کے اضطراب کو دیکھتے ہوئے حضرت خدیجہؓ نے آپ کو ان الفاظ میں تسلی دی:

"كَلَّا وَاللّٰهِ لَا يُخْزِيْكَ اللّٰهُ اَبَدًا اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ

Marfat.com

وَتَحمِلُ الْکَلَّ وَتُکسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتُعِیْنُ عَلٰی نَوَائِبِ الْحَقِّ "(33)

"ہرگز نہیں! اللہ کی قسم، اللہ آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ آپ صلہ رحمی کرتے ہیں، لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، ناداروں کی خبر گیری کرتے ہیں اور مصائب میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔"

حضرت خدیجہؓ کے یہ الفاظ قبل از اعلانِ نبوت رسول اللہ ﷺ کی سیرت کا بڑا خوبصورت اور جامع بیان ہیں، جس سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ خدمتِ خلق پہلے ہے اور دعوتِ دین بعد میں۔ اس وقت عیسائی مبلغین اور مشنریز پوری دنیا میں خدمتِ خلق کے نام پر اپنے باطل نظریات کے پرچار میں مصروف ہیں۔ غور کیا جائے تو برصغیر میں صوفیہ کرامؒ نے بلا امتیازِ رنگ و نسل اور مذہب، لوگوں کی خدمت کو اپنا شعار بنایا اور لوگوں کو اسلام کی طرف مائل کرنے میں کامیاب ٹھہرے۔ خانقاہی نظام میں مذہبی رواداری اور لنگر کا تصور اس اسلوبِ دعوت کی خوبصورت مثال ہے۔

حضرت مجددؒ کے دعوتی منہج میں بھی اس اسلوب کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ نہ صرف ذاتی حیثیت میں آپ نے مخلوقِ خدا کی خدمت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا بلکہ اصحابِ ثروت کو بھی اس طرف توجہ دلائی۔ ہم ان سطور میں صرف چند مثالیں پیش کرنے پر ہی اکتفاء کریں گے جن سے واضح ہوتا ہے کہ ایک طرف اگر شیخ مجددؒ کی اپنے ارادت مندوں کی روحانی ترقی پر گہری نظر تھی تو دوسری طرف وہ ان کے روزمرہ زندگی کے مسائل سے بھی پوری آگہی رکھتے تھے۔ حضرت مجددؒ، خانِ خاناںؒ کے نام اپنے ایک مکتوب میں ایک ضرورت مند کی سفارش کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

Marfat.com

''سیادت مآب سید ابراہیم آپ کے بلند آستانہ سے قدیمی تعلق و نسبت رکھتا ہے اور آپ کے دعا گوؤں میں شامل ہے۔ آپ کے ذمہ کرم پر لازم ہے کہ اس کی دستگیری فرمائیں۔ تاکہ اس فقر اور بڑھاپے کے وقت اپنے اہل و عیال میں فراغت اور سکون سے اپنا وقت گزاریں اور آپ کے دونوں جہان کی سلامتی کی دعا میں مشغول رہیں۔ (34)

حضرت مجددؒ ایک دوسرے مکتوب میں رقمطراز ہیں:

''میاں شیخ عبدالمومن بزرگ زادہ ہیں اور تحصیل علم سے فارغ ہو کر طریقۂ صوفیہ کا سلوک فرماتے ہیں۔ اور سلوک کے ضمن میں عجیب و غریب احوال مشاہدہ کرتے ہیں۔ ضرورتِ انسانی از قسم اہل و عیال ان کو حیران و بے اختیار ناچار کر دیتی ہے۔ اس فقیر نے ناچارگی اور پریشانی کو دور کرنے کے لئے آپ کی جناب کی طرف ان کی رہنمائی کی ہے۔ ''مَنْ دَقَّ بَابَ الْكَرِيْمِ انْفَتَحَ'' جس نے کریم کا دروازہ کھٹکھٹایا وہ کشادہ حال ہو گیا۔ (35)

حضرت مجددؒ ایک اور مکتوب میں خان خاناں کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار کرنے کے بعد ایک حاجت مند کی سفارش بایں الفاظ فرماتے ہیں:

''دو ضروری اور اہم کام بے اختیار آپ کو تکلیف دینے کا باعث بنے ہیں۔ ایک رنج و آزار کا گمان رفع کرنے کا اظہار، بلکہ آپ سے اور اخلاص کا ہونا۔ اور دوسرا ایک محتاج آدمی کی طرف اشارہ جو فضیلت

Marfat.com

اور نیکی سے آراستہ ہے اور معرفت اور شہود سے مزین ہے، جو نسب کے لحاظ سے کریم اور حسب کے اعتبار سے شریف ہے۔" (36)

14-ذاتی مفادات سے بے رغبتی

میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ سیاسی اعتبار سے معمولی آدمی نہ تھے نہ صرف اپنی خاندانی خدمات کی وجہ سے بادشاہ پر ان کے گہرے اثرات تھے بلکہ اپنی فطری بہادری، بلند فکری، علماء وصوفیہ سے محبت اور فقراء ومساکین کی دادرسی کی وجہ سے ہر طبقہ میں مقبولیت کی اس سطح پر تھے جس سے زیادہ کا سوچا بھی نہیں جا سکتا، لیکن اس کے باوجود حضرت مجددؒ نے ان کی طرف جو خطوط صادر فرمائے ان میں اس بات کا ادنیٰ سا شائبہ بھی نہیں ہے جس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہو کہ آپؒ خانِ خاناں کی اس حیثیت سے اقتدار یا ذاتی منفعت کے خواہاں ہوں۔ حضرت مجددؒ نے جس انداز میں اپنے ذاتی طرزِ عمل سے اقتدار سے لاتعلقی کا اظہار فرمایا اس نے حکمران طبقے، امراء اور اشرافیہ میں آپ کی دعوت کے نفوذ میں اہم کردار ادا کیا۔ غور کیا جائے تو شیخ مجددؒ کے خطوط کا مرکزی نقطہ مکتوب الیہ کی اصلاح اور پھر ان کی وساطت سے درباری امراء اور دیگر متعلقین کی اصلاح ہی تھی۔ آپؒ نے اس مقصد کے لئے ایسا اسلوب اختیار فرمایا کہ مکتوب الیہ کی نظر میں دنیا کا حقیر ہونا پوری طرح واضح ہو جائے اور اس کی وساطت سے دوسرے امراء کی اصلاح اور ان کے دلوں میں اسلامی احکام کی حرمت و عزت کے تصور کو پختہ کیا جائے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت مجددؒ کی اخلاص وللّٰہیت پر مبنی ان کوششوں کے نتیجے

Marfat.com

میں ایک موقع پر میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ گورنری کا عہدہ چھوڑنے پر تیار ہوگئے۔ خان خاناںؒ کی شخصی وجاہت، مقام ومرتبہ اور عہدہ و اقتدار کے باوجود حضرت مجددؒ نے احقاقِ حق میں کبھی مداہنت، چشم پوشی یا مصلحت کوشی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ ایک موقع پر خان خاناں کو واضح اور دوٹوک انداز میں تحریر فرمایا:

''نجات کا راستہ اہل سنت و جماعت کی متابعت ہے۔ (اللہ تعالیٰ اس گروہ کو اور زیادہ کرے) اقوال میں بھی، افعال میں بھی، اور احوال و فروع میں بھی۔ کیونکہ نجات پانے والا فرقہ صرف یہی ہے۔ باقی تمام فرقے زوال اور ہلاکت کے کنارے کھڑے ہیں۔ آج کسی کے علم میں یہ بات آئے یا نہ آئے لیکن کل (قیامت) کو ہر ایک جان لے گا، مگر اس وقت جاننا بے سود ہوگا۔'' (37)

حضرت مجددؒ نے ہمیشہ یہ کوشش فرمائی کہ خان خاناں کی شخصی حیثیت سے فائدہ اُٹھا کر دربارِ شاہی سے وابستہ دیگر لوگوں کی اصلاح کی کوشش کی جائے۔ حضرت مجددؒ نے اپنے ایک مکتوب میں میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ کو اس طرف توجہ دلائی کہ آپ کے ایک فاضل شاعر دوست کے بارے معلوم ہوا ہے کہ انھوں اپنا لقب ''کفری'' اختیار کر رکھا ہے جو کہ کسی مسلمان کے شایانِ شان نہیں۔ پھر آپؒ نے خانِ خاناں کو تحریر فرمایا کہ اس شاعر کو میری طرف سے پیغام پہنچا دیں کہ اس طرح کا کافرانہ تخلص بدل کر کوئی ایسا اسلامی لقب اختیار کریں جو جامع برکات ہو۔ (38)

Marfat.com

خلاصۂ کلام یہ کہ ایک داعی اپنے مشن میں اسی وقت کامیاب ہو سکتا ہے جب اس کی کوششیں اخلاص پر مبنی ہوں۔ اور یہ کہ دنیوی فوائد سے بے رغبتی داعی کے پیغام کو طبقۂ امراء میں مقبول بنا دیتی ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی دعوتی تحریک تاریخ اسلام کی ایک عظیم الشان تحریک تھی جس نے نہ صرف ہندوستان بلکہ پورے عالم اسلام کو متاثر کیا۔ حضرت مجددؒ کی دعوتی کوششوں کے نتیجے میں اکبر کے انتقال کے ساتھ ہی ''دینِ الٰہی'' بھی موت کی وادی میں داخل ہو گیا، بدعات کا سیلاب رک گیا، اور لوگوں کا رسالتِ محمدی ﷺ کی ابدیت پر ایمان مستحکم ہوا۔ حضرت مجددؒ نے اسلام کی سربلندی کے لئے ہر طرح کے مصائب و آلام کو برداشت کیا اور نبوی اسلوبِ دعوت کو اپنے عمل سے زندہ کیا۔

حواشی وتعلیقات

(1) ''سنن ابی داود''، کتاب الملاحم، باب ما یذکر فی قرن المائة، ح: ٤٢٩١

(2) خواجہ محمد احسان مجددی سرہندی، ''روضیۃ القیومیۃ''، ص: ۱۴۴۔۱۶۷، (مکتبہ نبویہ، لاہور، ۲۰۰۲ء) مجلدات: ۴

(3) تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: ''روضیۃ القیومیۃ''، ص، ۱۲۸۔۱۲۹ ''حضرات القدس''، ص، ۲۹۹۔۳٦۸

(4) ''مکتوباتِ امام ربانی''، دفتر اول، مکتوب نمبر: 228

(5) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 231

(6) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 261

(6) ایضاً، دفتر دوم، مکتوب نمبر: 92

Marfat.com

(8) ٹی۔ ڈبلیو۔ آرنلڈ ''دعوتِ اسلام'' ص ۴۱۲

(9) Encyclopedia of religion and Ethics (جلد ۸، ص ۴۸۰ ۔ ۸)

(10) ''مکتوباتِ امام ربانی''، دفتر سوم، مکتوب نمبر: 43

(11) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: توزک جہانگیری، ص ۳۴۰

(12) ''مکتوباتِ امام ربانی''، دفتر اول، مکتوب نمبر: 53 بنام شیخ فرید بخاری، دفتر اول، مکتوب نمبر: 194 بنام صدر جہاں

(13) مکتوب سیفیہ، مکتوب نمبر 83 بنام صوفی سعد اللہ افغانی

(14) علامہ محمد ہاشم کشمی، ''زبدۃ المقامات''، ص: ۱۳۲، (مکتبہ انوار مدینہ، نور آباد، سیالکوٹ، ۱۴۰۷ھ)

(15) ''مکتوباتِ امام ربانی''، دفتر اول، مکتوب نمبر: 204

(16) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 224

(17) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 224

(18) ایضاً، دفتر سوم، مکتوب نمبر: 5

(19) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 228 (یہ خط و کتابت ابتدائی دور کی معلوم ہوتی ہے کیونکہ بعد میں حضرت مجددؒ نے میر نعمانؒ کو اپنے دستِ اقدس سے عربی زبان میں خلافت وارشاد کا اجازت نامہ لکھ کر عنایت فرمایا۔ (ملاحظہ ہو: ''زبدۃ المقامات''، ص: ۴۵۹)

(20) ایضاً، دفتر اول، حصہ اول، مکتوب نمبر: 23

(21) ایضاً، دفتر اول، حصہ سوم، مکتوب نمبر: 198

(22) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 224

(23) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر: 209

Marfat.com

(24) ایضاً، دفتر اوّل، مکتوب نمبر: 92

(25) ایضاً، دفتر اوّل، مکتوب نمبر 120

(26) ایضاً، دفتر اوّل، مکتوب نمبر: 224

(27) ایضاً، دفتر اوّل، مکتوب نمبر: 238

(28) ایضاً، دفتر اوّل، مکتوب نمبر: 209

(29) ایضاً، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 68

(30) ایضاً، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 69

(31) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: مکتوبات، دفتر اول، حصہ سوم، مکتوب نمبر: 191

(32) ایضاً، دفتر اول، حصہ سوم، مکتوب نمبر: 114

(33) ''صحیح بخاری، باب بدء الوحی،

(34) ''مکتوبات امام ربانی''، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 69

(35) ایضاً، دفتر اول، حصہ چہارم، مکتوب نمبر: 232

(36) ایضاً، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 67

(37) ایضاً، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 69

(38) ملاحظہ ہو: ایضاً، دفتر اول، حصہ دوم، مکتوب نمبر: 23

Marfat.com

معیار مجددیت اور

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تجدیدی کاوشیں

سید بدر مسعود شاہ گیلانی چوراشریف

مجددیت

جب انسان وحی ونبوت کے فیضان سے مستفیض ہوا تو اس کے اندر اپنے آپ کو جدید بنانے کا جذبہ پیدا ہوا۔ طبیعتِ انسانی نئی سے نئی جہتوں کی تلاش کی خوگر ہو گئی۔ تاریخی طور پر یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچی ہوئی ہے کہ جن معاشروں اور تہذیبوں میں جدیدیت کا محرک کمزور ہو جاتا ہے ان کو بالآخر زوال سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ زندگی کو ہر دم رواں دواں رکھنے کیلئے جدیدیت کا عنصر باقی رہنا از حد ضروری ہے ورنہ انسانی ذہن وفکر پر جمود طاری ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں انسان میں ترقی کرنے کی صلاحیتیں کمزور ہو جاتی ہیں۔ اگر اس کا سلسلہ جاری رہے تو یہ تنزل انسان کو پھر حیوانی سطح پر لا کھڑا کرتا ہے۔ اگر انسانی زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو جدیدیت (Modernization) ایک مسلسل عمل محسوس ہوتا ہے جو تہذیب وتمدن سے لے کر دین ومذہب تک پوری انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ چونکہ اس وقت روئے سخن دین کی طرف ہے، اس لئے انسان میں دنیاوی جدیدیت کے رجحانات پر گفتگو کی گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا وہ اپنے مقصود کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

Marfat.com

تجدید دین

تجدید دین سے مراد وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کسی الہامی مذہب کے عقائد و نظریات میں داخلی یا خارجی ماحول سے داخل ہو جانے والی خرابیوں کو نکال کر دوبارہ اسے اصلی حالت پر استوار کر دینے کا نام ہے۔

مذاہب عالم اور تجدید

عیسائیت

مذاہب وادیان عالم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ دور میں عیسائی مذہب کے وابستگان کی تعداد سب سے زیادہ ہے لیکن عیسائیت بطور دین یا نظام زندگی دنیا کے کسی بھی مقام پر موجود نہیں ہے۔ اس کے اپنے ماننے والے اس کی نظریاتی خامیوں کو ہدف تنقید بنا کر اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی خرابیوں کی نشاندہی کرتے رہتے ہیں۔ اس مذہب میں عدم تشدد کے نظریہ کی سب سے زیادہ پامالی ہوئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں خارجی ماحول سے در آنے والے عقائد و نظریات کو نکال کر اس کی تجدید کرنے کا کوئی طریقہ کار یا تصور موجود نہیں بلکہ اپنی کتابوں میں تحریف کو باقاعدہ قانونی شکل دے دی جاتی ہے۔

عیسائیت میں سینٹ پال یہودی کی طرف سے داخل کر دیئے جانے والے عقیدہ تثلیث کی آج تک کوئی توجیح پیش نہ کی جا سکی بلکہ یہ عقیدہ اس کے ماننے والوں کے لئے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے اور اس مذہب کے بڑے بڑے علماء بھی کسی ٹھوس بنیاد پر اس نظریہ کی وضاحت کرنے سے قاصر ہیں۔ کوئی شخص بھی اس لاینحل مسئلہ کو

Marfat.com

سلجھانے کے قابل نہیں ہو سکا کہ تین وجود ایک دوسرے میں مدغم ہو کر ایک وجود بن جائیں لیکن ان کا اپنا اپنا الگ وجود بھی برقرار رہے۔ یہی وجہ ہے کہ مذہب عیسائیت کی تمام تبلیغی کوششیں کسی مذہبی عقیدہ ونظریہ کی بنیاد پر نہیں کی جاتیں بلکہ معاشی ابتری کی شکار قوموں میں بے تحاشہ مادی وسائل استعمال کر کے اور رفاہی اداروں کے قیام کے ذریعے عیسائیت کو فروغ دیا جاتا ہے۔ اس کا ثبوت پس ماندہ افریقی ممالک میں عیسائیت کو قبول کرنے کی شرح سے ملتا ہے۔ جبکہ یورپ اور ترقی یافتہ ممالک میں اس کی مقبولیت روز بروز کم ہو رہی ہے۔

یہودیت

اس مذہب میں عقائد ونظریات یا دیگر معاملات پر سوچنا بھی گناہ ہے۔ یہودیت ایک نسلی مذہب ہے جس کی وجہ سے یہاں سوچ وفکر کے دائرے نہایت محدود ہیں۔ اس مذہب میں رجعت پسندی اتنی گہری ہے کہ کوئی شخص فکر جدید کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتا حتی کہ اس مذہب میں تبلیغ ودعوت کا دائرہ بھی نہایت محدود ہے۔

اسلام

عالم اسلام کی موجودہ بدحالی کے باوجود اسلام بطور نظریہ حیات فروغ پذیر ہے۔ جدید سروے کے مطابق یورپ اور دنیا کے دیگر ملکوں میں اسلام سب سے مقبول ترین دین ہے اور اس کو قبول کرنے والوں کی تعداد میں بڑی تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس ترقی پذیری کی دو وجوہات ہیں۔

ایک یہ کہ مسلمانوں کی تبلیغی مساعی علمی اور ٹھوس نظریاتی بنیادوں پر ہو رہی ہیں

Marfat.com

اور اس پر تحقیق کرنے والے یا اس کا مطالعہ کرنے والے عقلی شواہد کی بنیاد پر اسلام کی حقانیت کو تسلیم کر رہے ہیں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اسلام میں ایک خودکار تجدیدی نظام موجود ہے۔ جو ظاہری اور پوشیدہ طور پر ہمہ وقت جاری رہتا ہے۔ اس کے خالص الہامی عقائد و نظریات پر اول تو کوئی خارجی عقیدہ یا نظریہ اثر انداز ہی نہیں ہوسکتا لیکن اگر کوئی عنصر کسی طرح اس میں داخل ہو بھی جائے تو تجدیدی نظام پوری قوت سے اس کو دور کر دیتا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ کوئی فرد یا جماعت مستقل طور پر اس کے بنیادی اصولوں میں تبدیلی نہیں لا سکتی۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اپنے اصولوں پر قائم رہنے کی وجہ سے اسلام پر جمود کی کیفیت طاری ہوسکتی ہے بلکہ اسلام وقت گزرنے کے ساتھ اسلامی معاشرے میں پیدا ہونے والے جدید مسائل کو اجتہاد کے ذریعے دین کے اصولوں سے مطابقت دے کر ان کو دین کے دائرے میں لے آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آج کی جدید دنیا کا دین یا نظام زندگی بننے کی پوری پوری صلاحیت رکھتا ہے۔

اسلام میں طریقہ تجدید

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسانی اقدار کو حرص و ہوس کی گرد اپنے اندر ڈھانپ لیتی ہے حتی کہ اسلامی عقائد و نظریات اور عبادات و اعمال بھی اس کی دست برد سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ لیکن اسلام میں اس صورتحال کو زیادہ عرصہ کیلئے اس حالت پر نہیں رہنے دیا جاتا کیونکہ اسلام ایک آفاقی نظام حیات ہے اور اس نے آخری مسلمان تک قائم رہنا ہے۔ اسی لئے تجدیدی عمل کے تسلسل کی وجہ سے ایک مخصوص

Marfat.com

عرصہ جو بالعموم ایک صدی پر مشتمل ہوتا ہے اسلامی نظام حیات پر زمانے کی پڑی ہوئی گرد کو صاف کر کے صحیح عقائد ونظریات اور اعمال کی ترویج کر دی جاتی ہے۔ یہ طریقہ کار مختلف زمانوں اور ادوار میں مختلف انداز میں جاری رہا ہے۔

تجدید دین بالنبوت

حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اس دنیا میں بعثت کے بعد دین اسلام اپنی تکمیلی صورت کو پہنچا اور اس کے ساتھ تجدید دین بالوحی کا سلسلہ بھی اختتام پذیر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خلعت ختم نبوت سے نوازا گیا اور تاقیامت وحی ونبوت کا دروازہ بند کر دیا گیا۔

اس دور اقدس سے پہلے جب بھی دین اسلام کی تعلیمات میں مرور زمانہ اور حوادثات مختلفہ کے نتیجے میں تحریفات کی دی گئیں یا ان کو کلیتاً مٹا دیا گیا یا اصل اسلامی تعلیمات واصول انسانی خواہشات کی نذر ہو گئے تو اسلامی نظام حیات کو دوبارہ اصل حالت میں لانے کیلئے وقتاً فوقتاً انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث کیا جاتا رہا۔ اس بعثت انبیاء کا بنیادی مقصد دراصل تجدید دین ہی ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ اکثر انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اپنے پیشرو انبیاء کی تحریف شدہ تعلیمات کو دوبارہ اصل صورت میں تازہ کر دیا۔ اس کے علاوہ اس وقت لوگوں میں موجود بڑی بڑی بے اعتدالیوں اور خرابیوں کی اصلاح بھی فرمائی جیسے حضرت شعیب، حضرت صالح، حضرت لوط، حضرت موسیٰ علیہم السلام نے اپنی اپنی قوموں کی اصلاح فرمائی۔

ان حضرات کو وحی کی تائید حاصل تھی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے براہ راست

Marfat.com

حاصل ہونے والی رہنمائی میں اپنے وقت کی ملتوں کی دینی اصلاح کا فریضہ سرانجام دیتے رہے۔

تجدید بالخلافت

حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قرآن مجید اور سنت نبوی ﷺ کی صورت میں دینی اصول و اقدار کو محفوظ کر دیا گیا ہے۔ ان کی موجودگی میں جب کبھی عقائد و اعمال میں افراط و تفریط ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تربیت یافتہ خلفائے راشدین نے پوری استقامت اور جرأت ایمانی سے حق و باطل کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے ان تحریفات و بدعات کو قرآن و سنت کے مطابق از سرنو استوار کر دیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مبارک دور میں مختلف قبائل کی طرف سے ادائیگی زکوۃ کے انکار سے دین کے ایک بنیادی رکن سے انحراف کرنے کی کوشش کی گئی جن کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کمال ایمانی قوت اور مومنانہ فراست سے کچل کر رکھ دیا اور اس سازش کو کامیاب ہونے کا موقع نہ دیا۔

اسی طرح دوسرے خلفائے راشدین کے زمانہ خلافت میں جب کبھی کسی فتنہ نے سر اٹھانے کی کوشش کی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تربیت یافتہ اور روحانی فیض یافتہ ان حضرات نے پوری استقامت کے ساتھ حق نیابت کو نبھایا۔ اس کی ایک اور وجہ بھی تھی کہ دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ان حضرات کے شانہ بشانہ کھڑے ہوئے تھے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم (اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اولی الامر کی

Marfat.com

اطاعت کرو) سے بخوبی آگاہ تھے اور وہ جانتے تھے کہ اس آیت کی روشنی میں یہ خلفاء الراشدین رضوان اللہ علیہم رسول اللہ ﷺ کی نیابت کے مرتبہ پر فائز ہیں۔

تجدید بالعلم والروحانیت

خلافت راشدہ کے بعد ملوکیت کا دور شروع ہوا۔ حکمران کہلاتے تو امیر المومنین ہی تھے لیکن درحقیقت بادشاہی نظام قائم کر دیا گیا تھا۔ ان بادشاہوں نے اپنی حکمرانی کو دوام بخشنے کیلئے زر خرید علماء سے فتوے لے کر اپنا جواز ثابت کیا۔ اس کیلئے اسلامی نظام زندگی میں من مانی تاویلات کے ذریعے تحریفات کی گئیں۔

اس کے ساتھ ساتھ یونانی فلسفہ کی کتابوں کے عربی زبان میں تراجم کرائے گئے۔ جس کے نتیجہ میں خالص اسلامی اخلاق وتصوف پر یونانی فلسفہ کا رنگ چڑھا دیا گیا۔ کلامی بحثوں کو اسلامی تصوف کا حصہ بنا کر ایسے ایسے نظریات داخل کر دیے گئے جن کی بناء پر مظاہر کائنات میں اللہ تعالیٰ کے حلول کو حق مان لیا گیا۔ شریعت وطریقت کو ایک دوسرے سے جدا سمجھا جانے لگا۔

اس دور میں تجدیدی کام دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ ایک علمی تجدید کا کام جس کو علمائے حق نے سرانجام دیا۔ جب بھی عقائد ونظریات میں تبدیلیاں کی گئیں یا قرآن و حدیث کے مطالب میں من مانی توجیہات کے ذریعے تحریف کرنے کی کوشش کی گئیں تو اپنے اپنے وقت کی ضرورتوں کے مطابق علمائے کرام رحمہم اللہ اجمعین نے ان پیدا شدہ خرابیوں کو دور کر دیا۔

دوسری طرف تصوف کے میدان میں پیدا شدہ خرابیوں کو صاحبان معرفت وروحانیت

Marfat.com

نے تصوف یعنی طریقت کو شریعت کے تابع کر دیا اور غیر شرعی عقائد و اعمال یعنی بدعات کا قلع قمع کر دیا۔

یہ دونوں گروہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی مشکوٰۃ نبوت کے فیض یافتہ تھے۔ جس کسی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فیض علمی سے استفادہ کیا اور قرآن و حدیث کے علم میں تخصص (Specialization) حاصل کیا اس نے علمی میدان میں تجدیدی کام کیا۔ اور جس نے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روحانیت سے فیض حاصل کیا اس نے روحانیت کے میدان کو غیر شرعی امور سے پاک کر دیا۔ اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ علماء کرام تصوف سے بالکل نا آشنا تھے یا صوفیائے کرام علم سے بے بہرہ تھے بلکہ اس کا مطلب ہے کہ علماء جہت علم میں غلبہ رکھتے تھے اور صوفیاء جہت تصوف میں غلبہ کے حامل تھے جس کی وجہ سے اپنے اپنے میدان میں کام کیا۔

لیکن بعض ہستیاں ایسی بھی گزریں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دونوں کمالات علمی و روحانی کے جامع تھے اور انہوں نے بیک وقت علمی و روحانی دونوں امور میں تجدیدی کارنامے سرانجام دیئے۔ گویا جنہوں نے کسی ایک شعبے میں تجدیدی کام کیا وہ جزوی مجدد تھے اور جنہوں نے تمام امورِ دینی میں تجدید کر کے اصل اسلامی نظام زندگی کو بحال کیا وہ کلی یا جامع مجدد تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مراتب میں بھی وہی فرق ہے جو ایک جزو اور کل کے درمیان ہوتا ہے۔

معیارِ مجددیت

اگر تجدید کا فریضہ کوئی ایسی ہستی سرانجام دے جس کو وحی کی رہنمائی اور معجزہ کی

Marfat.com

تائید حاصل ہو تو اس کو نبی یا رسول کہتے ہیں، جبکہ یہی فریضہ اگر کسی امتی کے ہاتھوں انجام پائے تو اس کو مجدد کہتے ہیں۔ اس کو علم و فضل میں اعلیٰ مقام حاصل ہوتا ہے، علومِ ظاہریہ و باطنیہ میں یکتائے روزگار ہوتا ہے۔ حامیٔ سنت اور قامع بدعت ہوتا ہے گویا وہ ایک نابغہ عصر ہوتا ہے جس کو نورِ فراست میں حصہ وافر ملا ہوتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ اس کو کرامت کی تائید بھی حاصل ہوتی ہے۔

نبی اور مجدد کے کام کی یکسانیت کے باوجود ان کے مقام و مراتب میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے، نبی کی نبوت منصوص من اللہ ہوتی ہے، نبی وحی کی ہمہ وقت رہنمائی میں کام کرتا ہے۔ نبی اپنی نبوت کا اعلان کرنے کا پابند ہوتا ہے اس سلسلے میں وہ کسی شخص کی تائید و حمایت کا محتاج نہیں ہوتا۔ جبکہ مجدد کو اپنی صداقت کا ثبوت اپنے عزم و استقلال اور کام کی انجام دہی سے دینا ہوتا ہے۔ مجدد کے لئے اپنی مجددیت کا اعلان کرنا لازم نہیں ہوتا بلکہ اس کے ہم عصر علماء و صوفیا اس کے علم و فضل اور تجدیدی کام کو دیکھ کر اس کے مجدد ہونے کا حکم لگا سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے مجددین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی تجدیدی کوششوں کو ان کی زندگی میں معلوم نہ کیا جا سکا بلکہ بعد میں آنے والے علماء نے ان کے مجدد ہونے کی تصدیق کی۔

جب یہ معاملہ پردۂ خفا میں ہے تو اس صورت حال میں بعض لوگوں کے دلوں میں مجدد بننے کی خواہش انگڑائیاں لینے لگتی ہے اور بعض لوگ از خود مجدد ہونے کا دعویٰ کر دیتے ہیں بلکہ ان کی جسارت ان کو دعویٰ نبوت تک لے آتی ہے جیسے مرزا غلام قادیانی نے پہلے مجدد ہونے کا دعویٰ کیا اور پھر بتدریج ترقی کرتے کرتے نبوت کا اعلان کر بیٹھا۔

Marfat.com

ایسی کسی بھی کوشش کو روکنے کیلئے اس بات کی ضرورت ہے کہ مجددیت کا ایک معیار ہو جس کو کسوٹی بنا کر کسی ہستی کے مقام مجددیت پر فائز ہونے کو معلوم کیا جا سکے ورنہ خواہشات نفسانی کا ہر تابع اپنے آپ کو مجدد قرار دلوانے کی کوششیں کرتا رہے گا۔

اس معیار کو حضور رحمت عالمیان خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث تجدید سے مقرر کیا جا سکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے۔

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ اَخْبَرَنَا بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ شَرَاحِيْلَ بْنِ يَزِيْدَ الْمُعَافِرِيِّ عَنْ اَبِيْ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْمَا اَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا. حدیث 4291 باب ما یذکر فی قرن المائۃ ۔ کتاب الملاحم ۔ سنن ابی داؤد

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اس امت کیلئے ہر صدی کے سرے پر ایسے بندے (مجدد) بھیجتا رہے گا جو اس کیلئے دین کی تجدید کریں گے۔

اس حدیث کی ابوداؤد کے علاوہ دوسرے ائمہ حدیث نے بھی تخریج کی ہے۔ حاکم نے اپنی مستدرک میں اس کو روایت کیا ہے۔ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ابوداؤد اور مستدرک حاکم کے علاوہ طبرانی کی معجم اوسط کا بھی ذکر کیا اور اس کی سند و رجال کے متعلق فرمایا و سَنَدُهٗ صَحِيْحٌ وَرِجَالُهٗ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ۔ (اس کی سند صحیح ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں)۔

Marfat.com

امام بیہقی کی کتاب معرفۃ السنن والآثار میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔ اس کے علاوہ مولانا عبدالحیٰ فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ نے مجموعۃ الفتاویٰ میں اس حدیث کی تخریج میں حلیہ ابونعیم، مسند بزاز، مسند حسن بن سفیان اور کامل بن عدی کا بھی ذکر کیا۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ الصعود میں لکھا کہ اتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلٰی تَصْحِیْحِهٖ یعنی حفاظ حدیث کا اس کی صحت پر اتفاق ہے۔ اس حدیث مبارک میں مَنْ یُّجَدِّدُ لَهَا دِیْنَهَا کے الفاظ بڑے غور طلب ہیں۔ یہ الفاظ معیار مجددیت کو قائم کرنے کیلئے کافی ہیں۔ ان الفاظ میں دین کی تجدید کا ذکر ہے۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ دین کے مفہوم کو سمجھا جائے۔

دین

دین سے مراد وہ نظام زندگی ہے جو اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ اصولوں کے مطابق ہو اور زندگی کے تمام شعبوں کو محیط ہو، عموماً لوگ دین اور مذہب کو ایک ہی مفہوم میں لیتے ہیں۔ حالانکہ مذہب اور دنیا، دین کے دو حصے ہیں۔ مذہب میں وہ عقائد و نظریات اور اعمال آتے ہیں جن کا تعلق بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتا ہے جن کو حقوق اللہ کہتے ہیں، جبکہ تہذیب و تمدن، ثقافت اور سیاست کا تعلق دنیاوی معاملات سے ہے جن کا تعلق بندے اور بندے کے درمیان ہوتا ہے۔ جن کو حقوق العباد کہتے ہیں، گویا حقوق اللہ اور حقوق العباد کے مجموعے کو دین کہتے ہیں۔ دین کے معنی کی واضح تشریح حضور سرورِ کونین ﷺ کے مندرجہ ذیل ارشاد مبارک سے ہوتی ہے۔

Marfat.com

حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسیٰ قَالَ اَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ عِکْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلیٰ خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکَاةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ ۔ (بخاری شریف حدیث 8 باب الایمان)

اس سے واضح ہوا کہ دینِ اسلام (اسلامی نظامِ زندگی) کے پانچ بنیادی اصول ہیں۔

1. توحید و رسالت کا اقرار 2 قیامِ صلوٰۃ
3. نظامِ زکوٰۃ 4 رمضان کے روزے رکھنا
5. حج

ان اصولوں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض کا تعلق حقوق اللہ اور بعض کا حقوق العباد سے ہے۔ ان ہی بنیادی اصولوں پر اسلامی نظام زندگی (دین) کی پوری عمارت قائم ہے۔ جب تک انسانی زندگی ان اصولوں کے مطابق رہتی ہے معاشرہ دین اسلام پر قائم رہتا ہے لیکن جب کبھی خواہشاتِ نفسانی انسان پر غلبہ پا لیتی ہیں تو وہ ان اصولوں سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے مختلف حیلوں اور بہانوں سے اپنے لئے زیادہ سے زیادہ گنجائش اور سہولت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ گویا وہ آہستہ آہستہ اسلامی نظام زندگی سے فرار اختیار کر لیتا ہے اور اس میں بعض ناجائز تبدیلیاں بھی کر لیتا ہے۔ خواہشاتِ نفسانی کے تحت ان حاصل

Marfat.com

کردہ سہولتوں اور پیدا کی جانے والی تبدیلیوں کو اسلامی شرعی اصطلاح میں بدعت کہتے ہیں۔ وہ تمام نئے پیدا کیے جانے والے امور، جو حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ سے مطابقت نہ رکھتے ہوں بدعت کہلاتے ہیں اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تمام بدعات کو گمراہی قرار دیا ہے۔

ان بدعات کو ختم کر کے دین اسلام اور روشن سنت کو تازہ کر دینے کا نام تجدید ہے اور اس کام کو سرانجام دینے والی ہستی کو مجدد کہتے ہیں جو بالفاظِ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم، مجدد اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث کیا جاتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ کوئی شخص اپنی ذاتی کوششوں یا اپنی جماعت کے پروپیگنڈے کے زور پر مجدد کے مرتبہ پر فائز نہیں ہو سکتا، خواہ وہ علم و فضل، تفقہ فی الدین اور کشف و کرامت میں اعلیٰ مقام ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔ مجدّد کے فرائض میں سے ہے کہ وہ کتاب و سنت کے مطابق ان اعمال کو زندہ کرے، جو متروک ہو چکے ہوں، افراط و تفریط، تحریفات و تاویلات باطلہ اور بدعات سے دین کو پاک کرے، حق و باطل میں تمیز کرا کے دین کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دور کے مطابق بنائے، اس کے ساتھ ساتھ اپنے روحانی فیضان سے لوگوں کو مستفیض کرے۔

حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ حدیثِ تجدید کی شرح کرتے ہوئے مجدد کی صفت بیان کرتے ہیں کہ اَیْ یُبَیِّنُ السُّنَّةَ مِنَ الْبِدْعَةِ وَ یُکْثِرُ الْعِلْمَ وَ یُعِزُّ اَهْلَه ۔ یعنی مجدد، سنت کو بدعت سے ممتاز کرے گا۔ علم کو کثرت سے شائع کرے گا اور اہل علم کی عزت بڑھائے گا۔

مولانا عبدالحئی رحمۃ اللہ علیہ نے مجموعۃ الفتاویٰ میں فرمایا کہ مجدد کی علامات و

Marfat.com

شرائط یہ ہیں کہ وہ علوم ظاہری و باطنی کا عالم ہوگا۔ اس کی تدریس و تالیف اور وعظ و نصیحت سے عام نفع ہوگا۔ وہ سنتوں کو زندہ کرنے اور بدعتوں کے مٹانے میں سرگرم ہوگا۔

جس طرح خلفائے راشدین کو مقام نیابت حاصل تھا اور ان حضرات کو حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم کا ظاہری و باطنی فیض حاصل تھا اور وہ ان فیوضات کو تقسیم کرنے والے تھے، جنھوں نے اسلامی نظام کے قیام کے ساتھ ساتھ روحانی فیضان سے بھی تشنگانِ حقیقت کو فیض یاب کیا۔ اسی طرح مجدد چونکہ نبی کا ظل ہوتا ہے اور اس کو حسب فرق مراتب اولی الامر کے مرتبہ و مقام کی خصوصیات بھی اس میں پائی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں وہ نظام اسلامی کو قائم کرنے کی کوششیں کرتا ہے اور اس میں پیدا شدہ بگاڑ کو ختم کرنے میں اپنی صلاحیتیں صرف کرتا ہے جو زمانہ گزرنے کے ساتھ اس میں داخل ہو جاتا ہے وہاں وہ باطنی فیض کو بھی تقسیم کرتا ہے اور وقت کے غوث واقطاب واوتاد، ابدال ونجبا اور اولیائے کاملین اس سے روحانی فیض حاصل کرتے ہیں، بلکہ ان اولیاء کو جو مقام ومرتبہ ملتا ہے اس کے وسیلے سے ملتا ہے۔

مجدد چونکہ نظام اسلامی کی اقامت کے لئے کوشاں ہوتا ہے لہٰذا وہ اس راستے میں حائل ہونے والی طاغوتی اور باطل قوتوں کے خلاف نبرد آزما ہوتا ہے۔ وہ ان رکاوٹوں کو خاطر میں لائے بغیر اپنے مقصد کے حصول کیلئے سرگرم عمل ہوتا ہے۔ بالآخر وہ نظام اسلامی کو تمام بدعات وخرافات سے پاک کر کے اصل حالت میں لانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ نبی کا منکر خارج از اسلام ہوتا ہے اور آخرت کے انعامات سے محروم کر دیا جاتا ہے جبکہ مجدد کا منکر اگرچہ خارج از اسلام تو نہیں قرار دیا جا سکتا لیکن مجدد چونکہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی تبعیت و وراثت کی وجہ سے نیابت کے مقام پر فائز ہ

Marfat.com

ہے جس کی وجہ سے مجدد کے منکر و مخالف سے ظاہری و باطنی علوم کی تاثیر سلب کر لی جاتی ہے اور اس کو قرآن و سنت کے نور سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ اسلامی میں مجددین کی فہرست میں حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی ہستی سب سے زیادہ نمایاں نظر آتی ہے۔ آپ ہزارہ دوم (دوسرے ہزار سال) کے مجدد ہیں۔ مجدد الف ثانی آپ کے نام کا یوں حصہ بن گیا ہے کہ یہ الفاظ دل و زبان پر آتے ہی ذہن میں آپ کی ہستی کا خیال آتا ہے۔

آپ کے دور کی تاریخ (بالخصوص درباری عالم ملا عبدالقادر بدایوانی کی کتاب منتخب التواریخ) کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جلال الدین اکبر بادشاہ کے عہد میں دین اسلام نہ صرف بطور نظام زندگی مسلمانوں کی اجتماعی زندگیوں کا حصہ نہیں رہا تھا بلکہ اسلام کے بنیادی اصولوں کو تحریفات کے ذریعے انفرادی زندگیوں میں بھی ختم کرنے کی پرزور کوششیں کی گئیں اور ان کاوشوں کو نتیجہ خیز بھی بنایا گیا۔

ان تحریفات و بدعات کا اجمالی جائزہ لیتے ہوئے حدیث رسول ﷺ میں دین اسلام کی بیان کی گئی تعریف کی روشنی میں دیکھتے ہیں کہ عہد اکبری میں اسلام کے بنیادی اصولوں سے کس طرح انحراف کیا گیا اور پھر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے کس طرح تجدیدی کارنامہ سرانجام دیا۔

1. عقیدہ توحید و رسالت

عقیدہ توحید کی نفی آفتاب پرستی سے کی جانے لگی۔ ایک ہندو مصاحب بیربل

Marfat.com

نے اکبر کو آفتاب پرستی پر مائل کیا۔ آفتاب کی اللہ تعالیٰ کی طرح عبادت کی جانے لگی۔ اور اس کو مظہر کامل اور سرچشمۂ سعادت سمجھا جانے لگا۔ دنیا اور اہلِ دنیا کی زندگی اس سے وابستہ سمجھی جانے لگی۔ طلوعِ آفتاب کے وقت اس کی طرف رُخ کر کے عبادت کی جانے لگی، اکبر روزانہ آفتاب کے ایک ہزار ایک ہندی ناموں کا وظیفہ پڑھتا تھا۔ آفتاب پرستی کے ذیل میں آگ، پانی، پتھر، درخت اور تمام مظاہرِ عالم کی پرستش کی جانے لگی۔ گائے، اس کے گوبر، قشقہ اور زنّار کو مقدس قرار دے دیا گیا۔

پارسیوں (آتش پرستوں) کے زیر اثر ایک آتشکدہ تعمیر کیا گیا جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی تھی۔ قابلِ حیرت بات یہ ہے کہ اس آتشکدہ کا انتظام ایک درباری مولوی شیخ ابوالفضل کے سپرد کیا گیا تھا۔ اس عہد میں عیسائیوں کو بھی اثر ورسوخ حاصل ہو گیا تھا، عیسائی پادریوں کے دربار میں ہونے والے مباحثوں کے نتیجے میں عقیدہ تثلیث کے حق ہونے کی تصدیق کی گئی۔ ان عیسائی پادریوں کی جسارت اس قدر بڑھ گئی تھی کہ انہوں نے دجال ملعون اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف میں مشابہت پیدا کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا نعوذ باللہ۔ چونکہ ان کو اکبر کی مکمل حمایت حاصل تھی اس لئے وہ دین کے ہر معاملہ میں بے باک ہو گئے تھے اور اسلام کو نقصان پہنچانے کا ہر عمل بے دھڑک کر گزرتے تھے۔

سچ تو یہ ہے کہ اکبر کو اس انتہائی درجۂ بغاوت تک لانے میں زر پرست علما و مشائخ نے اہم کردار ادا کیا۔ درباری علماء نے اکبر کو یقین دلا دیا تھا کہ وہ امام الزمان ہے اور اس مرتبے کو اتنا بڑھا چڑھا کر پیش کیا کہ اکبر نے اجمالی اور معنوی نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ رہی سہی کسر شیخ مبارک کے تیار کردہ محضر نامہ نے نکال دی۔ اس کی

Marfat.com

بدولت امام عادل (حکمران وقت) کو مجتہد شرعی سے اعلیٰ و برتر قرار دے کر شریعت اسلامی میں کھلم کھلا مداخلت کے دروازے کھول دیئے۔ بادشاہ کو کسی چیز کو حلال یا حرام قرار دینے کے تمام اختیارات حاصل ہو گئے۔ اس محضر نامہ پر مولانا عبداللہ مخدوم الملک۔ شیخ عبدالنبی صدر الصدور۔ جلال الدین ملتانی قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) صدر جہاں مفتی اعظم۔ ملا شیخ مبارک اور غازی خاں بدخشی جامع معقولات نے دستخط کیے۔ اس سلسلے میں نام نہاد صوفیا نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ شیخ تاج الدین نے اکبر کو انسانِ کامل کے درجے پر فائز کر کے مقامِ الوہیت کے نزدیک تر کر دیا۔ اسی کے نتیجے میں بادشاہ کے لئے سجدہ تعظیمی (جس کا نام زمین بوسی رکھا گیا) جائز قرار دے دیا گیا۔

اس صورتِ حال میں اکبر نے بڑی دیدہ دلیری سے عقائد و مسائل میں نئی اختراعات کو شامل کر لیا۔ قرآن مجید کو مخلوق قرار دیا گیا۔ وحی کو امرِ محال کہا گیا۔ نبوت کو مشکوک سمجھا جانے لگا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسمائے مبارکہ سے نفرت کا اظہار کیا جانے لگا۔ اور جن درباریوں کے نام محمد یا احمد تھے ان کے نام تک تبدیل کر دیئے گئے۔ جن، ملائکہ اور تمام غیبی امور کا انکار کر دیا گیا۔ مرنے کے بعد عذاب و ثواب کو محال قرار دے کر تناسخ پر منحصر کر دیا گیا۔

2. نظام صلوٰۃ کا خاتمہ

اکبر نے نماز پنجگانہ کو منسوخ کر کے سورج کی پرستش شروع کر دی۔ مسجدیں اور خانقاہیں ہندوؤں کی آرام گاہیں بن گئیں بلکہ بعض مساجد اصطبل کا نقشہ بن گئیں۔

Marfat.com

مساجد میں نماز ادا کرنے کی بجائے فحش اعمال کیے جانے لگے۔

3. ماہ رمضان کی بے حرمتی

اکبر نے روزہ رکھنے پر پابندی لگا دی، وہ رمضان کو بطور مذاق بھوک اور پیاس کا مہینہ کہتا تھا۔ اس نے درباریوں کو حکم دیا کہ وہ رمضان میں اس کے سامنے کھائیں پئیں ورنہ منہ میں پان ضرور رکھیں۔ بھرے بازار میں روزہ داروں کی توہین کی جاتی اور سرِ عام کھانے پینے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی۔

4. حج پر پابندی

مآثر الامراء نامی کتاب کی جلد 2 ص 217 پر جہانگیر بادشاہ کا بیان ہے کہ اکبر نے حج پر پابندی عائد کر دی۔ ملا عبداللہ سلطان پوری مخدوم الملک نے راستہ کی خرابی کو جواز بنا کر فریضہ حج کو ساقط کر دینے کا نہ صرف فتویٰ دیا بلکہ حج کو گناہ قرار دے دیا۔ اس کے علاوہ دیگر قبائح کو رواج دیا گیا جن میں گائے کے ذبیحہ پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی۔ کتے اور سُور کو پاک قرار دے کر لائقِ عبادت سمجھا جانے لگا۔ بادشاہ روزانہ صبح کے وقت ان کی زیارت کرتا تھا۔ شراب کو حلال قرار دیا گیا اور غسل جنابت کی فرضیت کو منسوخ کر کے غسل پر پابندی لگا دی گئی، سود اور جوا حلال قرار دیا گیا۔

قحبہ خانہ قائم کر کے فحاشی کو فروغ دیا گیا اور ان کی باقاعدہ سرکاری سرپرستی کی گئی۔ چچا، ماموں اور دیگر قریبی رشتہ داروں کی بیٹیوں سے نکاح کو حرام کر دیا گیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام کے بنیادی اصولوں سے کھلا انحراف کیا گیا بلکہ اسلامی اقدار کو ختم کرنے کی بھرپور کوششیں کی گئیں۔ یہ صورت حال کسی صاحبِ ایمان کے لیے

Marfat.com

ناقابل برداشت تھی اور کسی ایسی جامع شخصیت کی ضرورت تھی جو جوشِ ایمانی کے ساتھ ساتھ ہوش وخرد سے بھی بہرہ مند ہو، جو دین کی مٹادی جانے والی اقدار کو دوبارہ زندہ کرے۔ اس معیار پر پورا اترنے والی ہستی صرف ایک ہی نظر آتی ہے جس کا نام شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ ہے اور لوگ آپ کو مجدد الف ثانی کے لقب سے جانتے ہیں۔ آپ نے اپنی بے مثال جدوجہد اور ایمانی جرأت واستقامت سے تاریخ کا رخ موڑ دیا۔ آپ کی مساعی جمیلہ کے نتیجے میں برصغیر میں اسلام کو حیاتِ نو ملی۔

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ آپ ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثِ تجدید کے معیار پر پورے اترنے والے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ امت مسلمہ نے آپ کو مجدد الف ثانی کا خطاب دیا۔ آپ نے دوسرے ہزار سالہ دور کے لئے تجدیدی فریضہ سرانجام دیا۔ حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے شایانِ شان قصیدہ لکھا۔

حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پر
وہ خاک کہ ہے زیرِ فلک مطلعِ انوار
اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحبِ اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملّت کا نگہباں
اللہ نے بر وقت کیا جس کو خبردار
کی عرض یہ میں نے کہ عطا فقر ہو مجھ کو

Marfat.com

آنکھیں میری بینا ہیں ولیکن نہیں بیدار
آئی یہ صدا سلسلۂ فقر ہوا بند
ہیں اہلِ نظر کشورِ پنجاب سے بیزار
عارف کا ٹھکانہ نہیں وہ خطہ کہ جس میں
پیدا کلۂ فقر سے ہو طرّہ و دستار
باقی کلہ فقر سے تھا ولولۂ حق
طرّوں نے چڑھایا نشۂ خدمت سرکار

شواہد تجدید

یوں تو حضرت مجدد الف ثانی کے مجدد ہونے کی گواہی بہت سے علماء اور اولیائے کاملین نے دی۔ اس کے علاوہ چند شواہد تجدید کا ذکر کیا جاتا ہے۔

1. آپ کی ذاتِ عالی کی بدولت عوام الناس کی روحانی واخلاقی اصلاح ہوئی۔

2. آپ نے دین اسلام کے بنیادی اصولوں کو از سرِ نو زندہ کیا۔

3. علمائے سُو اور صوفیائے خام کی قباحتوں کی نشاندہی کر کے ان کی اصلاح فرمائی۔

4. گمراہ کن عقائد اور بدعات کی نشاندہی کر کے مسلمانوں کو صحیح عقائد اختیار کرنے کی طرف رہنمائی کی۔

5. علومِ عقلیہ پر انحصار کرنے والوں اور دین کو عقلِ محض کا تابع سمجھنے والوں

Marfat.com

کی اصلاح کر کے شرعی علومِ نقلیہ کا پابند بنا دیا۔

6. بادشاہِ وقت، امرائے سلطنت اور درباریوں کی اصلاح فرمائی۔

اس سلسلہ میں مکتوبات امام ربانی سے چند عبارات پیش کی جاتی ہیں جن کے تناظر میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تجدیدی کاوشوں کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔

عقائد کو درست کرنے کے لئے حضرت شیخ فرید رحمۃ اللہ علیہ کو لکھتے ہیں:

یقینی طور پر تصور فرمائیں کہ بدعتی کی صحبت کا فساد کافر کی صحبت کے فساد سے زیادہ ہے اور تمام بدعتی فرقوں میں بدتر اس گروہ کے لوگ ہیں جو پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحاب کے ساتھ بغض رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے کلام میں ان کا نام کفار رکھتا ہے۔ لیغیظ بھم الکفار۔ قرآن مجید اور شریعت کی تبلیغ اصحاب ہی نے کی ہے اگر ان پر طعن لگائیں تو قرآن اور شریعت پر طعن آتا ہے۔ قرآن کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جمع کیا۔ اگر حضرت عثمان مطعون ہیں تو قرآن مجید بھی مطعون ہے۔ حق تعالیٰ ان زندیقوں کے ایسے برے اعتقاد سے بچائے۔

مکتوب۔ ۵۴ دفتر اول

خان اعظم کو رسومات کفر کو مٹانے کی ترغیب دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اسلام کی غربت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ کفار کھلم کھلا اسلام پر طعن اور مسلمانوں کی مذمت کرتے ہیں اور ہر کوچہ و بازار میں نڈر ہو کر کفر کے احکام جاری کرتے ہیں اور اہل کفر کی تعریف کرتے ہیں اور مسلمان اسلام کے احکام جاری کرنے سے رکے ہوئے ہیں۔

Marfat.com

سبحان اللہ وبحمدہ داناؤں نے کہا ہے الشرع تحت السیف کہ شرع تلوار کے نیچے ہے اور شرع شریف کی رونق بادشاہوں پر منحصر ہے لیکن اب قضیہ برعکس ہو گیا ہے اور معاملہ بدل گیا ہے۔ ہائے افسوس صد افسوس۔

ہم ایسے نازک وقت میں آپ کے وجود مبارک کو غنیمت جانتے ہیں اور اس معرکہ ضعیف اور شکست خوردہ میں آپ کے سوا کسی کو بہادر اور لڑاکا نہیں پہچانتے۔ حق تعالیٰ اپنے نبی اور ان کی آل صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل آپ کا مددگار اور ناصر ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کی مسلمانی کی عزت ہمسروں کی نظروں میں ظاہر ہے تو کوشش فرمائیں اور زیادہ نہ سہی تو اس قدر تو ہو کہ اہل کفر کے وہ احکام جو اہل اسلام میں شائع ہیں معدوم ہو جائیں اور اہل اسلام ان کے بے ہودہ عملوں سے محفوظ رہیں۔

مکتوب ۶۵ دفتر اول

مندرجہ بالا مکتوب شریف کا بغور جائزہ لیں تو حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کی فراست کا ایک شاہکار نظر آتا ہے کہ آپ نے حضرت خان خانان اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو بغاوت پر آمادہ کرنے کی بجائے اصلاح احوال کی حکمت عملی کی ترغیب دے کر معاشرے کو ٹوٹ پھوٹ سے بچا کر حق کے راستے پر گامزن کرنے کا پورا منصوبہ سامنے رکھ دیا۔

جناب لالہ بیگ کو لکھا کہ۔

زادنا اللہ وایاکم حمیۃ الاسلام۔ (حق تعالیٰ ہم میں اور تم میں غیرت اسلامی کو زیادہ کرے)۔ عرصہ ایک صدی سے اسلام پر اس قسم کی غربت چھا رہی ہے کہ کافر مسلمانوں کے شہروں میں صرف کفر کے احکام جاری کرنے پر راضی نہیں ہوتے بلکہ چاہتے ہیں کہ

Marfat.com

اسلامی احکام بالکل دور ہو جائیں اور اسلام اور اہل اسلام کا کچھ اثر نہ رہے اور اس حد تک نوبت پہنچ چکی ہے کہ اگر کوئی مسلمان شعار اسلامی کو ظاہر کرتا ہے تو قتل کیا جاتا ہے۔ گائے کا ذبح کرنا ہندوستان میں اسلام کا بڑا شعار ہے۔ کفار جزیہ دینے پر شاید راضی ہو جائیں مگر گائے ذبح کرنے پر ہرگز راضی نہ ہوں گے۔ سلطنت کی ابتدا ہی میں اگر مسلمانی نے رواج پالیا اور مسلمانوں نے اعتبار پیدا کر لیا تو بہتر ورنہ نعوذ باللہ۔

مکتوب ۸۱ دفتر اول

حضرت شیخ فرید رحمۃ اللہ علیہ کو اسلامی احکامات کے نفاذ کی ترغیب فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔

دونوں جہان کی سعادت فقط سردار دو جہان ﷺ کی تابعداری سے وابستہ ہے اور آنحضرت ﷺ کی متابعت یہ ہے کہ اسلامی احکام بجالائے جائیں اور کفر کی رسمیں مٹا دی جائیں کیونکہ اسلام و کفر ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ ایک کو ثابت و قائم کرنا دوسرے کے دور ہو جانے کے باعث ہے اور ان دو ضدوں کا جمع ہونا محال ہے۔

مکتوب ۱۶۳ دفتر اول

میرے سیادت پناہ مکرم آج اسلام بہت غریب ہو رہا ہے۔ آج اس کی تقویت میں ایک چیتل کا صرف کرنا کروڑ ہا روپیوں کے بدلے قبول کرتے ہیں، دیکھیں کون سے بہادر کو اس دولتِ عظمیٰ سے مشرف فرماتے ہیں۔ دین کی ترقی اور مذہب کی تقویت ہر وقت خواہ کسی سے وقوع میں آئے بہتر ہے اور زیبا ہے لیکن اس وقت میں کہ اسلام غریب ہوتا ہے اہل بیت کے آپ جیسے جوانمردوں سے نہایت ہی زیبا اور خوب ہے۔ کیونکہ یہ دولت آپ جیسے بزرگوں کے خاندان کی خانہ زاد ہے۔ اس کا

Marfat.com

تعلق آپ سے ذاتی اور دوسروں سے عارضی ہے، حقیقت میں نبی علیہ وآلہ الصلوٰۃ والسلام کی وراثت اسی عظیم القدر امر کے حاصل کرنے میں ہے۔

(مکتوب 193، مکتوب الیہ شیخ فرید)

سلمکم اللہ سبحانہ دعا ناکم! حق تعالیٰ آپ کو سلامت وعافیت سے رکھے! احکام شرعیہ کے جاری ہونے اور مذہبِ مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے دشمنوں کی خواری کی باتیں سن کر ماتم زدہ مسلمانوں کے دل کو خوشی اور روح کو تازگی حاصل ہوئی۔۔۔۔۔۔آپ کو معلوم ہے کہ زمانہ سابق میں جو فساد پیدا ہوا تھا، وہ علما کی کم بختی سے ظہور میں آیا تھا۔ اس بارے میں اُمید ہے کہ پورا پورا تتبع مدنظر رکھ کر علمائے دیندار کے اِنتخاب کرنے میں پیش دستی کریں گے۔ (مکتوب 194، مکتوب الیہ صدر جہاں)

علماء کرام کو ترغیب

اس دولت کے حاصل کرنے کے لئے آپ کے واسطے عمدہ ذریعہ یہ ہے کہ آپ محبت واخلاص کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دوستوں کے واسطے محض اپنی عنایت سے عطا فرمائی ہے۔ ایسے مقامات میں کہ جہاں کفر متمکن ہو اور بدعتیں جاری ہوں، علومِ شرعیہ کی تعلیم دیں اور احکام فقہیہ کو پھیلائیں۔ (مکتوب 275، مکتوب الیہ ملا احمد برکی)

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی سیرتِ مقدسہ کے تفصیلی مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے عقائد، عبادات، معاملات، آداب غرضیکہ دین اسلام کے تمام شعبوں میں تجدید واحیاء کا فریضہ سرانجام دیا اور حدیثِ تجدید کے صحیح مصداق بنے۔ یوں آپ ایک جامع مجدد کی حیثیت سے دوسرے ہزار سالہ دور (الفِ ثانی) کے لئے مبعوث ہوئے۔

Marfat.com

مکتوباتِ امام ربانی کی جدید محقق اشاعت

(استنبول ۲۰۱۸ء)

(۱)

شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی (۹۷۱-۱۰۳۴ھ/ ۱۵۶۴-۱۶۲۴ء) کے خطوط، جو تصوف کی دنیا میں مکتوبات امام ربانی کے نام سے پہچانے جاتے ہیں، مزید کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ یہ خطوط، زیادہ تر فارسی اور چند ایک عربی زبان میں ہیں اور انہیں حضرت مجدد کے خلفا نے ان کے حین حیات ہی حسب ذیل ترتیب کے ساتھ، تین دفاتر (جلدوں) میں جمع اور مرتب کر دیا تھا:

۱۔ دفتر اول موسوم بہ درّ المعرفت، جامع یار محمد جدید بدخشی طالقانی، بسال ۱۰۲۵ھ، مشتمل بر ۳۱۳ مکتوبات۔

۲۔ دفتر دوم موسوم بہ نور الخلایق، جامع عبدالحی حصاری، بسال ۱۰۲۸ھ، مشتمل بر ۹۹ مکتوبات۔

۳۔ دفتر سوم موسوم بہ معرفۃ الحقایق، جامع محمد ہاشم کشمی، بسال ۱۰۳۱ھ، مشتمل بر ۱۱۴ مکتوبات۔

چیدہ چیدہ مکتوبات کی قلمی نقلیں حضرت مجدد کے زمانے ہی میں ضرورت مندوں تک پہنچنا شروع ہو گئیں تھیں۔ بعد میں جب یہ مکتوبات تین جلدوں میں مرتب ہو گئے تو مکمل متن کی قلمی نقلیں بھی تیار ہونے لگیں جو اب دنیا بھر کے کتب خانوں میں

Marfat.com

دستیاب ہیں۔ جب ہندوستان میں چھپائی (طباعت) کی صنعت آ گئی تو مکتوبات طبع ہو کر عام ہوئے۔ پہلی بار یہ ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۱ء میں مطبع احمدی، دہلی سے باہتمام شیر محمد خان بن غلام محمد خان جھجری مالک مطبع احمدی، تین جلدوں میں شائع ہوئے۔ دوسری اشاعت ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء میں مطبع مرتضوی، دہلی سے حافظ حاجی عزیز الدین احمد مالک مطبع مرتضوی کے اہتمام سے ہوئی۔ منشی نول کشور نے بھی اپنے مطابع لکھنؤ / کان پور سے مکتوبات کی کئی اشاعتیں کیں۔ اس مطبع سے ۱۲۹۴ھ/۱۸۷۷ء میں مکتوبات تیسری بار شائع ہوئے۔ ۱۳۲۴ھ/ جولائی ۱۹۰۶ء کی اشاعت پر "بارِ ہشتم" لکھا ہوا ہے۔ اس کے بعد بھی دیگر ناشروں کے ہاں سے اشاعت ہوتی رہی۔ چند اشاعتیں ہندوستان سے باہر بھی ہوئی ہیں۔ ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء میں مطبع پورصوف، تاشقند (ازبکستان) سے بہ اہتمام حاجی عبداللہ بن حاجی اسد اللہ اور ۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۴ء میں زاہدان (ایران) سے بہ تصحیح و تعلیق محمد ایوب گنجی شائع ہوئے۔

مکتوبات امام ربانی کی مذکورہ ہندوستانی و غیر ہندوستانی اشاعتیں سب روایتی قسم کی اور غیر محقق ہیں۔ اس سے ہٹ کر، آج سے تقریباً ایک صدی قبل، مولانا نور احمد پسروری ثم امرتسری (وفات: ۱۳۴۸ھ/۱۹۳۰ء) نے مکتوبات کی تصحیح و تدوین کا بیڑہ اٹھایا اور ۱۳۲۷ تا ۱۳۳۴ھ/۱۹۰۹ تا ۱۹۱۶ء مطبع مجددی، امرتسر سے ہر دفتر کو متعدد حصوں میں تقسیم کر کے، جہازی سائز میں بتدریج شائع کیا۔ مولانا کی یہ اشاعت بے حد مقبول ہوئی اور اس نے سابقہ تمام اشاعتوں پر خط تنسیخ کھینچ دیا۔ اس اشاعت کا اعتبار اب تک قائم ہے۔ اس میں مولانا نے تحقیق کے تمام اصولوں کو مد نظر رکھا ہے۔ چنانچہ متن کو قدیم نسخے پر استوار کر کے اس کا بقیہ نسخوں سے تقابل کیا اور اختلافات

Marfat.com

حاشیے پر درج کیے؛ آیات واحادیث کی تخریج کی اور حاشیے میں ان کا فارسی ترجمہ بھی لکھا؛ مشکل الفاظ کی فرہنگ لکھی: عربی مکتوبات اور فارسی مکتوبات میں در آئی عربی عبارات کا فارسی ترجمہ کیا؛ اگر مکتوبات کی کسی عبارت سے عقائد کے لحاظ سے غلط فہمی پھیلنے کا اندیشہ تھا تو حاشیے میں اپنی طرف سے وضاحت لکھ کر اس اندیشے کا سدِ باب کیا؛ عربی عبارات پر اعراب لگائے؛ جن افراد کا ذکر مکتوبات میں آیا ہے ان کے مختصر حالات زندگی جستجو کر کے حاشیے میں لکھے۔ غرض یہ کہ مولانا نور احمد نے اپنے زمانے میں دستیاب وسائل اور اپنی مقدرت کے مطابق مکتوبات امام ربانی کا ایک عمدہ ایڈیشن تیار کیا جس کی بعد میں ترکی اور پاکستان سے کئی بار عکسی اشاعتیں ہو چکی ہیں۔ تاہم سو سال پہلے ہونے والی اس اشاعت کا انداز قدیم ہے۔ دستی کتابت، حاشیہ در حاشیہ وضاحتیں اور بین السطور فرہنگِ الفاظ، یہ انداز اب تدوین اور طباعت کے جدید رجحانات سے لگا نہیں کھاتا اور کمپیوٹر اور ڈیجیٹل عہد کا قاری ایک صدی پہلے کے انداز کتابت وطباعت سے قطعاً مانوس نہیں ہے۔ ضرورت تھی کہ مولانا نور احمد کے ایڈیشن کی نئے تقاضوں کے مطابق تجدید اشاعت کی جائے یا مکتوبات امام ربانی پر از سرِ نو کام کیا جائے۔

(۲)

نومبر ۲۰۱۳ء میں استنبول میں عزیز محمود ہدائی وقف کے زیر اہتمام ''بین الاقوامی امام ربانی سمپوزیم'' منعقد ہوا جس میں راقم السطور نے بھی شرکت کی اور ایک مقالہ ''مکتوبات امام ربانی کی جدید تنقیدی اشاعت کی ضرورت'' عنوان کے تحت پیش کیا۔ مقالے میں دی گئی تجویز کو نہ صرف سمپوزیم میں پذیرائی ملی اور اسے اعلامیے میں شامل کیا گیا بلکہ بعد میں عزیز محمود ہدائی وقف استنبول نے اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے

Marfat.com

کی ذمہ داری بھی مجھی کو سونپ دی!

میں نے فروری ۲۰۱۴ء میں اس منصوبے پر مرحلہ وار کام شروع کیا اور پاکستان کے علاوہ، دیگر ممالک سے مکتوبات امام ربانی کے قدیم نسخوں کے کوائف اور مطلوب نسخوں کے عکسیات حاصل کرنا شروع کیے۔ چنانچہ حسب ذیل نسخے بصورتِ عکس حاصل ہوئے:

۱۔ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، شمارہ ۱۴۹۵، تاریخ ۱۰۵۶ھ۔ (صرف دفتر دوم)

۲۔ ابوریحان بیرونی انسٹی ٹیوٹ آف اورینٹل سٹڈیز، تاشقند، نسخہ ۱۴۹۹، تاریخ ۱۰۸۰ھ۔ یہ نسخہ ڈاکٹر نجدت طوسون صاحب نے فراہم کیا۔

۳۔ آفتاب کلیکشن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، شمارہ ۱۴/۳ ف تصوف تاریخ ۱۱۳۸ھ۔ یہ نسخہ ڈاکٹر عطا خورشید صاحب نے مہیا کیا۔

الف: متن: پہلے مرحلے میں مکتوبات کا متن کمپیوٹر سے وَرڈ (Word) پروگرام میں کمپوزنگ کیا گیا۔ اس کی بنیاد مولانا نور احمد کا تدوین کردہ متن (اشاعت امرتسر ۱۹۰۹ تا ۱۹۱۶ء) ہے۔ ہم نے مولانا کا صرف متن لیا، ان کے حواشی، تعلیقات اور فرہنگ الفاظ کو شامل نہیں کیا۔ دوسرے مرحلے میں ٹائپ شدہ متن کا مذکورہ بالا مخطوطات سے تقابل کر کے ضروری اختلافات پاورقی میں منتقل کیے گئے۔ تقابل کے عمل میں بعض مقامات پر مولانا نور احمد کے مرتبہ متن میں کہیں کہیں تسامحات بھی نظر آئے جن کی اصلاح کر دی گئی اور متن میں درست لفظ/جُملہ اختیار کیا گیا۔ متن کی اس تیاری میں فنی تدوین کے نقطۂ نظر سے بھی کئی چیزوں کا لحاظ رکھا گیا، جیسے غریب عربی الفاظ اور عربی عبارات پر اعراب لگانا؛ طویل عبارتوں کی اس طرح پیرابندی کرنا کہ

Marfat.com

موضوع کی تفکیک ہو جائے؛ رموز او قاف کا لحاظ رکھنا، وغیرہ۔

ب: اشاریہ سازی: جب ہر لحاظ سے مکتوبات کی تینوں جلدوں کا متن تیار ہو گیا تو اس کے مختلف اشاریے تیار کیے گئے۔ جو حسب ذیل ہیں:

۱۔ احادیث نبوی اور بعض اقوال مشایخ بزبان عربی، ماخذ کے ذکر کے ساتھ؛

۲۔ عربی اشعار کی تخریج، ماخذ کے ذکر کے ساتھ؛

۳۔ فارسی اشعار کی تخریج، ماخذ کے ذکر کے ساتھ؛

۴۔ دینی، کلامی، فلسفی، عرفانی اور اخلاقی اصطلاحات اور مفاہیم؛

۵۔ دینی، عرفانی، کلامی، معاشرتی طبقات، اقوام، پیشہ ور، مناصب اور روحانی مراتب؛

۶۔ اشخاص اور فرشتے؛

۷۔ مقامات (آبادیاں، دریا، خانقاہیں، قلعے، پہاڑ، مساجد)؛

۸۔ رسائل، کتب، مکتوبات؛

۹۔ مکتوب الیہم کے اسماء بترتیب حروف تہجی؛

۱۰۔ چند مقامی (ہندی یا مہند) الفاظ کی فرہنگ

ان اشاریوں کی خصوصیت یہ ہے کہ صفحات کی بجائے، مکتوبات کے دفتر (جلد) اور مکتوب نمبر پر مبنی ہے۔ اس طرح یہ تمام اشاریے مکتوبات کے کسی بھی قدیم و جدید یا مستقبل کے ایڈیشن کے لیے کارآمد ہو سکتے ہیں۔

ج: مقدمہ اور تعلیقات: مکتوبات کے تیار شدہ متن کو علمی انداز میں پیش کرنے کے لیے علمی مقدمہ اور تعلیقات کی ضرورت تھی۔ چنانچہ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کام کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ پہلے حصے میں راقم السطور نے ''پیش گفتار'' تحریر کیا جو مندرجہ ذیل موضوعات کا احاطہ کرتا ہے:

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کے موجودہ ایڈیشن کی تیاری کی روداد؛

مکتوبات امام ربانی کی تدوین کی روداد:

مکتوبات امام ربانی کے مخطوطات اور مآخذ کا جائزہ (مختلف ممالک کے حوالے سے)؛

مکتوبات امام ربانی کی سابقہ اشاعتوں کی تفصیل:

مولانا نور احمد پسروری امرتسری کے حالات زندگی؛

نور احمد امرتسری کی دیگر علمی مساعی؛

نور احمد امرتسری کی مکتوبات امام ربانی کی تدوین کے لیے کاوشیں۔

دوسرے حصے میں پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مبسوط ''مقدمہ'' شامل ہے۔ (اصل میں یہ تحریر اُردو میں لکھی گئی تھی جسے راقم السطور نے فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔)

اس مقدمہ کے مندرجات حسب ذیل ہیں:

دسویں اور گیارہویں صدی ہجری میں برصغیر کے سیاسی اور مذہبی حالات؛

امام ربانی شیخ احمد سرہندی کے حالات زندگی؛

مکتوبات امام ربانی کے جامعین کے حالات زندگی۔

مکتوبات امام ربانی کیسے جمع ہوئے؟

مکتوبات امام ربانی کے حوالے سے ہونے والے کام کا جائزہ (تراجم، شروح، حضرات مجددیہ کی تفہیم مکتوبات کے لیے کوششیں، متفرق کتابیں متعلقہ مکتوبات، مکتوبات کی تخریج پر مبنی کتب فہارس اور اشاریے، حضرت مجدّد الف ثانی کے ردّ اور دفاع میں لکھی جانے والی کتب)

Marfat.com

اس کے بعد ''تراجم'' عنوان کے تحت پروفیسر محمد اقبال مجددی کا ایک اور طویل مقالہ ہے جس میں ان لوگوں کے حالات زندگی (بترتیب حروف تہجی) جمع کیے گئے ہیں جنہیں حضرت مجدد نے خطوط لکھے تھے۔ (مجددی صاحب کی یہ تحریر بھی اُردو میں تھی جسے راقم السطور نے فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔)

مکتوبات امام ربانی کا جو منصوبہ ۲۰۱۴ء میں شروع ہوا تھا، وہ ۲۰۱۷ء میں ہر لحاظ سے مکمل ہوگیا اور اسے طباعت واشاعت کے لیے عزیز محمود ہدائی وقف، استنبول کے حوالے کر دیا گیا۔ جسے ۲۰۱۸ء کے اواخر میں ارقم پبلی کیشنز (ERKAM YAYINLARI) استنبول نے نہایت نفیس کاغذ پر، خوب صورت پختہ جلد کے ساتھ چار جلدوں میں شائع کر دیا ہے۔ ان جلدوں کی ترتیب اس طرح ہے:

جلد اول: مکتوبات دفتر اول، اس جلد کو ضخامت کے پیش نظر دو حصوں میں چھاپا گیا ہے۔

پہلے حصے میں مکتوبات ۱ تا ۲۰۰/اور دوسرے حصے میں مکتوبات ۲۰۱ تا ۳۱۳، مع عرضداشت ہائے خواجہ محمد صادق وترجمۂ فارسی مکتوباتِ عربی، ۶۰ + ۱۰۰۳ صفحات؛

جلد دوم: مکتوبات دفتر دوم، ۲۱+۴۱۱ صفحات؛

جلد سوم: مکتوبات دفتر سوم، ۲۱+۴۹۸ صفحات؛

جلد چہارم: پیش گفتار، مقدمہ، تراجم، اشاریہ، تصاویر، ۵۶۱ صفحات۔

دو ہزار پانچ سو پچھتر (۲۵۷۵) صفحات پر پھیلا ہوا یہ تمام کام فارسی زبان میں انجام دیا گیا ہے۔ جو خصوصیات مکتوبات امام ربانی استنبول اشاعت ۲۰۱۸ء کو مکتوبات کی سابقہ اشاعتوں سے ممتاز کرتی ہیں وہ یہ ہیں:

صحت متن کا اہتمام، ایسے اقدم مخطوطات کے استعمال کے ذریعے جو اس سے پہلے استعمال میں نہیں آئے تھے؛

Marfat.com

مکتوبات کی چوتھی جلد کے مشمولات اور مباحث تازہ کاری کی مثال ہیں اور پہلی بار علمی دنیا کو پیش کیے گئے ہیں۔ بالخصوص فارسی خوان حلقہ ان سے پہلی بار واقف ہوا ہے۔ اس سے پہلے مکتوبات کے مکتوب الیہم پر کام نہیں ہوا تھا، اس اشاعت میں یہ کام ایک ایسے محقق (محمد اقبال مجدّدی) نے انجام دیا ہے جس کا تخصص رجال مجدّدیہ ہے۔ حضرت مجدّد کے مکتوبات میں جابجا عربی و فارسی اشعار آئے ہیں۔ یہ کلام کس کا ہے اور ان کا ماخذ کیا ہے؟ اس پر پہلے کسی نے توجہ نہیں دی تھی۔ موجودہ اشاعت میں نہ صرف ان اشعار کے شعرا کا سراغ لگایا گیا ہے بلکہ ان شعرا کے دواوین سے اختلاف متن بھی دیا گیا ہے۔

زیر بحث اشاعت کی ظاہری خوب صورتی (کمپوزنگ، سیٹنگ، جلد، کاغذ) پورے کام کو پُرکشش بنائے ہوئے ہے جو اس سے پہلے مکتوبات امام ربانی کی کسی اشاعت کو نصیب نہیں ہوئی۔

"مکتوبات امام ربانی، بہ کوشش عارف نوشاہی" کے پورے منصوبے میں کئی احباب کی معاونت شامل حال رہی۔ مکتوبات کی کمپوزنگ، صفحہ بندی، تخریج احادیث اور بذریعہ کمپیوٹر اشاریہ سازی کا کام اظہار القدوس نوشاہی صاحب نے انجام دیا۔ عربی عبارتیں اور ان کے اعراب ایک شامی دوست ڈاکٹر محمد عبدالمجید نے ملاحظہ کیے۔ محمد اقبال مجددی صاحب کے حصے کے کام کا ذکر ہو ہی چکا۔ اس طرح مکتوبات کی یہ اشاعت اب اہل علم کے استفادہ کے لیے دستیاب ہے۔ ترکی میں ناشر سے اس پتے پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:

www.kampanyakitaplari.com,
www.erkamyayinlari.com
فون نمبر: 6710700(212+90) فیکس نمبر:
(212+90)6710748

Marfat.com

Shaikh Ahmad Sirhindi and Mughal Politics*

Taken From: Religion, State, and Society in Medieval India collected works of S.Nurul Hasan Ed. by Satish chandra Oxford Univ Press.2005

Shaikh Ahmad Sirhindi(1) was one of the greatest religious leaders of his times. His followers include some of the principal nobles(2) as well as large number of common Muslims. He may be regarded as the symbol of powerful and tendency that had appeared in the reign of Akbar, the tendency of Muslim reaction which was strengthened in the seventeenth century. He provided the ideological basis of this tendency and took an active part in furthering it. Thus even through the historical records may be lacking in any visible proof of his direct political influence, it would be interesting to study the political attitude of the Shaikh as revealed in his letter to the important political personalities of the period.(3)

---

* Proceedings of indian History Congress, VIII Session, Annamalainagar, 1945, pp. 248-57.

Marfat.com

A few words may be said about the then prevailing tendencies before we actually examine Shaikh Ahmad's ideas and teaching. Akbar's reign marks the culmination of an epoch in which a common Hindu-Muslim culture was growing in different parts of the country. The dominant religious tendencies, both among the Muslims as well as Hindus, gad many common points. These were, as is well-known, the Sufi movement and the Bhakti cult. Politically, the endeavor of Akbar was to make the Mughal state the common concern of Hindus and Muslims.

But the very success of this tendency accentuated opposite tendencies. The Bhakti movement in Maharashtra assumes,. at this period, and anti-Muslim character. The followers of Guru Nanak gradually shed away their catholicity and assumed the nature of a militant sect. Similarly, among the Muslims, there was a feeling of revolt against the existing trends of Sufism with its tolerance and freedom of individual worship. There was a cry 'Islam has become impure', 'Muslims are

Marfat.com

being influenced by Kafirs'. Thus the slogan, 'Back to original Islam', was raised. The beginning of the second millennium had revived the idea of a regenerator. The Mahdavi movement,[4] although professing a different set of beliefs, was the product of a similar trend. The leadership of this tendency was, however, assumed by the Naqshbandi movement.[5] A large number of Muslim nobles who were either dissatisfied with the growing influence of Hindu nobles or subsequently of the Persian nobles, found themselves in complete agreement with this movement and extended to it their full support. It was precisely this group of nobles which turned the scales in favour in Jahangir during the controversy between Salim and Khusro for succession.

Dissatisfaction with Akbar's Reign:

Shaikh Ahmad was extremely dissatisfied with the policy of Akbar. In a letter to Shaikh Farid (Murtaza khan) during Jahangir's reign he writes, You know what sufferings the Musalmans have undergone in the past. The conditions of the Muslims in the past ages had never been worse than this; that

Marfat.com

the Muslims should follow their creed. and the Kafirs should follow their path. In the previous reign the Kafirs became so preponderant that in the land of Islam they promulgated orders of kufr. while the Muslims were unable to give Islamic orders: and if they did so, they were executed.[6]

Shaikh Ahmad was definitely in favour of the accession of Jahangir. He rejoiced in the news of Jahangir's accession, and wrote:

Today when the news of the rise of the Islamic state and the accession of the king of Islam has

* Proceedings of indian History Congress, VIII Session, Annamalainagar, 1945, pp. 248-57.

reached all, the followers of Islam considered it their duty to offer their support and aid to the king and to guide him in the propagation of the faith and the strengthening of the religion-whether this assistance is given with the hands or with the tongue.[7]

Shaikh Ahmad's devoted disciple Murtaza Khan played a leading role in favour of Jahangir in the Council of nobles convened by Khan-i-Azam at

Marfat.com

the time of Akbar's death.[8] And again it was Shaikh Farid who extracted from Jahangir the promise to defend Islam as a price of the support given by the nobles.[9]

The reactions of Shaikh Ahmad on the accession of Jahangir and during the early part of his reign are worth noting. High hopes were raised in his heart that the new regime would propagate the shariat. In his letters he unfolded his political ideas. The main points are summarized below.

Importance of Shariat:

Unlike the Sufic preachers, Shaikh Ahmad laid great stress on the importance of the propagation of the Shariat by the state. In a letter to Khan-i-Azam he says: 'Sages have said that the Shara' is always under the sword, and the triumph of the Shara 'depends on the Kings'.[10] He again emphasized this point in a letter to Jahangir himself when he wrote that the propagation of the Shara depended on him.[11] He makes his argument very clear in the following words: 'The king stands in the same

Marfat.com

relation to the world as the heart stands to the body. If the heart is sound, the body is also well. If, however, the heart is in a bad way, the body also suffers. Thus the welfare of the world depends on the goodness of the king.'[12]

These ideas were somewhat different from the prevalent Sufic notions. The Sufis believed primarily in their individual salvation, and in the moral persuasion of the masses. Shaikh Ahmad, however, holds a contrary view. He considers the scholars of Shara 'who propagate the Shariat as definitely superior to the Sufis.[13] And he holds that propagation of the Shara 'is possible mainly with the backing of the state. To Khan-i-Azam he writes: 'Khwaja Ahrar used to say that his task was to propagate the Shariat. That was why he frequented the company of kings and through them propagated the Shariat.'[14] For this reason Shaikh Ahmad too maintained cordial relations with the nobles of the realm and concentrated on cultivating their friendship.[15]

He kept on pressing the nobles to exercise their influence on the king for the propagation of the

Marfat.com

Shariat. He says: 'In the new regime it is the duty of the nobles and the ulama to restore the glory of Islam. If the king is indifferent. and even his companions keep aloof from the problem. the fate of the Muslims would become pitiable.'[16] He is more explicit in his letter to Khan-i-Azam: 'Your word is effective and your adherence to Islam is respected among your equals. You should therefore make an attempt. At least the laws of kufr which are prevalent among the religion of Muhammad was looked upon with hostility. In the present regime there is no open enmity. If there is any, it is due to ignorance.'[17]

This ignorance, therefore, he sought to combat. The elements mainly responsible for this ignorance on the part of the kings were the 'vicious ulama', 'The company of the worldly ulama is like a deadly poison. Their mischief is contagious... In the past the calamity that befell Islam was due to the machinations of these very people. It is they who have been misleading the kings.'[18] When therefore he heard that the king had decided to appoint four

Marfat.com

prominent ulama at the court to advise on religious questions, he was very pleased. But he cautioned his friends among the nobles that they should allow only such ulama to be appointed as were deeply religious and strict followers of the Shára'. [19]

The main mission of the life of Shaikh Ahmad was to establish the supremacy of the Shara 'in the Muslim state. In almost all his letters addressed to the political personalities, there is the utmost emphasis on following the Shara'. In a letter to Mutaza Khan on the occasion of the appointment of the ulama at the court (referred to above), he says that they should enunciate the law of Islam so that no order is passed in contravention of the Shara'.[20] Again to Khan-i-Khanan he writes that 'in all matters the decisions of the truly religious ulama should be followed.'[21]

The Shariat has to be interpreted by the Sunni ulama on the basis of the book (kitab). the tradition (sunnat) and the consensus of the community (ijma-i-ummat). There should be no attempt to seek

Marfat.com

rational justification of the religious laws, because one who tries to do so 'denies the greatness of the prophet'. In this connection it was imperative, according to Shaikh Ahmad, the first of all the beliefs be corrected according to the Sunni faith, and heretical tendencies be combated. In a long letter to khan-i-Jahan,[22] he urges him to conform strictly to the Sunni faith, enunciates its main tenets and beliefs, asks him to keep aloof from the other sects and requests him to speak from time to time to the king about it.[23] Almost the same advice is repeated to Murtaza Khan, Mirza Badiuz Zaman, Darab Khan, Hakim Fathullah, Khizri Khan Lodi, Fath Khan Afghan, and Khan-i-Khanan.[24]

Whenever action was taken to enforce the Shariat, he expresses satisfaction and appreciation. For example, he thanks and praises Qulich Khan for having promulgated a number of orders in accordance with the Shara' and congratulates him that during his tenure of office at Lahore, 'religion has been strengthened'.[25] He pleads for the

Marfat.com

appointment of Qazis so that the Shariat may be properly enforced.[26] On the other hand he unequivocally condemns all state institutions in contravention of the Shara'. His abhorrence of such activities was so great that he even refused to visit Delhi during the season of Navroz.[27]

Opposition to Heretical Tendencies:

The establishment of the supremacy of the Shara' involved, according to Shaikh Ahmad, a crusade against the heretics and the infidels. Let us first examine his ideas towards the heretics. In a long letter to Hakim Fathullah he violently attacks the non-Sunni sects, especially the Shias.[28] To Murtaza Khan his advice is to avoid the company of heretics altogether, as that was 'even worse than the company of infidels'.[29] The Shaikh also wrote a pamphlet refuting the beliefs of Shiism, entitled 'Radd-i-Rawafiz'. Presumably this sustained campaign against Shiism was mainly directed towards the Shiite Persian nobles. The Shaikh was keen that heresy be put down, and for this reason

Marfat.com

wanted to enlist the sympathies of the nobles. In a letter to Khan-i-Khanan he writes: 'The followers of this (Naqshbandi) Order have become helpless in this land. and many people have fallen a victim to Shiite heresy. Your aid is solicited in this connection.'[30] The execution of Qazi Nurullah Shustari. the Shia Qazi of Akbar's reign. was presumably at the instance of the Shaikh.[30]

Much more violent however was his tirade against the non-Muslims (kafirs). According to the Shaikh, Muslims should have no truck with the non-Muslims, not even social contacts. He emphasizes this point in a number of letters. For example, to Khan-i-Khanan he writes: 'Muslims have been instructed to regard kafirs as enemies.'[32] He expands his ideas in a letter to Murtaza Khan as follows:

One who respects the kafirs, dishonours the Muslims. Respecting them does not merely mean honouring them, but giving them a place in one's company and talking to them. Like dogs they should

Marfat.com

be kept away and if there is any worldly business which cannot be attained without them, then without taking them into confidence, only minimum contact should be established. The height of Islamic sentiment is to forego worldly profits and have no relationship at all with them.[33]

Shaikh Ahmad wanted to translate his religious hatred of the non-Muslims into the realm of politics. He considers the state ruled over by a Muslim as an Islamic state. Such a conception was fundamentally different from the theory of the Mughal state. The Mughal theory, at its best under Akbar, strove that the state should not remain the monopoly of any one religion, or race or group. Different religions and racial groups had been associated with administration, and the affairs of the state were being run more and more in harmony with the sentiments of the different elements of society. An administration which was tending to assume the character of a non-sectarian common concern was strongly disapproved by the Shaikh. He could not

Marfat.com

tolerate 'infidels' issuing orders of 'kufr' in the 'land of Islam', and considered such a state to be one of helplessness and degradation for the Muslims.

He, therefore, urged an uncompromising policy. The non-Muslim should have no place in the administration; they should be reduced to a state of degradation and humiliation. Utmost harshness should be shown to them-this was, in short, his recommendation for the treatment of non-Muslims.[34] A few extracts from his letters will clearly reveal his main ideas on the subjects. In a letter to Murtaza Khan he writes. 'Obedience to the Prophet lies in the fact that the Islamic law be followed and the traditions of infidelity be obliterated. Islam and kufr are the negation of each other.... God has ordered, 'O Prophet launch a crusade against the kafirs and disbelievers and suppress them'.[35] Again, he repeats, his ideas as follows. "Launching a crusade against the kafirs and treating them with harshness is one of the essential needs of religion'.[36] His bitterness reaches a climax

Marfat.com

when he writes. "Every man has got some desire in his heart. The uppermost desire in the heart of this faqir is that the enemies of God and the Prophet be dealt with severely.... (This writer) has repeatedly invited you to perform this function and considers it to be one of the most important duties... Every open and hidden effort should be made for their destruction."[37]

Views on Jizya:

As has already been noticed, he was very keen that the infidels be kept in a state of degradation and humiliation. He looks upon jizya not as a monetary contribution for defence in lieu of personal service, as some jurists and writers have argued. He wanted the imposition of the jizya as an emblem of the subjugation of the non-Muslims. He elaborates this point in a letter to Murtaza Khan: 'The main reason for taking jizya is to degrade and humiliate them, so much so that because of its fear they may not be able to dress well and live in grandeur... It does not behove the kings to stop jizya. God has instituted it

Marfat.com

to dishonour them. It is intended to bring them into contempt and to establish the honour and might of Islam.'[38]

Appreciation of Measures Against Non-Muslims:

Any blow at the non-Muslims was deeply appreciated by the Shaikh. His letter to Khan-i-Azam is characteristic of this sentiment. He writes, 'May God help you in upholding the law of Islam and give you victory over its enemies... At such a critical juncture, we find in you a welcome personality...the verbal crusade that you are waging is the greatest of crusades (Jihad-i-Akbar), and consider it to be higher than the crusade of bloodshed'.[39] Similarly to Sadr-i-Jahan he writes, 'The promulgation of Islamic orders and the news of the dishonouring of the enemies of Faith has gladdened hearts of Muslims'.[40] He congratulated Murtaza Khan for having dishonoured the Hindus and destroyed their idols during the Kangra campaign. Perhaps his ideas emerge most sharply when he expresses his pleasure

Marfat.com

at the execution of Guru Arjan. He says that whatever may have been the motives of execution, it was a matter for satisfaction. Since it involved the degradation of the infidels and the glory of Islam.[41]

Growth of Shaikh Ahmad's Influence and His Imprisonment:

Such in brief were the ideas of Shaikh Ahmad on politics. As observed before, he sought to extend his influence among the nobles and in the army. The Sunni nobles found these ideas in consonance with their political ambition. The supremacy of the Shariat and the subordination of the temporal authorities to the dictates of the ulama could act as a check on the autocracy of the king, something which must have been very welcome to most of the nobles. The tirade which Shaikh Ahmad launched against those ulama who justified Akbar's absolutism on the basis of the legal theory which had grown during the Abbasid period, could have undermined the religious sanction of royal autocracy. And as has already been mentioned, the attacks on Hindus and Shias could

Marfat.com

have helped in ousting the Persian and Hindu nobles from the much coveted higher posts. Whatever might have been the reasons, Shaikh Ahmad did begin to exercise an influence over an important section of the nobles.

In the army and in the administrative Staff too, he carried on his propaganda. He appointed Shaikh Badruddin as his chief Khalifa in the army. In almost all his letters to the important nobles we find that he is making a recommendation for the appointment to some post for one of his followers. Such concentrated efforts at a time when the minds of the people were only too well prepared to receive such ideas, produced effective results. His influence grew so much that even the king was alarmed, and decided to bring the situation under control.(42) In 1619, he was summoned to the court on the charge of claiming superiority over the first caliph, Abu Bakr. It is obvious that this was a trumped up charge. In a long letter to Hakim Fathullah, the Shaikh denied the charge and as a proof, referred to

Marfat.com

the letter which he had written to the Hakim a few years before, stating that Abu Bakr was superior to everyone else including Ali.[43]

There is a another proof which points that the authorities knew it fully well that the Shaikh did not really consider himself superior to Abu Bakr. Shaikh Mirak, who was Prince Khurram's tutor, once went to Sirhind and questioned Shaikh Ahmad. Shaikh Ahmad denied the change and produced the letter in question. Shaikh Mirak, returned quite satisfied on the score.[44] Moreover, considering the religious policy of Jahangir, it may be presumed that the Shaikh would not have been persecuted only because of his religious pretensions, even if the charges against him were true. The Naqshbandi records also state that Jahangir jailed him for refusing to perform sijdah. Probably it was to this incident that Beni Prasad refers in his book.[45] Jahangir however makes no reference to this incident in his Memoirs.[46] It is quite possible that it may not have occurred because he had already abolished sijdah for the Qazis and the, ulama.

Marfat.com

The Shaikh was however sent to Gwalior prison. But even during his confinement he urged his followers not to do anything against the state, probably because the Shaikh believed that the success of his programme depended on the cooperation of the King who was after all much more amenable to the influence of the ulama than his father. The statement of some of the followers of Shaikh Ahmad that he actually dissuaded Mahabat Khan from revolting on this issue is not supported by facts.(47) However, the way Jahangir mentions the occasion of the release of the Shaikh two years later ('It was reported that the Shaikh had repented') also shows that he was not dissatisfied with his conduct.

The Naqshbandi writers go on to say that the king apologized to the Shaikh and promised to carry out the following programme outlined by the Shaikh: abolition of the sijdah, reconstruction of the mosques that were destroyed, permission for cow slaughter, appointment of Qazis and censors to enforce the Shara', introduction of jizya, and suppression of

Marfat.com

heresy and innovation.[48] There is no contemporary evidence to show that either the king expressed regret for his conduct or that he gave the pledge demanded by the Shaikh. On the other hand, Jahangir writes that the Shaikh expressed regret. It is also known that no action was taken in accordance with the demands of the Shaikh as enunciated above. It would not be incorrect to say that both the imprisonment as well as the release of the Shaikh were due to political causes. The dissatisfaction against the Nurjahan junta had been increasing and this dissatisfaction had assumed a religious anti Shiite colour. The dissatisfied nobles included Prince Khurram and Mahabat Khan. The latter was closely associated with the Naqshbandi order. (It may be recalled that there was trouble over the marriage of Mahabat Khan's daughter with the son of Khwaja Umar Naqshbandi.) Close affinity between these dissatisfied nobles and Shaikh Ahmad is not inconceivable. The imprisonment of the Shaikh was undoubtedly done under the influence of the

Marfat.com

Nurjahan junta, and his release was one of the measures taken to assuage the agitated Sunni opinion during these troubled times. This incident is sufficient in itself to prove the influential position which Shaikh Ahmad had come to acquire as the spiritual leader of the pan-Islamic tendency.

Notes and References

1. Born in 1563 and died in 1624, he has been called 'Mujaddid Alf-i-Sani' or the Regenerator of the Second Millennium. He was the virtual founder of the Naqshbandi order in India.
2. E.g., Murtaza Khan, Islam Khan, Mahabat Khan, Mirza Badi-uz-Zaman, Darab Khan, etc.
3. Maktoobat-i-Imam-i-Rabbani, Nawal Kishore Press, Cawnpore, 1906, 3 Vols.
4. Maulana Abdul Kalam Azad's evaluation of the Mahdavi movement would be found of interest, see Tazkira.
5. Mirza Hakim, Akbar's younger brother, had organized his rebellion in 1581 on the slogan of 'the defence of religion'. Incidentally he was also a

Marfat.com

follower of the Naqshbandi order.

6. Maktoobat, Vol. I, letter no. 47. Also see letter no. 81 addressed to Lala Beg.

7. Ibid.

8. Asad Beg, Waqaya. B.M. III, 979b.

9. Accordingly, the leading nobles (Murtaza Khan), having been sent by the others as their representative, came to the Prince and promised, in all their names to place the kingdom in his hands provided that he would swear to defend the law of Mahomet. Ibid. In this context, see S. A. A. Rizvi, ed., Muslim Revivalist Movements in North India, Agra, 1965, pp. 216-21.

10. Maktoobat, Vol. I, letter no. 65.

11. Ibid., Vol. I, letter no. 47.

12. Ibid., Vol. I, letter no. 47.

13. Ibid., letter to Murtaza Khan, Vol. I, no. 48.

14. Ibid., Vol. I, letter no. 65.

15. E.g., he regards Murtaza Khan as a patron; he is anxious to regain the favour of Hakim Fathullah when the latter is annoyed; he humours and Hatters,

Marfat.com

and at times admonishes Khan-i-Khanan and Khan-i-Azam to maintain his influence over them.

16. Ibid., letter to Sadr-i-Jahan, Vol. I, no. 195.

17. Ibid., Vol. I, letter no. 65. Similarly to Murtaza Khan he writes: 'It is expected from your gentle self that since God has given you complete nearness to the king, you will make every overt and covert effort to propagate the shariat of Muhammad.' Letter no. 47.

18. Ibid., Vol. I, letter no. 47.

19. Ibid., letter to Murtaza Khan (No. 53) to Sadr-i-Jahan (No. 194).

20. Ibid., letter no. 53.

21. Ibid., letter no. 70.

22. Ibid., letter to Khan-i-Khanan, no. 214.

23. Ibid., Vol. II, letter no. 67.

24. Ibid., Vol. I, letters nos. 69, 71, 75, 80, 94, 193, 213; Vol. II, letter no. 87.

25. Ibid., Vol. I, letter no. 76. See also letter to Sadr-i-Jahan, no. 194.

26. Ibid., letters no. 103 and 195.

Marfat.com

27. Ibid., letter no. 44. In a subsequent letter he repeats his arguments: 'Today when the king of Islam is no longer as kind to the infidels, the custom of kufr cannot be looked upon with equanimity by the Muslims', letter no. 194.

28. Ibid., letter no. 80.

29. Ibid., letter no. 54.

30. Ibid., Vol. 11, letter no. 62. This letter confirms the view taken by the author of Maasir-i-Umara that Khan-i-Khanan had genuinely discarded Shiism. The Khan-i-Khanan however remained unorthodox all his life, and Shaikh Ahmad admonished him frequently. Cf. Vol. I, letters nos 23, 68, 214, Vol. II, Nos 8, 62 and 66.

31. Jahangir-i-Mujaddidia, p. 43.

32. Maktoobat, letter no. 23.

33. Ibid., letter no. 163.

34. The scope of the present paper prevents an examination of the factors which led to rise of this tendency, or its evaluation, or a comparison with the corresponding non-Muslim movements. The writer

Marfat.com

hopes to undertake an exhaustive examination of these points in the book he is contemplating to write on 'Some Popular Muslim Religious Movements in Medieval India'.

35. Ibid, letter no. 163.

36. Ibid, letter no. 193.

37. Ibid, letter no. 269, cf. letter no. 165.

38. Ibid, letter no. 163, cf no. 193.

39. Ibid, letter no. 65.

40. Ibid, letter no. 194

41. Ibid, letters nos. 193 and 269.

42. Khwaja Kamaluddin's work Ruzat-ul-Qaiyyaumia gives a detailed account of the life of Shaikh Ahmad. This account, though full of inaccuracies, is substantially the same as appears in other contemporary or later works.

43. Maktoubat, Vol. I, letter no. 202. The letter referred to is no. 80.

44. Dara Shikoh, Safinatul Auliya (Nawal Kishore Press), pp. 197-8.

45. Beni Prasad, History of Jahangir, OUP, 1922, Appendix B, p. 450.

Marfat.com

46. Tuzuk-i-Jahangiri, edited by Md. Hadi.

47. B. A. Faruqi also makes the same statement (p. 25). The students of history need no proof of the fact that Shaikh Ahmad was released much before Mahabat Khan's coup de main.

48. Rauzat ul-Qaiyumiya, ff. 77a-78b.

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

ارمغانِ امام ربانی

مشتمل بر مقالات و نوادرات سلسلۂ نقشبندیہ

جلد دہم حصہ دوم

مقالات و مقدمات

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

فہرست مندرجات حصہ دوم

مقالات

۱۔ لجنۃ لاحیاء المخطوطات الاسلامیہ کا قیام
۲۔ حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری
۳۔ حضرت شیخ محترم لاہوری
۴۔ حضرت شیخ محمد حسین جامی لاہوری و مولانا عبدالنبی جامی
۵۔ شیخ محمد مراد قزانی (مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کے عربی مترجم)

نوادرات سلسلۂ نقشبندیہ

۱۔ رسالہ اذ کار یومی ولیلی تالیف حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی
۲۔ وثیقۃ الاکابر (مشیخہ شاہ فقیر اللہ علوی شکارپوری)
۳۔ رسالہ عقائد ضروریہ تالیف حضرت شاہ محمد غوث قادری لاہوری
۴۔ سلسلۃ الاولیاء تالیف مولانا محمد صالح کنجاہی
۵۔ زبدۃ الفرائض تالیف خواجہ غلام محی الدین قصوری
۶۔ رسالۂ نظامیہ (مبحث وحدت الوجود) تصنیف خواجہ غلام محی الدین قصوری
۷۔ ثمرات الحیات (ملفوظات شیخ برہان الدین راز الٰہی برہانپوری) طبع قدیم

Marfat.com

لجنہ لاحیاء المخطوطات الاسلامیۃ

کا قیام

محمد اقبال مجددی

۱۹۸۶ء کے اپنے پہلے علمی سفر انگلستان کے دوران میں لندن سے فرینکفورٹ صرف عربی زبان وادب کے بین الاقوامی شہرت کے مالک استاد ڈاکٹر فواد سزگین سے ملاقات کے لئے گیا تھا کیوں کہ میں ان کی شہرۂ آفاق جرمن کتاب ''تاریخ التراث العربی'' کی جرمنی زبان میں پہلی نو جلدیں نہ صرف دیکھ چکا تھا بلکہ ایم اے او کالج، لاہور کی لائبریری کے لئے اس کا ایک سیٹ مع کتابیات بروکلمان خرید چکا تھا، اور ان کے علمی کام سے بہت متاثر تھا، میں نے ان کے فرینکفورٹ میں موجود ادارہ:

Institute for Gorehichte der Arabisch-Islamichan Urissenchaften

کو دیکھ کر مبہوت رہ گیا، ایک میز پر ان کی مطبوعات سجا کر رکھی ہوئی تھیں، جن میں میرے لئے جاذب توجہ وہ نادر الوجود اور منحصر بفرد قلمی نسخوں کی عکسی اشاعت تھی، جنہیں بڑے اہتمام سے بالکل مخطوطہ جیسا کاغذ بنوا کر اس کی عکسی اشاعت عمل میں لائی گئی تھی۔

میں نے بھی فیصلہ کر لیا کہ اپنے ملک پاکستان جا کر میں بھی ایک اسی نوعیت کا ادارہ بنا کر اپنے ملک میں موجود ایسے قلمی نسخے عکسی صورت میں شائع کروں گا۔

تصحیح اور حواشی کے ساتھ تو چند مخطوطات شائع کئے ہی تھے جیسے ''مقاماتِ معصومی''، ''حسنات الحرمین''، ''زاد المعاد'' اور ''احوالِ مشائخ کبار'' لیکن سب سے بڑی رکاوٹ یہاں اس قسم کی مطبوعات کی مارکیٹ کے نقطۂ نظر سے کوئی اہمیت نہ ہونا تھی اور ذاتی طور پر

Marfat.com

سرمایہ کا فقدان پہلے ہی تھا۔

تاہم اللہ پاک کا نام لے کر ۲۰۰۴ء کو اس کا آغاز کر دیا، میرے ہاں ایک صاحبِ ذوق بزرگ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری مرحوم تشریف لایا کرتے تھے، ان کی خدمت میں اس منصوبہ کے متعلق عرض کی گئی تو انہوں نے فرمایا کہ اس مقصد کے لئے اہم ایک ادارہ بنائیں گے چونکہ ان کا تعلق سلسلۂ نقشبندیہ سے تھا، اس لئے میں نے ''حوزۂ نقشبندیہ'' ادارہ کا نام تجویز کیا، تو فوراً منظور کرتے ہوئے ایک نادر عربی مخطوطہ ''لطائف المدینۃ'' (احوال حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی (ف ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء) تالیف شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی کا عکس طبع کروایا، جس پر مجھ عاجز کا مفصل مقدمہ اور ملخص اُردو ترجمہ بھی شامل ہے۔

اس کے بعد حضرت میاں صاحب کی علالت کا سلسلہ شروع ہو گیا اور ان کے ہاں بھی وسائل کی بہت کمی ہو گئی تو یہ سلسلۂ اشاعت التوا کا شکار ہو گیا۔

اس کے بعد امام ربانی پبلی کیشنز، لاہور کے مالک جناب محمد ناظم بشیر میرے ہاں آنے جانے لگے تو میں نے ان کے سامنے سارے معاملات رکھے، انہوں نے ۲۰۱۶ء کو میرے ہاں کچھ نادرالوجود خطی نسخے دیکھے تو ان میں سے ''خلاصۃ المعارف'' تالیف شیخ آدم بنوڑی (ف ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) خلیفۂ حضرت مجدد الف ثانی کی عکسی اشاعت کا وعدہ کر لیا اور اسی سال امام ربانی کانفرنس کے موقع پر اس کی اشاعت عمل میں آئی۔

اگلے سال ۲۰۱۷ء کو انہیں کچھ دوستوں سے مالی امداد ملی تو تین نادر مخطوطات کے عکس شائع کیے، یعنی:

۱۔ رسائل خواجہ محمد ہاشم کشمی (ف حدود ۱۰۴۳ھ/۱۶۳۳ء)

۲۔ بہجۃ النظار فی براۃ الابرار (دفاع حضرت مجدد الف ثانی)

تالیف مخدوم محمد معین ٹھٹھوی (ف ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء)

Marfat.com

۳۔ فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری (ف ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۷ء)
خلیفۂ حضرت شاہ احمد سعید مجددی (ف ۱۲۷۷ھ/ ۱۸۶۰ء)

۲۰۱۸ء کو محمد ناظم بشیر صاحب نے مزید ہمت کی اور چار بہت ہی کمیاب مخطوطات کے عکسیات شائع کیے، ان میں:

۱۔ مناقب مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی تالیف مخدوم عبداللطیف بن مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی۔

۲۔ مناقب مخدومین (احوال مخدوم شاہ صفی اللہ معصومی و مخدوم محمد ابراہیم ٹھٹھوی) تالیف میاں محمد امین چھوڑائی۔

۳۔ قران السعدین (احوال حاجی محمد سعید لاہوری ف ۱۱۴۵ھ/ ۱۷۳۲ء و شیخ محمد مسعود دوابی خرقی) تالیف میاں محمد رفیع عباسی۔

۴۔ رسائل در انساب اولاد حضرت مجدد الف ثانی۔

(اس میں دو رسائل ہیں: اول رسالۂ قاضی ثناء اللہ پانی پتی، دوم انساب الطاہرین تالیف شیخ محمد عمر مجددی)

اب اس سال ۲۰۱۹ء کو رب کریم نے انہیں مزید توفیق عنایت فرمائی ہے تو انہوں نے مندرجہ ذیل مخطوطات کے عکس شائع کر دیے ہیں:

۱۔ رسائل حافظ محمد صدیق لاہوری (خطیب مسجد وزیر خان، لاہور)

۲۔ رسائل حافظ غلام محمد عرف امام گاموں (خطیب مسجد وزیر خان، لاہور)

۳۔ دستاویزات متعلقہ مسجد وزیر خان، لاہور و خانوادۂ ائمہ مسجد مذکور

۴۔ مبلغ الرجال (تذکرہ ملاحدہ) مولف خواجہ کلاں بن خواجہ باقی باللہ (تحقیق و تعلیق محمد اقبال مجددی) بہ تعاون پروگریسو بکس، لاہور

۵۔ رسائل خواجہ خرد بن حضرت خواجہ باقی باللہ

Marfat.com

۶۔ روضۃ القیومیہ (احوال خانوادۂ حضرت مجدد الف ثانی)

تالیف خواجہ کمال الدین محمد احسان (جلد سوم و چہارم)

ان بڑے مخطوطات کی اشاعت کے ساتھ ہی انہوں نے ایک اور اہم قدم یہ اُٹھایا کہ ارمغانِ امام ربانی کی آٹھویں، نویں اور دسویں جلدوں میں مقالات کے ساتھ کم حجم کے بہت ہی نایات مخطوطات کی عکسی اشاعت کا آغاز بھی کر دیا، جس کی تفصیل یہ ہے:

ارمغان امام ربانی جلد ہشتم

۱۔ رسالہ در وحدت الوجود تالیف مولانا عبداللہ لبیب بن علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی

۲۔ کمالات مظہریہ (احوال حضرت میرزا مظہر جانِ جانان شہید) تالیف شاہ غلام علی دہلوی

۳۔ مجمع التواریخ (قطعاتِ تاریخِ وفات اعیان و اولیاء) تصنیف حافظ غلام محی الدین کنجاہی

ارمغانِ امام ربانی جلد نہم

۱۔ رسالہ ردِ شبہات مخالفین بر کلام حضرت مجدد الفِ ثانی

تالیف شاہ محمد یحییٰ بن حضرت مجدد الف ثانی

۲۔ معدن الجواہر (حالات شیخ صبغۃ اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی)

تالیف میر صفر احمد معصومی (مولف مقاماتِ معصومی)

۳۔ مکتوبات خواجہ غلام محی الدین قصوری (بخط مکتوب نگار) خلیفۂ حضرت شاہ غلام علی دہلوی

۴۔ ملفوظات عثمانی (خواجہ محمد عثمان دامانی)

۵۔ رشحات عنبریہ (احوال حضرت شاہ احمد سعید مجددی) تالیف شاہ محمد عمر مجددی مدنی

Marfat.com

ان مخطوطات کے علاوہ چند بہت ہی کمیاب اور قدیم مطبوعات بھی اس جلد میں عکسی طور پر شاملِ اشاعت ہوئی ہیں، جن میں:

۱۔ بستانِ معرفت (احوال صاحبزادہ عبدالرسول قصوری) تالیف سید محمد قصوری (فارسی)

۲۔ تذکرہ مصنفین دہلی تالیف شیخ عبدالحق محدث دہلوی

۳۔ جواہر ہاشمیہ (احوال خواجہ محمد ہاشم کشمی خلیفۂ حضرت مجدد الف ثانی) تالیف اختر محمد خان رام پوری

۴۔ عقد اللآلی یعنی مناقب شاہ ابوالمعالی انبیٹھوی

اسی طرح ارمغانِ امام ربانی جلد دہم میں مندرجہ ذیل چھوٹے قلمی رسائل کے عکس شائع کئے گئے ہیں:

۱۔ وثیقۃ الاکابر (مشیخۃ شاہ فقیر اللہ علوی شکارپوری)

۲۔ رسالہ عقائد ضروریہ تالیف شاہ محمد غوث قادری لاہوری

۳۔ سلسلۃ الاولیاء تالیف مولانا محمد صالح کنجاہی

۴۔ ثمرات الحیات (ملفوظات شیخ برہان الدین برہانپوری) طبع قدیم

راقم احقر کو رب کریم کی توفیق اور عطا سے ان سب مخطوطات کی عکسی اشاعت کے دوران کسی پر مفصل اور بعض پر مجمل تعارفی مقدمات لکھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔

تکمیل

۲۱ر رمضان/ ۲۷ر مئی ۲۰۱۹ء

لاہور

Marfat.com

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری

محمد اقبال مجددی

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کے نامور خلیفہ، مکتوب الیہ اور آپ کے فرزندوں کے استاد تھے۔

حضرت شیخ محمد طاہر کا سال و مقام ولادت کسی تذکرہ نویس نے نہیں لکھا؟ آپ کے معاصر سوانح نگار شیخ بدرالدین سرہندی نے آپ کا سالِ وصال ۱۰۴۰ھ اور عمر ۵۶ سال تحریر کی ہے[۱] اس اعتبار سے آپ کا سال ولادت ۹۸۴ھ (۱۰۴۰ھ-۵۶=۹۸۴ھ) قیاس کیا جا سکتا ہے۔

غالب گمان ہے کہ شیخ محمد طاہر، لاہور کے ہی باشندہ ہوں گے اور آپ کی ولادت بھی مذکورہ سنہ میں یہیں ہوئی ہوگی، شیخ بدرالدین سرہندی جو آپ کے معاصر بھی ہیں آپ کے بارے میں لکھا ہے کہ آپ لاہور کے مشہور مشائخ میں سے تھے۔[۲]

آپ کے ایک اور معاصر خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری نے لکھا ہے کہ شیخ محمد طاہر نے لاہور کے مشہور عالم مُلا جمال تلوی کی خدمت میں تحصیل کی [۳] جو اس امر کا ثبوت ہے کہ آپ لاہور ہی کے باشندے تھے۔

۱۔ حضرات القدس ۲/۳۲۶ ۲۔ ایضاً ۲/۳۱۹

۳۔ طبقاتِ شاہ جہانی ۲/۲۶۴ مولانا جمال تلوی، لاہور کے اکابر علماء و مدرسین میں سے تھے، لاہور کے مضافات میں ایک بڑا محلّہ تلہ تھا، آپ کا مسکن و مدرسہ وہیں پر تھا، آپ حضرت خواجہ باقی باللہ (ف ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ھ) سے بہت عقیدت رکھتے (بقیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

آپ کے والد کا نام کاتب کی غلطی سے محمد لکھا گیا ہے یعنی لطائف غیبیہ مطبوعہ ص ۱۵ میں محمد بن طاہر لکھا گیا ہے، جب ہم نے قلمی نسخہ کی طرف رجوع کیا تو وہاں محمدن الطاہر درج تھا یعنی کاتب نے کم علمی کے باعث ن کو بن لکھ دیا، یعنی اب تک شیخ محمد طاہر کے والد کا اسم گرامی معلوم نہیں ہے۔

تکمیل کے بعد آپ نے لاہوری میں ہی درس و تدریس کا آغاز کر دیا، آپ بہت جلد شہرت کی بلندیوں پر فائز ہوئے، آپ کو حضرت مجدد الف ثانی نے جو خلافت نامہ دیا تھا، اس میں آپ کے لئے ''عالم العامل الفاضل الکامل'' کے الفاظ لکھے ہیں [۱] حضرت مجدد الف ثانی نے اپنے فرزندوں شیخ محمد صادق، خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم کی تعلیم و تربیت آپ ہی کے سپرد کر دی تھی [۲] شیخ بدرالدین سرہندی کے الفاظ ہیں:

''آن عزیز (شیخ محمد طاہر) درآں بلدۂ (لاہور) بافادۂ طلبہ مشغول گشت [۳]

آپ نے صاحبزادگان کی تعلیم و تفہیم کے لئے بہت کوشش و خدمت کی، مخدوم زادگان اکثر اس کا اعتراف ان الفاظ میں کیا کرتے تھے:

(بقیہ گذشتہ صفحہ) تھے (طبقات شاہ جہانی ۲/۲۱۲)، حضرت مجدد الف ثانی کا شیخ کے وصال سے ذرا پہلے لاہوری قیام تھا، تو اس دوران یہاں جو اکابر علماء آپ سے ملنے آئے ان میں مولانا جمال کا ذکر خصوصی طور پر ملتا ہے، (زبدۃ المقامات ۱۵۷) مولانا جمال نے فیضی کی تفسیر سواطع الالہام کے اکثر مقامات کی اصلاح کر کے اُسے مربوط بنایا تھا (منتخب التواریخ ۳/۷۲) مولانا تلوی کا انتقال ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ھ کو ہوا (طبقاتِ شاہ جہانی ۲/۲۱۳) تاریخ محمدی (۲/۵/۹۴) میں ۱۰۱۶ھ درج ہے۔

۱۔ حضرت القدس ۲/۳۲۰ ۲۔ ایضاً ۲/۲۲۳ ۳۔ (ایضاً ۲/۳۲۱)

Marfat.com

حقوق حضرت شیخ طاہر بر مایان نہ آں قدر ست کہ از عہدہ شکر آں توانیم برون آمد ۱

لیکن صاحبزادہ اصغر حضرت شاہ محمد یحییٰ کی تعلیم و تربیت آپ کے سپرد نہ کی جا سکی حضرت مجدد الف ثانی فرمایا کرتے تھے:

''محمد یحییٰ راہم می خواہم بشیخ طاہر بسپارم کہ چو برادرانش از میمنت انفاس شیخ عالم شود، امّا الحال شیخ طاہر را آں دماغ کے ماندہ؟ ۲

شیخ محمد طاہر باقاعدہ حافظ قرآن بھی تھے۔ ۳

درس و تدریس

حضرت شیخ محمد طاہر کا لاہور میں کہاں قیام تھا، کس مدرسہ سے وابستہ تھے؟ کسی معاصر نے اس کے بارے میں کچھ نہیں لکھا۔

آپ کے معاصر خواجہ محمد ہاشم کشمی نے شہادت دی ہے:

شیخ در بلدۂ لاہور تا امروز (۱۰۳۷ھ) بافادۂ طلبہ علوم دینی وافاضہ سالکان براہ یقین مشتغل ست ۴

شیخ بدر الدین سرہندی کی رائے نقل کی جا چکی ہے کہ:

آں عزیز درآں بلدہ بافادہ طلبہ مشغول گشت ۵

ایک تیسرے معاصر خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری نے لکھا ہے:

۱۔ زبدۃ المقامات ۳۴۰ ۲۔ ایضاً ۳۴۰

۳۔ حضرات القدس ۳۲۰/۲، زبدۃ المقامات ۳۴۰ ۴۔ زبدہ ۳۴۶

۵۔ حضرات ۳۲۱/۲

Marfat.com

از علمائے متعین لاہور بود ۱

مولوی احمد علی فتح پوری نے کسی غلط فہمی سے شیخ محمد طاہر کو مسجد وزیر خان، لاہور کا مدرس لکھ دیا ہے۔ ۲ حالانکہ یہ امر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ نواب وزیر خان نے یہ مسجد ۱۰۴۴ھ کو تعمیر کروائی تھی ۳ گویا اس سے چار سال قبل ہی شیخ محمد طاہر کا ۱۰۴۰ھ کو وصال ہو گیا تھا۔

شیخ محمد طاہر لاہور میں محلہ شیخ اسحٰق میں رہتے تھے، جو اب موتی بازار اور چونہ منڈی کہلاتی ہے، گمان ہے کہ وہاں آپ نے درس و تدریس کے لئے ایک مدرسہ بھی بنایا ہوگا، جو آپ کی وفات ۱۰۴۰ھ تک جاری رہا ہوگا، جو شہر لاہور کے حصار کے اندر تھا، ۴ اس کے قریب ہی اکبر بادشاہ کے عہد کا ایک محلہ میانی تھا، جہاں زیادہ تر علماء ہی رہتے تھے، پنجابی میں میاں مولوی اور ملا کو کہتے ہیں، اس لئے اس محلہ کا نام ہی میانی مشہور ہو گیا، محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں یہاں سے علماء اختلافات کے سبب چلے گئے تو یہ علاقہ ویران ہو کر لاہور کا قبرستان بن کر رہ گیا، جب حضرت شیخ محمد طاہر فوت ہوئے تو انہیں بھی اسی قبرستان میں دفن کر دیا گیا ۵ اب اس قبرستان میں سب مشہور مزار انہی حضرت کا ہے۔

۱۔ طبقات شاہ جہانی ۲/۲۶۴، اس سے ڈاکٹر محمد سلیم اختر نے قیاس کیا ہے کہ شیخ محمد طاہر کو شاہ جہان بادشاہ نے لاہور میں مدرس مقرر کیا، مقالہ مشمولہ:

Jaurnal of Pakistan Historical Society, Karachi july 1977

اس کا ڈاکٹر اختر نے کوئی ثبوت فراہم نہیں کیا، یہ محض تخمینہ ہے۔

۲۔ قصر عارفان مرتبہ محمد باقر، مشمولہ اورنٹیل کالج میگزین، لاہور مئی ۱۹۶۵ء ص ۴۹۷

۳۔ مسجد وزیر خان، مولفہ عبداللہ چغتائی، کتبۂ تعمیر کا عکس

۴۔ تحقیقات چشتی ۱۶۸　　۵۔ ایضاً ۱۶۷، تاریخ لاہور از کنہیا لال ص ۲۹۵

Marfat.com

تالیفات

شیخ محمد طاہر لاہوری بادشاہوں اور امراء کے ہاں نہ خود جاتے تھے اور نہ آنے والے منصب داروں سے ملتے تھے، نذر و نیاز بھی قبول نہیں کرتے تھے، بلکہ تفسیر و حدیث مثل بیضادی، مشکوۃ کے معرا نسخے بازار سے خرید کر انہیں حواشی سے مزین کرتے اور دیگر نسخوں سے تقابل کے بعد انہیں فروخت کر دیتے، اس طرح جو کچھ حاصل ہوتا اسی سے اپنی گذر اوقات کرتے تھے۔ ۱

اب یہاں اس امر کی وضاحت نہیں کی گئی کہ آپ یہ حواشی خود تحریر فرماتے تھے یا پہلے سے محشی کتب کی نقل و تقابل کر کے ہی فروخت کرتے تھے، غالب گمان ہے کہ آپ چونکہ خود اجل عالم تھے اس لئے یہ حواشی خود آپ کی تصنیف و تالیف کئے ہوئے ہوں گے۔

لیکن چونکہ آپ یہ محشی کتب فروخت کرتے تھے اس لئے ان پر اپنا نام بحیثیت محشی تحریر نہیں کرتے تھے، راقم کو درسی کتب کے بہت سے مخطوطات دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے لیکن کسی میں بھی ان کا نام درج کیا ہوا نہیں دیکھا۔

منشی محمد الدین فوق کشمیری نے کسی غلط فہمی کے باعث ایک کتاب تذکرہ مجددیہ کو آپ کی تصنیف لکھ دیا ہے کہ اس میں آپ نے وہ عرلضیے جمع کر دیئے ہیں، جو آپ نے لاہور سے سرہند اپنے شیخ حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں لکھے تھے۔ ۲

۱۔ حضرات القدس ۲/۳۲۲، نتائج الحرمین ۳/۱۸۶۔ الف

۲۔ فوق، محمد الدین: تذکرۃ العلماء والمشائخ (تذکرہ علمائے لاہور) ص ۱۵

اگرچہ منشی فوق نے کشمیر کی تاریخ و شخصیات پر کئی کتب لکھی ہیں اور تذکرہ علمائے لاہور بھی تالیف کی ہے، لیکن مجھ عاجز کا مشاہدہ یہ ہے کہ موصوف فن تاریخ نویسی اور تذکرہ نگاری سے کماحقہ واقف ہی نہیں تھے، محض حاطب اللیل کی طرح رطب و یابس جمع (بقیہ اگلے حاشیہ میں)

Marfat.com

بظاہر فوق کی یہ معلومات تحقیقات چشتی سے ماخوذ معلوم ہوتی ہیں لیکن وہاں تو اس کتاب کو آپ کی تالیف لکھا ہی نہیں گیا، اگر فوق مفتی غلام سرور لاہوری کی کتاب خزینۃ الاصفیاء دیکھتے تو ان سے یہ غلطی سرزد نہ ہوتی ، مفتی صاحب نے وضاحت کی ہے: صاحب تذکرہ مجددیہ کی تاریخ وفات از لفظ "غم" و "آہ معرفت مُرد" اخذ کردہ است [۱]

یعنی تذکرہ مجددیہ کے مولف نے شیخ محمد طاہر کا سال وفات لفظ غم اور آہ معرفت مُرد سے اخذ کیا ہے، گویا اس کے مولف شیخ محمد طاہر کے کوئی عقیدت مند تھے، ہاں یہ عریضے بحضور حضرت مجدد الف ثانی زبدۃ المقامات، حضرات القدس اور نتائج الحرمین میں بھی نقل ہوئے ہیں۔

(بقیہ حصہ گذشتہ حاشیہ) کر کے کتابیں بنا کر خود ہی چھاپ دی تھیں، تذکرہ مجددیہ کے متعلق بظاہر ان کی معلومات تحقیقات چشتی (ص ۱۶۴) سے ماخوذ معلوم ہوتی ہیں، لیکن چشتی نے تو یہ نہیں لکھا کہ یہ تذکرہ خود شیخ محمد طاہر کی تصنیف ہے، یہ فوق کی غلط فہمی ہے، ہمیں تعجب ہے کہ ڈاکٹر ظہور الدین احمد نے اپنی کتاب پاکستان میں فارسی ادب ۳/ ۳۹۸ میں فوق کے اس بیان پر بلا تحقیق اعتماد کر کے شیخ محمد طاہر لاہوری کو اس کا مصنف بنا دیا۔

اسی طرح پروفیسر خورشید حسین بخاری مرحوم نے بغیر حوالہ کے شرح قصیدہ غوثیہ بخط شیخ محمد طاہر لاہوری کے کتب خانہ مجلس شوریٰ ملی، تہران، ایران میں موجودگی کا بغیر حوالہ کے دعویٰ کیا ہے، جواب بے بنیاد ثابت ہو چکا ہے، حال ہی میں ایک ایرانی فاضل مصطفیٰ درایتی نے فہرستوارہ بارہ جلدوں میں مرتب کی ہے، جو پورے ایران کے مخطوطات کی نشاندہی کرتی ہے، اُن کی آخری دو جلدیں تو اشاریے ہیں جن میں حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری کا کہیں نام تک نہیں آیا، کاتبوں کا اشاریہ بھی ہم نے دیکھ لیا ہے، اسی طرح ان کا یہ لکھنا کہ شیخ نے قصیدہ غوثیہ کی شرح بھی لکھی ہے، محض بے بنیاد ہے۔

۱۔ خزینۃ الاصفیاء

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی کے حضور

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری ذی علم بزرگ تھے اور شرع شریف کے پابند بھی، اس لئے کوئی ایسا ہی شیخ چاہتے تھے، جو ان صفات کا حامل ہو، جب آپ نے حضرت مجدد الف ثانی کے بارے میں سُنا تو آپ کی زیارت کے لئے جانے کا ارادہ کرلیا۔

روضۃ القیومیہ کے ایک اندراج کے مطابق جس سال (۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء) حضرت خواجہ باقی باللہ کا وصال ہو، اس سے چند ماہ پہلے حضرت مجدد الف ثانی لاہور میں تشریف رکھتے تھے، جہاں اکابر علماء وصوفیہ آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے، ان میں مولانا شیخ محمد طاہر لاہوری، حاجی محمد، مولانا میر صفر احمد بن میر محمد رمضان رومی، ان کے بھائی خواجہ میر فرخ حسین اور مولانا جمال تلوی بھی شامل ہیں [۱]۔ اس کے بعد شیخ محمد طاہر لاہور سے باقاعدہ سرہند حاضر ہوکر حضرت مجدد الف ثانی کے حضور رہ کر سلوک کی مشق میں مصروف ہوئے اور بہت ہی افتقار کے ساتھ وہاں قیام کیا، معاصر تذکرہ نویس خواجہ محمد ہاشم کشمی نے لکھا ہے:

خدمت شیخ سالہا بانکسار روذلت وافتقار تمام درعتبہ علیہ گذرانید [۲]

دوسرے معاصر شیخ بدرالدین سرہندی کے الفاظ بھی ایسے ہی ہیں:

ناچار خود را بآستان عرش نشان رسانید وسالہا بخاک ساری و جان سپاری و افتقار وانکسار درعتبہ علیہ گذرانید لاجرم از دولت ایں تعظیم وتکریم وادب وہیبت بہ یمن نظر کیمیا اثر حضرت ایشاں بمرتبہ کمال وتکمیل رسید [۳]

۱۔ روضۃ القیومیہ ۱/۱۱۶-۱۱۹ ۲۔ زبدۃ المقامات ۳۴۰

۳۔ حضرات القدس ۲/۳۲۰

Marfat.com

جب آپ نے سلوک کی تعلیم مکمل کر لی تو آپ کو سلسلہ نقشبندیہ، قادریہ اور چشتیہ میں طالبوں کی تربیت کے لئے لاہور روانہ کرتے ہوئے خلافت نامہ بھی لکھ کر دیا، ١ شیخ محمد طاہر لاہوری ہر سال یا ہر دوسرے سال کے بعد حضرت مجدد الف ثانی کے حضور سرہند حاضر ہوتے رہتے تھے اور فیض یاب ہو کر دوبارہ واپس لاہور چلے جاتے تھے۔ ٢

شقاوت کا ظہور

ایک مرتبہ حضرت مجدد الف ثانی حلقہ ذکر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے دیکھا کہ شیخ محمد طاہر لاہوری کی پیشانی پر لفظ ''شقی'' لکھا ہوا ہے، آپ نے ان کا نام لیے بغیر فرمایا کہ ہمارے اس حلقہ میں ایک عالم کے ماتھے پر شقی لکھا ہوا نظر آ رہا ہے، جس پر وہاں موجود علماء یہ سن کر پریشان ہو گئے اور ان پر ہیبت طاری ہو گئی، پھر آپ نے فرمایا کہ وہ صاحب شیخ طاہر ہیں، جس پر انہوں نے خوف زدہ ہو کر عرض کی کہ آپ دعا فرمائیے کہ اس بلیہ سے نجات ملے، جس پر آپ نے توجہ کی تو معلوم ہوا کہ یہ تو قضائے مبرم ہے جو بدلی نہیں جا سکتی، آپ کو یاد آیا حضرت غوث اعظم شیخ عبد القادر نے اپنے کسی رسالہ میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ شرف بخشا ہے کہ میں دعا کروں تو یہ قضائے مبرم بھی بدل سکتی ہے، آپ نے رب کریم سے دعا کی اگر حضرت غوث اعظم کو یہ شرف حاصل ہوا ہے تو مجھے بھی عطا ہو، جس پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھی یہ شرف بخشا اور شیخ طاہر لاہوری کو اس شقاوت سے نجات ملی۔ ٣

آپ نے حضرت شیخ طاہر کو جو اجازت نامہ خلافت دیا ہے اس میں بھی اس کا ذکر

١۔ ایضاً ٣٢٠-٣٢١، شیخ محمد طاہر اور حضرت مجدد الف ثانی کے ساتھ روابط کے بعض امور اسی مقالہ میں مختلف عنوانات کے تحت بیان کئے جا چکے ہیں۔

٢۔ حضرات القدس ٢/٣٢٢ نتائج الحرمین ٣/١٨٧) ٣۔ زبدۃ المقامات ٣٤١

Marfat.com

موجود ہے[۱] آپ نے اپنے ایک مکتوب میں بھی تقدیر معلق اور تقدیر مبرم کی وضاحت کی ہے[۲] لیکن وہاں آپ نے حضرت شیخ محمد طاہر کا نام نہیں لکھا بلکہ ایک دوست تحریر فرمایا ہے۔

شیخ محمد طاہر لاہوری اور شیخ آدم بنوڑی

حضرت مجدد الف ثانی کے سب سے نامور خلیفہ حضرت شیخ آدم بنوڑی (ف۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) تھے انہوں نے پہلے تو حضرت مجدد الف ثانی سے سلسلہ نقشبندیہ میں اجازت لی اور پھر انہیں رخصت کرتے وقت آپ نے سلسلہ قادریہ میں بھی اجازت دی[۳] انہیں اس سلسلہ میں بہت درک حاصل ہو گیا اور جب ان کی شہرت حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری تک پہنچی تو آپ نے بنور سے لاہور آکر سلسلہ قادریہ کا فیض شیخ محمد طاہر کی خدمت میں رہ کر حاصل کیا، حضرت شیخ بنوری فرمایا کرتے تھے کہ میں ہندوستان کے بہت سے مشائخ سے ملا ہوں لیکن جو روحانی مرتبہ شیخ محمد طاہر کو حاصل ہے وہ کسی دوسرے کو نہیں ہے۔[۴]

عبداللہ خویشگی قصوری تذکرہ اخبار الاولیاء (تالیف سال ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۶ء) میں جو آپ کا قریب العہد تذکرہ ہے اس میں دو اشارات اہم ہیں اول یہ کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اگر علماء اور عوام کے طعنوں کا خطرہ نہ ہوتو میں مشہور پنجابی شاعر شاہ حسین لاہوری کے مزار پر جا کر ان کی روح سے استمداد کروں۔

۱۔ حضرات القدس ۲/۳۲۱ ۲۔ مکتوبات امام ربانی ۱/۲۱۷ ۳۔ زبدۃ المقامات ۳۴۲

۴۔ محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین ۳/ شیخ آدم بنوری نے خود محمد طاہر لاہوری کا اپنی کتاب خلاصۃ المعارف میں ذکر کیا ہے (خلاصۃ المعارف، مقدمہ)

Marfat.com

دوسرا واقعہ یہ درج ہے کہ جب آپ عوام وخواص کی ملاقات سے گھبرا جاتے تو کچھ عرصہ کے لئے لاہور کے ایک مضافاتی موضع جیا موسیٰ چلے جایا کرتے تھے، آپ کے خدام لوگوں سے کہا کرتے تھے کہ شیخ ان دنوں ہجوم سے تنگ آ کر آرام کے لئے جیا موسیٰ گئے ہیں، جس سے آپ کو قدرے سکون میسر آ جایا کرتا تھا۔ ۱

سالِ وصال

معاصر تذکرہ نویس شیخ بدرالدین سرہندی نے محمد طاہر لاہوری کا وصال پنجشبنہ وقت چاشت ۲۰ محرم ۱۰۴۰ھ درج کیا ہے اور بتایا ہے کہ وہ میانی میں دفن ہیں اور ''آہ مرد معرفت'' اور لفظ ''غم'' کے عدد جمع کرنے سے آپ کا سال وفات برآمد ہوتا ہے، ۲ آپ کے ایک دوسرے معاصر شیخ محمد امین بدخشی مکی نے بھی یہی ماہ و سال وفات درج کیا ہے ۳ زبدۃ المقامات کی تالیف (۱۰۳۷ھ) کے دوران آپ بقید حیات تھے، آپ کے نام کے ساتھ مولف نے ''سلمہ اللہ تعالیٰ'' کا دعائیہ جملہ لکھا ہے۔ ۴

مولف تاریخ محمدی نے بھی آپ کا سال وفات ۱۰۴۰ھ میں لکھا ہے۔ ۵

لیکن آپ کے ایک اور معاصر خواجہ محمد صادق ہمدانی نے سال وفات ۱۰۳۸ھ دیا ہے ۶ جو چنداں قابل اعتماد نہیں ہے، متاخرین کا اختلاف لائق اعتنا نہیں ہے۔

۱۔ اخبار الاولیاء قلمی ورق ۱۵۷۔الف　ہم نے ایک مقالہ میں اخبار الاولیاء کی فارسی عبارتیں نقل کر کے ان پر بحث کرتے ہوئے کچھ نتائج اخذ کیے ہیں یہ مقالہ اب تذکرہ علما و مشائخ پاکستان و ہند کی جلد دوم میں شامل ہے۔

۲۔ حضرات القدس ۲/ ۳۳۶　　۳۔ نتائج الحرمین ۳/ ۱۸۸۔الف　　۴۔ زبدۃ ۳۴۰

۵۔ تاریخ محمدی ۲/ ۵/ ۲۰۰　　۶۔ طبقات شاہ جہانی ۲/ ۵/ ۲۰۰

Marfat.com

اولاد

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری نے عمر کا بڑا حصہ مجردانہ گزارا، آخری عمر میں سنت مبارکہ پر عمل کرنے کے لئے نکاح کیا، ۱ آپ کی دو ازواج تھیں، ایک ماہ خانم بنت مرزا امان اللہ اور دوسری عصمت النساء بنت سید عبداللہ۔ ۲

لاہور کے مقامی تذکرہ نویسوں کی تحریرات پڑھ کر میں نے بھی یہی قیاس کرلیا تھا کہ حضرت شیخ کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی، لیکن ذخیرۂ آذر (مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور) کے ایک مخطوطہ ''مخزنِ ہدایت ومرأت المعرفت'' تالیف شاہ محمد قریشی بن شیخ کرم الدین کا ایک روز مطالعہ کر رہا تھا، جس میں مولف نے اپنے شیخ الٰہی شاہ کے ملفوظات جمع کئے ہیں، یہ کتاب ۱۲۸۱ھ/ ۱۸۶۴ء کو تالیف ہوئی ہے، اس میں بزرگوں کی کرامات مولف نے اپنے مذکور شیخ کی زبانی جمع کی ہیں، اس میں شیخ محمد طاہر لاہوری کی ایک کرامت درج ہے کہ آپ نے حج کا ارادہ کیا تو آپ کی ایک زوجہ محترمہ نے کہا کہ میں آپ کے بغیر اس فقر وفاقہ کے ساتھ یہاں زندگی نہیں گذار سکتی اور یہ کہ ہماری بیٹی بھی اب بالغ ہوگئی ہے، پہلے اس کا فرض پورا کریں۔ ۳

آپ کے پاس اس مقصد کے لئے وسائل نہیں تھے، پھر کراماتی طور پر کچھ رقم جمع ہوئی تو آپ نے ان کا نکاح کیا، اس بیٹی کا عقد کن سے ہوا؟ ہمیں تاحال علم نہیں ہے، آپ کی کسی نرینہ اولاد کا بھی ہم حال نہیں جانتے۔

۱۔ حضرات القدس ۲/۳۲۲ ۲۔ تحقیقاتِ چشتی ۱۶۶

۳۔ مخزنِ ہدایت، قلمی ذخیرۂ آذر (شمارہ 62/A No.8231) ورق ۵۰۔۵۱

Marfat.com

مریدین وخلفاء

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری کو حضرت مجدد الف ثانی سے سلسلہ نقشبندیہ، قادریہ اور چشتیہ میں اجازت وخلافت ملی تھی، خلافت نامہ حضرات القدس اور لطائف غیبیہ میں درج ہے، آپ نے اپنے ایک عریضہ بنام حضرت مجدد الف ثانی میں اپنے مخلصین کا ذکر کیا ہے کہ یہاں یعنی لاہور کے فقراء روحانی اشغال میں مصروف اور آپ کی توجہات کے خواہش مند ہیں، ان میں سے بعض اجازت کے بھی قابل ہو گئے ہیں ان میں سے ایک حافظ یعقوب عالم، عامل اور قاری ہیں، دوسرے حافظ محمود طالب علم، قاری وعامل ہیں۔

پرگنہ پُرسرور (پسرور) سے ایک جواں آئے ان پر توجہ کی تو ان کے چاروں لطائف جاری ہو گئے ہیں، چونکہ وہ طالب علم، حافظ وقاری ہیں اس لئے میں نے اجازت بھی دے دی ہے، ان کے علاوہ فضائل مآب مولانا حامد، جو میرے طالب علم بھی ہیں، سلوک مشق میں مصروف ہیں، اسی طرح میاں فرخ حسین بھی مصروف کار ہیں۔ [۱] (یہ وہی فرخ حسین ہیں جو ۱۰۱۲ھ کو لاہور میں حضرت مجدد الف ثانی سے ملے بھی تھے)

ان کے علاوہ شیخ آدم بنوری نے بنور سے لاہور حاضر ہو کر آپ سے نسبت باطنی حاصل کی تھی [۲] خاندانی ماخذ روضۃ القیومیہ میں ہے کہ شیخ آدم بنوری حضرت مجدد الف ثانی کے وصال (۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) کے بعد شیخ طاہر سے ملے اور قادریہ سلسلہ کی نسبت حاصل کی تھی، [۳] کیوں کہ جب آپ کو لاہور کے لئے رخصت کیا گیا تو حضرت مجدد الف ثانی نے سلسلہ قادریہ کی بھی خلافت عنایت کی تھی۔ [۴]

۱۔ حضرات القدس ۲/ ۳۲۵، نتائج الحرمین ۳/ ۱۸۶۔ ۱۸۷۔ الف ۲۔ نتائج ۳/ ۱۸۵۔ ب

۳۔ (روضۃ القیومیہ ۱/ ۳۲۷۔ ۳۲۸)،

۴۔ زبدہ ۳۴۲، حضرات ۲/ ۳۲۰

Marfat.com

کتاب تحقیقات چشتی میں حضرت شیخ محمد طاہر سے وابستہ حسب ذیل افراد کا ذکر کیا گیا ہے: [۱]

۱- شیخ ابومحمد قادری لاہوری (وفات دس سال بعد حضرت شیخ طاہر یعنی ۱۰۵۰ھ) مدفون نزد مزار حضرت شیخ طاہر۔

۲- سید خیر شاہ چشتی۔

۳- سید صوفی (مدفون دہلی)۔

۴- گھلن شاہ مست (مدفون موری دروازہ، لاہور)۔

۵- شیخ ابوالقاسم (مدفون جدہ)۔

شیخ محمد طاہر کے خلفاء میں سے شیخ ابومحمد قادری کی سلسلہ قادریہ کی خوب ترویج ہوئی، ان کے فرزند شیخ محمد افضل کلانوری تھے، جن کے خلیفہ شیخ فاضل الدین قادری بٹالوی (۱۰۷۰-۱۱۵۱ھ/ ۱۶۶۰- ۱۷۳۸ء) سے سلسلہ قادریہ کی ایک شاخ بٹالہ ضلع گرداس پور، مشرقی پنجاب (ہندوستان) کا آغاز ہوا، اس خانوادہ کے احوال پر ایک اہم تذکرہ شرائف غوثیہ کے نام سے شیخ محمد بن غلام غوث بٹالوی نے بٹالہ میں ۱۲۰۵ھ/ ۱۷۹۱ء کو لکھا تھا، جو تا حال شائع نہیں ہوا، اس کا قلمی نسخہ نیشنل میوزیم آف پاکستان، کراچی میں محفوظ ہے۔[۲]

شیخ فاضل الدین بٹالوی نے شرح قصیدہ غوثیہ کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی، جس کا اردو ترجمہ ملتان سے ۲۰۰۳ء کو طبع ہوا، انہوں نے اس قصیدہ کی شرح فارسی میں بیان الدسرا کے نام سے لکھی تھی، جس کا متن اور اردو ترجمہ مرکز خانقاہ قادریہ فاضلیہ، لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔

۱۔ تحقیقات چشتی ص ۱۶۶

۲۔ نوشاھی، عارف: فہرست نسخہ ہای خطی فارسی موزہ ملی پاکستان ص ۸۴۷

Marfat.com

مقام بندگی

صوفیہ کے نزدیک بندگی مقام تسلیم ورضا کا نام ہے، جس پر ایک سالک فائز ہوکر ماسوااللہ کے سب کچھ بھول جاتا ہے، خواجہ عبداللہ انصاری نے لکھا ہے کہ صوفیہ کے مقامات میں یہ مقام بہت گراں اور دشوار گذار ہے (تفسیر خواجہ انصاری بحوالہ فرہنگ معارف اسلامی ۱/۴۴۰-۴۴۱ مولفہ سید جعفر سجادی)۔

صوفیہ میں حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری اس قدر ریاضت ومجاہدہ کرتے تھے کہ اس کی مثال ملنا دشوار ہے، معاصر مولف شیخ بدرالدین سرہندی کا مشاہدہ ہے:

"شیخ ریاضات ومجاہدات شاقہ می کشید واز غایت ریاضات خشک شدہ بود و پوست واستخوان ماندہ [۱]

دوسرے معاصر شیخ محمد امین بدخشی نے لکھا ہے کہ آپ کثرت ریاضت ومجاہدہ کی وجہ سے ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گئے تھے۔ [۲]

اس لئے بجاطور پر لاہور کے مقامی تذکرہ نویسوں نے آپ کو سراپا ریاضت ومجاہدہ کی وجہ سے مقام بندگی پر فائز بتایا ہے، یہ مقام آپ کے نام کے ساتھ اتنا مشہور ہوا کہ مقامی عقیدت مند بھی آپ کو شیخ محمد طاہر بندگی لاہوری ہی لکھتے اور کہتے ہیں گویا یہ آپ کا لقب بن کررہ گیا ہے۔

میں عرصہ دراز سے آپ کے نام کے اس لقب کا اندراج کسی معاصر یا قریب العہد ماخذ کی تلاش میں تھا، آپ کے معاصر تذکرہ نویسوں خواجہ محمد ہاشم کشمی، شیخ بدرالدین سرہندی اور شیخ محمد امین بدخشی نے یہ لقب یا مقام آپ کے نام کے ساتھ نہیں لکھا۔

۱۔ حضرات القدس ۲/۳۲۲ ۲۔ نتائج الحرمین ۳/۱۸۶۔ الف

Marfat.com

اس باب میں سب سے زیادہ افراط وتفریط کا شکار پروفیسر خورشید حسین بخاری ہوئے جنہوں نے خود بغیر حوالہ کے یہ لکھ دیا ہے کہ آپ کو بندگی کا لقب حضرت شاہ کمال کیتھلی نے عطا فرمایا۔[۱]

موصوف اس سے پہلے خود ہی زبدۃ المقامات میں مندرج شاہ کمال کیتھلی کا سال وفات ۹۸۱ھ کو تحقیق سے صحیح ثابت کر چکے ہیں [۲] پروفیسر بخاری نے مزید تحقیق فرماتے ہوئے شیخ محمد طاہر بندگی لاہوری کا سالِ ولادت ۹۸۴ھ متعین کیا ہے۔[۳]

گویا ان کی اپنی تحقیق کے مطابق شاہ کمال کیتھلی شیخ محمد طاہر کی ولادت سے تین سال بعد تولد ہوئے، بھلا آپ کیسے شیخ محمد طاہر کو بندگی کا لقب عطا کر سکتے تھے؟

چونکہ مجھے آپ کے لقب بندگی کے سلسلہ میں کسی معاصر شہادت کی تلاش تھی اس لئے جب میں نے ڈاکٹر معین نظامی صاحب کے نتائج الحرمین کی جلد سوم کا اردو ترجمہ مناقب الحضرات کے نام سے دیکھا تو اس میں آپ کا لقب جلی عنوان سے حضرت شیخ طاہر بندگی لاہوری لکھا ہوا دیکھا [۴] تو بہت خوش ہوئی کہ مجھے اس سلسلہ میں ایک معاصر ماخذ مل گیا ہے، لیکن میں نے اپنی احتیاط پسند افتادِ طبع کے تحت ڈاکٹر صاحب نے اس کے جس قلمی نسخہ (انڈیا آفس لائبریری، لندن) کی بنیاد پر ترجمہ کیا ہے، رجوع کیا تو اصل فارسی میں ان کا

۱۔ بخاری، خورشید حسین: سوانح حیات شیخ طاہر بندگی لاہوری ص ۳۷

۲۔ بخاری: الکمال ۸۰-۸۲

۳۔ حضرات القدس کے اندراج کے مطابق شیخ محمد طاہر نے ۱۰۴۰ھ کو ۵۶ سال کی عمر میں انتقال کیا، اس کی بنیاد پر بخاری صاحب نے سال ولادت ۹۸۴ھ لکھا ہے (سوانح حیات شیخ طاہر بندگی ص ۳۶)

۴۔ مناقب الحضرات ۱۴۴

Marfat.com

نام صرف شیخ طاہر لاہوری ہی ملا، یعنی لقب بندگی اس کے فاضل مترجم نے مقامی شہرت کی بنیاد پر از خود لکھ دیا تھا۔

اب ہم نے لقب بندگی کے سلسلہ میں متاخر تذکروں کی طرف رجوع کیا تو عبداللہ خویشگی قصوری کا تذکرہ اخبار الاولیاء (تالیف ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۶ء) دیکھا تو اس میں انہوں نے شیخ محمد طاہر کی روایت بیان کرتے ہوئے ان کا ذکر کیا ہے [۱] لیکن ان کے نام کے ساتھ ان کا لقب بندگی نہیں لکھا۔

اس کے بعد حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کے حالات پر آپ کے نواسے میر صفر احمد معصومی کی کتاب مقامات معصومی (تالیف بسال ۱۱۳۴ھ/۱۷۲۲ء) دیکھی تو اس میں بھی شیخ محمد طاہر لاہوری ہی لکھا ہوا [۲] ملا، یعنی ان کا لقب بندگی درج نہیں ہے۔

اس خانوادہ کا ایک تذکرہ کمال الدین محمد احسان نے روضۃ القیومیہ کے نام سے حدود ۱۱۶۴ھ/ ۱۷۶۱ء کو تالیف کیا تو اس میں بھی حضرت مجدد الف ثانی کے خلفاء کے احوال کے ضمن میں شیخ محمد طاہر کا ذکر کیا ہے [۳] لیکن ان کے نام کے ساتھ ان کی نسبت بندگی نہیں لکھی، شیخ محمد غلام غوث بٹالوی نے ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء کو بزرگان بٹالہ کا تذکرہ شرائف غوثیہ کے نام سے لکھا تو اس میں حضرت شیخ محمد طاہر کے ذکر میں لکھا ہے کہ

''الان بہ بندگی صاحب مشہور است''

گویا سلسلہ فاضلیہ کے افراد نے آپ کو بندگی کے لقب سے لکھنا شروع کیا، (ورق ۱۴۵-الف)

۱۔ اخبار الاولیاء، قلمی نسخہ مملوکہ مولانا سید طیب شاہ ہمدانی مرحوم قصور، ورق ۱۵۶۔ب

۲۔ مقامات معصومی ۳/ ۵۸

۳۔ روضۃ القیومیہ ۱/ ۳۲۶

Marfat.com

اس کے بعد شیخ محمد طاہر کے نام کے ساتھ لفظ بندگی کا اضافہ لاہور کے مقامی تذکرہ نویسوں نے کیا ہے، ان میں تحقیقاتِ چشتی (ص۱۶۳) کنھیا لال کی تاریخ لاہور (ص۲۹۴)، سید محمد لطیف کی انگریزی کتاب ''لاہور'' (ص۶۲) اور محمد الدین فوق کے ''تذکرہ علمائے لاہور'' (ص۱۴۔۱۵) میں یہ نسبت بہت واضح الفاظ میں درج ہے۔

Marfat.com

مزار حضرت شیخ محمد طاہر بندگی لاہوری خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی،
قبرستان میانی، لاہور

Marfat.com

حضرت شیخ محترم نقشبندی لاہوری

محمد اقبال مجددی

شیخ محترم نقشبندی لاہوری، گیارہویں صدی/سترہویں صدی کے اکابر علماء و مشائخ میں سے تھے، آپ کے روحانی بزرگوں کا تعلق قصبہ دھبید ۱ (مضافاتِ سمرقند) سے تھا، آپ کا شجرۂ طریقت نقشبندیہ حضرت خواجہ مولانا احمد کاسانی خواجگی دھبیدی (ف ۹۴۹ھ/۱۵۴۲ء) سے اس طرح واصل ہوتا ہے:

سید میر محترم اللہ خلیفۂ خواجہ محمد مسکین خلیفۂ خواجہ محمد ہاشم خلیفۂ والد ماجد خود خواجہ کلاں خلیفۂ والد خود مولانا خواجگی شیخ احمد کاسانی خلیفۂ مولانا محمد قاضی خلیفہ خواجہ عبید اللہ احرار۔ ۲

۱۔ قصبۂ دھبید، سمرقند کے دریا کے کنارے ایک پُر فضا مقام ہے، حضرت خواجگی شیخ احمد کاسانی اپنے شیخ مولانا محمد قاضی کی وفات کے بعد وہاں چلے گئے۔ یہاں دریا کے کنارے بید کے درخت کثرت سے تھے، اسی مناسبت سے وہ دہ بید کہلایا۔ (نسمات القدس قلمی نسخہ ذخیرۂ عارف حکمت، مدینہ منورہ ورق ۱۱۴ ب)

۲۔ یہ شجرۂ طریقت تکملہ سیر الاولیاء تالیف گل محمد احمد پوری، مطبوعہ دہلی ۱۳۱۲ھ ص ۸۶ سے منقول ہے، جبکہ کتاب ''مناقب المحبوبین'' (مطبوعہ مطبع محمدی، لاہور ۱۳۱۳ھ ص ۹) میں یہ شجرہ غلط طور پر اس طرح درج ہے:

امیر محترم من خواجہ محمد املکنگی من خواجہ ہاشم دھبیدی من خواجہ کلاں من خواجگی احمد املکنگی۔

یعنی اس کے مولف نے سہواً شیخ محترم لاہوری کو براہ راست خواجہ محمد ملقب بہ خواجہ کلاں سے نہیں ملایا بلکہ خواجہ محمد املکنگی سے مراد یہی خواجہ محمد مسکین مذکور ہیں، ان سے لفظ مسکین درج کرنے سے رہ گیا ہے۔

Marfat.com

سید محترم لاہوری کے شیخ خواجہ محمد مسکین کے حالات مروجہ تذکروں میں نہیں ملتے، یقیناً وہ بھی دہ بید کے ہی ہوں گے، ان کے شیخ خواجہ محمد ہاشم دھبیدی ماوراء النہر کے بزرگ مشائخ میں سے تھے، وہاں کے عوام انہیں مقتدیٰ مانتے تھے، ان کے چھوٹے بھائی خواجہ محمد صالح سمرقند کے اکابر مشائخ میں سے تھے، خواجہ محمد ہاشم کا وصال ۵/ربیع الاول ۱۰۴۶ھ کو ہوا، ان کا مرقد دھبید میں ہے، جنہیں اپنے والد خواجہ کلاں سے خلافت حاصل تھی، ۱؎ ان کا انتقال ۱۰۰۶ھ/ ۱۵۹۷ء کو ہوا اور اپنے والد مولانا خواجگی احمد کاسانی کے پہلو میں دھبید میں دفن ہیں۔ ۲؎

خواجہ کلاں کا اصل نام خواجہ محمد تھا، جو مولانا خواجگی کاسانی کی دوسری زوجۂ محترمہ کے بطن سے تھے، ۳؎ ان کے والد مولانا خواجگی کاسانی ثم دھبیدی ملقب بہ مخدوم اعظم (ف ۹۴۹ھ/۱۵۴۲ء) اپنے عہد کے اکابر علماء و مشائخ میں سے تھے، ان گنت اصحاب نے اُن سے باطنی فیض پایا، ان کے دقیق علمی رسائل کا ایک ضخیم مجموعہ کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد میں ہے، ۴؎ مخدوم اعظم کے احوال پر کئی مستقل تذکرے لکھے گئے تھے، جن میں سے ''جامع المقامات'' مولفہ ابوالبقا کاسانی اور سلسلۃ الصدیقین کے قلمی نسخے پاکستان میں پائے جاتے ہیں۔ ۵؎

۱۔ تکملہ سیر الاولیاء ۸۶

۲۔ محمد ہاشم کشمی: نسمات القدس، خطی نسخہ مدینہ منورہ ورق ۱۱۹ ب

۳۔ دوست محمد آختگی، سلسلۃ الصدیقین، قلمی، مملوکہ جناب خلیل الرحمٰن داؤدی، لاہور ورق ۴۳ب

۴۔ فہرست مشترک ۱۲۱۱/۳۔۱۲۱۳

۵۔ ایضاً ۱۵۵۲/۳

Marfat.com

مخدوم اعظم معروف عالم مولانا قاضی سمرقندی (ف ۹۲۱ھ/۱۵۱۵ء) کے خلیفہ تھے، جو حضرت خواجہ عبید اللہ احرار (ف ۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء) کے اکابر خلفاء میں سے تھے۔

شیخ محترم لاہوری سے سلسلۂ چشتیہ کے مشہور شیخ طریقت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی (۱۰۶۰-۱۱۴۲ھ/۱۶۵۰-۱۷۲۹ء) [1] نے نقشبندی سلسلہ میں بیعت کی تھی، اگر شاہ صاحب کی عمر اس وقت بیس سال فرض کی جائے تو لاہور میں آپ حدود ۱۰۸۰ء کو بیعت ہوئے ہوں گے۔

اسی مناسبت سے حضرت شاہ فخر الدین فخر جہاں (ف ۱۱۹۹ھ/۱۷۸۴ء) جب دہلی سے پاک پتن زیارت کے لئے جاتے ہوئے لاہور سے گزرے تو شیخ محترم اللہ نقشبندی کے مزار کی زیارت کے لئے بھی گئے، معاصر سوانح نگار نواب غازی الدین خان نظام مناقب فخریہ میں لکھتا ہے:

''درلاہور بزیارت میر محترم اللہ نقشبندی کہ سلسلۂ نقشبندیہ از ایشاں بحضرت شیخنا شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی میرسد...... [2]

شیخ محترم لاہوری، کہاں سے اور کب لاہور تشریف لائے، ان کا شجرۂ طریقت دھبید (مضافاتِ سمرقند) کے خواجگانِ نقشبندیہ سے ملتا ہے، ممکن ہے کہ آپ بھی دھبید یا سمرقند کے کسی علاقے میں رہتے ہوں اور انہیں خواجہ محمد مسکین دھبیدی نے خلافت دے کر دعوت و ارشاد کے لئے لاہور بھیجا ہو، آپ کا سالِ ولادت بھی معلوم نہیں ہے۔

۱۔ شاہ کلیم اللہ کے یہ سنین ولادت و وفات خلیق احمد نظامی کی تاریخ مشائخ چشت (۵/۸۸، ۱۴۴) سے ماخوذ ہیں۔

۲۔ نظام، غازی الدین: مناقب فخریہ، دہلی مطبع احمدی ۱۳۱۵ھ ص ۱۲، میر نذر علی درد کاکوروی کا یہاں مناقب فخریہ ص ۲۱۹ کا ترجمہ غلط ہے۔

Marfat.com

ایک متاخر تذکرہ نویس میاں گل احمد یوڑی (ف ۱۲۴۳ھ/ ۱۸۲۷ء) نے شیخ محترم لاہوری کے متعلق یہ چند سطور لکھی ہیں:

''سید السادات سید المتوکلین سند العارفین المکرم من اللہ حضرت شیخ میر محترم اللہ المتوکل علی اللہ رسیدہ وحضرت پیر محترم اللہ تمام مرد مرتاض و مشغول بودند و سرمایۂ ایشاں محض توکل بود و صاحبِ توجہ واثر بودند کہ باندک مدت مریدان ایشاں را بتوجہ ایشاں جذب واز خود ربودگی حاصل می شد، مرقد مبارک ایشاں در لاہور زیارت گاہ خلق است[1]

شیخ محترم لاہوری کی تعلیم وتربیت وسطی ایشیاء جیسے علمی وادبی مرکز میں ہوئی تھی، اس لئے یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ آپ کئی اہم کتابوں کے مولف نہ ہوں، چونکہ ان کا وطن مولود ادباء، شعراء کا مرجع تھا اس لئے وہ خود بھی شاعر تھے، ان کے دیوان کے دو قلمی نسخے ہمیں اپنے سفرِ ہندوستان کے دوران خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ، بہار (ہندوستان) میں دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا۔

ایک دیوان میں انہوں نے اپنے ایک فرزند کے تولد کا قطعۂ تاریخ بھی لکھا ہے، جس سے سالِ ولادت ۱۰۹۱ھ برآمد ہوتا ہے۔

حق بہ محترم محتشمی داد   تاریخ تولد ازاں شد ''رمضان''[2]

''رمضان'' کے عدد جمع کئے جائیں تو ۱۰۹۱ھ ہی بنیں گے، عین ممکن ہے کہ آپ کے اس فرزند کا نام ہی رمضان ہو۔

آپ کے روضہ کے گنبد کے اندر تین قبور ''تحقیقاتِ چشتی'' کی تالیف (۱۸۶۴ء)

۱۔ تکملہ سیر الاولیاء ۸۶

۲۔ نور الحسن انصاری: فارسی ادب بعہد اورنگ زیب ۲۹۹

Marfat.com

تک موجود تھیں، ۱؎ کنھیالال نے ''تاریخِ لاہور ۱۸۸۲ء کو تالیف کی تو یہ تینوں قبور وہیں پر تھیں، اس نے لکھا ہے کہ ان میں سے ایک قبر تو شیخ محترم کی ہے باقی دو قبور شاید ان کے فرزندوں کی ہوں گی۔ ۲؎

اب ہم قیاس کر سکتے ہیں کہ ان تینوں میں سے درمیانی قبر تو خود شیخ محترم کی ہے اور دائیں جانب آپ کی زوجۂ محترمہ کی ہوگی اور تیسری قبر آپ کے مذکورہ فرزند شیخ رمضان کی ہوگی۔

نو احمد چشتی نے شیخ محترم لاہوری کا سالِ وصال ۱۱۰۲ھ/ ۱۶۹۰ء تحریر کیا ہے اور قطعۂ تاریخِ وفات جو آپ کے گنبد شمالی محراب کے اوپر یہ مادۂ تاریخِ وصال کندہ ہے:

پنج بر چیں ز نخل وفق بگو ''قدس اللہ سرہ الاشرف''

یعنی مادۂ تاریخ ''قدس اللہ سرہ الاشرف'' کے عدد جمع کیے جائیں تو اس سے ۱۱۰۷ھ کا سنہ بر آمد ہوتا ہے، اس کے پہلے مصرعہ کے مطابق اگر اس میں سے پانچ عدد خارج کر دیے جائیں تو سالِ وفات ۱۱۰۲ھ رہ جائے گا ۳؎ اور یہی شیخ محترم کا سالِ وصال ہے۔

مشہور تذکرہ نویس مفتی غلام سرور لاہوری نے نور احمد چشتی کو شیخ محترم کی وفات کا ایک قطعۂ تاریخ لکھ کر بھیجا تھا جو انہوں نے ''تحقیقاتِ چشتی'' میں نقل کیا ہے، ۴؎ لیکن اس کے عدد جمع کرنے سے سالِ وفات بہت مختلف نوعیت کا بر آمد ہوتا ہے ممکن ہے کتاب

۱۔ تحقیقاتِ چشتی ۳۶۸ ۲۔ تاریخِ لاہور ۲۵۹۔۲۶۰

۳۔ تحقیقاتِ چشتی ۳۶۹

۴۔ مفتی غلام سرور لاہوری نے اپنے تذکروں ''خزینۃ الاصفیاء، حدیقۃ الاولیاء اور گنجینۂ سروری'' میں شیخ محترم کے احوال اور تاریخِ وفات نہیں لکھی، سلسلۂ چشتیہ کے محولہ تذکروں تکملہ سیر الاولیاء اور مناقب مخدومین و مناقب فخریہ میں شیخ کا نام میر محترم اللہ درج ہے، جب کہ لاہور کے مقامی تذکرہ نویسوں نے آپ کو شیخ محترم لاہوری ہی لکھا ہے۔

Marfat.com

کے مولف سے یہ قطعہ نقل کرنے میں غلطی ہوئی ہو، تاہم ہم نے آپ کے گنبد کے محراب کے اوپر درج قطعہ کو ترجیح دی ہے۔

جیسا کہ ہم نے لکھا ہے کہ ہمیں اپنے ایک سفر ہندوستان کے دوران خدا بخش لائبریری، پٹنہ، بہار میں شیخ محترم لاہوری کے دیوان کے دو قلمی نسخے دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا، یہ مخطوطات ڈاکٹر نور الحسن انصاری نے بھی ملاحظہ کئے اور اس میں سے کچھ نقل و اقتباس بھی کیا ہے جس کا خلاصہ یہاں درج کیا جا رہا ہے:

شیخ محترم سلسلۂ نقشبندیہ سے تعلق رکھتے تھے، اپنے ان دو شعروں میں آپ نے حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار کی شان میں لکھا ہے:

محترم نقش بہاء الدین گرفت شد فرید عبد را عبد فرید
صفت شاہ نقشبند ایں بس کہ شدش بندۂ خواجہ احرار

شاہ جہاں بادشاہ کی شان میں مندرجہ ذیل اشعار قابلِ توجہ ہیں:

خسروی صاحبقران خاقان ملک شرع دین دور نبود گر نوازد از کرم درویش را
رفت ایام غم و شادی رسید کام محنت بادۂ رات چشید
گفت تمجید شہ عالم پناہ بندۂ شاہ جہان عبدالحمید
می کنم از جان دعا آمین بگو بادشاہا! عمر و دولت بر مزید

گویا شیخ محترم لاہوری شاہجہان بادشاہ کے زمانہ (۱۰۳۷-۱۰۶۸ھ/ ۱۶۲۸-۱۶۵۸ء) میں ہندوستان میں موجود تھے۔ آپ نے اورنگ زیب کا عہد (۱۰۶۸-۱۱۱۸ھ/ ۱۶۵۸-۱۷۰۷ء) بھی دیکھا تھا، لکھتے ہیں:

ہمیشہ بر سریر سلطنت حق محترم دارد بفضل خود دہد نصرت شہ اورنگزیبم را

خلفاء راشدین کی منقبت میں بھی اشعار پائے جاتے ہیں، دیوان محترم میں غزلوں

Marfat.com

کے علاوہ چند قصیدے، قطعے اور مسمط بھی ہیں، شیخ کی شاعری کا اصل رنگ غزلوں میں نظر آتا ہے، ایک مقام پر اپنی شاعری کی تحسین کرتے ہوئے پوری ایک غزل در مدح خود لکھی ہے۔

شیخ محترم لاہوری شاعری میں خواجہ حافظ شیرازی اور خواجہ کمال الدین مسعود خجندی کے پیروکار معلوم ہوتے ہیں، ایک مقام پر اس طرح اعتراف کیا ہے:

شد ایں غزل سرای در عشق محترم را ‏ ‏ از لطف شاہِ شیراز و ز خواجہ خجندی

شیخ محترم کی غزل گوئی میں جو سادگی اور سلاست ہے وہ آپ کے اس فن میں مہارت کا بین ثبوت ہے، شیخ کی غزلوں کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ ان میں ایک اکائی ہے، جو ہم آہنگ جذبات واحساسات کے تسلسل سے وجود میں آتی ہے۔

ہم نے اپنے پٹنہ کے قیام کے دوران لائبریری میں شیخ محترم کے یہ دونوں دیوان دیکھے ہیں، ہمیں تو ان میں یکسانیت معلوم ہوئی ہے، اس لئے ڈاکٹر نورالحسن انصاری کا یہ لکھنا کہ ''دوسرے دیوان کی شاعری بے جان اور محض روایاتی سی ہے''[1] درست معلوم نہیں ہوتا۔

۱۔ انصاری: فارسی ادب بعہد اورنگ زیب ۲۹۹

Marfat.com

شیخ محترم کا روضہ

۱۸۶۴ء کو جب نور احمد چشتی نے لاہور کے آثار پر ''تحقیقات چشتی'' کے نام سے کتاب تالیف کی تو شیخ محترم کا روضہ موجود تھا، لکھتے ہیں:

''یہ روضہ بدھو کے آوے کے غرب رویہ گوشۂ شمالی میں واقع ہے، صورت مقبرہ مربع ہے، متصل لب بام گرونہ چشتی چونہ گچ خط کشیدہ اوپر چاروں گوشوں پر چار برجہاں چار پہلو، سر برجی کے چار در محرابی اور اوپر خورد گنبدی، درمیان گنبد عالی شان چونہ گچ اب برنگ سیاہ کھڑا ہے، ... اندر تین قبریں، دو سالم اور ایک جو شرق کی طرف ہے بوسیدہ ہے، ... در جنوبی کے اوپر زیر محراب چند اشعار تحریر تھے، مگر اب اس قدر پڑھا جاتا ہے ...'' [1]

چشتی نے اس وقت تک مقبرہ کے درودیوار پر جتنے کلمات پڑھے جاتے تھے سب نقل کر دیئے ہیں۔

کنھیا لال نے بھی چشتی سے ہی تمام کلمات نقل کئے ہیں، اس کے زمانہ ۱۸۸۲ء میں یہ مقبرہ بسبب لاوارث ہونے کے سرکاری نزول کے رجسٹر میں درج تھا، پھر ایک انگریز کی درخواست پر نیلام ہو گیا ہے اور انگریز مذکور نے خرید کر چاروں طرف برانڈہ بنا کر کوٹھی کی صورت بنالی ہے، قبریں گرادی ہیں۔ [2] سید محمد لطیف کے زمانہ (۱۸۹۲ء) میں یہ مقبرہ ریلوے کے لئے سوڈا واٹر کی فیکٹری بن چکا تھا۔ [3]

آج سے تیس سال پہلے میں نے خود اسے شاز و لیبارٹری کے اندر جا کر دیکھا تھا، اس

۱۔ تحقیقات چشتی (طبع اول) ۳۶۸۔۳۶۹

۲۔ تاریخ لاہور (طبع اول) ۲۵۹۔۲۶۰

۳۔ سید محمد لطیف: تاریخ لاہور، (انگریزی، طبع اول) ۱۳۲۔۱۳۳

Marfat.com

وقت یہ قدیم گنبد اپنی اصل حالت میں تھا، اندر قبریں نہیں تھیں اور نماز کے لئے صفیں پڑی ہوئی تھیں۔

ہمارے معاصر مشہور ماہر آثار قدیمہ ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کا مشاہدہ ہے:

''یہ ایک قدیم شلغمی شکل کا کلس دار گنبد ہے...... یہ گنبد بناوٹ میں دہرا ہے اور چاروں طرف چہار برجیاں ہیں اور آج (۱۹۸۱ء) بھی اعلیٰ گل کاری کے نشان اندرون گنبد موجود ہیں اور فنی اعتبار سے یہ عمارت عہد اورنگ زیب کی معلوم ہوتی ہے...... گنبد کی بناوٹ مقرنسی ہے اور دیواروں پر ذیل کے اشعار پڑھے جاتے ہیں...... یہ روضہ ایک مکمل نمونہ خشتی معماری کا ہے۔''[۱]

اب شاز ولیبارٹری بھی ختم ہو چکی ہے، انہوں نے یہ زمین نیلام کر دی ہے اور اس کی جگہ ایک رہائشی کالونی بن چکی ہے اور یہ گنبد مسمار کر دیا گیا ہے۔

تکمیل

۱۹/رمضان/۲۴/جولائی ۲۰۱۹ء

لاہور

۱۔ چغتائی، عبداللہ: تاریخ اماکن لاہور ۲۱۸۔۲۱۹

Marfat.com

مسمار شدہ مرقد شیخ محمد نقشبندی لاہوری کا
تصویر بشکریہ جناب عالم افتخار ، لاہور

Marfat.com

مولانا جامی لاہوری

محمد اقبال مجددی

مولانا جامی لاہوری نام کی دو شخصیتوں کا تعلق لاہور سے تھا، اول شیخ حسین جامی تھے، جو اکبر بادشاہ اور نورالدین جہانگیر کے زمانہ میں لاہور کے علماء و مشائخ میں سے تھے جن کا تعلق شیراز کے مشائخ سے تھا، ۱ انہوں نے جہانگیر کو اس کی تخت نشینی سے چھ ماہ پہلے ہی لاہور سے خط لکھ کر آگاہ کیا تھا کہ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری نے مجھے عالم رویا میں آکر خوشخبری دی ہے کہ عنقریب شہزادہ سلیم (نورالدین جہانگیر) تاج و تخت کا مالک بنے گا، ۲ امید ہے کہ اس وقت خواجہ زکریا احراری کی خطا بھی معاف کر دی جائے گی۔ ۳

۱۶۰۶ء کو جہانگیر نے مولانا حسین جامی کو ان کی خانقاہ کے فقراء کے لئے پانچ ہزار روپے بھیجے، ۴ جب جہانگیر کو شیخ حسین جامی کے خواب صحیح نظر آنے لگے تو اس نے ۳۵ سے چالیس ہزار روپے ان کے اپنے اور خانقاہ کے مصارف کے لئے ارسال کئے۔ ۵

۱۔ توزک جہانگیری کے متن میں مولانا جامی کے مشائخ شیراز کے ساتھ تعلق کا ذکر نہیں ہے، بیورج نے اپنے حواشی میں ایک قلمی نسخہ کی بنیاد پر یہ انگریزی ترجمہ کیا ہے (ترجمہ ۱/۳۰)

۲۔ جہانگیر نامہ ۱۸

۳۔ جہانگیر نامہ ۴۵۸، کامگار حسینی: مآثر جہانگیری ۴۶

۴۔ توزک جہانگیری ترجمہ و حواشی روجرز و بیورج ۴۶، ترجمہ ٹھیکسٹن ۴۴

۵۔ روجرز و بیورج ۷۱-۷۲، ٹھیکسٹن ۵۹

Marfat.com

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیخ حسین جامی جہانگیر کے ابتدائی سالوں میں ہی انتقال کر گئے، کیوں کہ اس کے بعد اس کی توزک میں ان پر نوازشات کا ذکر نہیں ملتا۔

خواجہ زکریا احراری کی رہائی کا ذکر توزک (مطبوعہ ومروجہ) میں نہیں ملتا، البتہ ڈاکٹر اطہر علی نے توزک جہانگیری کے نقش اول قلمی مخزونہ برٹش لائبریری، لندن کی بنیاد پر یہ لکھا ہے کہ خواجہ زکریا بن خواجہ بخشی کو ۱۰۱۴ھ/ ۱۶۰۶ء کو پانصدی کا منصب دیا تھا، ۱؎ گویا مولانا جامی کی استدعا پر جہانگیر نے انہیں رہا کر دیا تھا، اس کے بعد ان کی عہد بعہد ترقی کا ذکر کتب تاریخ میں نہیں ملتا، ممکن ہے وہ رہائی کے بعد فوت ہو گئے ہوں یا اکبری قید و بندگی صعوبتوں سے دلبرداشتہ ہو کر واپس ماوراء النہر چلے گئے ہوں۔

مولانا محمد حسین جامی کی قبر اس وقت لاہور کے مشہور قبرستان میانی میں ہے، حضرت شیخ محمد طاہر بندگی لاہوری کے مزار کے عقب کا دروازہ کھولیں تو چند قدم کے فاصلہ پر ایک قبر پر شیخ حسین جامی لکھا ہوا ہے، لاہور کے مورخ نور احمد چشتی نے لکھا ہے:

> "گوشۂ شمالی و مشرقی چاردیواری حضرت شیخ طاہر میں ایک نشان دیوار محراب دار مسجد کھڑا ہے، اس کے آگے زمین دوز خشتی قبر مولوی جامی لاہوری کی ہے، اس کے گوشۂ شمالی و مشرقی میں چبوترہ مع دیوار مسجد کا اور چاہ چرخی دار قدیمی ہے، یہ حضرت (جامی) بعہد جہانگیر بادشاہ بڑے مولوی کامل اور مدرس تھے اب تک نام ان کا مشہور ہے۔" ۲؎

گویا مولانا جامی لاہوری کی میانی میں یہ مسجد، چبوترہ اور قبر حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری (ف ۱۰۴۰ھ ۱۶۳۰ء) سے پہلے کی ہے۔

1- Athar Ali: Apparatus of Empire. p.45

۲۔ تحقیقات چشتی ۱۷۵

Marfat.com

توزک جہانگیری کے اس اندراج سے چشتی کے اس بیان کی تصدیق ہو جاتی ہے:

''یہ قبرستان میانی پنج ڈیرا کہلاتا ہے، وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اول بعہد اکبر بادشاہ یہاں ایک گاؤں تھا، اور یہاں تمام عالم لوگ رہتے تھے، چونکہ بزبان پنجابی علماء کو میاں کہتے ہیں، اس واسطے یہ گاؤں مسمّی بہ میانی تھا...''[1]

۱۔ ایضاً ۱۶۷

Marfat.com

اب دوسرے مولانا جامی کی طرف آیئے، ان کے حالات زندگی سے تو تذکرے یکسر خالی ہیں، انہوں نے اپنی کتابوں میں اپنا نام یوں لکھا ہے:

عبدالنبی ولد شیخ گرامی مولانا عبدالرحمن المشہور بہ ملا جامی ۱؎

انہوں نے اپنی مشہور و مطبوعہ کتاب ''نجات المسلمین'' میں کئی مقامات پر اپنے احوال کی طرف اشارات کیے ہیں لیکن اپنے مولد و مسکن کا نام نہیں لکھا، لیکن اپنی دوسری کتاب ''درر الفرائض'' میں اپنے مستقر کا نام سوق تحریر کیا ہے، ۲؎ آپ کے فرزند مولانا گل محمد نے 'ہفت سلک' کے نام سے ایک منظوم فقہی کتاب تالیف کی تو اس میں اپنا مولد سوق احمد لکھا، ۳؎ جو گجرات (پنجاب) کے مضافات میں ہے۔

انہوں نے یہ کتاب ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۲ء کو تالیف کی تھی گویا مولانا جامی کا خانوادہ مذکورہ سنہ تک سوق احمد (مضافاتِ گجرات) میں ہی تھا، ہاں یہ قیاس ہے کہ مولانا جامی اپنے تبحر علمی اور مہارت تدریس کے باعث لاہور کے کسی بڑے مدرسہ میں مدرس ہوں یا جیسا کہ انہوں نے اورنگ زیب عالمگیر کے ساتھ اپنی والہانہ عقیدت کا اظہار کیا ہے، اس کے امر پر یا اس کی مالی امداد سے لاہور میں بھی اپنا ایک مدرسہ بنالیا ہو، لیکن ابھی تک قیاس کے اثبات میں ہمارے پاس کوئی دلائل نہیں ہیں۔

۱۔ جامع الخیرات، قلمی نسخہ ذخیرۂ مجددی (شمارہ MS. 167) آغاز

۲۔ فہرست مشترک ۷/۱/۹۰۸

۳۔ فہرست نسخہ ہای خطی فارسی آرشیو ملی پاکستان مرتبہ عارف نوشاہی (گنجینہ مفتی فضل عظیم بھیروی ۴۱۲)

Marfat.com

مولانا عبدالنبی جامی اور اورنگ زیب عالمگیر

یقیناً مولانا جامی کی ولادت شاہ جہاں کے عہد (۱۰۳۷ـ۱۰۶۸ھ/ ۱۶۲۸ـ۱۶۵۸ء) میں ہوئی ہوگی لیکن اس کے ساتھ مولانا جامی کے مراسم کا ہمیں علم نہیں ہے، اورنگ زیب عالمگیر (۱۰۶۸ـ۱۱۱۸ھ/ ۱۶۵۸ـ۱۷۰۷ء) چونکہ ایک ذی علم، علم پرور اور دین دار بادشاہ تھا اس لئے مولانا جامی نے اپنی کتابوں میں اس کے ساتھ اپنی عقیدت کا اظہار بھی کیا ہے۔

مولانا جامی نے عمومی فقہی مسائل پر فارسی نظم میں ایک کتاب ''نجات المسلمین'' کے نام سے لکھی تھی، اسے اورنگ زیب عالمگیر کے نام معنون کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ایں رسالہ دلپذیر وا تمام اودر عہد خلافت سلطان السلاطین حضرت اورنگزیب بہادر بادشاہ عالمگیر

چوں بہ دور شاہ عالمگیر بشگفت ایں چمن باد یارب ہر بحر نزہتہ گاہِ شاہ جہان
شد تمام اندر زمان عدل عالم گیر شاہ آنکہ اوہست ازکمال دیں شاہ دین پروران
بوالمظفر خسرو غازی شہ اورنگ زیب بانی شرعِ محمد ثانی صاحب قران

یقیناً مولانا جامی کو اورنگ زیب عالمگیر کی طرف سے مدد معاش کے طور پر آراضی وغیرہ بھی دی گئی ہوگی، جس کی تفصیلات کتب تاریخ میں نہیں ملتیں۔

تالیفات

مولانا عبدالنبی جامی یقیناً بہت سی کتابوں کے مولف ہوں گے، جو امتدادِ زمانہ سے ضائع ہوگئیں، ہمیں اب تک آپ کی صرف مندرجہ ذیل چار کتب کے وجود کا علم ہو سکا ہے:

Marfat.com

نجات المسلمین (فارسی منظوم)

مولانا جامی کی یہ کتاب بہت ہی متداول رہی ہے، پاکستان کے مختلف کتب خانوں میں اس کے کئی خطی نسخے پائے جاتے ہیں، [1] متعدد مرتبہ طبع بھی ہو چکی ہے، [2] ہمارے پیش نظر مطبع نولکشور، لاہور کی ۱۳۲۳ھ کی طباعت ہے، اس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد صانعی کہ اوہام مخلوقات　در ادراک مصنوعات او قاصر
حمد حق گو بہر آغاز کتاب اے نکتہ دان　تا شود آں نامۂ نامی گرامی در جہان

مولف نے لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے والد مولانا عبدالرحمٰن کی ایک فقہی کتاب کی تنظیم کی ہے۔

بندہ عبدالنبی جامی کہ بیمانیگی　لقمہ جو آمد ز خوان نعمت صاحب دلاں
چند بیتی یافتم در فقہ تصنیف پدر　کز رہ شفقت نبود از بہر حفظ کودکان
در حق مسلم چو از ہر بیت او دیدم نجات　زاں نجات المسلمین نامش نہادم در جہان
چوں بہ دور شاہ عالمگیر بشگفت ایں چمن　باد یارب ہر بجز نزہتہ گاہ شاہ جہان
گفت تاریخش خرد چوں خواندہ را برو دو بار　راقمش عبدالنبی جامی جلال الدین بداں
شد تمام اندر زمان عدل عالمگیر شاہ　آنکہ او ہست از کمال دیں شاہ دین پروران
بوالمظفر خسرو غازی شہ اورنگ زیب　بانی شرع محمد صاحب قرآن

---

[1] فہرست مشترک ۷/۹۰۲-۹۰۶

[2] کتابشناسی آثار فارسی چاپ شدہ در شبہ قارہ ۱/۵۷۰

Marfat.com

ان اشعار سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

۱۔ مولانا جامی نے اس کتاب کی بنیاد اپنے والد مولانا عبدالرحمٰن جامی کے ہم دست ہونے والے چند ابیات پر رکھی اور ایک نئی کتاب نظم کر دی۔

۲۔ یہ کتاب اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کے عہد (۱۰۵۸۔۱۱۱۸ھ/ ۱۶۵۸۔۱۷۰۷ء) میں تالیف کی گئی۔

۳۔ اس کے ساتویں شعر سے اس کی تاریخ تالیف برآمد ہوتی ہے۔

۴۔ یہ کتاب مولف نے اورنگ زیب کے نام معنون کی ہے، اس وقت انتساب کا یہی طریقہ رائج تھا۔

درر الفرائض (فارسی منظوم)

یہ رسالہ بھی مولانا جامی نے علم فقہ کے موضوع پر نظم کیا ہے، اس کا سالِ تالیف ۱۰۸۱ھ/۱۶۷۰ء ہے، اس کا قلمی نسخہ ڈاکٹر قریشی احمد حسین احمد (گجرات، پاکستان) کے کتب خانہ میں ہے۔ [۱]

جامع الخیرات (فارسی نثر)

یہ کتاب بھی مولانا جامی نے اورنگ زیب عالمگیر کے نام معنون کرتے ہوئے لکھا کہ اس وقت ملک میں شریعت کی عمل داری ہے اور عوام بھی خیرات وصدقات دینے میں فراخ دل نظر آتے ہیں لیکن وہ ان فقہی احکام سے کما حقہ واقف نہیں ہیں، اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ میں اس موضوع پر ایک جامع کتاب لکھوں تو میں نے مستند کتبِ فقہ اور فتاویٰ کی روشنی میں ایک کتاب مرتب کر دی ہے، آغاز کے الفاظ سے اس کا پورا مفہوم واضح

۱۔ فہرست مشترک ۹۰۸/۷

Marfat.com

ہوجاتا ہے:

الحمد لله رب العالمين و الصلوة و السلام علىٰ خير الخلائق و افضل الانام سيد المرسلين ...... مثنوی ...... قطعه......

امابعد می گوید بندۂ ضعیف نحیف تراب الاقدام درویشان فقیر حقیر عبدالنبی ولد شیخ گرامی مولانا عبدالرحمن المشهور به ملاجامی غفرالله ولوالدیه ..... چون دیدم که دریں ایام فرجام...... درخلافت...... حضرت بادشاه عالم و عالمیان...... مثنوی ..... اکثر از عوام علی دین ملوکهم در کار خیرات و میراث و رغبتی تمام دارند، ایں رساله را جامع الخیرات نام نهادم تا از مطالعۂ آں آثارِ خیرو برکت و انوار پر هدایت در عالمیان پدید آید و بعد ..... مثنوی...... مهیا گشت خوان نعمت آباد...... بتاریخ هزار و هشت و هشتاد

آخری جملے سے اس کتاب کا سال تصنیف ۱۰۸۸ھ برآمد ہوتا ہے، اس کتاب کا ایک خطی نسخہ ہمارے ذخیرہ کی زینت ہے۔[۱]

محبوب الفقہ (فارسی نثر)

مولانا جامی نے فقہ حنفی کے مطابق ابواب وفصول بنا کر فرائض وآداب تحریر کئے ہیں، اس کا سالِ تالیف ۱۰۹۹ھ/۱۶۸۷ء ہے۔

یہ کتاب شیخ الٰہی بخش وجلال الدین ناشر کتب، لاہور کی طرف سے شائع ہوئی تھی، اس میں تقریباً ایک سو عنوانات ہیں۔

۱۔ ذخیرۂ مجددی (مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور) شمارہ MS.167

Marfat.com

اولاد

مولانا جامی کی اولاد کے متعلق زیادہ معلومات نہیں ہیں، صرف ایک فرزند مولانا گل محمد کا علم ہو سکا ہے، جو اپنے مستقر سوق احمد (مضافات گجرات، پنجاب) میں رہتے تھے اور انہوں نے یکم محرم ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۲ء کو فقہ کی ایک منظوم کتاب 'ہفت سلک' فارسی میں لکھی تھی، جو انہوں نے سن کہولت میں تصنیف کی تھی، اس نظم کا وزن مثنویٔ مولانا روم کا ہے،

آغاز:

بعد حمد ایزد و نعت رسول آں بی او عرش را نبود قبول
گوہر سلک ز بحر مثنویست و ایں ہمہ از فیض روح مولویست

کتاب کے خاتمہ میں لکھتے ہیں:

پیر بودم یادگاری ماندہ ام تا ہی برجای خود بنشاندہ ام
بر ہزار و صد فزودہ سی و پنج شد مرتبت ایں رسالہ ہفت گنج
از محرم اولین روز خمیس ختم شد بادا باہل دل انیس

اس خاتمہ کے بعد مخطوطہ میں اسی رسم الخط اور اسی وزن میں مولف نے اپنے اور اپنے والد کے متعلق اہم معلومات دی ہیں، جن میں سے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

سوک احمد مولد وماوای من ......
والد و استاد من ای مرد ہوش گر ندانی سوی من بگشای گوش
قبلہ گاہ مقبلان عبدالنبی ست پیشوای رہروان عبدالنبی ست
بود در علم شریعت پیشوا اہل عالم مقتدی، او مقتدا
بود در مصر بلاغت رودِ نیل در رہ علم و ریاضت بے عدیل
طالبان را راہ نمای راستین باغبان روضۂ علم الیقین

Marfat.com

جامع الخیرات و محبوب و دگر کردہ اندر نظم و نثر آں نامور
کرد پر از گوہر و در ثمین نسخۂ زیبا نجات المسلمین
سایۂ او تا برفت از سر مرا (کذا) تار و پود عیش شد ابتر مرا

یہ خطی نسخہ سات سلک (ابواب) پر مشتمل ہے اول معنی آمنت باللہ، دوم معنی ملائکہ و سوم ا

ا۔ نوشاہی، عارف: فہرست نسخہ ہای خطی فارسی آرشیو ملی پاکستان، گنجینۂ مفتی فضل عظیم مجیبروی، تہران ۴۱۱۔۴۱۳

Marfat.com

وصال

مولانا عبدالنبی جامی کا سالِ ولادت و وفات ہمیں اب تک کسی ذریعہ سے بھی معلوم نہیں ہو سکا، اگر مولانا جامی کا تعلق سوق احمد (گجرات) کے بعد لاہور سے تھا تو لاہور کے قبرستان میانی میں جس مولانا جامی کی قبر ہے وہ کون ہیں؟ یہاں کے تذکرہ نویسوں نے ان کا نام تک نہیں لکھا۔

تحقیقاتِ چشتی (۱۸۶۴ء) کے مولف نے صرف حال قبر مولوی جامی لاہوری کا عنوان بنا کر انہیں عہد جہانگیر بادشاہ کے بڑے مولوی اور مدرس لکھا دیا ہے، ان کا نام نہیں لکھا ہے، [۱] ظاہر ہے اس سے مراد مولانا محمد حسین جامی نقشبندی لاہوری ہیں، لالہ کنھیالال نے تاریخ لاہور (۱۸۸۲ء) میں بھی میانی میں مدفون قبر مولوی جامی کی قدیم زمانہ کی بنی ہوئی ہے... عہد جہانگیری و شاہ جہانی میں ہر بزرگ لاہور میں بڑا عالم و فاضل تھا، اس کے فتویٰ کو سب اہل اسلام قبول کرتے تھے، بادشاہ کے دربار میں بھی اس کا دخل تھا، [۲] لکھ کر ٹال دیا ہے، جب کہ ہماری تحقیقات کے مطابق وہ جہانگیر کے ابتدائی سنینِ حکومت تک ہی بقید حیات نظر آتے ہیں۔

اسی طرح لاہور کے دوسرے مورخ سید محمد لطیف نے اپنی انگریزی کتاب (۱۸۹۲ء) میں بھی ملا جامی لاہوری لکھ کر ان سے جو فارسی اشعار منسوب کئے ہیں وہ مولانا عبدالنبی جامی کے ہیں، [۳] مولانا محمد حسین جامی سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے، بظاہر انہوں نے اپنا کوئی ماخذ نہیں بتایا لیکن ان کے پیش نظر دو ہی کتابیں تھیں، اول تحقیقاتِ چشتی اور دوم

۱۔ تحقیقاتِ چشتی ۱۷۵

۲۔ تاریخ لاہور ۲۹۷

3- M. Latif: Lahore, Its History...... pp.60-61

Marfat.com

کنھیا لال کی تاریخ لاہور، سید محمد لطیف کی معلومات موخرالذکر کتاب سے ماخوذ معلوم ہوتی ہیں۔

منشی محمد الدین فوق نے تو تاریخ اور تذکرہ نویسی کی ساری حدود پھلانگ کر مولوی جامی لاہوری کا عنوان دے کر مولانا محمد حسین جامی اور مولانا عبدالنبی جامی کو ایک ہی بنا دیا ہے، ان کی معلومات سید محمد لطیف کی انگریزی کتاب سے بغیر حوالہ منقول ہیں، لکھتے ہیں:

''جہانگیر و شاہ جہان کے زمانہ میں ان کے علم و فضل کا لاہور میں چرچا تھا.....
شاہ جہاں کی نظر بندی کے بعد عالمگیر بادشاہ کا زمانہ آیا تو اس نے بھی ان کی عزت کو برقرار رکھا، ۱۰۷۲ھ میں بعہد اورنگ زیب عالمگیر انتقال کر گئے''۔[۱]

پھر ان کے وہی اشعار نقل کیے ہیں جو سید محمد لطیف نے بھی دیئے ہیں، جبکہ ہمارے مولف مولانا عبدالنبی جامی تو ۱۰۹۹ھ تک بقید حیات اور تصنیف و تالیف میں مصروف نظر آتے ہیں۔

۲ر رمضان ۱۴۴۰ھ

۸ر مئی ۲۰۱۹ء

۱۔ فوق، محمد الدین: تذکرۃ العلماء والمشائخ (تذکرہ علمائے لاہور) ۱۸

ان کے بعد آنے والے تذکرہ نویس تو بے چارے نقل کرنے کی قابلیت بھی نہیں رکھتے تھے۔

Marfat.com



گنبد مزار ملا حسین جامی لاہوری کے عقب مزار حضرت شیخ محمد
بندگی کے قبرستان میانی، لاہور

Marfat.com

شیخ محمد مراد قزانی

مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کے عربی مترجم

محمد اقبال مجددی

شیخ محمد مراد بن عبداللہ سہ شنبہ نصف ربیع الثانی ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۴ء کو قریہ الُمَتُ (من مضافات قصبہ منزلہ ولایت اونا ملک قزان[۱] بلغار) میں تولد ہوئے، آپ نے صرف چھ سال کی عمر سے ہی تحصیل کا آغاز کر دیا، قرآن مجید اپنے والد گرامی اور پھر اپنے خالو شیخ ملا حسن الدین (جو اپنے وطن کے مشہور عالم ملا اسماعیل قشقاری کے اکبر تلامذہ میں سے تھے) اور پھر نو سال کی عمر میں ہی صرف پڑھنی شروع کر دی، عوامل الجرجانی گیارہ سال کی عمر میں ہی پڑھ لی، پھر اپنے خالو مذکور سے باقاعدہ وابستہ ہو کر اٹھارہ سال کی عمر میں ہی اس وقت کے مروجہ علوم نحو، منطق، اخلاق اور فقہ شرح العقائد النسفیہ مولفہ تفتازانی تک تحصیل کر لی، اور انہیں اس میں ملکہ پیدا ہو گیا۔

اس کے بعد آپ نے قزان کا سفر اختیار کیا اور یکم ربیع الاول ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء کو وہاں کے مدرسۂ علامہ شہاب الدین قزانی مرجانی مولف ناظورۃ میں داخل ہو گئے، لیکن انہیں وہاں کے قیام میں موافقت نہ ہو سکی تو آپ وہاں سے بخارا اور وسطی ایشیاء کے سفر کے لئے روانہ ہو گئے، راستہ میں بلدہ طرویسکی میں دو سال تک قیام کیا اور وہاں کے مدرسہ مرحوم ملا شرف الدین و ملا محمد جان میں جا کر ان حضرات سے شرح العقائد اور سلم العلوم (علم منطق) مع حواشی وغیرہ پڑھے، مسائل فلسفہ میں سے قاضی مبارک گوپاموی ہندی کا حاشیہ بھی، اسی کے ساتھ حاشیہ ملا حسن نقل کیا اور حفظ بھی کر لیا، اور لمحہ بھر کے لئے فارغ نہ رہا۔

۱۔ علاقہ قزان کی تاریخ کے لئے ملاحظہ ہو: قزانی، محمد مراد: تلفیق الاخبار ۲/ ۲۰۵ و ما بعد

Marfat.com

پھر براستہ تاشکند بخارا جانے کے لئے روانہ ہوا تو تقریباً دو ماہ تک تاشکند میں قیام کیا، جہاں شرح العقائد اور شرح حکمۃ العین وہاں کے بعض علماء کی خدمت میں پڑھیں۔

۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۶ء کو بخارا پہنچا تو وہاں شرح علامہ دوانی علی تہذیب المنطق للعلامۃ التفتازانی کے درس میں شریک ہوئے، ان مدرسین میں ملا عبداللہ مفتی سرطاوی قزانی اور ملا عبدالشکور ترکمانی کے نام قابل ذکر ہیں، وہاں چھ ماہ تک چار حواشی پڑھانے کی وہاں کے علماء کی عادت تھی، یہاں تک یہ حالت چار سال تک اسی طرح رہی تو میں نے تکمیل کے بغیر ہی اس سلسلۂ درس کو ترک کر دیا۔

اب اس زمانہ میں وہاں کے مدرسین کی درس کی عادات طلبہ کے وقت کا ضائع کرنے کے سوا کچھ نہیں رہ گیا تھا، اب بخارا علم وحکمت کا منبع نہیں رہا تھا، جیسا کہ اس کی شہرت پہلے ہوتی تھی۔

میں بخارا سے ربیع الاول کو نکلا اور دوسری مرتبہ تاشکند اور اس کے نواحی علاقوں میں گیا، وہاں دو سال تک قیام رہا اور وہاں کے علماء کے دروس میں بھی حاضر ہوتا رہا، اس کے نواحی علاقوں کی ایک رباط میں ٹھہرا، جہاں میں نے کچھ عرصہ درس بھی دیا، وہاں مجھے کثیر تعداد میں کتب تصوف (عربی وفارسی) اور کتب سیر کے مطالعہ کا موقع ملا، جن سے مجھے روحانی لذت محسوس ہوتی رہی، سیرت طیبہ کی کتابوں کے مطالعہ کے دوران خواب میں مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، اسی خطہ کی بعض مشائخ کی ''انابت'' بھی میسر آئی۔

میں پھر دوسری مرتبہ بخارا گیا تو وہاں کے بعض احباب نے حجاز مقدس حاضر ہونے کا شوق دلایا، واپس تاشکند جا کر ۱۲۹۵ھ/ ۱۸۷۸ء کو بعض دوستوں کی رفاقت میں حجاز کے لئے روانہ ہوا تو براستہ سمرقند، قرشی، عذار، بلخ، کابل، جلال آباد، پشاور، لاہور اور امرتسر میں ٹھہرتا رہا، اس کے بعد میں دوبارہ لاہور گیا اور براستہ ملتان، حیدر آباد (سندھ)، کراچی اور

Marfat.com

بمبئی آکر مقیم ہوگیا، رمضان یہیں گذار کر عید کے بعد جہاز پر سوار ہوا اور جدہ پہنچ گیا، مجھے اس سفر میں اٹھارہ دن لگے۔

شوال کے اواخر میں مکہ مکرمہ پہنچا اور مذکورہ سنہ میں حج کے بعد مدینہ منورہ حاضر ہوا، پہلے مدرسہ امین آغا میں داخل ہوا، پھر ایک ماہ کے بعد مدرسۃ الشفاء میں گیا، جہاں سے آٹھ ماہ کے بعد مدرسۃ المحمودیہ میں داخل ہوکر امتحان دیا اور طلبہ میں مقبولیت ہوئی۔

میں اسی مدرسہ کے دروسِ دینیہ فقہ، حدیث اور تفسیر میں بھی وہاں کے کبار علماء کی خدمت میں حاضر ہوا، علوم عربیہ خصوصاً تین فنون اور عروض کا علم حاصل کیا، وہاں میں نے اکثر ''احیاء العلوم'' اور دیگر کتب تصوف کا بھی مطالعہ کیا۔

وہیں میں نے کتاب توضیح فی الاصول مع حاشیہ التلویح بھی وہاں کے ایک عالم کی خدمت میں پڑھی اور مذکورہ سال میں روضہ اقدس پر حاضر رہ کر اسی سال قرآن مجید حفظ کیا، مدینہ منورہ کے علمائے کبار سے اجازات حاصل کیں، ان کے دروس میں باقاعدہ حاضر رہ کر تکمیل کی۔

تحصیل کے بعد میں سلسلۂ نقشبندیہ کے قطبِ وقت مولانا شیخ محمد مظہر مجددی [1] کی

۱۔ حضرت شیخ محمد مظہر مجددی مدنی (۱۲۴۸۔۱۳۰۱ھ/ ۱۸۳۲۔۱۸۸۳ء) بن حضرت شاہ احمد سعید مجددی دہلوی ثم مدنی (ف ۱۲۷۷ھ/۱۸۶۰ء) حافظ، عالم، قوی الجذبہ اور کثیر الارشاد تھے، آپ سے سلسلۂ نقشبندیہ کو عالم اسلام میں رواج ہوا، سمرقند، بخارا، قزان، ترکی، افغانستان، ایران، جزیرۂ عرب، شام، افریقہ مغرب اور چین تک آپ کے معتقدین وخلفاء نے دعوت وارشاد کے فرائض انجام دیئے، مسجد نبوی شریف سے باہر ایک سہ منزلہ رباط مظہر ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء کو بنائی تھی، جہاں آپ کے چچا بزرگوار حضرت مولانا شاہ عبدالغنی مجددی محدث مدنی نے درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا تو عالم اسلام کے علماء نے حاضر ہوکر آپ سے سندیں لیں اور مسند وقت کے لقب سے ملقب ہونے۔ (ذکر السعیدین ۳۸۔۴۱)

Marfat.com

خدمت میں بیعت ہوا، آپ نے میرے حق میں ''عنایۃ تامہ، التفات خاص'' اور میری روحانیت کی اپنے خاص اصحاب کی موجودگی میں تعریف کی۔

شیخ محمد مظہر کے وصال (۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء) کے بعد آپ کے خلیفہ سید محمد صالح زواوی (ف ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۰ء) مدرس حرم مکی [1] سے بھی منسلک رہے، شیخ قزانی اس دوران شدید علیل ہو گئے تو اپنے وطن جانے کی اجازت لے کر قزان چلے گئے، پھر اگلے سال حج کے لئے حجاز مقدس آئے تو مکہ مکرمہ میں مقیم ہو گئے، مدینہ منورہ حاضر نہ ہو سکے، مکہ شریف میں مولانا شیخ علامہ عبدالحمید آفندی داغستانی [2] کی صحبت اختیار کر لی۔

پھر دوسری مرتبہ اپنے وطن چلا گیا، اس کے بعد وہاں سے دوبارہ حجاز مقدس آیا اور پہلے مدینہ منورہ حاضر ہوا، جہاں میں اٹھارہ دن تک مقیم رہ کر مکہ مکرمہ آیا، حج کے بعد حضرت مولانا عبدالحمید داغستانی کی صحبت اختیار کی اور رمضان میں ان کے سنن ابی داؤد کے درس میں شریک ہوا اور اسی دوران مجھے حضرت شیخ محمد مظہر مجددی کے وصال ۱۳۰۱ھ کی اطلاع ملی تو میں نے شیخ داغستانی کی صحبت کا پھر سے التزام کر لیا، شیخ کے وصال سے مجھے شدید صدمہ پہنچا تھا، میں وہاں سے ہندوستان کے مشائخ سے روحانی فیوض حاصل کرنے کے لئے ہندوستان کا سفر کرنے کا ارادہ کر لیا لیکن مولانا سید زواوی کی صحبت کی بدولت اس قلق میں قدرے کمی ہوئی تو سفر ملتوی کر دیا۔

اس دوران میں نے رشحات کا عربی ترجمہ شروع کر دیا تاکہ میرے غم کا مداوا ہو سکے،

۱۔ حالات کے لئے ملاحظہ ہو نشر النور والزہر ۲۱۷، ذکر السعیدین ۲۵۲

۲۔ شیخ عبدالحمید شروانی داغستانی (ف ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۲ء) علماء و محدثین میں سے تھے، فہرست الفہارس ۱/۱۳۲، ۳۵۶، معجم المعاجم ۲/۳۴۱ و بہ بعد، ذیل رشحات ۱۳۱، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ ۳۳۲۔۳۳۳

Marfat.com

میں سید مذکور کے قافلہ کے ساتھ مدینہ منورہ آیا تو انہوں نے مجھے اپنے مکان میں رہنے کا اجازت نامہ ''رقۃ الاجازۃ والاستخلاف'' لکھ کر دے دیا، اس کے بعد انہوں نے مجھے دوسرے سال مکہ مکرمہ میں طلب کیا اور اجازت طریقہ وخرقہ خلافت احباب کے مجمع عام میں دی، یہ اجازت زبانی اور تحریری دونوں طرح کی تھی۔

مولانا شیخ زواوی اپنے استاد شیخ ابراہیم کورانی (ف ۱۱۰۲ھ/۱۶۹۰ء) کے اسناد کے مجموعہ ''الامم لایقاظ الہمم'' میں مذکور تمام اسناد کی اجازت بھی عنایت کی۔[1] مدینہ منورہ پہنچ کر جب میں نے اپنے شیخ کی خدمت رشحات کا عربی ترجمہ پیش کیا تو اسے پسند کرتے ہوئے کلماتِ تحسین فرمائے اور پھر مکتوبات امام ربانی کے عربی ترجمہ کا بھی امر فرمایا تو میں نے اس کے مطالب کے مشکل ہونے کا عذر کیا، جس پر فرمایا کہ رب کریم مشائخ کے صدقے اس میں آسانیاں پیدا کر دے گا، جس پر میں نے یہ ترجمہ کر ہی لیا، جو صرف آپ کے حکم کی تعمیل کے طور پر کیا گیا ہے، آپ نے اس کی بہت تعریف کی جو حوصلہ افزائی کا حق ہے ادا کیا اور اس پر بہت ہی مسرور ہوئے اور پھر رشحات کی طباعت کے بعد مکتوبات کا یہ ترجمہ بھی طبع کروانے کا عزم کر لیا۔

رشحات کا ترجمہ مع ذیل ۱۱ رمضان ۱۳۰۷ھ/۱۸۸۹ء کو مطبع المیریہ، مکہ سے طبع ہوا،[2] جس پر شیخ زواوی نے تقریظ بھی لکھی ہے۔ اس کے بعد مکتوبات امام ربانی کا عربی ترجمہ بھی ۱۳۱۷ھ کو تین حصوں میں مطبع المیریہ سے شائع ہوا۔

۱۔ الامم لایقاظ الہمم، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدر آباد (دکن)، ۱۳۲۸ھ کو طبع ہوئی تھی۔

۲۔ اس سے پہلے بھی رشحات کا ایک عربی ترجمہ ہوا تھا، جو مصر کے مشہور مطبع بلاق سے ۱۲۵۶ھ کو طبع ہوا تھا، (اکتفاء القنوع ۵۰۰) دراصل فہرست ساز فندک کو غلط فہمی ہوئی ہے، صفی اللہ رشحات کے کسی مترجم معرب کا نام نہیں بلکہ یہ رشحات کے مولف فخر الدین علی کا عرف تھا۔ (مقدمہ متن)

Marfat.com

اس کے بعد زواوی نے مجھے تیسری مرتبہ اجازت دی اور شیخ محمد عابد سندھی کی اجازات کے مجموعہ ''حصر الشارد من اسانید الشیخ عابد'' [۱] میں شامل تمام اجازات کی اجازت سے بھی نوازا، مولانا قزانی نے اپنا اجازت نامہ بھی نقل کیا ہے، انہوں نے لکھا ہے کہ یہ رشحات کا یہ عربی ترجمہ شیخ زواوی نے اپنی جیب خاص سے طبع کروایا تھا۔

رشحات کے مولف پر یہ اعتراض ہے کہ انہوں نے حضرت خواجہ احرار کے کئی خلفاء کا ذکر ہی نہیں کیا، جیسا کہ شیخ درویش محمد سمرقندی والد مولانا خواجگی امکنگی اور مولانا محمد زاہد کے خلافت یاب ہونے کا ذکر ہی نہیں کیا، لہٰذا یہ شجرہ مشکوک ہے۔ [۲]

اس اعتراض کے جواب میں کئی کتابیں لکھی گئیں، جن میں ایک جواب مولانا خواجہ محمد ہاشم کشمی (خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی) کا ہے جو نسمات القدس کے نام سے ہے، اس کے بعد بھی کئی اصحاب نے اس کا جواب دیا، غالباً آخری جواب مولانا قزانی کا ہے جو ذیل رشحات کے طور پر اس عربی ترجمہ کے حاشیہ پر طبع ہوا تھا۔ [۳]

مولانا قزانی کے علمی کارناموں میں سے اہم کام مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی کے مکتوبات کی تینوں جلدوں کا عربی ترجمہ ہے، جو آپ نے اپنے شیخ زواوی کے امر پر کیا، اس کی تینوں جلدوں کے حواشی پر قیمتی رسائل ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ حصر الشارد خلیل بن عثمان جبور سبیعی کی تصحیح سے مکتبۃ الرشد، ریاض سے ۱۴۲۴ھ کو دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔

۲۔ مکتوبات امام ربانی ۱/۱۸۰/۲۹۳

۳۔ رشحات کا ایک تکملہ مولفہ شیخ خلیل احمد سرہندی نے بھی لکھا تھا، شیخ الاسلام عارف حکمت کے ذخیرۂ مدینہ منورہ کا روٹوگراف ہمارے ذخیرہ (مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور (شمارہ R.135) محفوظ ہے۔

Marfat.com

جلداول احوال امام ربانی مولفہ مولانا قزانی ص ۱۔۱۸۳

(رسالہ ثانی) الرحۃ الھابطۃ فی ذکر اسم الذات الرابطہ للشیخ حسین الدوسی ص۱۸۴۔۳۸۴

جلد ثانی: عربی ترجمہ رسالۃ المبداء والمعاد لامام الربانی عربی ترجمۂ مولانا قزانی ص۲ تا ۱۶۲

جلد ثالث: عطیۃ الوہاب الفاصلہ بین الخطاء والصواب (دفاع حضرت مجدد الف ثانی) للشیخ محمد بک اوزبکی (محمد بیگ برہانپوری

عربی ترجمہ کی یہ تینوں جلدیں مطبعۃ المیریہ، مکہ مکرمہ سے ۱۳۱۷ھ کو طبع ہوئیں۔[۱] اس ترجمہ کی طباعت کے چودہ سال بعد مولانا نور احمد امرتسری (ف ۱۹۳۰ء) نے عمر کا ایک بڑا حصہ صرف کر کے مکتوبات امام ربانی کی کئی خطی نسخوں سے تقابل کے بعد اس کا فارسی متن تیار کیا، جو آپ نے امرتسر سے ۱۳۳۱ھ کو طبع کروانا شروع کیا اور ۱۳۳۴ھ کو تین جلدوں میں اس کی تکمیل ہوئی، یہ حواشی اپنی مثال آپ ہیں، گویا مولانا قزانی کا عربی ترجمہ اس متن پر مبنی نہیں ہے بلکہ وہ تو طبع دہلی ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۱ء و بہ بعد کی کسی طباعت کی بنیاد پر ترجمہ ہوا ہے۔

یقیناً مولانا قزانی اگر مولانا امرتسری کے تصحیح شدہ نسخے کے بعد ترجمہ کرتے تو نتائج اس سے بہتر ہوتے، مولانا قزانی نے طویل سفر کئے تھے، اپنی ہندوستان آمد کا مقصد مشائخ سے

۱۔ مولانا قزانی کا یہ ترجمہ طبع مکہ مکرمہ ترکی سے کئی بار عکسی صورت میں شائع ہوا اور پھر دار الکتب العلمیہ، بیروت نے ۲۰۰۴ء کو یہی ترجمہ جدید کمپوزنگ سے عمدہ کاغذ پر شائع کر دیا، اس پر مصطفیٰ حسنین عبدالہادی کا نام بحیثیت مصحح لکھا گیا ہے لیکن افسوس کہ انہوں نے اس کا حق ادا نہیں کیا اور اس میں بے شمار اغلاط راہ پا گئے، انہوں نے اس کے حواشی پر مندرج بیش بہا رسائل بھی شامل نہیں کئے۔

Marfat.com

استفادہ بتاتے ہیں لیکن کسی کا ذکر نہیں کیا، مولانا امرتسر بھی گئے تھے، قیاس ہے کہ موصوف وہاں مکتوبات کے مصحح مولانا امرتسری کی خدمت میں ملاقات کے لئے ضرور گئے ہوں گے جیسا کہ مولانا قزانی نے مکتوبات کے عربی ترجمہ کے دوران ہی اپنے وطن مولود قزان کی عربی زبان کی تاریخ لکھنا شروع کر دی تھی لیکن وہ اسے اس ترجمہ کے دوران مکمل نہ کر سکے،[1] اس کام کو روک کر انہوں نے پہلے ترجمہ مکمل کیا۔

پھر ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء کو مولانا قزانی نے یہ تاریخ مندرجہ ذیل عنوان:

"تلفیین الاخبار و تلقیح الآثار فی وقائع قزان و بلغار و ملوک التتار"

کے نام سے اورنبورغ نے عربی ٹائپ میں طبع کروایا۔

اس کے بعد ۲۰۰۲ء کو مذکورہ ناشر نے اسے نئے خوبصورت ٹائپ میں کمپوز کروا کر دو جلدوں میں حواشی اور اشاریوں کے ساتھ شائع کیا، اس پر ابراہیم شمس الدین کا نام بہ حیثیت مقدمہ نگار و مصحح درج ہے، انہوں نے لکھا ہے کہ اس کے مولف کے حالات سے مصادر و مراجع خالی ہیں، حالانکہ مولانا قزانی نے مکتوبات کے عربی ترجمہ کے آخر میں اپنے مفصل حالات خود لکھے ہیں۔

مولانا قزانی عربی میں شعر بھی کہتے تھے، ان کا تخلص رمزی تھا، جو ان کی موخر الذکر کتاب کے سرورق پر درج ہے۔

ان کتابوں کے علاوہ مولانا قزانی نے حسب ذیل کتب بھی تالیف کیں:

۱۔ تنزیۃ الکشاف عما فیہ من الاعتزال والانکشاف (تفسیر القرآن)

۲۔ مشایعۃ حزب الرحمٰن

۱۔ مولانا قزانی کے یہ تمام تر حالات ان کے خودنوشت ہیں، جو انہوں نے مکتوبات کے عربی ترجمہ کی تیسری جلد کے خاتمہ کے طور پر لکھے تھے۔

Marfat.com

۳۔مولدالنبی

۴۔(رسالہ)انصاف

۵۔(رسالہ)صرف

۶۔(رسالہ)نحو

۷۔(رسالہ)عروض

۸۔قرآن مجید(ترکی ترجمہ)

۹۔تلفیق الاخبار(مذکورہ)کا ترکی زبان میں ملخص

مولانا قزانی کی تالیفات میں سے مندرجہ ذیل دو نام ہم سے پڑھے نہیں گئے ہیں:

10- Hurriyet Kasideri

11- Turtu gazete ve dergilerde barilmis pek cok makale ve risaleler

مولانا قزانی نے اپنی کتاب تلفیق الاخبار کا مواد جمع کرنے کے لئے قزان، ترکستان اور استنبول وغیرہ کے سفر بھی کئے، جو۱۹۰۲، ۱۹۰۴، ۱۹۰۷،، ۱۹۰۷،۱۹۱۴ء کے مابین ہوئے، اس کے بعد قزانی اپنے مولد قزان میں ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۷ء مقیم رہے، جب پہلی جنگ عظیم کا آغاز ہوا تو مولانا قزانی اپنے خانوادہ سمیت ایسٹرن ترکستان (چین) جا کر مقیم ہو گئے اور اس کے علاقہ چوگچک (Cogecek) میں رہائش اختیار کر لی، جہاں وہ مقامی مسجد کے خطیب اور مدرس مقرر ہوئے، جہاں وہ ۱۹۱۹ تا ۱۹۳۴ء مصروف کار رہ کر ۲ر فروری ۱۹۳۴ء کو ۸۱ اسی سال کی عمر میں انتقال کیا، وہیں دفن ہوئے۔

قزان تاتارستان میں ہے جو روس کی سابقہ ریاست تھی، اس کا صدر مقام قزان ہے، یہاں کا وزیر اعظم بھی مسلمان ہے، ۲۲ر اپریل ۱۹۹۹ء کو پاکستان کے وزیر اعظم نے وہاں کا

Marfat.com

دورہ کیا تھا۔ (مطابق خبرنامہ، ٹیلی ویژن، پاکستان)

مولانا قزانی کی کثیر اولاد تھی، ان کے نو فرزندوں میں سے چار کم عمری میں فوت ہو گئے، ان میں سے فہمی مراد نے برلن (جرمنی) میں میڈیکل کی تعلیم حاصل کی اور مکہ مکرمہ میں بحیثیت ڈاکٹر خدمات انجام دیتے رہے، ان کے والد کی بہت سی یادداشتیں ان کے پاس تھیں، جو انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر احمد تمیر کو دیں، جن کی بنیاد پر انہوں نے ترکی کے ایک رسالہ ترک تاریخ کوسومی بولٹین، جلد ۵۰ شمارہ ۱۹۷ (۱۹۸۶ء) میں مولانا قزانی کے بارے میں ترکی زبان میں ایک مقالہ لکھا، جس کا انگریزی میں ملخص ترجمہ استنبول کے معروف محقق ڈاکٹر نجدت طوسون نے ارسال فرمایا، جس کی بنیاد پر یہ مولانا کے خودنوشت احوال کا ذیل بن سکا۔ [۱]

مولانا قزانی نے اپنا شجرۂ نسب اپنی کتابوں میں اس طرح لکھا ہے:

خان الفقیر مراد اللہ بن بہادر شاہ عبداللہ بن عادل شاہ بن اسحٰق بن توکال بای بن بانی بن اورص بن مرزا قل بن باغلای بن مردانش بن مج بن مرقہ بن عبداللہ بک بن بیلیجو راخان۔

مولانا کے فرزندوں کے اسماء یہ ہیں:

(۱) محمد صالح (۱۸۹۷۔۱۹۰۲ء) (۲) محمد حسن فہمی (فہمی مراد) (۱۸۹۹۔بعد ۱۹۶۵ء) (۳) فاطمہ زہرہ (۱۹۰۰ء) (۴) محمد حسین (۱۹۰۲۔۱۹۰۶ء) (۵) محمد معصوم (۱۹۰۶۔۱۹۰۷ء) (۶) محمد منیر (۱۹۰۹ء) (۷) صدیقہ (۱۹۱۱ء) (۸) محمد انور (۱۹۱۳۔۱۹۳۷ء) (۹) محمد اظہر (۱۹۱۳۔۱۹۱۵ء)

۱۔ راقم اپنے ترکی کے تینوں اسفار ۲۰۱۲ء، ۲۰۱۳، ۲۰۱۶ء کے دوران مولانا قزانی کے احوال کی جستجو کرتا رہا، یہ چند سطور انہی اسفار کا نتیجہ ہیں، تفصیل کے لئے راقم کے اسفار کا مجموعہ ''وہ کتابیں اپنے آباء کی'' ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

مولانا قزانی کے فرزند ڈاکٹر فہمی مراد نے ۲رفروری ۱۹۳۴ء لکھا ہے [۱] لیکن تراجم کی عربی کتب میں ان کا سالِ وفات ۱۹۳۳ء درج ہے، [۲] ہم نے اول الذکر کو ترجیح دی ہے۔

مولانا قزانی، ایک راسخ العقیدہ مسلمان عالم تھے، وہ روس کے کمیونسٹ انقلاب کے خلاف تھے، انہوں نے جدید فکر کے ایک ترجمان عالم موسیٰ جاراللہ [۳] (۱۲۹۵۔۱۳۶۹ھ/ ۱۸۷۸۔۱۹۴۹ء) کے رد میں عربی میں ایک کتاب "مشايعة حزب الرحمن" کے نام سے لکھی تھی۔ [۴]

مولانا قزانی نے اپنے علاقے کی تاریخ تلفیق الاخبار میں سلسلۂ نقشبندیہ کے وابستہ حسب ذیل قریب العہد اور معاصر علماء وصوفیہ کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

١. سيف الدين بن ابى بكر الشنكارى...... (ف ١٢٤٠ھ)

صحب الشيخ فيض خان الكابلى و استفاده منه الطريقة النقشبندية المجددية ٢/ ٣٥١

٢. حميد بن اسلام اليورطش النقشبندى المجددى..... انتسب فى الطريقة الى الشيخ وليد القار غالى.....صار مجازاً و ماذوناً..... ٢/ ٣٥٤

٣. آحمزه المنجم بن .....

۱۔ دیکھئے ترکی کا محولہ بالا مقالہ

۲۔ زرکلی، خیر الدین: الاعلام ۷/ ۹۵ کحالہ، عمر رضا ۱۲/ ۱۱

مرعشلی، یوسف: نثر الجواہر والدرر ۲/ ۱۴۷۹

۳۔ موسیٰ جاراللہ کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

مرعشلی، یوسف: نثر الجواہر والدرر ۲/ ۱۶۳۱۔۱۶۳۲

۴۔ ایضاً ۲/ ۱۴۷۹، الاعلام ۷/ ۹۵

Marfat.com

صحب الشیخ فیض خان الکابلی...... ۲/۳۵۴

۴. زین العابدین بن عبدالله الیولقی (ف۱۲۴۷ھ)

سافر الی بخاریٰ و کابل اخذ الطریقة النقشبندیة المجددیة عن الشیخ فیض خان الکابلی...... ۲/۳۵۶

۵. معاذ بن بیک محمد انقرامالی

العمری النقشبندی المجددی...... اخذ الطریقة عن الشیخ ولید بن محمد امین القار غالی و صار ماذوناً ثم رحل الی بخاری...... کابل و صحب هناک الشیخ فیض خان الکابلی و صار مجازاً منه...... ۲/۳۵۶

۶. دولت شاه بن عادل شاه بن عبدالله

النقشبندی المجددی اصله من قریة بغدان...... رحل الی بخاریٰ و استفاده الطریقه النقشبندیة المجددیة من الشیخ الخلیفه نیاز قلی الترکمانی و رجع الی وطنه ماذوناً منه ۲/۳۵۷

۷. عبدالرحیم عثمان الاوترایمانی (ف ۱۲۵۱ھ)

وقد سمعت مولانا الشیخ فخرالدین النورلالی انه کان مریداً للشیخ، فیض خان الکابلی ۲/۳۶۱

۸. مصطفی بن موسیٰ القزانی

سافر الی کابل و صحب الشیخ فیض خان الکابلی ثم صار مدرساً...... ۲/۳۶۱

۹. محمد شریف بن ابراهیم البیرکوی

نقشبندی مجددی...... اخذ الطریقه عن الخلیفه نیاز قلی الترکمانی ۲/۳۶۴

Marfat.com

۱۰. عبدالخالق بن ابراهیم القور

اخذالطریقة عن الخلیفة نیاز قلی الترکمانی (۲/۳۶۶)

۱۱. هبة الله بن دین محمد الصلاوچی

اخذ الطریقة عن الشیخ فیض خان الکابلی ۲/۳۶۶

۱۲. نعمة الله بیکتمر الاسترلی

انتظم فی سلک اصحاب الخلیفه نیاز قلی الترکمانی...... ۲/۳۴۸

۱۳. محمد رحیم ابن امیر بن جعفر التارشناوی

کان مجازاً من الشیخ نیاز قلی الترکمانی البخاری ۲/۳۷۰

۱۴. شاه احمد بن یوسف بن قطلغ محمد التوکیلی النقشبندی

انتسب الی الشیخ ولید القارغای النقشبندی فی الطریقه ۲/۳۷۱

۱۵. شرف الدین بن زیدالدین رسترلی

رحل الی بخاری اخذ الطریقة عن الخلیفة نیاز قلی ترکمانی و صار ماذوناً ۲/۳۷۳

۱۶. میاں فیض بخش بن عبدالقدوس المجددی ۲/۳۷۳

۱۷. ذوالقرنین بن خلیل القاقتماتی

اخذ الطریقة النقشبندیة عن الشیخ نجم الدین النسفی المجاور بالمدینة المنورة عن الشیخ فیض خان الکابلی ۲/۳۷۳

۱۸. عبدالجبار بن عبدالرحمن الطایصوغانی

تلقن الطریقة النقشبندیة عن الشیخ ولید بن محمد الامین القارغالی ۲/۳۷۴

Marfat.com

۱۹ . نعمة الله بن عبدالرحيم الاورنبورغى

استفاده العلم و الطريقة من الشيخ دولت شاه...... ۳۷۴/۲

۲۰ . سيد بن نور محمد (ف ۱۲۶۴ھ)

لــه خــلافة مــن شيخــنــا الشيــخ، مــحــمــد مــظهر الدهلوى المدنى المجددى...... ۳۷۵/۲

۲۱ . عبداللطيف بن سبحان قلى

رحــل الــى بــخــارى و اخــذ الــطريقه النقشبندية عن الشيخ، نياز قلى ۳۷۵/۲

۲۲ . عبدالصالح بن عبدالله بن يوسف

مجازاً فى الطريقة عن الشيخنا الشيخ محمد مظهر الدهلوى المدنى الــمــجــددى...... الــقــائم الآن مقامه ولده المخدوم عارف الله المجاز عن الشيخ ابراهيم الغزنوى خليفة الشيخنا المذكور...... ۳۷۷/۲

۲۳ . فتح الله بن صفر على المناوزى

صــار مــجــازاً عــن الشيــخ عبدالله الارزنجانى عن مكى فى الطريقة، النقشبندية الخالدية ۳۷۷/۲

۲۴ . محمد طيب بن زائد الاورالى

صــحــب هــنــاک مــولانــا شيــخ ابى سعيد المجددى الدهلوى حين قدومه الى الحرمين المحترمين للحج و الزيارة...... ۳۸۰/۲

۲۵ . عبدالستار بن عبدالله الطيمازى

شيخه الشيخ نياز قلى التركمانى بخارى و صار ماذوناً ۳۸۰/۲

Marfat.com

۲۶. احمد ضیاء الدین الطرخانی

......صدیقنا و حمیمنا...... فاناب علی ید شیخنا الشیخ محمد مظهر المجددی ۳۸۹/۲

۲۷. صلاح الدین بن ملا اسحٰق القزانی (ف ۱۲۹۲ھ)

حج ۱۲۷۸ھ...... محدث عصره...... الشیخ، عبدالغنی ابن مولانا الشیخ ابی سعید المجددی الدهلوی ثم المدنی و لعله استفاده منهم......

۳۹۷/۲ رفع سبابہ کی بحث......

۲۸. احمد صفا افندی......

اخذ الطریقة النقشبندیة المجددیة عن الشیخ المرحوم الشیخ محمد مظهر المجددی و صار مجازاً ۳۹۸/۲

۲۹. هبة الله بن سیوبطال القارغالی

اخذ الطریقة النقشبندیة عن الشیخ دولت شاه ۳۹۹/۲

اخذ الطریقة النقشبندیة المجددیة عن الشیخ المرزا رحیم بیگ الشهیر به محمد درویش العظیم آبادی ثم الشهرسبزی...... ۳۹۹/۲

۳۰. محمود بن محمد الداغستانی (ف ۱۲۹۴ھ)

نقشبندی المجددی ...... اخذ الطریقة النقشبندیة المجددیة عن الشیخ یونس عن الشیخ عبدالله مکی عن مولانا خالد...... ۴۰۰/۲

۳۱. حسن بن حمید القورصاوی

صحبة الشیخ عبدالخالق القوصاوی ذکره و تلقن منه الطریقة النقشبندیة ۴۰۱/۲

Marfat.com

۳۲. علی بن سیف الله التونتاری (ف ۱۲۹۱ھ)

رحل الی بخاری...... اخذ طریقة عن المیان فضل عبدالقادر المجددی ...... انه سافر الی کابل و قندهار و پشاور و لاهور و دهلی و سائر البلاد الهند و صحبة وخدمة مراراً کثرة وعاد الی وطنه...... ۲۰۲/۲

۳۳. احمد بن خالد (ف ۱۸۷۲ء)

۳۴. الشیخ شهاب الدین الاسنی (ف ۱۳۱۹ھ)

اخذ الطریقة النقشبندیة عن الشیخ عارف القرشی ثم رجع الی وطنه ۲۱۰/۲

۳۵. جمال الدین بن سبحان قلی

وقد شارکه فی الامامة اخوه الشفیق الشیخ محمد شریف آفندی الذی هو خلیفه مولانا الشیخ محمد مظهر...... ۲۱۲/۲

۳۶. زین الله بن حبیب الله الشریفی النقشبندی المجددی الخالدی......

فاخذ الطریقة النقشبندیة المجددیة اولاً عن الشیخ عبدالحکیم الچارداقلی...... و تتصل نسبته الی مولانا الشیخ محمد معصوم ابن الامام الربانی...... بستة وسائط ا ثم لما تشرف بالحج عام ۱۲۸۷ اخذها عن الشیخ احمد ضیاء الدین المکشخانوی الاستنبولی الخالدی...... ان صاحب الترجمة مدظله یشبه الامام مولانی ومولانا خالد قدس سرهما فی شهرة و انتشار صیت کمالاته فی کافة الاقطار......

یکم رمضان/ ۷رمئی ۲۰۱۹ء محمد اقبال مجددی

لاہور

Marfat.com

﴿ ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم ﴾

معرب المكتوبات الشريفة المرسوم بالدرر المكنونات النفيسة للفقير المحتاج الى لطف رب العباد محمد مراد المنزاوى تولدا المكى توطنا راجيا بها رجاء ان ينتفع بها الاخوان طريقتنا الذين لا معرفة لهم باللغة الفارسية التى هى أصلها والتركية التى هى ترجمتها وأسأل الله سبحانه ان يجعل خالصا لوجهه الكريم وان يجيرنى به من العذاب الأليم انه رؤف رحيم حليم

للمؤلف المعرب اللاشى

أموت ويبلى اعظمى فى المقابر ❋ وسوف أرى ماقدحوته دفاترى

فرمت ادخارا بعد موتى من الدعا ❋ فأبقيت تذكارا نتاج خواطرى

❋ وبهامشه ترجمة احوال الامام الربانى للمعرب المذكور ويليه كتاب الرحمة الهابطة فى تحقيق الرابطة للشيخ حسين الدوسرى رحمه الله وبعض التحشية من المعرب يفصل بينهما بالخط ❋

ENVER BAYTAN KİTABEVİ
CAĞALOĞLU YEREBATAN CAD. NO: 45/A - İSTANBUL
Telefon: 26 46 99

KIRAL MATBAASI - İSTANBUL - TEL 27 36 69

مکتوبات کا عربی ترجمہ از مولانا قزانی (طبع عکسی، استنبول)

Marfat.com

٢

المكتوبات الربانية

للإمام الرباني أحمد بن عبد الأحد
السرهندي الفاروقي النقشبندي

المتوفى ١٠٣٤ هـ

جمعها

يار محمد الجديد البدخشي الطالقاني

علق عليها ووضع حواشيها

مصطفى حسنين عبد الهادي

الجزء الأول

منشورات
محمد علي بيضون
لنشر كتب السنة والجماعة
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

مکتوبات کے عربی ترجمہ مولانا قزانی کی طباعت نو، بیروت

Marfat.com

هذا كتاب ترجمة رشحات عين الحياة الأصل

للشيخ العارف بالله على بن حسين الواعظ

الكاشفي الهروى والمترجمة

للعالم الفاضل الشيخ محمد

مراد بن عبدالله

القزاني نفع الله

بهما

آمين

وبهامشه ذيل الكتاب المذكور للشيخ محمد مراد المذكور سلمه الله

هذا الكتاب المستطاب هو للامام الفاضل والعالم العامل الكامل حضرة الشيخ محمد مراد بن عبدالله القزاني المنزلوى ترجم فيه كتاب رشحات عين الحياة المؤلف باللغة الفارسية فى مناقب مشائخ السادة النقشبندية ورسوم طريقتهم ضمنها الى اللغة العربية ومؤلف الاصل العارف الربانى والعالم الصمدانى مولانا الشيخ فخر الدين على المشتهر بالمولى الصفى بن مولانا حسين الواعظ الكاشفى الهروى صاحب التفسير الفارسى المشهور بالحسينى من علماء القرن العاشر قال ولما تشرفت بصحبة الشيخ ناصر الدين خواجه عبيدالله فى سنة ٨٨٩ مرة واخرى فى سنة ٨٩٣ ثمنمائة وثلاث وتسعين وكتبت ما استفدته من مجالسه الشريف جعلته فى ضمن بيان مناقبهم العلية فوافق اتمامه سنة ٩٠٩ تسع وتسعمائة فصار اسم الكتاب يعنى لفظ رشحات تاريخا لتأليفه ورتبه على مقالة وثلاثة مقاصد وخاتمة وترجمه بالتركية المولى محمد المعروف بابن محمد الشريف العباسى الطربزونى المتوفى سنة ١٠٠٢ الف واثنين ترجمه حين كان قاضيا بازمير باسم حضرة السلطان مراد خان ابن حضرة السلطان سليم خان مع الحاقات كاشفة وله تكملة الرشحات أيضا كان ذكر فيه كتب فيها من بعده من الطائفة المشار اليه. لكنها لم تشتهر انتهى ملخصا من كشف الظنون بايضاح وقد طبعت ترجمته التركية غير مرة وانتشرت فى البلاد وعم نفعها العباد جزاهم الله خيرا وأجرى لهم أجرا انتهى من رشحات جياد يراع مولانا السيد عبد الله الزواوى سلمه مولاه

رشحات كا عربی ترجمه از مولانا قزانی (طبع اول)

Marfat.com

تلفيق الأخبار وتلقيح الآثار
في وقائع قزان وبلغار
وملوك التتار

أثر الفقير

م . م . الرمزي

الطبعة الأولى

المجلد الثاني   vol. II

Orenburg 1325

طبع بالمطبعة الكريمية والحسينية ببلدة « اورنبورغ »
على مصارف ملتزمه

كافة حقوقه محفوظة لمؤلفه واولاده

تلفيق الاخبار مؤلفه مولانا ... طبع اول (اورنبورغ) ۱۳۲۵

Marfat.com

تلفيق الأخبار وتلقيح الآثار

في

وقائع قزان وبلغار

وملوك التتار

تأليف

م. م. الرمزي

قدم له وعلق عليه ووضع فهارسه

إبراهيم شمس الدين

الجزء الأول

منشورات
محمد علي بيضون
لنشر كتب السنة والجماعة
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

تلفیق الاخبار مؤلفہ مولانا قزانی کا جدید ایڈیشن مطبوعہ بیروت

Marfat.com

Murad Remzi oğulları ile. Arkada solda Fehim Murad, sağda Münir, solda oturan Enver
Çöçek, Doğu Türkistan 1927

مولانا قرزانی کا ایک "گروپ فوٹو"، ماخوذ از رسالہ ترکی، جلد ۵۰، شمارہ ۱۹۲ (۱۹۸۶ء)

Marfat.com

نوادراتِ سلسلۂ نقشبندیہ

عکسیات مبنی بر نسخہ ہای خطی ذخیرۂ محمد اقبال مجددی

مخزونہ کتابخانۂ مرکزی دانشگاہ پنجاب، لاہور

بمقدمات

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

Marfat.com

رسالہ دراذ کار یومی ولیلی

تالیف

حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی (ف ۱۰۷۹ھ/۱۶۶۸ء)

جامع

حاجی محمد عاشور بخاری (ف ۱۱۰۲ھ/۹۲-۱۷ء)

بمقدمۂ مفصل

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

رسالہ دراذ کار یومی ولیلی

اذ کار ومعمولات کے موضوع پر حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ نے دو رسائل تالیف کئے تھے، ایک کلاں اور دوسرا خرد، زیر نظر یعنی رسالہ کلاں میں اذ کار یومی ولیلی، فضیلت درود اور ہر دعا کی فضیلت کے سلسلے میں وارد ہونے والی احادیث مع فارسی ترجمہ اس میں شامل کیں یہ رسالہ آپ مخلصین کی استدعا پر ارسال فرماتے رہے، آپ کے وصال ۱۰۷۹ھ کے بعد آپ کے نامور خلیفہ اور مکتوبات معصومیہ کی جلد ثالث کے جامع حاجی محمد عاشور بخاری نے اس رسالے کو مرتب کر کے اس پر ایک مختصر خطبے کا اضافہ کیا، اس خطبے میں حضرت خواجہ کے نام کے ساتھ دعائیہ الفاظ ''رضی اللہ عنہ'' لکھے ہیں، جو متوفی حضرات کے لئے ہی استعمال کئے جاتے ہیں لہٰذا یہ رسالہ حضرت خواجہ کے وصال کے بعد مرتب ہوا، خطبے کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

الحمد لله رب العالمين و صلى الله على حبيبه محمدٍ و آله و صحبه و اتباعه اجمعين امابعد می گوید احقر مخلوقات حاجی محمد عاشور بخاری حسینی کہ رسالۂ ایست سلطان الاولیاء برہان الاتقیاء شیخنا وامامنا الشیخ محمد معصوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ از کتب معتبرۂ احادیث دراذ کار یومی ولیلی وغیرہ و فضیلت درود جمع نمودہ بودند وفضیلت ہر دعا را کہ در حدیث وارد شدہ است بلسان فارسی دریں رسالہ ترجمہ کردہ اند تا ترغیب خواندہا گردد مشتمل است بر چند فصل، فصل اول در اذ کار وادعیہ روز (و) شب در حدیث آمدہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرمودہ ہر کسی کہ بگوید ہر روز سہ بار......

Marfat.com

ہماری محدود معلومات کے مطابق یہ رسالہ تا حال طبع نہیں ہوا، ہمارے پاس اس کے ایک ایسے خطی نسخے کی نقل ہے جس کی کتابت حاجی ف مرید [۱] حضرت خواجہ سیف الدین نے ۱۰۹۳ھ میں کی ہے، اسی قدیم نسخے کی بناء پر ہم نے اس کا متن اشاعت کے لئے تیار کیا ہے۔

حضرت خواجہ نے رسالہ خرد کے دیباچے میں اس کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے:

''مجموعہٴ دیگر کہ ازیں رسالہٴ (خرد) منفصل و مطول ست، فضائل اعمال و اذکار را بہ تفصیل نوشتہ، اگر شوق باشد باں رجوع نمایند۔ [۲]

حضرت خواجہ نے مخلصین کی استدعا پر یہ رسالہ انہیں ارسال فرمایا تھا، اپنے مکتوبات میں کئی مقامات پر اس کا تذکرہ کیا ہے، لکھتے ہیں:

ایں فقیر رسالہٴ اذکار و ادعیہ ماثورہ موقتہ و غیر موقتہ باذکر فضائل بعضی ازاں کتب احادیث معتبر نوشتہ است نقل آں را فرستادہ مطالعہ خواہند فرمود......

رسالہ کلانی است بزبان فارسی متضمن فوائد کثیر است اگر تمام رسالہ را مطالعہ فرمایند بہتر باشد...... [۳] فضائل ایں اذکر موقتہ بجہت اختصار دیں رسالہ (خرد) ذکر نیافتہ است رسالہ دیگر کہ بہ تفصیل فضائل اذکار موقتہ و غیر موقتہ دریں رسالہ مذکور است...... [۴] فقیر ہم ایں دعاہا در رسالہ از کتب احادیث جمع کردہ است اگر ازاں جا یادبگیرند گنجائش دارد...... [۵]

۱۔ حاجی ف مرید خواجہ سیف الدین سے مراد حاجی عبدالروف (امام مسجد فتح پوری، دہلی) ہیں۔ (مقامات معصومی ۴/۲۴۳)

۲۔ اذکار معصومیہ ۱　　۳۔ مکتوبات معصومیہ ۲/۱۰۱/۱۵۹

۴۔ ایضاً ۲/۱۰۴/۱۶۳۔۱۶۴　　۵۔ ایضاً ۲/۱۵۴/۲۵۲

Marfat.com

اذکارِ معصومیہ

اذکار کے موضوع پر حضرت خواجہ کا یہ دوسرا رسالہ ہے، اس کے ابتدائیہ میں لکھتے ہیں:

اما بعد ایں رسالہ مشتمل بر مقدمہ و شش فصل است...... بدانکہ احادیثی کہ دریں رسالہ آوردہ است بعد تتبع بلیغ از کتب معتبرہ احادیث برآوردہ است مثل جامع الاصول و مشکوٰۃ و حصن حصین و غایۃ العمال و ترغیب و ترہیب و جمع الجوامع دریں احادیث سخن نہ کردہ اند......

حضرت خواجہ نے مکتوبات میں اس رسالے کا بھی کئی بار ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں:

بعضی ازیں قسم وظائف و اوراد و اعمال را ایں فقیر جمع نمودہ است......[۱] فقیر از کتب معتبرۂ احادیث تتبع بلیغ نمودہ اوراد و وظائف پیغمبر را علیہ ﷺ جمع نمودہ است لیکن ہنوز مسودات بہ بیاض نہ رسیدہ است سالہا ست کہ مسودہ افتادہ است توفیق بہ بیاض آں نمی یابد اگر میسر پارۂ از آں نوشتہ فرستد......[۲]

لیکن مکتوبات کی جلد دوم میں حضرت خواجہ نے مرزا خان کے نام مکتوب میں انہیں یہ رسالہ ارسال کر کے اس کے مطابق عمل کرنے کی تاکید کی ہے:

رسالہ فرستادہ است از اول تا آخر توانند مطالعہ فرمایند و مواعظ و نصائح آں را نیک تامل نمایند...... [۳]

ان اقتباسات سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مکتوبات معصومیہ کی جلد اول کی تدوین ۱۰۶۳ھ تک یہ رسالہ مسودہ کی شکل میں تھا، مرتب نہیں کیا گیا تھا لیکن جلد دوم

۱۔ مکتوبات معصومیہ ۱/۱۴/۷۹

۲۔ ایضاً ۱/۱۸۲/۲۵۵

۳۔ ایضاً ۲/۱۰۴/۱۶۳

Marfat.com

کی ترتیب ۱۰۷۲ھ سے پہلے اسے ترتیب دیا جا چکا تھا، لہٰذا یہ رسالہ ۱۰۶۳ھ تا ۱۰۷۲ھ کسی سال میں مدون ہوا۔

جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے مکتوبات معصومیہ کے مقدمے میں [1] جلد اول کے منقولہ بالا اقتباس [2] سے سہواً اس رسالے کو حضرت خواجہ کے معروف خلیفہ مولانا محمد حنیف کا جمع کردہ رسالہ سمجھ لیا ہے حالانکہ حضرت خواجہ کا بیان بہت واضح ہے۔

اس رسالے کا متن اذکار معصومیہ کے نام سے حکیم عبدالمجید سیفی نے لاہور سے ۱۳۸۴ھ میں شائع کر دیا تھا اور رسالے کا اردو ترجمہ مولانا زوار حسین کی کتاب انوارِ معصومیہ میں شامل ہے۔ [3]

مولفِ مقاماتِ معصومی کا یہ بیان غیر واضح ہے کہ

دو رسالہ در فن حدیث نیز حضرت ایشاں جمع نمودہ اند [4]

لیکن ہمارے نزدیک مولف کی ان دو رسائل سے مراد یہی اذکار و ادعیہ پر مشتمل دو رسائل ہیں، جن میں احادیث کی بنیاد پر اذکار جمع کئے گئے ہیں، اس کا ایک مکمل اردو ترجمہ مولانا نور الحسن تنویر چشتی نے کیا، جو تنظیم الاسلام پبلی کیشنز، گوجرانوالہ سے ۲۰۱۳ء کو شائع ہوا۔

۱۔ مکتوباتِ معصومیہ، مقدمہ ۱۵

۲۔ ایضاً ۱/۱۴/۷۹

۳۔ ۱۸۱۔۲۲۶

۴۔ مقاماتِ معصومی ۱۸/۵۰، نیز انہوں نے ایک مقام پر رسالہ در ادعیۂ ماثورہ موقتہ و غیر موقتہ لکھا ہے ۱۴۰، مولف روضۃ القیومیہ نے وظائف معصومی کے نام سے جس رسالے کا ذکر کیا ہے وہ ان دونوں رسائل اذکار میں سے ایک رسالہ مراد ہے۔ (۱۵۵/۲)

Marfat.com

حاجی محمد عاشور بخاری

رسالہ دراز کاریوی ولیلی کے جامع حاجی محمد عاشور بخاری تھے، آپ کے بارے میں میر صفر احمد معصومی نے مقاماتِ معصومی میں لکھا ہے:

حاجی محمد عاشور بخاری قدس سرہ کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ قبلۂ ابرار (حضرت خواجہ) کے راز دار تھے، انہوں نے حضرت خواجہ کے حضور آپ کے حکم اقدس کے بموجب طالبوں کو توجہ بھی دی، انہوں نے مکتوبات شریفہ (حضرت خواجہ کی جلد ثالث) مخدوم زادۂ ثانی حضرت حجۃ اللہ قدسنا اللہ سبحانہ بسرہ الاقدس کے حسب ایما جمع (ومرتب) کی، طویل عمر پا کر ۱۰۷اھ کو رحمت حق میں پیوست ہوئے اور دارالخلافہ شاہ جہان آباد میں مدفون ہیں، رحمۃ اللہ سبحانہ رحمۃً واسعۃً ا

مقاماتِ معصومی میں ہے:

......جلد ثالث از مکتوباتِ شریفۂ (حضرت خواجہ محمد معصوم) راحسب الایمائی مخدوم زادۂ ثانی حضرت حجۃ اللہ قدسنا اللہ سبحانہ بسرہ الاقدس جمع فرمودہ......

مکتوباتِ معصومیہ کی جلد ثالث کے جامع حاجی محمد عاشور بخاری اس امر کی خود وضاحت اس طرح کرتے ہیں:

بحسب اشارۂ صاحب وصاحبزادۂ جہاں منبع بحر العرفان......مخدوم ومخدومزادۂ ارجمند حضرت خواجہ محمد نقشبند......متصدی جمع آں گردید......(۵/۳)

حضرت خواجہ محمد نقشبند ثانی حجۃ اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم اور حاجی محمد عاشور بخاری میں بڑی موانست تھی، حضرت حجۃ اللہ نے حاجی عبداللہ کے نام اپنے مکاتیب میں حاجی محمد عاشور کا ذکر کیا ہے، ایک مکتوب میں اپنے مریدین افغانستان کو سلام لکھتے ہوئے

ا۔ مقاماتِ معصومی ۲/۷۳۶

Marfat.com

ملا عاشور کا نام بھی لکھا ہے (وسیلۃ القبول ۲/۱۳/۳۰) دوسرا خط حضرت حجۃ اللہ کے آخری سفرِ حج سے متعلق ہے جس میں سفر کے حدود و تاریخ سے حاجی عبداللہ، ملا سکندر اور ملا عاشور کو آگاہ کیا ہے۔ (ایضاً ۲/۶۳/۱۰۴۔۱۰۵)

حاجی محمد عاشور بخاری کے نام حضرت خواجہ کے مندرجہ ذیل چار مکاتیب موجود ہیں:

اول: در آنکہ کلمہ طیبہ توحید متضمن خلاصۂ تمام سلوک است......(۱/۱۴۵/۲۹۶/۲۹۷)

دوم: در بعضی اسرار غامضہ (۲/۳۴/۵۸)

سوم: در بیان طریق اہل اللہ و خلاصۂ سیر و سلوک ایشاں و بیان فنائی لطائف عالم امر و بقا آنہا (۳/۴/۱۵۔۱۷)

چہارم: در بیان طریق توجہ (۳/۲۵۱/۲۹۲)

حضرت خواجہ کے حینِ حیات حاجی محمد عاشور بخاری ماوراء النہر خصوصاً بخارا ہی میں متعین اور تربیت طُلاب میں مصروف تھے، حضرت خواجہ نے اپنے مکاتیب بنام تیمور بیگ کولابی میں انہیں حاجی محمد عاشور کی خدمت میں رہ کر تعلیم سلوک کی تکمیل کا حکم دیا ہے:

عددی کہ اخوی حاجی محمد عاشور بہ شما نوشتہ اند بر طبق آں عمل نمایند واز جانبِ مابطریقِ سفارت بآنہا طریقہ بگویند......(۳/۸۲/۱۲۶،۱۸۶/۲۳۶)

مکتوبات معصومیہ کی جلد اول میں حاجی محمد عاشور بخاری کے نام مکتوب (۱/۱۴۵) میں ان کے نام کے ساتھ لفظ ''حاجی'' نہیں لکھا گیا، یہ جلد ۱۰۶۳ھ میں مکمل ہوئی لیکن دوسری جلد میں ان کے نام کے ساتھ جامع نے ''حاجی'' لکھا ہے (۲/۳۴،۱۳۲) اور تیسری جلد کے منقولہ بالا اقتباس میں تو حضرت خواجہ نے خود ان کے نام کے ساتھ لفظ ''حاجی'' بھی تحریر کیا ہے، دوسری جلد ۱۰۷۲ھ میں اور تیسری ۱۰۷۳ھ میں تکمیل کو پہنچیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ حاجی محمد عاشور نے پہلی جلد کی تکمیل ۱۰۶۳ھ کے بعد اور دوسری جلد کی تدوین ۱۰۷۲ھ

Marfat.com

سے پہلے حج کیا، عین ممکن ہے حضرت خواجہ کے ہمراہ ۱۰۶۸ھ میں یہ سعادت نصیب ہوئی ہو۔

حاجی محمد عاشور بخاری حسینی سید تھے، انہوں نے اپنا پورا نام اس طرح لکھا ہے:

''اضعف عباد اللہ الباری حاجی محمد عاشور بن حاجی مرزا محمد البخاری الحسینی (۲/۳)

دوسری جلد کے جامع جو خود حسینی سید تھے یعنی میر شرف الدین حسینی ہروی نے بھی ان کا نام:

سیادت پناہ جامع جلد ثالث حاجی محمد عاشور بخاری (۵۸/۳۴۲)

لکھا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ دوسری جلد کی ترتیب ۱۰۷۲ھ کے دوران ہی حاجی محمد عاشور نے مکتوبات معصومیہ کی تیسری جلد کی تدوین کا آغاز کر دیا تھا، اور اس سے اگلے سال ۱۰۷۳ھ میں یہ جلد مکمل ہوگئی، ''مکاتبات قطبِ زماں'' سے اس کا سالِ تدوین برآمد ہوتا ہے۔ (۵/۳)

حاجی محمد عاشور بخاری شاعر بھی تھے، ان کی نثر و نظم دونوں کا نمونہ ان کی مرتبہ ''مکتوباتِ معصومیہ'' کی جلد سوم کا دیباچہ ہے، جس میں نثر کے علاوہ دس اشعار کی ایک نظم، تین قطعات اور ایک رباعی بھی ہے لیکن انہوں نے اس میں یہ وضاحت نہیں کی کہ یہ اشعار خود ان کی تصنیف ہیں، غالب گمان ہے کہ یہ اشعار انہیں کے ہیں۔

حضرت خواجہ سیف الدین نے حضرت خواجہ محمد معصوم کی خدمت میں اورنگ زیب کی صحبت میں رہتے ہوئے جو عریضے ارسال کئے تھے ان میں لکھا ہے کہ حاجی عاشور بھی آپ کی ''عنایاتِ خاص'' کے امیدوار ہیں۔ (مکتوباتِ سیفیہ ۱۳/۴)

جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ حاجی محمد عاشور کو سلوک کی مشق کے لئے حضرت خواجہ سیف الدین کی خدمت میں بھیج دیا گیا تھا، نیز حضرت خواجہ سیف الدین نے ان کے

Marfat.com

نام کے ساتھ بخاری کی بجائے "بلخی" لکھا ہے، ہوسکتا ہے وہ اصلاً بخارا کے ہوں اور بلخ میں مقیم رہے ہوں۔

درسال ہزار وصد وہفت بہ رحمت حق پیوستہ در دارالخلافہ شاہ جہان آباد آسودہ است (۴۹۸/۳ مقاماتِ معصومی)

